# حسن البنا شہیدؒ
# کی ڈائری

اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ، لاہور

Marfat.com

# حسن البنا شہیدؒ کی ڈائری

مترجم: خلیل احمد حامدی

اسلامک پبلیکیشنز پرائیویٹ لمیٹڈ
۱۳۔ای شاہ عالم مارکیٹ لاہور (پاکستان)

Marfat.com

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)

297.07
ح 411 ح
۱۱۱۸۴۴

طابع: اشفاق مرزا، مینجنگ ڈائریکٹر

ناشر: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ
۱۳۔ای شاہ عالم مارکیٹ، لاہور

مطبع: میٹرو پرنٹرز، لاہور

اشاعت:

| | | |
|---|---|---|
| پہلی تا تیسری | اپریل ۱۹۷۴ء تا مئی ۱۹۸۰ء | ۴،۱۰۰ |
| چوتھی | اپریل 19.81ء | ۱،۱۰۰ |
| پانچویں | جون ۱۹۸۲ء | ۱،۱۰۰ |
| چھٹی | فروری ۱۹۸۴ء | ۱،۱۰۰ |
| ساتویں | اپریل ۱۹۸۶ء | ۱،۱۰۰ |
| آٹھویں | دسمبر ۱۹۸۷ء | ۱،۱۰۰ |

قیمت ——— ۳۰/- روپے

Marfat.com

# فہرست عنوانات


| | |
|---|---|
| مقدمۂ مترجم ـــــ حسن البنّا شہید: شخصیت اور عہد | ۱۳ |
| حسن البنّا کے عہد میں مصر کی اجمالی تصویر | ۱۳ |
| تحریکِ آزادی کے دو گروہ | ۱۴ |
| پہلا گروہ ـــــ محب اسلام دوطن | ۱۵ |
| دوسرا گروہ ـــــ لادین قوم پرست | ۱۵ |
| لادین قوم پرستوں کے لیڈر اور ترجمان | ۱۷ |
| دونوں گروہوں کی کشمکش | ۱۸ |
| انگریزی اقتدار کی حکمتِ عملی | ۲۰ |
| غیر مسلموں کی روش | ۲۲ |
| خانہ جنگی | ۲۴ |
| سیاست دان اور مُصلحین | ۲۵ |
| حکمرانوں کا نفاق | ۲۷ |
| متجددین کا کردار | ۲۷ |
| مغربی تہذیب کی یلغار | ۲۹ |
| مطالبۂ پارلیمانی نظام | ۳۰ |
| تحریک تفریق دین وسیاست | ۳۲ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| اصل ہدف — خاتمۂ خلافت | ۳۳ |
| فتنۂ آزادیٔ نسواں | ۳۷ |
| اسلامی اقدار پر معذرت خواہانہ رویہ | ۳۹ |
| شیخ محمد عبدہٗ کی شخصیت | ۴۱ |
| خلافت عثمانی کا خاتمہ | ۴۴ |
| خلافت کے نئے دعویدار | ۴۸ |
| اعداء دین کی مسرت | ۵۰ |
| عرب قومیت کا نعرہ | ۵۳ |
| قدیم و جدید کی جنگ | ۵۶ |
| امام حسن البنّا کے خاندانی حالات | ۶۳ |
| حسن البنّا کی پیدائش، تربیت اور تعلیم | ۶۵ |
| معلمی کا کام اور دعوت کی ابتدا | ۶۷ |
| شادی اور اولاد | ۶۹ |
| تصنیف و تالیف | ۷۰ |
| شہادت | ۷۷ |
| حسن البنّا کی عظمت میں گھریلو تربیت کا حصّہ | ۷۸ |
| اپنی بستی کا ننھا داعی | ۸۳ |
| دمنہور کے اسکول میں دعوت و تبلیغ | ۸۴ |
| حسن البنّا قاہرہ میں | ۸۶ |


Marfat.com

قہوہ خانوں میں دعوت کا کام ۸۶
علماء کی خدمت میں ۸۷
اسماعیلیہ میں الاخوان المسلمون کا قیام ۸۹
اسماعیلیہ سے قاہرہ منتقلی ۹۱
ایک جامع تحریک ۹۲
تحریک میں وسعت وترقی ۹۴
آزمائشوں کی آمد آمد ۹۴
انگریزی استعمار کے خلاف پُرزور تحریک کا قیام ۹۵
تحریک کا عروج ۹۶
جنگِ فلسطین میں اخوان کا حصّہ اور اس کا ثمرہ ۹۷
حسن البنّا کے کام کا خلاصہ ۹۹
عام اخلاق واوصاف ۹۹
ذکر وعبادت ۱۰۰
فقر ودرویشی سے محبت ۱۰۱
جود وغنا سے لبریز طبیعت ۱۰۱
دنیا پرستی سے نفرت اور کردار وضمیر کی پختگی ۱۰۲
اعلیٰ خصائل کا پیکر ۱۰۴
خاکسارانہ مزاج ۱۰۴
معیار پسند وناپسند ۱۰۶


Marfat.com

محبت کا سفیر ۱۰۷
رفقائے تحریک کے ساتھ برتاؤ کی نوعیت ۱۰۷
قیادت کی شان ۱۰۹
دعوت سے شغف ۱۱۰
مختلف مذہبی فرقوں سے حکیمانہ رویّہ ۱۱۲
مومنانہ بصیرت ۱۱۳

## حسن البنّا کی ڈائری

مدرسۃ الرشاد الدینیہ کی یادیں ۱۱۸
مڈل اسکول میں داخلہ ۱۲۲
انجمن اصلاح اخلاق ۱۲۳
نیل کے ساحل پر ۱۲۵
مسجد صغیر کی چٹائیوں پر ۱۲۶
انجمن انسدادِ محرّمات ۱۲۷
ٹیچرز ٹریننگ اسکول کا رُخ ۱۳۰
سلسلۂ حصافیہ سے دلچسپی ۱۳۱
تصوّف کے بارے میں میری رائے ۱۴۴
دمنہور کے دن ۱۴۹
مسجد الجیش کی راتیں ۱۵۱

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اولیاء اللہ کی زبانیں | ۱۵۲ |
| سکوت و گوشہ نشینی کے ایام | ۱۵۲ |
| مدرسہ میں اسلامی شعائر کی پابندی | ۱۵۴ |
| یونیفارم کا مسئلہ | ۱۵۵ |
| قومی تحریک آزادی کا ظہور | ۱۵۶ |
| چند یادیں اور اشعار | ۱۵۷ |
| ہڑتالیں اور مظاہرے | ۱۵۹ |
| محمودیہ اور دمنہور کے درمیان | ۱۶۱ |
| گرمیوں کی چھٹیاں | ۱۶۳ |
| اذانِ صبح گاہی | ۱۶۳ |
| دارالعلوم میں داخلے کی تیاری | ۱۶۴ |
| تعلیم اور ڈگریوں کے بارے میں میری رائے | ۱۶۹ |
| دو اسلوب | ۱۷۳ |
| قاہرہ کی جانب | ۱۷۹ |
| طبی معائنہ | ۱۸۱ |
| ازہر کا ایک ہفتہ | ۱۸۲ |
| رویائے صادقہ | ۱۸۳ |
| امتحان گاہ میں | ۱۸۴ |
| طلب علم نہ کہ طلب معاش | ۱۸۵ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| دارالعلوم کا پہلا سال | ۱۸۶ |
| رنگِ بے نیازی | ۱۸۸ |
| نیا مسکن | ۱۹۰ |
| عمومی مشاغل | ۱۹۰ |
| واقعہ یا حادثہ | ۱۹۱ |
| قاہرہ نقل مکانی | ۱۹۳ |
| عالمِ جذبات | ۱۹۳ |
| محمودیہ میں گھڑیوں کی دکان | ۱۹۴ |
| ایک مثالی کردار | ۱۹۶ |
| قاہرہ واپسی اور جمعیت اسلامیہ میں شرکت | ۱۹۹ |
| مبلغین اسلام تیار کرنے کی تجویز | ۱۹۹ |
| قہوہ خانوں میں دعوت کا کام | ۲۰۱ |
| کمرۂ تعلیم میں | ۲۰۳ |
| تبدیلیٔ لباس | ۲۰۵ |
| مصر میں الحاد و اباحیت کی لہر | ۲۰۶ |
| ردِّ عمل | ۲۰۸ |
| مثبت کوشش | ۲۱۰ |
| شیخ دجوی کی خدمت میں | ۲۱۱ |
| انشا پردازی کا موضوع | ۲۱۹ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| دارالعلوم کی یادیں | ۲۲۶ |
| اور ڈپلوما لے لیا | ۲۲۷ |
| اسکالرشپ یا ملازمت؟ | ۲۲۷ |
| اسماعیلیہ کو | ۲۳۲ |
| ہوٹل میں | ۲۳۵ |
| مدرسہ سے مسجد تک | ۲۳۵ |
| مذہبی جھگڑے | ۲۳۶ |
| پھر قہوہ خانوں کی طرف رجوع | ۲۳۷ |
| عملی تعلیم | ۲۳۹ |
| عقیدہ پر توجہ | ۲۴۲ |
| الحاج مصطفیٰ کے زاویہ میں | ۲۴۲ |
| ایک مثال | ۲۴۶ |
| اسماعیلیہ کا معاشرہ | ۲۴۸ |
| معززین شہر کے ساتھ | ۲۵۴ |
| کلبوں کی دنیا | ۲۵۶ |
| قاہرہ سے رابطہ | ۲۵۷ |
| جمعیت الشبان المسلمین | ۲۵۷ |
| ایک دلچسپ واقعہ | ۲۵۸ |
| عکسِ اسماعیلیہ | ۲۵۹ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| الاخوان المسلمون | ۲۶۱ |
| مدرسہ تہذیب و تربیت | ۲۶۳ |
| جماعت کے اولین بانیوں کے کردار کی چند مثالیں | ۲۶۶ |
| حجاز جانے کا پروگرام | ۲۷۳ |
| وعظ و تبلیغ کا منصوبہ | ۲۷۷ |
| اسماعیلیہ میں اخوان کا مرکز اور مسجد | ۲۷۸ |
| قربانی کی ایک مثال | ۲۸۰ |
| مسجد کے لیے قطعۂ زمین کا عطیہ | ۲۸۰ |
| کانٹے اور روڑے | ۲۸۱ |
| شیخ حامد عسکریہ کی شبراخیت میں منتقلی | ۲۸۴ |
| سنگ بنیاد | ۲۸۸ |
| شبراخیت میں ایک شاخ کا قیام | ۲۸۹ |
| جسے اللہ رکھے ..... | ۲۹۰ |
| خفیہ پولیس | ۲۹۲ |
| حکومت کی مخالفت کا الزام | ۲۹۳ |
| الزام کی تحقیق | ۲۹۶ |
| ایک شہادت | ۲۹۹ |
| انسپکٹر جنرل ایجوکیشن نے اخوان کی رکنیت اختیار کر لی | ۳۰۰ |
| مذہبی تفرقہ اندازی کا الزام | ۳۰۳ |

Marfat.com

اخوان کی مسجد کا افتتاح ۳۰۵
وزیراعظم صدقی پاشا کا دورۂ سینا ۳۰۷
کینال سویز کمپنی کی سخاوت ۳۰۸
غلط مذہب ۳۱۰
اسلامی درس گاہ حراء ۳۱۰
شیخ محمد سعید العرفی ۳۱۴
اسماعیلیہ سے باہر ابوصویر میں دعوت کا آغاز ۳۱۹
ابوصویر میں اخوان کی مسجد ۳۲۲
پورٹ سعید میں دعوت کا آغاز ۳۲۴
البحر الصغیر میں دعوت کی اشاعت ۳۲۸
سویز میں دعوت کی تاریخ ۳۳۱
قاہرہ میں دعوت کی تاریخ ۳۳۴
مدرسہ امہات المومنین ۳۳۸
الاخوات المسلمات ۳۳۹
اسکاؤٹس گروپ ۳۳۹
جماعت البلاح دعوت کی گود میں ۳۴۰
شیخ فرغلی اور غیر ملکی کمپنی کا تصادم ۳۴۲
گھٹیا ہتھکنڈوں کے چند نمونے ۳۴۵
قاضی شرع کے گھر میں بحث و مناظرہ کی ایک داستان ۳۴۸


Marfat.com

| | |
|---|---|
| واقعہ اسراء پر میری تقریر اور علماء کی شورش | ۳۵۰ |
| البحرالصغیر میں دعوت | ۳۵۲ |
| "حسن البنا کی پوجا کی جاتی ہے" ایک الزام | ۳۵۳ |
| یمن کی ایک ذمّہ دار شخصیت سے رابطہ | ۳۵۹ |
| مال وجاہ کا فتنہ | ۳۶۰ |
| اخوان اسماعیلیہ کے لیے سربراہ کا تقرر | ۳۶۳ |
| تحریک کے خلاف پہلی داخلی سازش | ۳۶۴ |
| سازش کو ختم کرنے کے لیے میری مخلصانہ تگ ودو | ۳۶۸ |
| دوسری سازش | ۳۷۲ |
| سازشیوں کا پراسیکیوٹنگ کی طرف رجوع | ۳۷۵ |
| تحریک کے اندر پھوٹ ڈالنے کی کوشش | ۳۷۹ |
| مخالفانہ اشتہارات اور کتابچے | ۳۸۳ |
| ایک درس اور اس کے اثرات | ۳۸۷ |
| مرد ناداں پر کلام نرم ونازک بے اثر | ۳۸۹ |
| کلمۃ الحق | ۳۹۰ |
| حقیقی عدالت کی طرف رجوع | ۳۹۰ |
| سازش کے محرک مولوی صاحب کا انجام | ۳۹۲ |
| مولوی صاحب دیوانی عدالت میں | ۳۹۵ |
| راقم کی شادی اور تبدیلی | ۳۹۶ |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حسن البنّا شہید کا مختصر تعارف

## حسن البنّاء کے عہد میں مصر کی اجمالی تصویر

حسن البنّاء بیسویں صدی کے اوائل میں مصر میں پیدا ہوئے۔ اور بیسویں صدی کے رُبع اول میں انہوں نے وہ عظیم الشان اسلامی تحریک برپا کی جسے الاخوان المسلمون کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ جس طرح پاک و ہند کی اسلامی تحریک جماعتِ اسلامی کو اُس کے بانی مولانا سیّد ابوالاعلیٰ مودودی سے منفک نہیں کیا جا سکتا اسی طرح الاخوان المسلمون کو حسن البنّاء سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ یہ دونوں لازم و ملزوم کی حیثیت رکھتے ہیں۔ حسن البنّاء کی عبقری شخصیت نے یہ تحریک اس انداز سے اٹھائی کہ اس نے تھوڑے ہی عرصے میں نہ صرف مصر بلکہ پورے عالمِ عرب کے اندر اسلام کی رُوح کو بیدار کر دیا۔ اس عظیم شخصیت کا صحیح مقام اور اصل کام اُس وقت تک پوری طرح نہیں سمجھا جا سکتا جب تک اُس ماحول اور فضا کو نہ سمجھ لیا جائے جس میں انہوں نے دنیا میں قدم رکھا، پروان چڑھے اور تعلیم و تربیت پائی۔ اِس وقت ہم اس عظیم شخصیت کے حالات و سوانح سپردِ قلم کر رہے ہیں۔ مگر ہمارا یہ مطالعہ اُس وقت

Marfat.com

تک ناقص و خام رہے گا جب تک ہم ایک طائرانہ نظر اس بات پر نہ ڈال لیں کہ حسن البنّاء کی پیدائش کے وقت مصر سیاسی لحاظ سے کن حالات سے دوچار تھا ثقافتی اور فکری لحاظ سے کس قسم کا مدّ و جزر وہاں برپا تھا اور وہ کون سے مقامی اور بین الاقوامی عوامل تھے جن سے وہ نبرد آزما تھا۔ چنانچہ حسن البنّاء کے حالاتِ زندگی پر قلم اُٹھانے سے پیشتر ہم چند لمحات کے لیے قارئین سے اس دَور کا تعارف کراتے ہیں جس نے حسن البنّاء کو جنم دیا اور حسن البنّاء سے وہ خدمت لی جو اس وقت مطلوب تھی۔

جہاں تک راقم نے مصر اور بلادِ عربیہ کی تاریخ جدید کا مطالعہ کیا ہے اُس کی رُو سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اُنیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں مصر میں جن بڑے بڑے مسائل پر معرکہ آرائی ہوتی رہی ہے اُن میں مصری وطنیت، اسلامی خلافت، عرب قومیت اور قدیم و جدید کی کشمکش سرفہرست ہیں۔ اور ہم یہ کوشش کریں گے کہ ان بڑے بڑے مسائل کا جائزہ اس انداز سے لیں کہ اُس میں اس دَور کے مصر کی پوری تہذیبی و سیاسی اور فکری و ثقافتی تصویر سامنے آ جائے۔

## تحریکِ آزادی کے دو گروہ

۱۸۸۳ء میں عرابی پاشا کی بغاوت کی ناکامی مصر پر انگریزوں کے تسلّط کا پیغام لے کر آئی۔ یہ ناکامی مصر کے لیے صرف ایک سیاسی المیہ نہ تھی بلکہ اس نے پوری مصری قوم کے اندر مایوسی اور خوف و ہراس کی لہر دوڑا دی۔ اور اس کے نتیجے میں مصر یکایک فکری اور اخلاقی لحاظ سے انحطاط اور پستی میں مبتلا ہو گیا۔ عرابی پاشا کی ناکامی دیکھ کر لوگ سیاسی اور اصلاحی جدّوجہد کا نام سُن کر گھبرانے لگے۔ بیسویں صدی کے اوائل تک یہی صورتِ حال قائم رہی۔ آخر کار مصری نوجوانوں کی ایک جماعت نے پردۂ سکوت کو چیر دیا اور انہوں نے انگریزی استعمار سے

Marfat.com

آزادی اور قومی بیداری کی آواز بلند کی۔ یہ نوجوان دو گروپوں میں نمودار ہوئے۔ ایک گروپ وہ تھا جس نے اپنی جدّوجہد کو دینی جذبات اور اسلامی رشتے سے مربوط رکھا۔ اور دوسرے گروپ نے ایک نیا طرزِ اختیار کیا۔ اُس نے مصری وطنیت کو اپنی تحریک کا نعرہ قرار دیا اور ہر اُس نظریے کی مخالفت شروع کر دی جو دینی رشتے سے بحث کرتا تھا یا عثمانی ترکوں سے رابطے کی بات کرتا تھا۔

## پہلا گروہ ـــــ محبِ اسلام و وطن

گروہ اول کی نمائندگی الحزب الوطنی کر رہی تھی اور اس کی قیادت ایک شعلہ بیان خطیب اور آتش نفس نوجوان مصطفےٰ کامل کر رہا تھا۔ اور جیسا کہ ہم نے بیان کیا یہ گروہ اسلامی رشتہ کے حوالے سے قوم کے اندر حبّ الوطنی کی آگ بھڑکا رہا تھا۔ اور اس کے نزدیک مذہب اور وطن پرستی دو متضاد باتیں نہ تھیں۔ مصطفےٰ کامل کا یہ مقولہ تھا کہ "دین و وطن دو جڑواں بھائی ہیں جو ایک دوسرے سے منفک نہیں کیے جا سکتے"۔ وطن کی محبت کو یہ گروہ ایسے اسلوبِ و انداز سے بیان کر رہا تھا جیسے کوئی عاشق اپنی محبوبہ کا ذکر کرتا ہے۔ مصر کے نامور شعراء غایاتی اور محرّم اس آگ کو شعر و ادب کی زبان میں ڈھال رہے تھے۔ محمد فرید وجدی جیسے صاحبِ تحقیق اور عبد العزیز جاویش جیسے عالم و ادیب اس گروہ کے گل سرسبد تھے۔ انگریز حکام اور خدیو مصر دونوں اس تحریک سے اس قدر پریشان تھے کہ جب غایاتی کے شعری دیوان پر محمد فرید وجدی اور عبد العزیز جاویش نے مقدّمے لکھے تو اِس "جرم" کی پاداش میں دونوں کو قید بامشقت کی سزائیں دی گئیں۔

## دوسرا گروہ ـــــ لادین قوم پرست

دوسرا گروہ اِسلامی اتحاد یا اسلامی رشتے پر زندگی کی تعمیر کے خلاف تھا۔ وہ مصری

Marfat.com

وطنیت کا علمبردار تھا۔ مگر اس وطنیت سے اُس کا مدعا یہ تھا کہ مصر کو دوسرے مسلمان ملکوں کا "دردسر" مول نہ لینا چاہیئے بلکہ صرف اپنے مفادات و مصالح کی حفاظت اور خدمت کرنی چاہیے۔ "مصری وطنیت" کے عقیدے کو پختہ کرنے کے لیے وہ مصر کی تاریخ قدیم کو کُرید کُرید کر لا رہا تھا۔ اور دورِ فراعنہ سے اپنے تاریخ کے قلابے ملاتا تھا۔ اُس کا نظریہ یہ تھا کہ جس چیز میں مصر کا مفاد ہو وہ عزیز ہے خواہ وہ غیر مصریوں کے لیے مضر ہی کیوں نہ ہو۔ یہ گروہ "مصری وطنیت" کی دعوت کی حد تک تو ایک ہی گروہ شمار ہوتا تھا مگر اس کے خیالات و افکار کے چشمے دو حصوں میں بٹے ہوئے تھے۔ ایک حصہ وہ تھا جس کی نمائندگی اخبار المقطم کر رہا تھا۔ المقطم کے بارے میں یہ بات کوئی ڈھکی چھپی نہ تھی کہ وہ انگریزی استعمار کی وکالت کرتا ہے اور انگریز گورنر لارڈ کرومر سے رہنمائی حاصل کرتا ہے۔

مصری وطنیت کا نظریہ انگریز خود فروغ دے رہا تھا کیونکہ انگریز چاہتا تھا کہ مصر کو عالم اسلام سے الگ تھلگ کر دیا جائے اور مصری قوم کے دماغ میں یہ بات راسخ کی جائے کہ اُسے دوسری مسلمان اقوام خواہ وہ ترک ہوں یا ایرانی یا ہندی، اُن کی طرف دیکھنے کے بجائے صرف اپنے مفادات کی فکر کرنی چاہیئے۔ اس طرح انگریز ایک طرف عربوں کو ترکوں سے جُدا کرنا چاہتا تھا اور دوسری طرف عربوں کو عربوں سے بیزار کر رہا تھا۔

المقطم اخبار تو انگریز نوازی میں یہاں تک بڑھ گیا تھا کہ وہ یہ صاف صاف لکھ رہا تھا کہ "انگریز مصر میں قیام کی مشقت اس لیے برداشت کر رہے ہیں کہ وہ مصریوں کو نظام ظلم سے نجات دلانا چاہتے ہیں اور انہیں عدل و انصاف کی بہار سے بہرہ اندوز کرنا چاہتے ہیں۔ مصر کو افلاس کے چنگل سے نکالنے اور مصر میں متوازن اقتصادی نظام قائم کرنے کا سہرا انگریزوں کے سر ہے۔"

Marfat.com

اس جماعت کا ایک اور رسالہ المقتطف اس کے کو مزید بڑھا رہا تھا اور مصری نوجوانوں کا ایک اچھا خاصا طبقہ اس سے متاثر ہو کر لارڈ کرومر کے گیت گانے لگ گیا تھا۔ بلکہ ہمیں یہ کہنے میں بھی کوئی باک نہیں ہے کہ شیخ محمد عبدہٗ جیسے عالم دین بھی لارڈ کرومر کے ہمنواؤں میں شامل تھے۔ جو شخص المقطم اور المقتطف کے نظریات کی مخالفت کرتا اُسے "ترکی گزیدہ" اور "ترک نوازی" کا خطاب دے دیا جاتا۔ مگر یہ بات بھی محتاج ثبوت نہیں ہے کہ المقطم اور المقتطف کے حامی وہ لوگ تھے جو اپنے مفادات کی تکمیل کے لیے الدوبارہ پیلس کی سرپرستی کے خواہش مند ہوتے تھے۔ اس مفاد پرست اور ابن الوقت عنصر نے الحزب الوطنی الحرؔ کے نام سے بالآخر اپنی ایک الگ تنظیم قائم کر لی۔ اور مصطفیٰ کامل کی الحزب الوطنی کی مخالفت کو اپنا مذہب قرار دے لیا۔

## لادین قوم پرستوں کے لیڈر اور ترجمان

"مصری وطنیت" کی دعوت کا علمبردار دوسرا حصہ حزب الامۃ پر مشتمل تھا۔ اس کا تانا بانا مصری پاشاؤں اور جاگیرداروں سے عبارت تھا۔ اس کی رائے یہ تھی کہ مصر کا اصل اقتدار اب کرومر کے ہاتھ میں ہے لہٰذا اُس کے ساتھ تصادم کی پالیسی نہیں توافق کی پالیسی اختیار کرنی چاہیئے۔ حزب الامۃ کی تاسیس ۱۹۰۷ء میں محمود سلیمان پاشا کی سربراہی میں عمل میں آئی۔ ان پاشاؤں اور جاگیرداروں کی ساری سوچ اپنے ذاتی مفادات کے گرد گھوم رہی تھی۔ انہوں نے اپنے ساتھ چند ضعیف الایمان اور نفس پرست تعلیم یافتہ لوگوں کو بھی ساتھ ملا لیا جن میں نمایاں شخصیت لطفی السید کی تھی۔ اخبار الجریدہ ان کا ترجمان تھا۔ جہاں تک پاشاؤں اور جاگیرداروں کا تعلق ہے وہ تو محض اپنی دنیا پرستی کی خاطر حزب الامۃ کا سہارا لے رہے تھے مگر جہاں تک لطفی السید

Marfat.com

اور دوسرے اُن ادبار اور فلاسفہ کا تعلق ہے جو حزب الامۃ کا فکری محاذ سمجھے جاتے تھے وہ باقاعدہ ایک سیاسی دعوت اور اجتماعی نظریے کے علمبردار تھے۔ ان کا نظریہ فکر و نظر کی کھلی آزادی، یورپ سے تعاون اور زندگی کے تمام میدانوں میں یورپ کی اندھی تقلید تھا۔ وہ ثقافتی، اقتصادی اور سیاسی ہر لحاظ سے مصر کو مغرب کے رنگ میں رنگ دینے کی دعوت پیش کر رہے تھے۔ لارڈ کرومر اس عنصر کو جس کی پیشروی لطفی السیّد کر رہا تھا "حزب الشیخ محمد عبدہ" کے نام سے پکارتا تھا اور ان لوگوں کو مصر میں اپنی آئندہ امیدوں کا مرکز گردانتا تھا۔ الجریدہ انگریزی تسلّط کو "حقیقت" کی حیثیت سے پیش کرتا تھا۔ چنانچہ لطفی السیّد لکھتا ہے:

"مصری قوم امن چاہتی ہے۔ انگریز سے اُسے مخلصانہ محبت ہے۔ حکومت قانوناً خدیو مصر کے ہاتھ میں ہے اور عملاً کرومر کے ہاتھ میں ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ دونوں قسم کے اختیارات یکجا جمع ہو جائیں، یعنی قانونی حکومت بھی خدیو مصر کے بجائے کرومر کو دے دی جائے۔"

رہا اسلام کی بنیاد پر قوم کی شیرازہ بندی اور وطنیت کی تشکیل، تو یہ لوگ اس کے سخت خلاف تھے۔ اس گروہ کے ایک مشہور لیڈر عبدالحمید الزہراوی نے الجریدہ میں لکھا:

"حضرت عمر (رض) کی وفات کے بعد مسلمانوں کا سیاسی اتحاد ختم ہو گیا۔ اور حضرت علی (رض) کی وفات کے بعد اُن کا مذہبی اتحاد بھی ختم ہو گیا ہے۔ ۱۳ سو سال سے جس اتحاد و اتفاق کی بنیاد مٹ چکی ہے اُسے اب کیوں زندہ کیا جائے۔"

## دونوں گروہوں کی کشمکش

(ایک طرف مصطفیٰ کامل اور فرید وجدی اور عبدالعزیز جاویش کی الحزب الوطنی

Marfat.com

تھی۔ اور دوسری طرف مختلف عناصر مختلف لبادوں میں برسر پیکار تھے۔ کوئی الحزب الوطنی الحر کے نام سے موسوم تھا اور المقطم اور المقتطف کی آڑ میں مفادات سمیٹ رہا تھا۔ اور کوئی حزب الامۃ کے نام سے متعارف تھا اور الجریدۃ کے ذریعہ دنیا پرستی میں مبتلا تھا یا حزب الشیخ محمد عبدہ" کے پردے میں مصر کو مغربیت میں رنگنے کے لیے کوشاں تھا۔ ان متضاد تحریکوں میں یہ فرق نمایاں طور پر محسوس ہو رہا تھا کہ الحزب الوطنی اور مصطفیٰ کامل کے انداز دعوت پر جذبات انگیزی اور ہیجان خیزی غالب ہے" اور حزب الامۃ اور مصطفیٰ السید یا الحزب الوطنی الحر دلیل و عقل کا سہارا لیتے ہیں۔ اور بڑے دھیمے انداز سے نوجوانوں کے اندر لبرلزم اور میٹیریلزم کا ذوق ابھار رہے ہیں۔ مصطفیٰ کامل اور اس کا اخبار اللواء بڑے تند لہجے اور تلخ انداز میں استعمار پر حملے کرتا تھا۔ وہ دین کی اساس پر مصری قومیت کی تعمیر کا داعی تھا اور تمام مسلم اقوام کے اندر اتحاد و یگانگت کا علمبردار تھا۔ وہ ۱۸۴۰ء کے ترکی و مصری معاہدے کی پابندی کا اعلان کرتا تھا۔ یہ معاہدہ ترکی اقتدار کے اندر مصر کی داخلی آزادی کی ضمانت فراہم کرتا تھا۔ اس کی رو سے مصر پر ترکی اقتدار صرف اس حد تک رہ جاتا تھا کہ مصر آستانہ کو مقررہ خراج ادا کرتا رہے" اور مصر کے لیے ترکی کی طرف سے قاضی القضاۃ نامزد کیا جائے۔ مگر حزب الامۃ اور الحزب الوطنی الحر کی طرف سے مصطفیٰ کامل پر یہ الزام لگایا جاتا تھا کہ "وہ انگریزی استعمار کو ختم کر کے ترکی استعمار کو مستحکم کرنا چاہتا ہے" یہی وجہ ہے کہ المقطم مسلسل ایسے مضامین چھاپتا تھا جن میں وہ ثابت کرتا تھا کہ ترک ظالم اور انگریز عادل ہیں۔ مصطفیٰ کامل دین و وطنیت میں تعارض کا قائل نہ تھا۔ وہ کہتا تھا کہ:

"جب انگریز وطن پرست بھی ہو سکتا ہے اور پروٹسٹنٹ بھی تو مصری کیوں بیک وقت مسلمان اور وطن پرست نہیں ہو سکتا۔"

Marfat.com

## انگریزی اقتدار کی حکمتِ عملی

انگریزوں کی یہ کوشش تھی کہ مصر کے اندر ترکی نفوذ اور مذہبی عصبیت کو کمزور سے کمزور تر کیا جائے۔ چنانچہ انگریز ہر اس شخص کی سرپرستی کرتا جو "خلیفۃ المسلمین" پر زبان طعن دراز کرتا، یا جو خدیو مصر کا جس کے پاس مصر کا قانونی اقتدار تھا مخالف ہوتا، یا جو انگریزوں سے تصادم کے بجائے "داخلی اصلاح" کا قائل ہوتا۔ چنانچہ انگریز مصطفیٰ کامل کا اس لیے دشمن تھا کہ مصطفیٰ کامل حب الوطنی کی تعریف یہ کرتا تھا کہ مصر سے انگریزوں کا انخلاء عمل میں آئے۔ انگریز "خلافت عرب" کے نظریئے کا جسے شریف حسین والیٔ مکہ نے بلند کر رکھا تھا اس لیے حامی و مؤید تھا کہ اس سے "خلیفۃ المسلمین" کی پوزیشن کمزور ہوتی تھی۔ ترک نوجوانوں کی تحریک ترکیا الفتاۃ اور انجمن اتحاد و ترقی کے جو لوگ ترکی سے بھاگ کر مصر میں آکر پناہ لے رہے تھے انگریز ان کا خیر مقدم کر رہا تھا۔ ان نوجوانوں نے مصر میں آکر اخبارات نکالے اور سلطان عبد الحمید پر تند و تیز حملے شروع کر دیئے۔ اور جب سلطان عبد الحمید نے خدیو مصر عباس کو لکھا کہ ان مفرورین کو سلطان کے سپرد کیا جائے تو کرومر نے دخل اندازی کی اور عباس کو اس کام سے منع کر دیا۔ اسی طرح جو شخص خدیو مصر کی مخالفت کرتا کرومر اُسے تھپکی دیتا۔ شیخ محمد عبدہٗ اور خدیو عباس کے درمیان جب تعلقات انتہائی خراب ہو گئے تو کرومر نے شیخ محمد عبدہٗ کی تائید و حمایت کی پالیسی اختیار کر لی۔ یہ کرومر کی حمایت کا نتیجہ تھا کہ شیخ محمد عبدہٗ عباس کی مخالفت کے باوجود مسند افتاء پر فائز رہے۔ نیز شیخ محمد عبدہٗ چونکہ داخلی اصلاح کے علمبردار تھے اس لیے بھی کرومر اُن کا مداح تھا۔ شیخ محمد عبدہٗ کے رفقاء مصطفیٰ فہمی، ریاض پاشا، سعد زغلول، فتحی زغلول اور قاسم امین کو بھی اسی بناء پر انگریز کی تائید حاصل تھی کہ یہ لوگ خدیو مصر کے مخالف اور داخلی اصلاحات کے علمبردار تھے۔

Marfat.com

الغرض انگریز نے ایک طرف مصری مسلمانوں کے دینی جذبہ اور اسلامی عصبیت کو کمزور کرنا شروع کردیا تاکہ انگریزی نوآبادیوں کے اندر بسنے والے مسلمانوں کے باہمی روابط اگر منقطع نہ ہوسکیں تو کم ازکم غیر مؤثر ہوکر رہ جائیں۔ اور دوسری طرف یہ ذہن پیدا کرنے لگا کہ مصری فراعنہ کی اولاد ہیں، لبنانی فنیقی نسل سے تعلق رکھتے ہیں، عراقی بابلی اور آشوری اقوام کے وارث ہیں اور حجازی بزرگ عربوں کے چشم وچراغ ہیں۔ اور حجازی ہی خلافتِ اسلام کے زیادہ حقدار ہیں کیونکہ اسلام حجاز کی سرزمین سے پھوٹا ہے۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ عثمانی خلافت سے کسی طرح عرب اپنا رشتہ منقطع کرلیں۔ عثمانی خلافت ان کے نزدیک اپنے عیوب ونقائص کے باوجود مسلمانوں کو اسلام کے نام پر متحد کرنے کی قدرت رکھتی تھی۔ مصر کے اندر انگریزوں نے خدیوی عباس کو ذلیل ورسوا کرنے کی مہم چلائی اور خود مصریوں کے اندر انہیں ایسے لوگ مل گئے جو عباس کے عیوب کی تشہیر کرنے اور اس کی برائیوں کو خوب اچھالنے، اس امر کا انہیں کوئی احساس نہ رہا کہ عباس کی کمزوری مصر میں انگریزوں کے پنجوں کو مضبوط تر کردے گی۔

اس دور کے شعراء میں نسیم اور ولی الدین یکن کو جو مرتبہ ومقام حاصل تھا وہ کس سے مخفی ہے۔ مگر یہ وہی شعراء تھے جنہوں نے انگریز کی سیاست کو شعروادب کے موتیوں سے چمکایا اور اسی کردار کا ثبوت دیا جو ہندوستان میں انگریزی استعمار کی خدمت کے لیے بعض شعراء فخرومباہات کے ساتھ اپنی ادبی قابلیتوں کو وقف کرچکے تھے۔ البتہ ان دو متضاد تحریکوں، مصطفیٰ کامل کی اسلامی وطنیت کی تحریک، اور کرومر کے وفاداروں کی مصری وطنیت کی تحریک، کی سرگرمیوں سے جہاں ایک طرف مصر کی قدیم تاریخ اور فرعونی تہذیب وتمدن کو زندہ کیا گیا وہاں اسلامی تاریخ اور عرب تہذیب کے روشن

Marfat.com

گوشے بھی اُجاگر ہو گئے۔ اگر اوّل الذکر پہلو سے نسیم اور ولی الدین یکن اور مصطفیٰ السید جیسے حزب الامتہ اور الحزب الوطنی الحر کے زعماء یہ "کارِ خیر" سرانجام دے رہے تھے تو دوسرے پہلو سے مصطفیٰ کامل کو بھی شوقی اور بارودی جیسے شعراء عبد العزیز جادیش اور فرید وجدی جیسے صاحب علم و ادب کا تعاون حاصل تھا۔ پیچھے یہ عرض کیا جا چکا ہے کہ مصری وطنیت کی تحریک دلیل و حجت کے ساتھ اپنے آپ کو مصری عوام کے سامنے پیش کر رہی تھی اور اسلامی وطنیت کی تحریک صرف جوش و جذبہ کا نام تھا اس کا فکری پہلو زیادہ واضح اور مضبوط نہ تھا۔

## غیر مسلموں کی روش

یہ دونوں متضاد تحریکیں اس قدر آگے بڑھ گئیں کہ ۱۹۱۱ء میں دونوں کے اندر شدید تصادم برپا ہو گیا۔ اور معاملہ اسلامی وطنیت اور مصری وطنیت کی دعوت تک نہ رہا بلکہ مسلمان اور قبطی کا سوال اٹھ کھڑا ہوا اور مسلمانوں اور قبطیوں کے اندر سخت کشیدگی پیدا ہو گئی اور آزادی کی تحریکوں کا رُخ انگریز سے ہٹ کر ایک دوسرے کی مخالفت کی جانب مڑ گیا۔ نتیجۃً خود مصر کے وجود کو ایک شدید خطرہ لاحق ہو گیا۔ انگریز نہ صرف اس تماشے کو دیکھ کر لطف اندوز ہو رہا تھا بلکہ اسے درپردہ ہوا دے رہا تھا۔ اُس کی یہ وہی سیاست تھی جو اُس نے لڑاؤ اور حکومت کرو کے تحت ہر جگہ اختیار کر رکھی تھی۔ یہ بات محتاج دلیل نہیں ہے کہ قبطی اور مسلمان قرنوں سے مصر میں آباد چلے آ رہے تھے اور دونوں کے باہمی تعلقات خوشگوار چلے آ رہے تھے مگر انگریزوں نے اپنی نوآبادیوں کے اندر ہمیشہ یہ کوشش کی کہ وہاں کی اقلیتوں کو شہ دیتے، ان کی سرپرستی کرتے اور ان کے ذریعہ سے اکثریت کو دباتے۔ شام کے اندر فرانس نے بھی مسلم اکثریت کے ساتھ

۲۲۸۲۴

Marfat.com

یہی معاملہ کیا۔ چنانچہ اسی مکروہ سیاست کے تحت انگریزوں نے مصر میں قدم رکھتے ہی وہاں کی قبطی آبادی کو اکسانا شروع کر دیا۔ لارڈ کرومر کے الفاظ میں قبطیوں کو یہ امید ہونے لگی کہ اب انگریزی دور میں اُن کا مرتبہ و مقام بالاتر ہو جائے گا۔ ایک طرف مسلمانوں نے انگریزی اقتدار سے مقاطعہ کی روش اختیار کر رکھی تھی اور دوسری طرف قبطی آبادی نے اس صورت حال سے فائدہ اٹھا کر تعلیم اور اقتصاد کے میدان میں مفادات سمیٹنے شروع کر دیے اور نہ صرف عہدہ و منصب سے ہاتھ رنگنے شروع کر دیے بلکہ مال و دولت سے بھی جھولیاں بھرنے لگے۔ یہ چیز مسلمانوں کے دلوں کے اندر ان کے خلاف بدظنی پیدا کرنے لگی۔ مسلمان انگریز سے تعاون کو غداری سمجھتے تھے اور قبطی (مصری عیسائی) اس تعاون کو غنیمت سمجھ رہے تھے۔ یہاں سے دونوں قوموں کے اندر تعلقات کی خرابی کا آغاز ہو گیا۔ انگریزوں کے غلبے سے مسلمان دبتے گئے اور قبطی شیر ہوتے گئے۔ اور بات سیاسی اختلاف سے بڑھ کر مذہبی اختلاف تک پہنچ گئی۔ اور یہ سوال اُٹھ کھڑا ہوا کہ ملک کا غدار کون ہے اور وفادار کون۔ ۱۸۷۷ء میں پہلا قبطی اخبار الوطن جاری ہوا تھا۔ ان کا دوسرا اخبار صحیفۂ مصر ۱۸۹۵ء میں نکلا۔ اس جنگ میں ان دونوں اخبارات نے بھی خوب حصہ لیا اور قبطیوں کو مسلمانوں کے خلاف جس قدر بھڑکا سکتے تھے انہوں نے بھڑکایا۔ انہوں نے قبطیوں کو ایک جداگانہ قوم کی حیثیت سے پیش کیا۔ بلکہ یہ دعویٰ کیا کہ قبطی اولاد فراعنہ ہیں، اور مصر کے اصل مالک ہیں اور ان کے جسم میں "بیرونی خون" (عربوں کو بیرونی خون کہا گیا) کی قطعاً آمیزش نہیں ہے۔ جس بات کو مصری عوام ناپسند کرتے یہ اخبارات اس کا استحسان کرتے۔ ۱۹۰۹ء میں مصر کی وزارتِ عظمیٰ ایک قبطی کے ہاتھ آگئی جس کا نام پطرس غالی تھا۔ اس نے ۱۹۰۹ء میں اُس پریس آرڈی ننس کو بحال کر دیا جو ۱۸۸۱ء میں عرابی پاشا کی بغاوت کے دوران مصر میں جاری ہوا

Marfat.com

تھا۔ مصر کے تمام مسلمان اخبارات نے اس آرڈی ننس کی بحالی پر احتجاج کیا مگر قبطی اخبارات نے نہ صرف اس کا خیر مقدم کیا بلکہ احتجاج کرنے والوں کو "پاگل اور فتنہ جو" لکھا۔ ۱۹۱۰ء میں امریکی صدر تھیوڈور روز دیلٹ نے مصر کا دورہ کیا۔ قاہرہ کی مصری یونیورسٹی میں اُس نے جو خطبہ دیا وہ چونکہ مصری عوام کی امنگوں کے خلاف تھا اور اس میں مصر کی دستوری تحریک کی جو ان دنوں عروج پر تھی، مخالفت کی گئی تھی اس لیے مصریوں نے اس خطبے پر شدید احتجاج کا اظہار کیا۔ مگر قبطی اخبارات نے اس پر تحسین کے ڈونگرے برسائے اور روز دیلٹ کو مصر کا سب سے بڑا خیر خواہ قرار دیا۔ قبطی اخبارات کا یہ رویہ مسلمانوں کے دلوں میں قبطیوں کے بارے میں مسلسل سوءِ ظن اور شکوک و شبہات کے جذبات جنم دے رہا تھا۔

## خانہ جنگی

۲۰ فروری ۱۹۱۰ء کو پطرس غالی[1] الحزب الوطنی کے ایک پُرجوش کارکن ابراہیم ناصف

---

[1] پطرس غالی کی پوری سیاسی زندگی خیانتوں اور سازشوں سے بھری ہوئی تھی۔ یہ شخص وزیر اعظم بننے سے پہلے وزیر خارجہ رہ چکا تھا۔ ۱۸۹۹ء میں اس نے بحیثیت وزیر خارجہ انگریزوں کے ساتھ معاہدہ سوڈان پر دستخط کیے تھے اور اس معاہدے کی رُو سے انگریزوں کو سوڈان کی حکومت میں براہِ راست حصہ لینے کا حق دیا تھا۔ اور بھی متعدد واقعات ایسے ملتے ہیں جن سے یہ واضح طور پر ثابت ہو جاتا ہے کہ یہ انگریزوں کا آلۂ کار تھا۔ اپنے آخری ایام میں یہ کوشش بھی کر رہا تھا کہ انگریزوں کے نہر سویز کے معاہدے کی مدت اور بڑھا دی جائے اور یہ معاہدہ ۱۹۶۸ء میں ختم ہونے کے بجائے ۲۰۰۸ء میں ختم ہو۔

Marfat.com

الوردانی کے ہاتھوں قتل کر دیا گیا۔ اب کیا تھا مسلمان اور قبطی کی جنگ کھُلم کھلا چھڑ گئی اور اخبارات کے صفحات سے نکل کر گلی کوچوں میں آ گئی۔ قبطیوں نے اب صرف اپنے اخبارات کو ہی اپنی جنگ کا ذریعہ نہ بنایا بلکہ برطانوی صحافت سے مدد کی اپیل کی۔ چنانچہ ڈیلی نیوز نے ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ قبطیوں کے وفود بھی انگلستان گئے اور انہوں نے وہاں جا کر اپنی "مظلومیت" کا رونا رویا۔ ۵ مارچ ۱۹۱۰ء میں اسیوط میں قبطیوں نے اپنی ایک زبردست کانفرنس منعقد کی جس میں انہوں نے قبطیوں کے لیے متعدد مطالبات حکومت کے سامنے رکھے۔ ان مطالبات نے جلتی پر تیل کا کام کیا اور مذہبی جنگ میں مزید اضافہ ہو گیا۔ دونوں مذاہب کے نافہم لیڈر اور انگریز کے جاسوس اور ایجنٹ اسے آخری حد تک پہنچانے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے تھے۔ جب ریاض پاشا نے وزارت عظمیٰ سنبھالی تو اُس نے بڑی تگ و دو کے بعد اس آگ کو ٹھنڈا کیا۔ اگرچہ ۱۹۱۱ء میں آ کر حالات کافی سنبھل گئے اور اتحاد و اتفاق کی باتیں ہونے لگیں مگر یہ جنگ مصری معاشرے پر مستقل اثرات ڈال گئی اور نہ صرف مسلمانوں اور قبطیوں کے اندر بلکہ خود جدید تعلیم یافتہ اور قدیم تعلیم یافتہ مسلمانوں کے اندر بہت سی غلط فہمیوں کو جنم دے گئی اور مستقبل کے مُصلح کے لیے مشکلات کا ایک اور باب کھول گئی۔

سیاست دان اور مصلحین

اب تک تو ہم نے مصر کے سیاسی رجحانات اور سیاسی تحریکوں کا جائزہ لیا ہے۔ اب ہم اس بحث کو ایک دوسرے انداز سے لیتے ہیں۔ پچھلی بحث میں ہم اشارۃً بتا چکے ہیں کہ مصری زعماء کا ایک گروہ ایسا بھی تھا جو سیاسی تحریکوں میں حصّہ لینے اور خصوصاً انگریزوں کے انخلاء کی بات کو اہمیت نہ دیتا تھا۔ اس گروہ کو ہم سیاست دانوں کا گروہ کہنے کے بجائے مُصلحین

Marfat.com

کالگروہ کہیں گے کیونکہ اُس وقت یہ گروہ اسی لقب سے پکارا گیا تھا۔ سیاست دانوں اور مصلحین میں مابہ الامتیاز یہ نظریہ تھا کہ سیاست دان کہتے تھے مصر کی اصل مصیبت بیرونی تسلّط ہے اس لیے اس مصیبت کا علاج بیرونی تسلّط سے نجات میں ہے مصلحین کہتے تھے کہ بیرونی تسلّط (انگریزی استعمار) کا سبب ہمارا اجتماعی بگاڑ ہے۔ لہٰذا ہم اگر معاشرتی خرابیوں کو درست کرلیں گے تو بیرونی تسلّط سے خود بخود نجات مل جائے گی۔ یہاں یہ بتا دینا بھی فائدے سے خالی نہ ہوگا کہ لارڈ کرومر سیاست دانوں کے مقابلے میں "مصلحین" کے نظریہ کی حوصلہ افزائی کر رہا تھا۔ لارڈ کرومر اور شیخ محمد عبدہ کے درمیان خوشگوار تعلقات کی بنیاد یہی نظریاتی اتحاد تھا۔ سیاست دانوں کے خیالات تو ہم بالاختصار پیچھے بیان کر آئے ہیں۔ اب ہم "مصلحین" کے کام کا مختصر جائزہ لیتے ہیں۔ اُن مصلحین کے اندر دو واضح گروہ پائے جاتے تھے۔ ایک گروہ اصلاح سے مراد تجدّد لیتا تھا اور تہذیب مغرب کو جوں کا توں اختیار کر لینے کا داعی تھا۔ اور دوسرا گروہ اسلامی اور مشرقی روایات کو اختیار کرنے پر بھی زور دیتا تھا۔ یہ دونوں طرز کی "اصلاحی دعوتیں" سیاسی میدان پر بھی اثرانداز ہو رہی تھیں۔ مصری وطنیت کے حامی تہذیب مغرب کے داعیوں کی تائید کر رہے تھے اور اسلامی قومیت کے علمبردار "مشرقیت" کے حامیوں کا ساتھ دے رہے تھے۔ ادب اور فن کے میدانوں میں بھی یہ تفریق برپا ہوگئی۔ ایک فریق فن و ادب کے اصول یورپ سے لینے لگا اور دوسرا فریق قدیم عربوں اور مشرقی روایات میں اپنے اصول تلاش کرنے لگا۔ تعلیم کے میدان میں بھی یہ دونوں خیالات آ گھسے۔ ایک طرف متجدّدین (یا مقلّدین مغرب) تھے جو تعلیم کے قدیم ورثے سے لوگوں کو متنفر کر رہے تھے اور انہیں ہوا کے رُخ پر چلنے کی تلقین کر رہے تھے اور دوسری طرف وہ لوگ تھے جو لباس، معاشرتی آداب اور

Marfat.com

طرز زندگی سب باتوں میں قدامت پرستی دکھا رہے تھے۔

## حکمرانوں کا نفاق

ان دو طرز کے رُجحانات نے مصری معاشرے کو تقسیم کر کے رکھ دیا اور دونوں طرز کے لوگوں میں منافرت کی ایک خلیج حائل ہوگئی۔ مگر ان دونوں کے درمیان ایک تیسرا طبقہ اُبھر آیا جس نے ان دونوں رجحانات کے درمیان مضحکہ خیز پیوند لگایا اور معاشرے اور زندگی کے اندر دورنگی کو جنم دے دیا۔ اس دورنگی اور پیوند کی ابتدا خدیوی عباس کے قصر سے ہوئی۔ خدیوی عباس رمضان المبارک میں قصر عابدین میں تفسیر قرآن کے درس کا اہتمام کرتا اور مشرقیت یا اسلامیت کے حامیوں کو خوش کر دیتا اور سال میں ایک مرتبہ قصر میں رقص وسرود کی محفل بھی جماتا اور تجدد پرست گروہ کی ہمدردیاں بھی حاصل کر لیتا۔ یہ دورنگی اور تناقض قصر عابدین سے اٹھا اور مصری معاشرے کے اندر ہر جگہ اور ہر میدان میں پھیل گیا۔ شوقی جیسا عظیم مصری شاعر جسے مصر کا علامہ اقبال کہا جاتا ہے ایک طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ مبارک میں بے نظیر نعتیں کہتا ہے اور دوسری طرف رنگ وطرب کی محفلوں پر لکھی تعریفی قصائد دل کھول کر پیش کرتا ہے۔ اب ہم ذوالوجہین گروہ کو سردست نظر انداز کرتے ہیں اور مذکورہ صدر دونوں گروہوں پر الگ الگ نظر ڈالتے ہیں۔

## متجددین کا کردار

مغربی تہذیب کے علمبردار زیادہ تر شامی اور لبنانی عیسائی تھے جو مصر میں آکر آباد ہو گئے تھے اور کچھ وہ مصری تھے جنہوں نے یورپ میں تعلیم پائی تھی یا مشنری اسکولوں سے پڑھ کر نکلے تھے۔ شامی اور لبنانی عیسائی دو حصوں میں بٹے ہوتے تھے۔ ایک حصہ انگریزی

Marfat.com

اثر و نفوذ کے تحت تھا اور دوسرا فرانسیسی اثرات کے تحت۔ الاہرام فرانس کے نفوذ و اثر کا نمائندہ تھا اور المقطم اور المقتطف برطانوی نفوذ و اثر کے آئینہ دار تھے۔ یہ مصری متجددین تو ان کی کیفیت عجیب و غریب تھی۔ وہ ذہنی و فکری لحاظ سے جس سطح پر اُچکے تھے اُس کی تصویر مصر کے ایک نامور مؤرخ محمد محمد حسین کی زبانی سنیئے:

"مصریوں کا جو گروہ تہذیب مغرب کا داعی بن چکا تھا یہ ان لوگوں پر مشتمل تھا جو تہذیب مغرب کی چکا چوند سے متاثر ہو چکے تھے کیونکہ انہوں نے یا تو یورپ میں زندگی کا کچھ حصّہ گزارا تھا یا یورپین طرز کے اسکولوں میں تعلیم پائی تھی۔ انہوں نے اپنے سامنے جو مثالی نمونے رکھے ہوتے تھے یہ اُس ثقافت سے ماخوذ تھے جس کا رشتہ اسلام یا عربیت سے دُور کا بھی نہ تھا۔ وہ انگریزوں اور فرانسیسیوں کی جتنی تاریخ جانتے تھے اُس کے مقابلے میں مسلمانوں اور عربوں کی تاریخ کا انہیں عشر عشیر بھی معلوم نہ تھا۔ یورپی کلیسا اور اس کے مذہبی اختلافات کو تو وہ خوب جانتے تھے مگر فقہ اسلامی کے بارے میں ان کی معلومات نہ ہونے کے برابر تھیں۔ اسلامی اور عربی تہذیب کی نامور شخصیتوں کی تاریخ سے تو نابلد تھے جب کہ یورپی ادب و فکر کے نمایاں فضلاء و شعراء کے حالات انہیں پوری طرح ازبر تھے۔ اپنی گھریلو زندگی میں وہ مغرب کے طور و اطوار کی نقالی کرتے۔ اپنے بچوں کو وہ یورپین اناؤں کے حوالے کرتے کہ وہ ان کی تربیت و پرداخت کریں۔ یہی وجہ ہے کہ مغرب کے ساتھ اُن کے ثقافتی، ادبی اور روحانی تعلقات مستحکم ہو چکے تھے اور اسلام اور مشرق کے ساتھ اُن کے ہر نوعیت کے روابط

Marfat.com

سرد مہری کا شکار ہو چکے تھے۔ مغرب کے اہلِ قلم مشرقیوں کی پسماندگی کا سبب اسلام کے ساتھ ان کی وابستگی کو قرار دے رہے تھے، یہی بات مصری متجدّدین کے ذہنوں میں راسخ ہو چکی تھی۔ وہ یہ کہتے: "اسلام ایک بے مایہ مذہب ہے۔ صدیوں پیشتر اس مذہب نے بدوؤں کے معاشرے کو تو منظّم کر لیا تھا لیکن اب بیسویں صدی کی ماڈرن سوسائٹی کی قیادت اور تنظیم اس کے بس کا روگ نہیں ہے۔"[1]

لارڈ کرومر مصریوں کے اندر ان خیالات کو خوب پختہ کر رہا تھا۔ وہ کہا کرتا تھا: جو مسلمان یورپ کے اخلاق سے آراستہ نہیں ہے وہ مصر کی حکمرانی کا اہل نہیں ہے[2]۔ حافظ ابراہیم جیسا نامور شاعر ۱۹۰۶ء میں مصر میں امریکن گرلز کالج کی تقریب میں جو نظم پیش کرتا ہے اُس میں وہ صاف صاف کہتا ہے کہ:

لیتنا نقتدی بکم اونجاریکم

عسی نسترد ما کان ضاعا

(کاش ہم، اے مغربیو! تمہاری پیروی کرتے یا تمہاری ہمنوائی کرتے۔ اس طرح شاید ہم اپنی گمشدہ عزت کو بحال کر لیتے)

## مغربی تہذیب کی یلغار

ایک طرف مذکورہ بالا طبقے (لبنان و شام کے عیسائی اور مصر کے متجدّدین) مغربی تہذیب کی پیروی اور افرنگیوں کی تقلید کا بھرپور پرچار کر رہے تھے اور مصری نوجوان کے دل و دماغ

---

[1] الاتجاہات الوطنیۃ فی الادب المعاصر۔ ص ۲۵۹، ۲۶۰

[2] MODERN EGYPT ص ۵۶۹، ۵۷۰

Marfat.com

کو اپنی باتوں سے مسحور کر رہے تھے اور دوسری طرف مصر پر مغرب کی مادی ترقی کی یلغار مختلف شکلوں میں بڑھ رہی تھی ۔ چنانچہ ۱۸۸۴ء میں ٹیلیفون کی انگریزی کمپنی قائم ہوگئی ۔ ۱۸۹۶ء میں قاہرہ میں پہلے سینما کا افتتاح ہوا ۔ ۱۸۹۷ء میں پہلی ٹرام لائن بچھائی گئی ۔ ۱۸۹۸ء میں نیشنل بنک قائم ہوگیا اور اس نے کرنسی نوٹ جاری کر دیے اور ساتھ ہی ساتھ ہر جگہ شراب خانے کھل گئے ، یہاں تک کہ دیہاتی آبادیوں اور مزدوروں کی کالونیوں تک پھیل گئے ۔ بڑے بڑے شہروں میں لائسنس یافتہ قحبہ گری کا آغاز ہوگیا ۔ اور شخصی آزادی کے نام پر لوگ کھلم کھلا منکرات کا ارتکاب کرنے لگے ۔ گویا ان کے نزدیک شخصی آزادی کا یہ مفہوم تھا کہ انسان ہر پابندی سے آزاد ہوجائے اور کسی دین یا عرف یا مصلحت کی پروا نہ کرے ۔ الغرض مغربی تہذیب اور مغربی فکر و ذہن کے اثرات مختلف قسم کی تحریکوں کی شکل میں ابھرے ۔ ان تحریکوں میں تین تحریکیں سرفہرست تھیں ۔

ایک شخصی آزادی کی تحریک اور مغربی طرز کے پارلیمانی نظام کی دعوت ۔

دوسری دین اور ریاست کی تفریق کی تحریک ۔

اور تیسری آزادئ نسواں کی تحریک ۔

ان تینوں قسموں کی تحریکوں کو الگ الگ بیان کرنے سے ہماری بات زیادہ واضح ہوجائے گی ۔

مطالبۂ پارلیمانی نظام

پہلی تحریک شخصی آزادی اور پارلیمانی نظام کی داعی تھی ۔ اس تحریک کے حامی تقریباً تمام مصری زعماء تھے ۔ جن میں مصطفیٰ کامل جیسے وطن پرست بھی تھے ۔ اور لطفی السید جیسے اباحیت پسند بھی ۔ یہ لوگ دراصل انقلاب فرانس اور فرانسیسی مفکرین سے سخت متاثر

Marfat.com

تھے اور فرانسیسی انقلاب کا نعرہ بھی انہوں نے اپنا لیا تھا یعنی آزادی، اخوت اور مساوات[1]۔ مصطفیٰ کامل اور ان کے ہمنوا شعراء اور اہلِ قلم نے پارلیمانی نظام کے قیام کا مطالبہ کھڑا کر دیا اور برابر اس سلسلے میں تگ و دو کرتے رہے یہاں تک کہ مارچ ۱۹۰۷ء میں مجلسِ عمومی نے حکومت کے سامنے دستور اور پارلیمنٹ کے قیام کا مطالبہ کر دیا جو مصری تاریخ کا ایک جرأت مندانہ قدم تھا۔ ۱۹۰۷ء میں واقعہ دانشواے کے بعد کرومر کو مصر سے بُلا لیا گیا۔ اس کے کچھ عرصہ بعد ترکی کے اندر انقلاب برپا ہو گیا۔ اور جولائی ۱۹۰۸ء میں عثمانی دستور صادر ہوا۔ ان باتوں نے مصری زعماء کی حوصلہ افزائی کی۔ یکم دسمبر ۱۹۰۸ء کو قوانین کی مجلسِ شوریٰ نے بھی مجلس عمومی کی حمایت کا اعلان کر دیا اور پارلیمانی زندگی کا مطالبہ کر دیا۔ خدیوی عباس اور انگریزی استعمار کی کوششوں کے علی الرغم یہ تحریک زور پکڑ گئی۔ اس دَور میں جس کتاب نے مصر کی سیاسی اور فکری دنیا پر سب سے زیادہ اثر ڈالا وہ عبدالرحمٰن الکواکبی کی تالیف طبائع الاستبداد ہے[2]۔ اس

---

[1] فری میسن کا بھی یہی نعرہ ہے۔ بلکہ فری میسن کے لوگوں اور یہودیوں کے ذریعہ ہی یہ نعرہ فرانسیسی انقلابیوں تک پہنچا ہے۔ ملاحظہ ہو کتاب: "محاسنِ فری میسن" ص ۴ - ۴۹ - ۸۹ - ۱۲۳ -

[2] الکواکبی حلب میں ۱۸۴۸ء میں پیدا ہوا۔ اور جب وہاں ترکی والیوں کے مظالم سے اُس پر عرصۂ حیات تنگ ہو گیا تو وہ مختلف اسلامی ملکوں کے اندر پھرتا پھرتا مصر آ گیا۔ وہاں اُس نے دو کتابیں تصنیف کیں ایک اُمّ القریٰ (۱۸۹۹ء میں) اور دوسری طبائع الاستبداد (۱۹۰۱ء میں)۔ اس کی وفات ۱۹۰۲ء میں ہوئی۔ اس کے مکمل حالات کے لیے ملاحظہ ہو ڈاکٹر احمد امین کی کتاب "زعماء الاصلاح فی العصر الحدیث"۔

Marfat.com

اس کتاب میں الکواکبی نے تفصیل کے ساتھ بتایا ہے کہ نظام استبداد انسان کے اخلاق کو تباہ کر دیتا ہے، دین کو برباد کر دیتا ہے، تربیت کو بگاڑ دیتا ہے۔ قوم اس نظام کے تحت صحیح عزت و شوکت سے ہرگز ہمکنار نہیں ہو سکتی۔ یہ نظام انسان کو چوپایوں سے بھی بدتر بنا دیتا ہے۔ یہ کتاب پہلے علی یوسف کے اخبار المؤید میں قسط وار شائع ہوئی۔ اور پھر اسے کتابی صورت میں چھاپا گیا۔ الکواکبی ادب و بیان کی بے پناہ طاقت سے بہرہ ور تھا، اُس نے اس کتاب کے ذریعے مصر کی سیاسی اور معاشرتی فضا میں تہلکہ مچا دیا اور استبداد و آمریت کے خلاف جذبات کا طوفان کھڑا کر دیا۔

## تحریک تفریق دین و سیاست

دوسری تحریک جو اس دور میں نمایاں طور پر اُبھری وہ دین اور ریاست کی تفریق کی تحریک تھی۔ اس تحریک کے برپا ہونے کا سبب بھی متجددین کی مغرب پرستی تھی۔ ان لوگوں نے مغرب کی مذہبی تاریخ اور کلیسا اور ریاست کی کشمکش کی داستانیں پڑھ رکھی تھیں اور انہی سے متاثر ہو کر وہ اسلام کو بھی زندگی کے مختلف دوائر سے نکال کر صرف چند مخصوص مذہبی مراسم کے اندر محدود کر دینا چاہتے تھے۔ اُن کے ذہن میں یہ بات بیٹھ گئی کہ قرونِ وسطیٰ میں یورپ جن حالات سے دوچار تھا وہی حالات اب مصر میں پائے جاتے ہیں۔ لہٰذا مصر میں بھی ان حالات سے نجات پانے کے لیے مغرب کے پیش کردہ حل یعنی دین و ریاست کی تفریق کو اختیار کر لینا چاہیئے۔ ڈاکٹر محمد محمد حسین لکھتا ہے:

"متجددین کے اندر اس غلط فہمی کو مزید اس بات نے راسخ کر دیا کہ جو لوگ اسلام کے دکلاء تھے وہ اُسی اسلامی دنیا کے افراد تھے جو پسماندگی اور جہالت کا شکار تھی۔ یہی وجہ ہے کہ ان لوگوں کے خیالات تمسخر و استہزاء

Marfat.com

کا ہدف بن چکے تھے۔ ثقافتی بے مائیگی کی وجہ سے یہ لوگ اکثر و بیشتر جاہلانہ طور پر مفید علوم و فنون کی مخالفت بھی کرنے لگتے اور یہ سمجھتے کہ یہ علوم و فنون دین کے خلاف ہیں۔ مزید برآں خدیوی اسماعیل کے دورِ حکومت سے اور علی الخصوص انگریزی استعمار کے دور میں سرکاری ملازمتوں کا ایسا نظام وضع کر دیا گیا کہ دینی تعلیم رکھنے والے لوگ اصلاح کے میدان سے خارج کر دیئے گئے اور قافلۂ حیات سے پیچھے رہ گئے۔ ان کا دائرہ کار مساجد کے اندر محدود ہو گیا۔ سرکاری مناصب اور معاشرے کے اندر کارفرمائی کے وسائل مغربی تعلیم رکھنے والوں کے ہاتھ آ گئے اور ان لوگوں نے جس طرح کی تعلیم پائی تھی اُسی کے مطابق اجتماعی اور عمرانی زندگی کی منصوبہ سازی کی۔ مغرب کی اندھی تقلید میں جو باتیں انہیں حاصل ہوئیں ان میں دو باتیں سرِفہرست تھیں ایک اہلِ مذہب کی تذلیل اور دوسری امورِ دین کی تضحیک۔ کچھ خفیہ ہاتھ اس ذوق کو مسلسل شہ دے رہے تھے اور جھوٹی اور غلط باتیں گھڑ گھڑ کر پھیلا رہے تھے۔ عالمی یہودیت علی الخصوص اس میدان میں سرگرم کار تھی[۱]۔"

## اصل ہدف۔ خاتمۂ خلافت

دین و ریاست کی تفریق کی تحریک کا اصل نشانہ عثمانی خلیفہ سلطان عبدالحمید خاں تھا۔ ظلم و استبداد کی جو مکروہ تصویریں پیش کی جا رہی تھیں وہ سلطان عبدالحمید کو سامنے رکھ کر تیار کی جا رہی تھیں۔ سلطان عبدالحمید کے پاس نہ صرف سیاسی اختیارات تھے بلکہ

---

[۱] الاتجاهات الوطنية۔ ص ۲۷۵ و ۲۷۶

Marfat.com

خلیفۂ مسلمین ہونے کی حیثیت سے وہ دینی اختیارات کا حامل بھی تھا۔ دین وسیاست کی تفریق کا مقصد یہ تھا کہ سلطان عبدالحمید خاں کو دونوں قسم کے اختیارات میں سے ایک قسم کے اختیارات سے دست بردار ہو جانا چاہیئے۔ عرب زعماء کا مطالبہ یہ تھا کہ سلطان کے پاس سیاسی اختیارات رہیں اور مذہبی اختیارات (خلافت) عربوں کو مل جانے چاہئیں کیونکہ عرب دین کا زیادہ فہم رکھتے ہیں۔ ترک زعماء تو مغرب کے الحادی نظریہ لبرلزم کے حامی تھے۔ اس لیے وہ مذہب کا بھی صفایا کر دینا چاہتے تھے۔ اس موضوع پر جو کچھ لٹریچر میدان میں آ رہا تھا وہ مصر میں چھپتا تھا، عثمانی قلمرو میں اسے کسی جگہ چھپنے کی گنجائش نہ تھی۔ اس لٹریچر کے مصنفین زیادہ تر لبنانی اور شامی تھے مگر وہ طبع اور تقسیم مصر میں ہوتا تھا۔ دین و دنیا کی تفریق پر شامیوں کی جو کتابیں منظرِ عام پر آئیں ان میں سے ایک کتاب عبدالرحمٰن الکواکبی کی اُمّ القریٰ تھی۔ اسی کتاب میں مصنف نے یہ تجویز پیش کی تھی کہ خلافت عربوں کو دے دی جائے اور سلطنت ترکوں کے پاس رہے۔ اس کی دلیل مصنف نے یہ دی کہ ترک سیاست کو دین پر ترجیح دیتے ہیں، ان کی دین سے دلچسپی محض مسلمانوں کو خوش کرنے کے لیے ہے۔ عبدالرحمان الکواکبی کے اخلاص اور دینی حمیت میں تو کوئی شک نہیں ہے لیکن عربوں کا ایسا مخلص اور صاحب علم وفضل لیڈر بھی جب عثمانی ترکوں کی مخالفت پر اُتر آیا تو عدل وانصاف کے تمام تقاضے پامال کر دیئے۔ مصنف کو یہ ثابت کرنا تھا کہ عثمانیوں کو دین سے کوئی قلبی لگاؤ نہیں ہے۔ چنانچہ وہ اپنے اس دعویٰ کو ثابت کرنے کے لیے تاریخی حوالوں سے یہ بیان کرتا ہے کہ سلاطین آلِ عثمان سیاسی مفادات کے حصول کے لیے دین کو قربان کرتے رہے ہیں[1]۔ بلکہ وہ یہاں

---

[1] اُمّ القریٰ۔ ص ۱۶۴ - ۱۶۵

Marfat.com

تک لکھ دیتا ہے کہ سلطان محمد فاتح نے اسپین کے عیسائی حکمران فرڈینانڈ اور ایزابلا سے خفیہ طور پر یہ معاہدہ کر رکھا تھا کہ سلطان محمد فاتح اندلس میں بنو احمر کی آخری عرب سلطنت کو ختم کرنے کے لیے ان دونوں عیسائی حکمرانوں کو پورا پورا موقع دے گا۔ چنانچہ اسی معاہدے کے تقاضے میں سلطان محمد فاتح نے اندلس کے ۵۰ لاکھ مسلمانوں کے کشت وخون اور ان کو بالجبر عیسائی بنائے جانے کو گوارا کر لیا۔ سلطان نے افریقہ کے بحری بیڑوں کو اندلسی مسلمانوں کی مدد سے روکے رکھا۔ اس کے عوض سلطان کو اس بحری بیڑے کی مدد سے پہلے مقدونیا اور پھر قسطنطنیہ پر حملہ کرنے اور عیسائیوں کی مشرقی امپائر کو شکست دینے کا موقع ملا۔ الکواکبی نے عثمانی ترکوں پر یہ بھی الزام لگایا کہ جب اسپین کے عیسائی حکمران اندلس میں مسلمانوں کی بچی کھچی تعداد کو زندہ نذر آتش کر رہے تھے، عثمانی فرمانروا سلطان سلیم مصر میں عباسی حکمرانوں کی بیخ کنی کر رہا تھا اور اس ظلم و ستم میں ہر حد کو پھاند رہا تھا یہاں تک کہ سلطان سلیم حاملہ عورتوں کو بھی قتل کرنے سے باز نہ آیا۔

سلطان عبدالمجید کے بارے میں الکواکبی نے لکھا:

---

لے حیرت ہے عبدالرحمان الکواکبی جیسا عرب لیڈر بھی عثمانی ترکوں کی اندھی مخالفت میں شدت اختیار کر گیا کہ تاریخی حقائق کا خیال بھی نہ رکھا۔ محمد فاتح نے ۱۴۵۳ء میں قسطنطنیہ پر قبضہ کیا ہے۔ فردینانڈ اور ایزابلا اسپین کے تخت پر ۱۴۷۹ء میں کہیں جا کر بیٹھے ہیں۔ محمد فاتح کی وفات ۱۴۸۱ء میں ہوئی ہے اور غرناطہ کی اسلامی مملکت اس وقت تک قائم تھی اور فردینانڈ اور ایزابلا کے ہاتھوں اس کا سقوط ۱۴۹۲ء میں ہوا ہے اور اندلسی مسلمانوں کا کشت وخون اور انہیں عیسائی بنانے کی مہم اس کے بھی چند سال بعد شروع ہوتی ہے۔ عبدالرحمٰن الکواکبی نے عثمانی ترکوں پر جو بے بنیاد الزامات لگائے ہیں انہی کو بعد میں عرب قوم پرست جاہل عوام کو بھکانے کے لیے دہراتے رہے ہیں۔

Marfat.com

"سلطان عبدالمجید یہ سمجھتا تھا کہ اس کی حکومت کا استحکام اس میں ہے کہ سود اور شراب کو جائز قرار دے دیا جائے اور حدود اللہ کو ساقط کر دیا جائے۔"

ترک قوم کے بارے میں مجموعی رائے قائم کرتے ہوئے الکواکبی بتاتا ہے کہ:

"ترکوں نے تاتاری مسلمانوں کے خلاف روسیوں کی مدد کی ہے اور جاوا اور ہندوستان کے مقابلے میں ہالینڈ کی مدد کی ہے۔"

الغرض عبدالرحمان الکواکبی نے عثمانی خلافت کے خلاف عرب عوام کو اکسانے اور ترکوں سے آزادی حاصل کرنے کے لیے تند و تیز لہجہ اختیار کیا۔ مذکورہ بیانات ہم نے اُس کی کتاب اُمّ القریٰ میں سے لیے ہیں۔ ان بیانات کا خلاصہ یہ تھا کہ عثمانیوں کے پاس صرف سیاسی اختیارات رہنے چاہئیں اور وہ بھی بامر مجبوری۔ باقی رہے مذہبی اختیارات تو وہ عربوں کو منتقل ہو جانے چاہئیں۔ الکواکبی کی ان تحریروں نے دین و سیاست کی تفریق کی آواز کو بڑی مدد پہنچائی۔ الکواکبی کے خیالات پر بڑی حد تک استعماری نظریات کا اثر تھا۔ چنانچہ غیر مسلم حکومت اور جہاد اور خلافت کے باب میں وہ انہی باتوں کو دہراتا ہے جو مسٹر بلنٹ نے اپنی کتاب "اسلام کا مستقبل" میں لکھی ہیں [1]

شامی لیڈروں نے جو کتابیں مصر میں چھاپیں اُن میں مذکورۃ الصدر کتاب اُمّ القریٰ کے علاوہ ایک اور کتاب بڑی کثرت سے پھیلی۔ وہ کتاب سلیمان بستانی کی تالیف "ذکریٰ و عبرۃ" تھی۔ اس کتاب میں اس عیسائی مصنف نے دولتِ عثمانیہ کا نفاذ دستور سے پہلے اور نفاذ دستور کے بعد، دونوں ادوار کا جائزہ لیا ہے۔ یہ کتاب ۱۹۰۸ء میں شائع ہوئی۔

---

[1] ملاحظہ ہو "اسلام کا مستقبل" ص ۲۴، ۲۵

Marfat.com

اس کتاب میں بھی مصنف نے صحیح اور وضعی حکایات کی مدد سے عثمانی خلافت کی انتہائی سیاہ تصویر پیش کی ہے اور ظلم و استبداد کا ایسا بھیانک نقشہ پیش کیا ہے جس سے آزادی پسند ترکوں اور یورپی اقوام جو عثمانی سلطنت کو تقسیم کرنے کے منصوبے بنا رہی تھیں بڑی مدد ملی۔ نسیم، ولی الدین یکن اور حافظ ابراہیم جیسے شعراء ان خاکوں میں مزید رنگ آمیزی کر رہے تھے۔

## فتنۂ آزادیٔ نسواں

تیسری تحریک آزادیٔ نسواں کے مطالبے پر مشتمل تھی۔ یہ تحریک عورت کو زندگی کے ہر میدان میں شریک کرنا چاہتی تھی۔ سابقہ دونوں تحریکوں سے اس کا گہرا رشتہ تھا کیونکہ سابقہ دونوں تحریکیں شخصی آزادی کی علمبردار تھیں۔ شخصی آزادی صرف مردوں ہی کو درکار نہ تھی بلکہ عورتوں کو بھی اس میں اپنا حصہ ملنا چاہیے تھا۔ اس موضوع پر قاسم امین کی دو کتابیں یکے بعد دیگرے منصۂ ظہور پر آئیں۔ ۱۸۹۹ء میں تحریر المرأۃ (عورت کی آزادی) اور ۱۹۰۰ء میں المرأۃ الجدیدۃ (جدید عورت)۔ اس دور میں ان کتابوں کی طباعت نے ایک شدید ہنگامہ برپا کر دیا اور تقریباً نصف صدی تک ان پر رد و قدح ہوتی رہی۔ پہلی کتاب میں مصنف نے زیادہ تر کوشش اس بات پر صرف کی ہے کہ پردہ اسلام سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ اسلام عورت کو منہ اور ہاتھ ننگے رکھنے کی اجازت دیتا ہے۔ دوسری کتاب میں مغربیت کا پورا غلبہ ہے اور مصنف مصری عورت کو انگریز عورت اور فرانسیسی عورت کے ہم پلہ اور ہم رنگ دیکھنا چاہتا ہے۔

ان دونوں کتابوں کے ذریعہ قاسم امین نے مصری معاشرے کے اندر کس نوعیت کے افکار پھیلائے ان کا ایک جائزہ ہم ان کتابوں کے الگ الگ مطالعہ سے کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

تحریر المرأۃ میں مصنف نے چار مسائل پر بحث کی ہے۔ پہلا مسئلہ پردہ ہے جس پر مصنف نے کتاب کے اکثر و بیشتر صفحات سیاہ کیے ہیں۔ دوسرا مسئلہ زندگی کے جملہ معاملات میں عورت کی شرکت ہے۔ تیسرا مسئلہ تعدد ازواج کی بحث کے لیے مخصوص کیا گیا ہے اور چوتھے مسئلے میں طلاق پر طبع آزمائی کی گئی ہے۔ ان چاروں مسائل پر مصنف نے جو مسلک اختیار کیا ہے وہ بعینہٖ وہی ہے جو اہلِ مغرب اختیار کرتے ہیں مگر مصنف نے ظلم یہ کیا ہے کہ اس مسلک کو اسلام کا مسلک ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ مثلاً پردے کے بارے میں وہ کہتا ہے کہ شریعت اسلامی میں ایسی کوئی نص نہیں پائی جاتی جو پردے کو فرض ٹھیراتی ہو۔ اُس کے خیال میں یہ پردہ ایک رواج کے تحت مسلمانوں نے دوسری اقوام کے خلط ملط سے اختیار کیا تھا جسے بعد میں دین سمجھ لیا گیا۔ اور جو لوگ پردے کی یہ دلیل دیتے ہیں کہ معاشرے کو فتنے سے بچانا مقصود ہے، قاسم امین ان کو یہ جواب دیتا ہے کہ مردوں کو کیوں برقع نہیں پہنا دیا جاتا۔ کیا عورت مرد کی نسبت ارادے اور ضبطِ نفس کی طاقت کم رکھتی ہے؟۔ تعدد ازواج اور طلاق کے باب میں بھی اُس نے اسی نوعیت کی گل افشانیاں کی ہیں اور جا بجا علمائے دین اور فقہائے اسلام پر پھبتیاں کسی ہیں۔ اس کتاب کی مخالفت تو بہت کی گئی مگر اس کے جواب میں جو کچھ شائع ہوا وہ زیادہ تر اخباری مضامین تھے۔ البتہ محمد طلعت حرب نے تربیۃ المرأۃ والحجاب (عورت کی تربیت اور پردہ) کے نام سے ایک تنقید لکھی، جو دینی پہلو سے تو مضبوط تنقید تھی مگر اُس بنیادی فکر کا ٹھوس جواب نہیں تھا جو قاسم امین کی کتاب کی تہ میں کام کر رہی تھی۔

تحریر المرأۃ کی اشاعت کے ایک ہی سال بعد مصنف ایک اور کتاب میدان میں لے آیا۔ یعنی المرأۃ الجدیدۃ اس کتاب میں اُس نے دین و شریعت کے باب میں اپنی وہ

Marfat.com

ظاہری نسبت بھی ختم کر دی جو پہلی کتاب میں اختیار کی تھی کیونکہ اس کتاب میں اُس نے تمام مسلمات اور عقائد کا انکار کر دیا خواہ وہ دین کے ذریعہ انسانوں کو ملے ہوں یا کسی اور طریقے سے۔ اُس نے اپنی بحث کی بنیاد "تجربہ" اور "امر واقع" پر رکھی اور اُس کا نام اُس نے "علمی استدلال" رکھا۔ اس علمی استدلال کی آڑ میں مصنف نے عورت کو اباحیت، دینی قیود سے آزادی اور معاشرے کی تمام روایات و آداب کے خلاف بغاوت پر اکسایا اور دل کھول کر مغرب کی تقلید کی دعوت دی اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ مسلمانوں کے انحطاط اور زوال کا اصل سبب موجودہ خاندانی نظام اور عورت کا پردہ اور شرعی احکام کی پابندی ہے۔ اگر کوئی غیر مسلم اسلامی معاشرت کے خلاف کوئی کتاب لکھنا چاہتا تو اُس سے بہتر ہرگز نہ لکھ سکتا تھا۔

## اسلامی اقدار پر معذرت خواہانہ رویہ

تہذیب مغرب کو اپنا کر مصر کی ترقی کے لیے کوشش کرنے والے گروہ کے خیالات اور کارنامے کسی قدر آپ کو معلوم ہو چکے ہیں۔ اب اُس گروہ کی جدوجہد بھی دیکھ لی جائے جس کے نزدیک صحیح نشاۃ ثانیہ وہ ہے جو دین کی اتباع اور دینی روایات کی پیروی میں ہے۔ اس گروہ کو جو بات زیادہ مبتلائے تشویش و اضطراب کیے ہوتے تھی وہ یہ تھی کہ جو مسلمان نوجوان مغربی تمدن کے فریب میں آچکا ہے وہ دین سے نسبت کو ایک گالی اور دینی حکم کی پابندی کو عار سمجھتا ہے۔ یہاں تک کہ اُس دور کا ایک ادیب طٰہٰ حسین یونیورسٹی میں زبان و ادب کے موضوع پر جب ایک لیکچر دینے لگتا ہے تو وہ اپنے لیکچر کا آغاز حمد و ثنا سے نہ کرنے کی معذرت کرتا ہے اور اس معذرت کی وجہ یہ بیان کرتا ہے کہ:

"اگر میں اس لیکچر کا افتتاح حمد و صلوٰۃ سے کروں گا تو حاضرین یہ سُن کر مجھ پر ہنسیں گے۔

Marfat.com

کیونکہ یہ طرزِ عصرِ نو کے مزاج کے خلاف ہے۔"[1]

یہ گروہ مغرب کی ترقیوں کے خلاف تو نہیں تھا۔ مگر یہ چاہتا تھا کہ دین کو ترک کیے بغیر بھی وہ ترقی حاصل کی جا سکتی ہے جو مغرب نے کی ہے۔ دین کے بارے میں اس گروہ کا اخلاص تو شک و شبہ سے بالا تھا لیکن مغرب کے سامنے یہ معذرت خواہانہ انداز میں بات کر رہا تھا اور مغربی تہذیب سے مرعوبیت اس کی بات بات سے مترشح ہو رہی تھی۔ بہرحال اس گروہ نے طوفان شر و فساد کے اندر اسلام کے گُن گائے اور اسلامی تاریخ اور اسلامی روایات کا چرچا کیا۔ محرّم کا دیوان اسلام کی قدیم شان و شوکت کے ذکر سے بھرا ہوا ہے۔ کاشف صاف صاف کہتا ہے کہ مسلمانوں کی پسماندگی کا سبب دین سے بُعد ہے۔ شعراء میں شوقی اس میدان میں پیش پیش ہے۔ اس گروہ کے اہل علم و شریعت کے سامنے اصل کام یہ ہے کہ وہ لوگوں کے ذہنوں سے دین کا غلط تصوّر نکال کر صحیح تصوّر بٹھائیں۔ چنانچہ وہ غلط عقائد اور بدعات و خرافات کے خاتمہ کے لیے اپنی پوری توجہ صرف کرتے ہیں۔ شیخ محمد عبدہٗ، عبداللہ الندیم اور عبدالرحمان الکواکبی اور ان کے دوسرے ساتھی اس میدان میں نمایاں معرکے سرانجام دیتے ہیں۔ الوقائع المصریۃ (۱۸۸۰ء) میں شیخ محمد عبدہٗ نے مشائخ طریقت اور میلاد النبیؐ کی بدعات پر مقالات لکھے۔ عبداللہ الندیم نے مجلۃ الاستاذ کے ذریعہ بدعات کے خلاف مہم جاری کی۔ الکواکبی نے امّ القریٰ میں غالی صوفیاء کی خبر لی۔ اس دور میں مصر میں مذہب کے نام سے جو رسم و رواج جاری تھے وہ اُس جاہلیت کا عکس پیش کر رہے تھے جس میں مشرکین مکّہ گرفتار تھے۔ کسی بھی مُصلح کے لیے ایسے تاریک حالات میں کام کرنا

---

[1] مجلۃ الہدایۃ شمارہ اکتوبر و نومبر ۱۹۱۱ء

Marfat.com

آسان نہ تھا۔

## شیخ محمد عبدہٗ کی شخصیت

اس دور کی اصلاحی کوششوں میں شیخ محمد عبدہ کا نام سرِفہرست آتا ہے۔ اس لیے ہم چاہتے ہیں کہ شیخ محمد عبدہٗ کے کام کو نسبتاً تفصیل سے بیان کریں۔ شیخ کے کام کا اگر ہم خلاصہ بیان کرنا چاہیں تو یوں کہہ سکتے ہیں کہ وہ اسلام اور مغربی تہذیب کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنا چاہتے تھے۔ شیخ محمد عبدہٗ جمال الدین افغانی کے شاگرد تھے اس لیے ہم شیخ محمد عبدہ کی تحریک کو جمال الدین افغانی کی تحریک ہی کا عکس سمجھتے ہیں[1]۔

---

[1] شیخ محمد عبدہٗ کے بارے میں ان کی زندگی میں بھی اور بعد میں بھی دو قسم کی رائیں پائی گئی ہیں۔ شیخ محمد عبدہٗ کے شاگرد علامہ رشید رضا اور اُن کے دیگر ساتھی شیخ محمد عبدہٗ کو مجتہد فی الدین کا درجہ دیتے ہیں اور اخلاص و عزیمت کے لحاظ سے انہیں انتہائی بلند درجے کا امام تصور کرتے ہیں۔ مگر دوسری طرف ان کے معاصر اور غیر معاصر علماء نے اُن پر دین سے انحراف کا الزام لگایا ہے اور اُن سے یہ شکایت کی ہے کہ انہوں نے دین کو اعدائے دین کے مقاصد کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی ہے۔ اگر ہم ان دونوں گروہوں کے خیالات سے ہٹ کر بھی دیکھیں تو چند باتیں صاف نظر آتی ہیں:

(۱) مغربی سیاست دانوں کی کتابوں میں بکثرت شیخ محمد عبدہٗ کے مدرسۂ فکر اور تحریکِ اصلاح کی تحسین و تعریف کی گئی ہے۔ اور یہ کہا گیا ہے کہ انہوں نے مغرب کی قابلِ قدر خدمات انجام دی ہیں۔ اور خاص طور پر یہ خدمت کہ انہوں نے مغربی استعمار اور مسلمانوں کے درمیان عداوت کو کم کیا ہے۔ اور اگر یہ عداوت قائم رہتی تو مسلمانوں کے اندر مغربی استعمار کے خلاف شورشیں برپا رہتیں اور کبھی ختم نہ ہوتیں۔ ملاحظہ ہو MODERN EGYPT ج ۲ - ص ۱۷۹ تا ۱۸۱ - (باقی صفحہ ۴۲ پر)

Marfat.com

علامہ عبدہٗ کی دعوت کو ہم دو قسموں میں تقسیم کرسکتے ہیں۔ ایک قسم وہ ہے جو پیرس جلاوطنی سے پیشتر کی ہے اور دوسری قسم وہ ہے جو جلاوطنی کے بعد انہوں نے مصر واپس آکر اختیار کی ہے۔

---

(حاشیہ بقیہ صلہ ۴۱ سے) WHITHER ISLAM ص ۶۹ و ۱۶۳ و ۱۷۱ و ۱۷۲

GREAT BRITAIN IN EGYPT ص ۱۶۵ و ۱۶۷۔

ISLAM IN MODERN HISTORY ص ۶۳ و ۶۷۔

الاتجاهات الحديثة فی الاسلام ص ۶۴ و ۷۲ و ۸۴۔

التاريخ السری لاحتلال انجلترا مصر : مقدمہ کتاب۔

زعماء الاصلاح فی الازهر۔ باب پنجم

مصر میں انگریز حکام کی ۱۹۰۵ء و ۱۹۰۶ء کی رپورٹیں۔

(۲) شیخ محمد عبدہ فری میسن کے ممبر تھے۔ مصر میں فری میسن کا ایک اہم رکن اپنی کتاب فضائل الماسونیۃ میں لکھتا ہے کہ جمال الدین افغانی اور ان کی جماعت لبنان لاج میں آتے اور تقریریں سنتے تھے۔ اور جب لبنان لاج میں امریکی نمائندہ آیا تو اس نے شیخ محمد عبدہٗ کو لاج کا بہت اونچا درجہ پیش کیا (ص ۴۲۱) طہران یونیورسٹی نے ۱۹۶۳ء میں جو دستاویزات چھاپی ہیں انہوں نے اس بات کی تصدیق کردی ہے۔ خود شیخ محمد عبدہٗ کے شاگرد رشید علامہ رشید رضا نے بھی شیخ محمد عبدہٗ کی جو سوانح عمری لکھی ہے اس میں اس بات کی تصدیق کی ہے۔ ملاحظہ ہو کتاب "تاریخ الاستاذ الامام" ج اول ص ۴۰۔ ۴۶۔ ۴۸۔ ۸۱۹۔ ۸۷۳۔ راقم کے نزدیک شیخ محمد عبدہٗ کی شخصیت اسی مرتبہ و منزلت کی حامل ہے جو برطانوی ہند میں سرسید احمد خاں کی تھی۔ آپ سرسید مرحوم سے اختلاف تو کرسکتے ہیں لیکن ان کے اخلاص کا انکار نہیں کرسکتے۔

Marfat.com

ان دونوں قسموں میں ہمیں نمایاں فرق محسوس ہوتا ہے۔ پہلی قسم میں اُن کی جملہ مساعی کا نقطۂ ارتکاز اسلامی اتحاد کی حمایت و تقویت ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب وہ جمال الدین افغانی مرحوم کے ساتھ وابستہ تھے اور ملّتِ اسلامی کا شیرازہ مائل بہ انتشار دیکھ کر اسلامی اتحاد (جسے "جامعہ اسلامیہ" کے نام سے یاد کیا جاتا تھا) کی تحریک برپا کر دی تھی۔ ان کی دعوت کی دوسری قسم پہلی سے غیر معمولی حد تک مختلف نظر آتی ہے۔ دوسری قسم کا خلاصہ یہ ہے کہ اسلام اور تہذیب مغرب یا اسلام اور جدید مغربی نظریات کے درمیان ہم آہنگی پیدا کی جائے۔

دورِ اول کی دعوت میں علامہ عبدہٗ ملّتِ اسلامی کے اندر پائے جانے والے اخلاقی اور معاشرتی امراض کے خلاف برسرِ پیکار رہے ہے۔ مسلمانوں کی کم کوشی، ضعفِ ارادہ، امورِ دنیا میں ان کی پس ماندگی، دشمنوں کے مقابلے سے دست برداری، غلامی سے نجات پانے میں کوتاہی اور تقدیر کا غلط تصوّر اُن کی دعوت کا نشانہ تھے اور ان امراض پر وہ تابڑ توڑ حملے کرتے رہے اور قرآن و سُنّت کی مدد سے اور تاریخ اسلامی کی جذبہ انگیز مثالوں کی بدولت وہ برابر غافل لوگوں کو بیدار کرنے کی کوشش کرتے رہے اور اُن پر واضح کرتے رہے کہ دین چند کلمات کا نام نہیں ہے جنہیں زبان سے وقتاً فوقتاً دُہرا لیا جائے بلکہ دین ایسے عقیدہ کا نام ہے جو مسلمان کے جملہ معاملات و احوال پر غالب رہنا چاہیئے۔

لیکن جب علامہ جلاوطنی کے بعد واپس مصر آئے تو ان کی مساعی نے رنگِ دیگر اختیار کر لیا۔ ایک طرف انہوں نے مضامین و مقالات کے ذریعہ جامع ازہر میں عصری علوم کو شامل کرنے کی تحریک اٹھا دی اور دوسری طرف قرآن اور احادیث کی تشریح و تعبیر کے ذریعہ تہذیب مغرب اور اسلام میں منافرت کی خلیج کو پاٹنا شروع کر دیا۔ جہاں تک جامع ازہر کی اصلاح کا تعلق ہے بے شک یہ قدیم تعلیمی ادارہ جس پس ماندگی اور جمود کا شکار تھا اور جس طرح کے

Marfat.com

دنیا پرست اور کم نظر علماء کے ہاتھ میں تھا اور بیسویں صدی کا آغاز ہو جانے کے باوجود وہ جس شدت کے ساتھ اپنے آپ کو پانچویں صدی کے خول سے نکالنے کے لیے انکار کر رہا تھا ان سب باتوں کے خلاف علامہ عبدہ کی آواز نہایت پر دقت اور قابلِ استحسان تھی۔ دوسری طرف علامہ عبدہٗ نے ازہر میں اپنے درس کے اندر اور گھروں میں منعقد کی جانے والی محفلوں کے اندر اور اخبارات میں مقالات کے ذریعہ زندگی کے مختلف مسائل پر اپنی جرأت مندانہ آراء اور فتاویٰ کا اعلان شروع کر دیا۔ ان کے درسوں اور محفلوں میں اسکولوں کے اساتذہ، ازہری علماء، رجالِ قانون وقضا اور اربابِ حکومت تک شریک ہوتے۔ شیخ احمد ابراہیم، حافظ ابراہیم، محمد کرد علی، احمد فتحی زغلول، رفیق العظم، قاسم امین اور شیخ عبدالعزیز جاویش جیسے اکابر ان کی محفلوں کے روحِ رواں تھے۔ ان درسوں اور محفلوں میں انہوں نے جو آراء بیان کی ہیں اور جو فتاویٰ صادر کیے ہیں اُن میں بلاشبہ لبرل ازم پایا جاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ان کی شخصیت آج تک مابہ النزاع بنی ہوتی ہے۔ اس وقت عرب ممالک کے جو لوگ "تجدّد" کا مذہب اختیار کیے ہوتے ہیں وہ اپنے خیالات کا استدلال علامہ عبدہٗ کے فتاویٰ سے کرتے ہیں۔

## خلافتِ عثمانی کا خاتمہ

پہلی عالمگیر جنگ نے مصر کے حالات پر شدید اثر ڈالا۔ اور وہاں مختلف فکری اور اخلاقی تحریکوں نے اب ایک نئے رنگ سے مصری معاشرے کے اندر مدّوجزر پیدا کر دیا۔ اس دَور میں جن سیاسی اور مذہبی لہروں نے سب سے زیادہ قومی پیمانے پر طوفان انگیزی کی ان میں سرفہرست اسلامی خلافت کا مسئلہ ہے۔

اپنی تمام رنجشوں کے باوجود مصری قوم مجموعی طور پر اسلامی خلافت کے ساتھ وفاداری بشرط

Marfat.com

استواری کا رشتہ رکھتی تھی۔ ۱۸ دسمبر ۱۹۱۴ء کو انگریزوں نے مصر پر اپنی "سرپرستی" کا اعلان کر دیا اور مصر کو ترکی سے کلیتہً کاٹنے کے لیے خدیوی عباس کو معزول کر کے امیر حسین بن کامل کو تخت پر بٹھا دیا اور اُسے "سلطان" کا لقب دے دیا۔ اور مصر کے لیے ترکی قاضی القضاۃ کا منصب بھی ختم کر دیا جو مصر اور ترکی کے مابین ایک آخری رشتہ تھا۔ اس سب کے باوجود مصری قوم نے ترکی کی اسلامی خلافت کے ساتھ ——— جیسی کچھ بھی وہ تھی ——— اپنی وفاداری کو ختم نہ کیا۔ اور ہنگامی قوانین کے نفاذ، اخبارات پر سنسرشپ اور استعماری فوج کی تشدد آمیز کارروائیوں کے باوجود نئی صورتِ حال کے خلاف عوام مظاہرے کرتے رہے۔ مصری عوام نے سلطان حسین کے اقتدار کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ چنانچہ دو مرتبہ اس پر قاتلانہ حملہ ہوا۔ وزیر اوقاف پر قاتلانہ حملہ ہوا۔ وزیر اعظم کی طرف سے ازہریوں کی زبان بندی کی گئی۔ ۱۹۱۸ء میں مصر کے اندر انگریزوں کے خلاف کئی خفیہ تنظیمیں قائم ہوئیں جو سنوسیوں کے ساتھ مل کر انگریزوں کا مصر سے انخلاء کرنا چاہتی تھیں۔ محمد فرید جسے مصطفیٰ کامل کا دایاں بازو شمار کیا جاتا تھا جلا وطنی کے باوجود خلافتِ عثمانیہ کی حمایت کر رہا تھا۔ انگریزوں نے جب مصر کو عثمانی خلافت کے خاتمے کے لیے اپنی خفیہ کارروائیوں کا اڈہ بنایا اور مصریوں پر جنگ کے اندر کھینچا اور جنگی مصارف کے نام پر ان سے بھاری بھرکم چندے وصول کیے گئے[1] تو مصریوں

---

[1] ان چندوں کی تفصیل یہ ہے:

۱۹۱۵ء میں ۱لاکھ ۱۲ ہزار پونڈ سے زیادہ۔

۱۹۱۶ء میں ۱لاکھ ۱۹ ہزار پونڈ سے زیادہ۔

۱۹۱۸ء میں ۲ لاکھ ۲۶ ہزار پونڈ

(باقی حاشیہ ص ۴۶ پر)

Marfat.com

کے جذبات انگریزوں کے خلاف اور بھڑک گئے مگر مصر کا ایک طبقہ ایسا بھی تھا جو انگریزوں کی خدمت بجالانے میں پیش پیش تھا۔ ۵ ستمبر ۱۹۱۵ء کو مصری وزیر اعظم نے یہ تقریر کی کہ جرمن ظالم اور انگریز عادل ہیں۔ مصری علماء کے ایک گروہ نے مصری عوام کے نام ایک مکتوب شائع کیا جس میں انہیں اولی الامر کی اطاعت کی تلقین کی۔ اس سب کے باوجود مجموعی طور پر مصری قوم ترکوں کے ساتھ تھی۔ نامور مصری شاعر محرم نے اپنے مشہور قصیدے کے مطلع میں کہا:

الترک جند الله لولا بأسهم

لم يبق في الدنيا مقيم اذان

(ترک اللہ کے سپاہی ہیں۔ اگر ان کا دبدبہ نہ ہوتا تو دنیا کے اندر کوئی اذان دینے والا نہ رہتا)

چار سال تک مصر شدید بحرانی کیفیت میں مبتلا رہا اور آخر کار مصطفیٰ کامل کی قیادت میں مصر میں انگریزوں اور انگریزوں کی آلہ کار حکومت کے خلاف ۱۹۱۹ء میں بغاوت پھوٹ پڑی۔ اس بغاوت میں انگریزی فوجوں اور انگریزوں کی ٹوڈی حکومت نے مصریوں پر جو مظالم کیے ہیں وہ ناقابل بیان ہیں۔ جب ترکی پر اتحادی فوجوں کا قبضہ ہوا اور آستانہ کے اندر دشمنوں کی فوجیں گھس گئیں تو مصر کے اندر صف ماتم بچھ گئی حافظ ابراہیم کا یہ قصیدہ بچے بچے کی زبان پر تھا:

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۵ سے) مصر سے جو جنگی چندہ جمع کیا گیا وہ اس قدر تھا کہ چندہ کے لحاظ سے مصر تمام دوسرے ممالک میں دوسرے نمبر پہ تھا۔

Marfat.com

ایا صوفیا حان التفرق فاذکری

عہود کرام فیک صلّوا وسلّموا

(اے ایا صوفیا! اب جدائی کا وقت آ گیا ہے۔ مگر تو ان بزرگ انسانوں کے

ایام یاد رکھنا جنہوں نے تیرے اندر نمازیں گزاریں)

انہی پُر ملال حالات میں جب اناطول کے اندر مصطفیٰ کمال پاشا کی قیادت میں ترکوں نے آزادی کی جنگ شروع کر دی تو مصریوں کے چہرے یکایک دمک اُٹھے اور انہوں نے "غازی" مصطفیٰ کمال پاشا پر امیدوں کی نگاہیں مرکوز کر دیں۔ اور جب اُس نے اناطول کے بعض علاقے یونانی فوجوں سے آزاد کروا لیے تو شوقی بک نے یہاں تک کہہ دیا:

اللہ اکبر کم فی الفتح من عجب

یا خالد الترک جدّد خالد العرب

(اللہ اکبر! یہ فتوحات کس قدر حیرت انگیز ہیں۔ اے ترکوں کے خالد عربوں کے

خالد کی یاد تازہ کر)

مصطفیٰ کمال نے جب آستانہ کو بھی واگزار کرا لیا تو مصریوں کی مسرت دوبالا ہو گئی۔ مصطفیٰ کمال نے خلیفہ وحید الدین کو معزول کر دیا اور اس کی جگہ عبدالمجید خان کو خلافت کی مسند پر بٹھا دیا۔ مصریوں نے اس اقدام کی بھی تحسین کی۔ مگر جب مصطفیٰ کمال نے دین اور ریاست کی علیحدگی کا اعلان کیا اور عبدالمجید خان کو سیاسی اختیارات سے محروم کر کے صرف برائے نام خلیفہ رہنے دیا تو یہ اقدامات گو بڑے خوفناک تھے مگر مصری دانشوروں کا ایک گروہ ان اقدامات کو بھی خیر پر محمول کرتا تھا۔ اور دو سال تک مسلسل مصر میں یہ بحث چلتی رہی کہ مصطفیٰ کمال کا یہ اقدام صحیح تھا یا غلط۔ محمد شاکر جیسے عالم دین بھی بہادران

Marfat.com

النقرہ" کی تعریف میں رطب اللسان تھے۔ مگر یکایک مصریوں نے یہ سُنا کہ نام نہاد خلافت بھی ترکوں نے ختم کر دی ہے تو ان پر غم واندوہ کے بادل ٹوٹ پڑے۔ شوقی کے اس قصیدے نے لوگوں کو خون کے آنسو رُلا دیا جس میں اُس نے کہا تھا:

عادت اغانی العرس رجع نواح
ونعیت بین معالم الافراح

(شادی کے نغمے نوحہ گروں کے نوحوں میں بدل گئے۔ اور لے خلافت خوشی کی مجلسوں کے اندر تیری مرثیہ خوانی ہونے لگی)

## خلافت کے نئے دعوے دار

تنسیخ خلافت کے چار روز بعد علمائے ازہر کی طرف سے ایک بیان صادر ہوا جس میں مصطفیٰ کمال کے اس فیصلے کو ناجائز قرار دیا گیا اور اسلامی خلافت کی بحالی کے لیے فوری طور پر ایک اسلامی کانفرنس کے انعقاد کی ضرورت بیان کی گئی۔ اس اعلان کے ساتھ ہی مختلف حلقے امیدوار خلافت بن کر تگ ودو میں مشغول ہو گئے۔ افغانستان کا حکمران امان اللہ خان بھی خلیفۃ المسلمین بننا چاہتا تھا۔ شریف حسین بن علی نے تو فلسطین اور شرق اردن کے لوگوں سے خلافت کی بیعت بھی لے لی۔ خود مصر کا بادشاہ فواد بھی اُمیدواروں میں پیش پیش تھا۔ انگریز بھی یہ کوشش کر رہے تھے کہ خلافت کا وجود اب دوبارہ کسی بھی شکل میں بحال نہ ہو۔ معزول خلیفہ وحید الدین جو مالٹا میں جلاوطنی کے ایام گزار رہا تھا اُس نے بھی امیدوار کی حیثیت سے ایک بیان جاری کر دیا کہ "وہ آستانہ سے فرار ہو کر نہیں نکلا تھا بلکہ اُس نے کمالی گروہ کی اسلام دشمنی کی وجہ سے ہجرت کی تھی تاکہ وہ کسی محفوظ مقام میں بیٹھ کر اسلام کا دفاع کرے، اور کمالی گروہ کے بُرے ارادوں کا پردہ چاک کرے۔" الغرض

Marfat.com

ایک طرف اسلامی کانفرنس کے انعقاد کی تحریک زور پکڑ رہی تھی اور دوسری طرف اُمیدوارانِ خلافت اپنی کوششوں کو تیز تر کر رہے تھے۔ بہرحال "اسلامی کانفرنس" کے نام سے ایک کمیٹی تشکیل کر دی گئی۔ اور "اسلامی کانفرنس" کے نام سے ایک مجلّہ بھی جاری ہو گیا۔ جس کے پہلے ہی شمارے میں سیّد رشید رضا رح کا ایک مضمون شائع ہوا۔ اس مضمون میں انہوں نے واضح کیا کہ "یہ پہلی اسلامی کانفرنس ہے جس میں تمام ملکوں کے علماء شریک ہو رہے ہیں۔ اور اس کا مقصد اسلامی حکومت کی بنیادوں کی تدوین ہے جن سے اسلامی شریعت کی برتری واضح ہو جائے اور ایسے تعلیمی قواعد وضع کیے جائیں جو دینی رہنمائی اور دنیوی مصالح دونوں کو پورا کرتے ہوں۔ نیز اس کانفرنس میں مسلمانوں کا ایک خلیفہ اور امام بھی چُنا جاتے گا۔"[1] اسلامی کانفرنس کمیٹی کی شاخیں اطرافِ مصر میں قائم ہو گئیں اور مسلمانوں کے اندر امیدوں کی ایک نئی لہر دوڑ گئی۔ یہ کانفرنس کئی مرتبہ ملتوی ہوئی کیونکہ اس کانفرنس کی ناکامی کے متعدد اسباب فراہم ہو چکے تھے۔ اس کی ناکامی کا سب سے بڑا جو ظاہری سبب سامنے آیا وہ یہ تھا کہ سعد زغلول جو ان دنوں مصر کا وزیر اعظم تھا اور مصری عوام کے اندر اُس کا بڑا اثر و نفوذ تھا وہ خود نظریاتی طور پر اسلامی اتحاد کا مخالف تھا اور مصری عوام کو بآسانی قصرِ شاہی کے خلاف اُبھار سکتا تھا۔ مصری عوام کے اندر بھی یہ افواہ پھیل گئی کہ شاہ فؤاد کی خلافت کے لیے انگریز بھی کوشاں ہیں۔ چنانچہ سب سے پہلے ازہر کی طرف سے شاہ فؤاد کی مخالفت کا آغاز ہوا اور علماء اور اربابِ فکر دو حصّوں میں بٹ گئے۔ ایک حصّہ سرکاری علماء کی نمائندگی کر رہا تھا اور شیخ الازہر اُن کا زعیم تھا۔ اور اس کا رجحان شاہ فؤاد کی طرف تھا۔ دوسرا حصّہ جسے

---

[1] المنار م ۲۵ ج ۷، ص ۵۲۵ - ۵۳۴

Marfat.com

شیخ محمد ماضی ابوالعزائم کی قیادت حاصل تھی۔ شاہ فواد کی اُمیدواری کا مخالف تھا اور اس کی رائے یہ تھی کہ مصر خلافت کی سرزمین نہیں بن سکتا۔ خلافت کے لیے جو کانفرنس بھی منعقد کی جائے وہ مکہ میں ہو۔ (جو اس وقت سلطان ابنِ سعود کے تابع ہو چکا تھا)، یا کسی اور آزاد ملک میں۔

التواء و تعویق کے کئی مرحلے گزارنے کے بعد یہ کانفرنس ۱۲ رمئی ۱۹۲۶ء کو منعقد ہوئی۔ اس میں کُل ۳۴ مندوبین شریک ہوئے اور معاملہ گفت و شنید سے آگے نہ بڑھا۔ اور آخرکار اس بے جان قرارداد پر اس کانفرنس کا اختتام ہوا کہ "خلافت کانفرنس کی مجلس انتظامی کا مرکز مصر میں رہے گا۔ یہ کانفرنس دوسرے اسلامی ممالک میں اپنی شاخیں قائم کرے گی اور حسب ضرورت کانفرنسیں منعقد ہوتی رہیں گی" ——— یہ تھا اس ساری تگ و دو کا افسوسناک انجام جو تنسیخ خلافت کے بعد تجدید خلافت کے سلسلے میں انجام دی گئی۔ مصری عوام کے لیے خلافت کانفرنس کی ناکامی بھی اُسی طرح کا ایک المیہ بن کر نازل ہوئی جس طرح خود تنسیخ خلافت ایک حادثہ جانکاہ تھی!

## اعداءِ دین کی مسرت

تنسیخ خلافت اور کانفرنس کی ناکامی سے مصر کا مغرب پرست، الحاد پسند اور اباحیت کا حامی عنصر پھولا نہ سماتا تھا اور ان دونوں واقعات کے نتیجے میں نہ صرف مصری مسلمان فکری انتشار اور سیاسی ابتری کا شکار ہو گیا بلکہ اخلاقی بے راہروی اور دین سے بیزاری کی خوفناک تحریک برپا ہو گئی۔ اس دور میں مسلمانوں کے نظریۂ خلافت و سیاست پر چار معرکہ خیز کتابیں ظہور میں آئیں جنہوں نے برسوں تک قوم کو نظریاتی بحثوں میں مشغول رکھا۔ ان میں سے دو کتابیں اسلام کے نظریۂ خلافت کی صحت مندانہ تصویر پیش کر رہی تھیں اور دو اس کے

Marfat.com

برعکس تھیں۔ جن دو کتابوں نے مسئلہ خلافت کو صحیح بنیادوں پر پیش کیا اُن میں سے ایک سید رشید رضا مرحوم کی کتاب "الخلافۃ أو الامامۃ العظمی" ہے (خلافت یا امامت کبریٰ) اور دوسری کتاب ترکی کے سابق شیخ الاسلام مصطفیٰ صبری کی تالیف؛ النکیر علی منکری النعمۃ من الدین والخلافۃ والأمۃ "(دین، خلافت اور امت کے منکروں کی سرکوبی)۔ ان دونوں کتابوں میں نہایت علمی اور تحقیقی انداز میں شریعت اسلامی کے فضائل و محاسن اور اسلامی خلافت کی شرائط اور بنیادیں بیان کیں مصطفیٰ صبری نے وضاحت کے ساتھ مصطفیٰ کمال کے نظریات کا تجزیہ کیا اور یہ ثابت کیا کہ یہود اور انگریزوں کے ساتھ مل کر اُس نے اسلامی خلافت کی قبا چاک کی ہے۔ ان دونوں کتابوں کے مقابلے میں جو دو کتابیں شریک معرکہ ہوئیں اُن میں سے ایک الخلافۃ وسلطۃ الأمۃ (خلافت اور اقتدار امت)۔ یہ کتاب سید رضا مرحوم کی مذکورہ بالا کتاب کے بعد شائع ہوئی۔ اصل میں یہ ترکی زبان میں تھی جسے عربی زبان میں ترجمہ کیا گیا۔ کتاب کا مصنف کوئی گمنام شخص ہے جسے عبد الغنی سُنّی بیگ بتایا گیا ہے۔ اس کتاب کے بارے میں یہ مشہور ہے کہ ترکوں کی ایک کمیٹی نے اسے کمالیوں کے اشارہ سے مدوّن کیا تھا اور ترکی حکومت نے اپنے مصارف پر اسے شائع کروایا تھا۔ اس کتاب میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ فقہی طور پر یہ ثابت کیا جائے کہ خلافت ایک سیاسی جھگڑا تھا، اس کا دین سے کوئی تعلق نہیں تھا، خوارج اور شیعہ نے مبالغہ آمیز بحثوں کے ذریعہ اسے دین کا ایک مسئلہ بنا کر رکھ دیا ہے۔ اس نوعیت کی دوسری کتاب علی عبد الرزاق کی "الاسلام واصول الحکم" ہے۔ یہ کتاب مذکورہ بالا کتابوں کے آخر میں منصۂ ظہور پر آئی اور اس نے مصر کے علمی و فکری حلقوں کے اندر سب سے زیادہ اثر ڈالا۔ مصنف نے کتاب میں مستشرقین کا اسلوب

Marfat.com

اختیار کیا اور تاریخی یا فقہی حوالے کتاب و سنت سے لینے کے بجائے زیادہ تر مستشرقین کی کتابوں سے لیے۔ اور لاگ لپیٹ رکھے بغیر اُس نے اسلام اور اسلامی تاریخ پر حملے کیے۔ اور مسلمانوں کے جذبات کو جگہ جگہ چیلنج کیا[1]۔ کتاب کے پہلے باب میں نظریۂ خلافت کی بنیاد منہدم کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ کتاب و سنت میں ایسی کوئی دلیل موجود نہیں ہے جس سے یہ ماخوذ ہو کہ مسلمانوں کو خلافت قائم کرنی چاہیئے۔ جن فقہاء نے خلافت کو قرآن و حدیث سے ثابت کیا ہے انہوں نے سب کچھ من گھڑت بیان کیا ہے۔ دوسرے باب میں اسلام کے تصوّرِ حکمرانی کی بنیاد پاش پاش کی گئی ہے۔ اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف فریضۂ رسالت سر انجام دیا ہے بادشاہت یا حکومت نہیں کی ہے تیسرے باب میں اُس نے اسلام کے تمام قوانین خواہ وہ فوجداری ہوں یا دیوانی یا حربی، انکار کیا ہے۔

---

[1] علی عبد الرزاق اُس خاندان سے تعلق رکھتا تھا جس کے اکثر و بیشتر لوگ مصر کی دستور پارٹی کے ارکان تھے۔ اور اس پارٹی نے شاہی قصر کی حامی پارٹی حزب الاتحاد کے ساتھ مل کر حکومت بنا رکھی تھی۔ خود علی عبد الرزاق ازہر کا فارغ التحصیل تھا۔ لیکن اس کی یہ کتاب آجانے کے بعد علمائے ازہر کی سپریم کونسل نے اس کا محاکمہ کیا اور اسے علمائے ازہر کی فہرست سے خارج کر دیا گیا اور اس کے نتیجے میں اُسے قضائے شرعی کے منصب سے بھی معزول ہونا پڑا۔ مصر کا وزیر قانون ان دنوں عبد العزیز فہمی تھا جس کا تعلق دستور پارٹی سے تھا۔ اُس نے سپریم کونسل کے فیصلے کو نافذ کرنے سے انکار کر دیا۔ اس پر شاہ فواد نے اُسے معزول کر دیا۔ اُس کے عزل پر احتجاج کے طور پر دستور پارٹی کے تمام وزراء نے استعفیٰ دے دیئے۔ اور یوں یہ کتاب صرف فکری طور پر مصر کے اندر ہلچل پیدا کرنے کا موجب نہ ہوئی بلکہ اُس نے سیاسی جنگ بھی چھیڑ دی۔

Marfat.com

اور یہ بتایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی شخص جانشین نہیں ہو سکتا، خلفائے راشدین کی قیادت "لادینی قیادت" تھی (نعوذ باللہ)۔ الغرض اس کتاب نے اسلام کی نہ صرف تاریخ کو مسخ کر کے پیش کیا، بلکہ اسلام کے مکمل تصورِ حیات کے پرخچے اڑانے کی کوشش کی اور مسلمانوں کے ملّی وجود کی نفی کر دی۔ ان پراگندہ خیالیوں نے مسلمانوں کو ہر طرح سے مضمحل کر دیا اور نوجوان نسل کو دین سے برگشتہ کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ملک کے اندر الحاد و اباحیت کی تند و تیز رو برپا ہو گئی۔

ترکی کے ملحدین تو لادینیت کو قانون اور طاقت کے زور سے مسلمانوں پر ٹھونس رہے تھے مگر مصر کے اندر اس کا ردِّ عمل لادینیت کو برضا و رغبت اختیار کرنے کی شکل میں ہوا۔ کمالیوں نے "سفید بھیڑیے" کو اپنا شعار بنایا تو مصریوں نے ابوالہول کو اپنا شعار بنا لیا اور کرنسی اور ڈاک کے ٹکٹوں پر اس کی تصویر چھاپی۔ ترکوں کی پیروی میں مصر کے اندر بھی شرعی عدالتوں کے خاتمے اور بے پردگی اور اختلاط کے فروغ کی دعوت اُٹھ کھڑی ہوئی۔ بلکہ عربی حروف کو لاطینی حروف میں تبدیل کرنے اور فصیح زبان کے بجائے عامی زبان کو رائج کرنے کی تحریکوں نے سر اُٹھا لیا۔

## عرب قومیت کا نعرہ

ادھر عرب قومیت نے پھر سر اٹھایا۔ جنگ عظیم سے پہلے جب "اتحاد اسلامی" کی تحریک برپا تھی تو عرب قومیت کے نعرے کی مقبولیت کم تھی۔ مگر اب تسبیح خلافت دانہ دانہ ہو جانے کے بعد عرب قومیت ہی ذریعہ اتحاد بن کر سامنے آئی اور پہلے کی نسبت اُسے زیادہ بہتر فضا مل گئی۔ کچھ لوگ "عرب قومیت" کو وحدت و یگانگت کے احیاء کا ایک ذریعہ سمجھتے تھے اور وہ اسے اسلام کی دعوتِ وحدت سے کوئی الگ نظریہ نہ تصوّر کرتے تھے۔

Marfat.com

مگر لبنانی عیسائیوں کے گروہ نے اسے ایک فلسفے کی حیثیت سے پیش کیا۔ مصر کا تجدد پسند اور مغرب پرست گروہ بھی ان کا ہمنوا ہو گیا۔ آگے چل کر عرب قومیت نے کئی ضمنی قومیتوں کو جنم دے دیا۔ اشوری قومیت، بابلی قومیت، کلدانی قومیت، حبشی قومیت اور فرعونی قومیت۔ یہ آخر الذکر قومیت مصر کی سرزمین سے تعلق رکھتی تھی۔

۱۹۱۹ء میں سعد زغلول کی قیادت میں استعمار اور استبداد کے خلاف بغاوت کے شعلے بھڑک اُٹھے۔ اس بغاوت میں مصریوں پر استعماری فوج اور قصر دونوں نے مل جل کر جو ستم ڈھائے اُن کی وجہ سے مصری قوم کے اندر فکری و ذہنی اختلاف کے باوجود اتحاد اُبھر آیا اور وہ تمام طبقے جو کل تک باہم دست و گریباں تھے وہ سب شیر و شکر ہو گئے۔ ازہری علماء اور حزب الامۃ کے ملحدین دونوں ایک پلیٹ فارم پر کھڑے ہو کر استبداد کے خلاف سینہ سپر ہو گئے۔ مگر یہ اتحاد ایک عارضی شے تھی۔ شر پسند عناصر نے اس اتحاد کو "مصری قومیت" کو چمکانے کا ایک اچھا ذریعہ سمجھ لیا اور "مصری قومیت" کے قلابے فرعونی تہذیب سے استوار کر دیئے۔ چنانچہ ایک طرف مصری قوم ناکام بغاوت کے زخم چاٹ رہی تھی اور دوسری طرف فرعونی تہذیب کا نعرہ معصومیت کے ساتھ اپنا راستہ ہموار کر رہا تھا۔ یہودیوں، عیسائیوں اور استعماری ایجنٹوں نے درپردہ اسے خوب ہوا دی، اور پھر بڑے بڑے سیاست دان بھی اس قومیت کے علمبردار ہو گئے۔ یہ سب کچھ مصری اتحاد کے نام پر ہونے لگا۔ مصر کے نامور مصنف محمد محمد حسین لکھتے ہیں:

> "مصر میں فرعونیت کی سخت لہر اُٹھ کھڑی ہوئی۔ جو قریب قریب تمام فکری و ثقافتی پہلوؤں پر چھا گئی۔ ادب و فن کو فرعونی بنیادوں پر استوار کرنے کی دعوت دی جانے لگی۔ جریدہ "السیاسۃ الاسبوعیۃ" اس

Marfat.com

نئے رجحان کا قائد تھا۔ اس نے فرعونیت کے داعیوں کے لیے اپنا دامن وا کر دیا۔ اس کا کوئی شمارہ ایسا نہ ہوتا تھا جس میں فراعنہ کی تہذیب و ثقافت اور شان و شوکت کے گیت نہ گائے جاتے۔ اس کے ایڈیٹر نے ایک مرتبہ لکھا: "یہ ایک عمیق حقیقت ہے کہ ہمارے اور ہمارے اجداد فراعنہ کے مابین تعلقات آج تک قائم ہیں۔"

مزید لکھتے ہیں:

"دعوت فرعونیت پہلے نقاب پہن کر سامنے آتی تھی مگر اب اُس نے کھلم کھلا سر اٹھا لیا۔ فرعونیت کے داعیوں کے لیے یہ سنہری موقع تھا۔ وہ لوگوں کے فکر و نظر پر فرعونیت کی چھاپ لگانے کے لیے سرگرم کار ہو گئے۔ اخبارات کے قارئین اور محفلوں کے سامعین کے سامنے فرعونیت کے سوا کوئی اور تصویر نہ آتی۔ ابوالہول کا سر (فرعونیت کے شعار کی حیثیت سے) ڈاک کے ٹکٹوں اور کرنسی کے نوٹوں پر چھاپا گیا۔ یونیورسٹی کے ہر کالج نے اپنے لیے دَورِ فراعنہ کے مختلف بتوں میں سے کسی نہ کسی بُت کو اپنا شعار قرار دے لیا۔ سعد زغلول کی لاش کو اس کی موت کے تین سال بعد ایک نئی قبر میں منتقل کیا گیا جو فرعونی طرز پر بنائی گئی تھی۔ اکثر سرکاری عمارات میں بھی فرعونی طرزِ تعمیر اختیار کیا گیا۔ سرکاری اسٹیشنری پر فرعونی شعار چھپا ہوا تھا۔ جب عدلی یکن ۱۹۲۱ء میں انگریزوں سے بات چیت کا سلسلہ منقطع کر کے یورپ سے واپس قاہرہ آیا تو حافظ ابراہیم جیسے نامور شاعر نے اُس کی شان میں جو نظم پیش کی اُس کے تمام اشعار فرعونیت کی محبت اور فرعونیت

Marfat.com

پر فخر و اعتزاز سے لبریز تھے[1]"

## قدیم و جدید کی جنگ

جنگ عظیم اوّل کے بعد جو فکری طوفان اُمڈ کر آئے اُن میں سے چند ایک کی تفصیل ہم پچھلے صفحات میں قلم بند کر آئے ہیں۔ لیکن یہ بحث اس وقت تک نامکمل رہے گی جب تک ایک اور نظریاتی تحریک کے خدّوخال نہ بیان کریں جسے اس زمانے میں "قدیم و جدید کی کشمکش" کا عنوان دیا گیا تھا۔ یہ تحریک درحقیقت اباحیت اور اخلاقی انارکی کی علمبردار تھی۔ اور معاشرتی روایات کے تار و پود بکھیر کر ایک بے لگام اور بے غیرت قوم جنم دینا اُس کا مطمح نظر تھا۔ لیکن اصل مقصد کو مستور رکھنے کے لیے اُسے "قدیم و جدید کی کشمکش" کا عنوان دیا گیا۔ اور "دعوت آوارگی" کی اصطلاح اختیار کرنے کے بجائے اسے "تاریخ کا تقاضا" کہ کر فکر و فلسفہ کے غلاف میں پیش کیا گیا۔ قدیم و جدید کی بحث یوں تو پرانی تھی لیکن پہلی جنگ عظیم کے بعد یہ اس قدر شدّت اختیار کر گئی کہ صحافت سے لے کر عوامی مجالس تک اس کی لپیٹ میں آگئیں۔ قدیم سے مراد ہر وہ چیز تھی جس کا تعلق مسلمانوں کے دینی، فکری اور تہذیبی ورثہ سے تھا۔ اور جدید سے مراد ہر وہ نئی چیز تھی جو یورپ سے منتقل ہو کر مصر میں مختلف ذرائع سے پہنچ رہی تھی۔ درحقیقت یہ جنگ محمد علی پاشا کے عہد سے شروع ہو چکی تھی۔ مصر کے روایاتی اور مقیّد ماحول سے نکل کر جو تعلیمی مشن یورپ جا رہے تھے یا یورپ کی طرف سے جو ماہرین مصر پہنچ رہے تھے وہ اس معرکہ آرائی کی تخم ریزی کر رہے تھے۔ اسماعیل پاشا کے زمانے میں یہ معرکہ زیادہ شدّت اختیار کر گیا

---

[1] الاتجاهات الوطنية ج ۲، ص ۱۴۶-۱۴۷

Marfat.com

کیونکہ اسماعیل پاشا مصر کو یورپ کا ایک حصّہ بنانا چاہتا تھا۔ اس لیے اُس نے یورپ کی ہر چیز کے لیے فراخ دلی کے ساتھ مصر کے دروازے کھول دیئے تھے۔ علامہ محمد عبدہٗ اور عبداللہ الندیم اپنے اپنے عہد میں اس کا مقابلہ کرتے رہے۔ مگر یہ دونوں حضرات خود یورپ سے کسی حد تک مرعوب تھے اس لیے اسلام کی مدافعت میں بالعموم معذرت خواہانہ انداز اختیار کرتے رہے یا قدیم و جدید کے مابین توافق پیدا کرنے کی کوشش کرتے رہے۔ جنگ عظیم کے بعد قدیم و جدید کی کشمکش بحث و مناقشہ کی حدود پھلانگ کر فکری محاذ آرائی اور نظریاتی جنگ کی صورت اختیار کر گئی۔ مصری مصنف محمد محمد حسین کی رائے میں قدیم و جدید کی کشمکش کے شعلوں کو تیز کرنے میں مصر کے اُس اخلاقی انحطاط کا بھی دخل ہے جس کا سیلاب جنگ کے دوران مصر میں امڈ آیا تھا۔ یہ مصنف لکھتا ہے:

"جنگ عظیم کے دوران مصر میں مختلف اقوام سے تعلق رکھنے والے انسانوں کا سیلاب آگیا۔ جن سے مصر کی گلیاں اور کوچے اُبل پڑے۔ یہ لوگ دن ہو یا رات شراب اور جوئے کے اڈّوں کی تلاش میں رہتے۔ قحبہ خانے لائسنس یافتہ ہوں یا بلا لائسنس، علانیہ ہوں یا خفیہ ان کی آماجگاہ ہوتے۔ جنگ کے پورے چار سال لوگوں نے آوارگی کے یہ مناظر دیکھے۔ اس دوران قتل و غارت اور آبروریزی کے واقعات بکثرت پیش آتے رہے۔ موقع پرست انسانوں اور کمینہ افراد نے اس صورتِ حال سے خوب فائدہ اٹھایا اور دیّوثی اور دلّالی کو خوب فروغ ملا۔ اور لہو و لعب اور خمر و قمار کے مراکز کی کثیر تعداد وجود میں آگئی۔"

لہو و لعب کے اڈّوں نے مصری قوم کے اندر کیا تباہی مچائی اُس کی تصویر مصطفیٰ لطفی منفلوطی،

Marfat.com

اپنے مضمون "المرقص" میں یوں پیش کرتا ہے :

"میں نے رقص خانوں میں دیکھا کہ درہم و دینار ساغر نے میں گھل رہے ہیں۔ عقل سروں میں جامد ہو رہی ہے، جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کے لیے جال نصب ہیں، دلوں کو نخچیر کرنے کے لیے خدنگ و پیکان استوار ہیں میں نے دیکھا کہ میں جسے سب انسانوں سے زیادہ زیرک سمجھتا تھا، جسے سب سے زیادہ باضمیر گردانتا تھا، جس کے سامنے میں تعظیماً جھک جھک جایا کرتا تھا وہ کسی حسینہ کے دام میں گرفتار ہو چکا ہے۔ وہ اُسے تگنی کا ناچ نچاتی ہے، اُسے زیر و زبر کرتی ہے، کھلونا بنا کر اس سے کھیلتی ہے۔ حالانکہ یہ وہی شخص ہے کہ وہ جب عوام کے سامنے ہوتا ہے تو عزت و افتخار میں قیصر روم ہوتا ہے اور تکبر و غرور میں کسریٰ فارس[1]۔"

ان مراکز لہو و لعب اور مجالس عیش و طرب نے مصری قوم کی اخلاقی و دینی روایات اور مقدس اقدار کو بُری طرح مجروح کر دیا۔ اوباشوں کی اس قدر بن آئی کہ وہ علانیہ غیرت و حیا کے دامن تار تار کرنے۔ عوام الناس حسب عادت ان چیزوں کے بارے میں بے حسی اور لااُبالی پن کا ثبوت دیتے رہے۔ اتحادی فوجوں کی خدمت کے لیے وہ ہزاروں فلاحین جو دیہاتوں سے اٹھ کر شہروں میں آ گئے تھے جنگ ختم ہو جانے کے بعد اس حال میں واپس دیہاتوں کو لوٹے کہ دیہاتی حمیت و غیرت کی متاع سے اکثر و بیشتر تہی دست ہو چکے تھے۔ وہ اپنے گھروں میں جنگ کی حیرت انگیز کہانیاں اور فوجیوں کی گوناگوں عادات و خصائل ہی لے کر نہ گئے بلکہ

---

[1] النظرات، مقالہ : الملاعب الهزلية

Marfat.com

امراض خبیثہ اور اخلاق فاسدہ کا بہت بڑا ذخیرہ بھی ساتھ لے گئے۔ جو شہروں میں رہ گئے وہ آوارگی اور بے راہروی میں اس قدر غرق ہو گئے کہ ہر وہ شخص انہیں اپنا گرویدہ بنا سکتا تھا جو ان کی گھٹیا خواہشوں کو اپیل کرتا۔ اس طرح عوام الناس کے اندر دینی غیرت اور دینی اقدار کے احترام کا جذبہ مفقود ہو گیا۔ اور چونکہ اسلامی محاذ کمزور سے کمزور تر ہو چکا تھا اس لیے اس گھٹیا فضا میں اباحیت پسندوں کو اپنے افکار و نظریات پھیلانے کا خوب موقع مل گیا۔ اور انہوں نے اسلام کی ایک ایک چیز کو "قدامت" کی فہرست میں درج کر کے اُسے ختم کرنے اور یورپ سے درآمدہ "جدت" کو اختیار کرنے کی مہم چلا دی۔ خود مغربی مصنفین نے بھی اس معرکے میں خوب حصّہ لیا اور مصری معاشرے کو منہدم کرنے کے لیے پورا زور لگا یا ——— Whither Islam کا مطالعہ مغرب کے اس کردار کو پوری طرح بے نقاب کر دیتا ہے۔ یہ کتاب مختلف مستشرقین کے مضامین کا مجموعہ ہے جسے R.A.R. GIBB نے مرتب کیا ہے۔

مغربیت کا سب سے بڑا علمبردار سلامہ موسیٰ تھا۔ اس نے اپنی کتاب "الیوم والغد" (امروز و فردا) میں صاف صاف لکھا کہ "ہمیں ایشیا سے قطع تعلق ختم کر کے یورپ سے وابستہ ہو جانا چاہیئے۔ میرا مسلک یہی ہے۔ مَیں زندگی بھر خفیہ بھی اور علانیہ بھی اس کے لیے سرگرم رہوں گا۔ مَیں مشرق کا کافر اور مغرب کا مومن ہوں۔" اس عقیدے کو بنیاد بنا کر یہ شخص ادب و ثقافت، معاشرت و اقتصاد اور سیاست و مذہب ہر چیز کو اسلام اور مشرقیت سے پاک کرنے کی دعوت لے کر اٹھتا ہے۔ بلکہ اسلام کا کھلم کھلا تمسخر اڑاتا ہے۔ ذیل کے پیراگراف میں اُس کا انداز بیان ملاحظہ ہو:

"ہم اپنے آپ کو مشرق و مغرب کے مابین تردد و تذبذب کی حالت میں پاتے

Marfat.com

ہیں۔ ہماری حکومت بے شک یورپ کے طرز پر منظم ہو چکی ہے۔ لیکن حکومت کے اندر ابھی کچھ مشرقی ڈھانچے باقی ہیں جو ملک کی ترقی میں حائل ہو رہے ہیں مثلاً وزارت اوقاف اور شرعی عدالتیں۔ ہمارے پاس ایسی یونیورسٹی بھی ہے جو ہمارے اندر متمدن دنیا کی ثقافت کو فروغ دے رہی ہے۔ مگر اس کے دوش بدوش ازہر یونیورسٹی دورِ تاریک کی ثقافت پھیلا رہی ہے۔

ہمارے اندر مسٹروں کی کھیپ تیار ہو چکی ہے جو پوری طرح مغربیت کو اپنا چکے ہیں۔ لیکن ساتھ ہی ملاؤں کا ایک ٹولہ بھی ابھی دکھائی دیتا ہے جو جبے اور عمامے کو چمٹا ہوا ہے اور سڑکوں پر وضو کرنے سے باز نہیں آتا۔ اور جو ابھی تک قبطیوں اور یہودیوں کو "کفار" کہتا ہے جس طرح ۱۳ سو سال قبل عمر بن خطاب (رضی اللہ عنہ) نے انہیں یہ لقب دیا تھا۔"

سلامہ موسیٰ اسلام اور اسلامی اقدار اور اسلامی تاریخ پر پوری ڈھٹائی سے حملے کرتا ہے۔ یہ کتاب ۱۹۲۷ء میں منظرِ عام پر آتی ہے اور برسوں تک نوجوان نسل کے ذہن و فکر کو اباحیت کے زہر سے مسموم کرتی رہتی ہے۔ اس کتاب کے اثرات ابھی ذہنوں سے محو نہیں ہو پاتے کہ ایک اور کتاب ایک نئی تحریک کی شکل میں ظہور پذیر ہو جاتی ہے۔ یہ طٰہٰ حسین کی تالیف مستقبل الثقافۃ فی مصر (مصر کا تعلیمی مستقبل) تھی۔ یہ کتاب ۱۹۳۸ء میں شائع ہوئی یعنی اس معاہدے کے دو سال بعد جو مصر اور برطانیہ کے مابین ۱۹۳۶ء میں طے ہوا تھا۔ اس کتاب میں طٰہٰ حسین نے وہ تعلیمی نقشہ پیش کیا ہے جس پر آئندہ مصر کو گامزن ہونا چاہیئے۔ یہ کتاب سلامہ موسیٰ کی کتاب الیوم والغد سے زیادہ خطرناک تھی۔ کیونکہ سلامہ موسیٰ محض ایک قلم کش تھا۔ مگر طٰہٰ حسین مختلف اہم مناصب پر بھی فائز تھا اور ان مناصب کی بدولت

Marfat.com

وہ اپنی تعلیمی اسکیم کو نافذ کرنے کی قدرت رکھتا تھا۔ وہ قاہرہ کے آرٹس کالج میں پرنسپل رہا۔ وزارت تعلیم کا ڈائرکٹر جنرل بنا، وزارت تعلیم کا فنی مشیر رہا، اسکندریہ یونیورسٹی کا چانسلر رہا، اور آخر کار وزارتِ تعلیم کا قلمدان بھی اُس کے ہاتھ میں آگیا۔ اُس کے شاگردوں اور عقیدت مندوں کی کثیر تعداد تھی جو اُس کے افکار سے متاثر ہوتے تھے۔ اپنی کتاب میں طٰہٰ حسین نے تین بنیادی باتوں پر زور دیا:

۱۔ مصر کو مغربی تہذیب کی طرف لے جایا جائے۔ اور اسلام اور قدیم ورثے سے اُس کا تعلق کاٹ دیا جائے۔

۲۔ وطنیت کو فروغ دیا جائے۔ اور ملک میں ایسا نظامِ حکومت قائم کیا جائے جس میں مذہب کا کوئی دخل نہ ہو۔

۳۔ عربی زبان کو تغیراتِ زمانہ کے تابع کر دیا جائے۔ اور اُسے ایسے راستے پر ڈال دیا جائے کہ وہ فصیح عربی ختم ہو جائے جس میں قرآن کریم نازل ہوا ہے۔ عربی زبان محض سریانی، قبطی، لاطینی اور یونانی زبانوں کی طرح ایک دیومالائی زبان بن کر رہ جائے۔

طٰہٰ حسین کی ایک اور کتاب "فی الشعر الجاہلی" نے بھی اس باب میں اباحیت پسندوں کو بڑی مدد پہنچائی۔ اس کتاب میں بھی مؤلف نے شعر و ادب کے ان پیمانوں کو جو آج تک مروج چلے آرہے تھے رد کر دیا۔ اور اس کی آڑ میں قرآن و حدیث پر لوگوں کے اعتماد کو متزلزل کرنے کی کوشش کی۔ مصطفیٰ صادق الرافعی مرحوم نے اس معرکے میں قابل قدر کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔ اس کی کتاب "المعرکۃ بین القدیم والجدید" اور "تحت رایۃ القرآن" طٰہٰ حسین جیسے لوگوں کا دندان شکن جواب ہے۔

یہ تحریک جیسا کہ ہم نے اوپر عرض کیا ہے بے حیائی کو فروغ دینے کے لیے برپا ہوئی۔ اور

Marfat.com

اس نے جو مختلف محاذ کھول رکھے تھے وہ چار تھے ۔ عورت ، لباس ، تعلیم اور ادب و زبان۔ ان میں سے ہر ہر محاذ پر اُس نے دل کھول کر الحاد و اباحیت اور آزادی و آوارگی کا چرچا کیا ۔ عورت کے میدان میں اسے غیر معمولی کامیابی حاصل ہوتی ۔ عورت کی آزادی کا دروازہ تو قاسم امین کھول گیا تھا مگر اب یہ آزادی لباس کے معاملے میں بے حجابی نہیں عریانی تک پہنچ گئی تھی۔ اور عورت نے نہ صرف اپنا چہرہ اور ہاتھ ننگے کیے بلکہ آہستہ آہستہ اُس نے ساق و سینہ بھی عریاں کر دیئے ۔ اور ایسا تنگ لباس اپنے لیے اختیار کر لیا کہ اُس پر عریانی بھی شرما جاتے۔ سیاسی میدان میں بھی عورت نے قدم رکھ دیا ۔ اور اس کی قیادت تین نامور خواتین کے ہاتھ میں آگئی ۔ ایک سعد زغلول پاشا کی بیوی صفیہ زغلول ۔ یہ خاتون مصطفیٰ فہمی پاشا کی لڑکی تھی جو انگریزوں کے بہترین دوست شمار ہوتے تھے اور انگریزوں کے دور میں وہ کئی مرتبہ وزارتِ عظمیٰ کے عہدے پر متمکن ہوئے ۔ دوسری خاتون ہدیٰ شعراوی تھی۔ یہ علی شعراوی پاشا کی بیوی اور سلطان پاشا کی صاحب زادی تھی ۔ سلطان پاشا مصر کے ان نمایاں فوجی افسروں میں سے تھا جنہوں نے انگریزوں سے بھرپور تعاون کیا اور بوقت ضرورت مصریوں کی تحریکِ آزادی کو کچلا ۔ ہدیٰ شعراوی خاص طور پر اس میدان کی شہسوار تھی ۔ اُس نے آزادیِ نسواں کے نام سے ایک تنظیم قائم کی ۔ اور پھر اجتماعات اور اخبارات کے ذریعہ سے عورتوں کے اندر آزادی اور بے باکی کا صور پھونکا ۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اُس نے عورت کو اس قدر بیگانۂ غیرت کر دیا کہ اس پر مصر کا ہر باضمیر انسان چلّا اُٹھا ۔

ہم نے مصر کا وہ دورِ تاریخ تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا ہے جس میں حسن البنّا رحمہ اللہ پیدا ہوئے اور پروان چڑھے اور تعلیم پائی اور بالآخر کار وہ عظیم الشان تحریک برپا کی

Marfat.com

جسے الاخوان المسلمون کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ حسن البنّا کی شخصیت اور اُن کی خدمات کا صحیح اندازہ لگانے کے لیے اس دَور کی فکری و ذہنی کیفیت، سیاسی حالت اور اخلاقی وادبی زندگی کا مطالعہ ضروری تھا۔ یہ مطالعہ ہم گزشتہ صفحات میں شرح وبسط کے ساتھ کر چکے ہیں۔

---

## امام حسن البنّا کے خاندانی حالات

حسن البنّا کے دادا شیخ عبدالرحمٰن البنّا مصر کے ایک دُور افتادہ گاؤں شمشیرہ کی معزز شخصیت سمجھے جاتے تھے۔ ان کے دو بیٹے تھے۔ ایک کا نام احمد تھا اور دوسرے کا محمد۔ احمد ازہر کی تعلیم کی طرف متوجہ ہو گیا اور محمد اپنی بستی میں کاشت کاری میں باپ کا ہاتھ بٹانے لگا۔ والد کے انتقال کے بعد دونوں بھائیوں کے اندر وراثت کی تقسیم پر اختلاف برپا ہو گیا۔ محمد یہ چاہتا تھا کہ والد کی اکثر و بیشتر زمین اُس کی ملکیت میں ہو کیونکہ زمین کی دیکھ بھال کے لیے اُس نے غیر معمولی خدمات سرانجام دی ہیں۔ قریب تھا کہ یہ اختلاف جھگڑے کی صورت اختیار کر لیتا۔ مگر احمد نے اسے فوراً ختم کر دیا۔ اُس نے ساری زمین اپنے بھائی کے لیے چھوڑ دی اور خود اپنی بستی سے ہجرت کر کے محمودیہ میں آکر بس گیا۔

احمد بن عبدالرحمٰن البنّا ——— حسن البنّا شہید کے والد ——— نے محمودیہ میں اقامت پذیر ہونے کے بعد گھڑی سازی کا کام شروع کر دیا۔ وہ ازہر کے تعلیم یافتہ تھے۔ دن کا ایک حصّہ روزی کمانے کے لیے گھڑی سازی میں صرف کرتے اور بقیہ اوقات فقہ و حدیث کے مطالعے اور قرآن کی تدریس میں صرف کرتے۔ ان کی اپنی ذاتی لائبریری تھی

Marfat.com

جس میں مختلف اسلامی علوم و فنون پر مشتمل کتابوں کا قیمتی ذخیرہ موجود تھا۔ جب اہل قریہ نے اپنی مسجد تعمیر کی تو انہوں نے احمد عبدالرحمٰن البنّا کو سب سے پہلا جمعہ کی نماز پڑھانے کی تکلیف دی۔ موصوف کی عالمانہ تقریر اور فصیح زبان نے لوگوں کو اپنا گرویدہ بنا لیا۔ چنانچہ وہ لوگوں کی فرمائش پر مسجد کے مستقل امام اور خطیب بن گئے۔ مگر ان کی یہ خدمات کسی مادّی لالچ کی بنیاد پر نہ تھیں بلکہ محض فی سبیل اللہ تھیں۔ انہوں نے اپنی روزی کا مدار گھڑی سازی پر رکھا ہوا تھا اور جیسا کہ اوپر عرض کیا جا چکا ہے وہ اپنے اوقات کا ایک حصہ فقہ و حدیث کے مطالعہ میں گزارتے۔ اس مطالعہ کے نتیجے میں انہوں نے حدیث پر متعدد کتابیں مدوّن کی ہیں۔ امام احمد بن حنبلؒ کی مسند کو انہوں نے فقہی ابواب کے تحت مرتّب کیا۔ اور اُس کا نام "الفتح الربّانی فی ترتیب مسند الامام احمد بن الشیبانی" رکھا۔ پھر اس کی نہایت جامع شرح تحریر کی جس میں احادیث کی تخریج کی، رجال و سند پر کلام کیا، مشکل مقامات کو حل کیا اور احادیث کے اندر پنہاں علم و حکمت کے گوشے وا کیے۔ ان کی شرح کا نام "بلوغ الامانی من اسرار الفتح الربّانی" ہے۔ ابوداؤد الطیالسی کی مسند کو "منحۃ المعبود" کے نام سے نئی تبویب اور تشریح سے مزین کیا۔ امام شافعی کی مسند اور سُنن کو بھی مرتب کیا اور اُس پر گراں قدر حواشی لکھے۔ ان کا یہ مجموعہ "بدائع المسند فی جمع و ترتیب مسند الشافعی والسنن" کے نام سے چھپا ہے۔ اسی طرح موصوف نے مسانید ائمہ اربعہ کا ایک حصّہ بھی مرتب کیا۔ ان کے اس تحقیقی کام کو دیکھ کر انسان بے اختیار یہ پکار اٹھتا ہے کہ احمد عبدالرحمٰن البنّا کی تنہا ذات نے وہ کام سرانجام دیا ہے جسے ایک اکیڈیمی ہی سرانجام دے سکتی تھی۔

شیخ احمد عبدالرحمان کی علم دوستی، اخلاص اور درویشی کا یہ ثمرہ تھا کہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

نے انہیں جو رفیقۂ حیات دی وہ بھی تقویٰ اور نیکوکاری کا ایک مجسّم پیکر تھی۔ یہ خاتون ابو تورہ نامی خاندان کی چشم و چراغ تھی۔ اس خاتون سے احمد عبدالرحمٰن البنّا کی سات اولادیں ہوئیں۔ پانچ لڑکے اور دو لڑکیاں۔ ان کے نام عمر کی ترتیب کے لحاظ سے یہ ہیں: حسن البنّا، عبدالرحمٰن، فاطمہ، محمد، عبدالباسط، جمال اور فوزیہ۔ شیخ احمد نے دوسری شادی بھی کی۔ دوسری بیوی سے صرف ایک لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام فریدہ تھا۔

## حسن البنّا کی پیدائش، تربیت اور تعلیم

حسن البنّا شہید اپنے باپ کے سب سے بڑے لڑکے تھے۔ محمودیہ میں اکتوبر ۱۹۰۶ء کو ان کی پیدائش ہوئی۔ یہ سنّت الٰہی کا ایک حیرت انگیز کرشمہ ہے کہ بیسویں صدی کے عشرۂ اول میں مصر کے جانفروش اور محبوب رہنما مصطفیٰ کامل (وفات ۱۹۰۸ء) دنیا سے رخصت ہو رہے تھے۔ اور قدرت اس خلاء کو حسن البنّا کے ذریعہ بطریق احسن پُر کرنے کا انتظام فرما رہی تھی۔ محمودیہ کا ماحول خالصتہً دیہاتی تھا۔ یہ فلّاحین کی بستی تھی۔ اور اُن سب روایات کی حامل تھی جو بالعموم دیہاتی زندگی کا خاصہ ہوتی ہیں۔ حسن البنّا کا گھرانہ اس دیہاتی بود و باش کے اندر علم و فضل اور اعلیٰ اسلامی ماحول سے آراستہ تھا۔ حسن البنّا کی ابتدائی تعلیم میں ان کے والد کا بہت بڑا حصّہ ہے۔ والد نے بچپن میں انہیں قرآن حفظ کرا دیا۔ اور ان کی توجہ دینی علوم کی طرف مبذول کر دی۔ گھریلو تعلیم و تربیت کے ساتھ ہی محمودیہ کی ایک ابتدائی درس گاہ مدرسۃ الرشاد الدینیۃ میں داخل ہو گئے۔ اس درس گاہ سے بھی انہوں نے اپنے استاذ محمد زہران رحمہ اللہ سے اخلاقی تربیت کا بہرۂ وافر حاصل کر لیا۔ اور جب مدرسۃ الرشاد الدینیہ کے انتظام میں تبدیلی ہو گئی اور اس

Marfat.com

کے بانی شیخ محمد زہران اسے ترک کر کے دوسرے کاموں میں مشغول ہو گئے تو حسن البنّا شہید مدرسہ اعدادیہ میں منتقل ہو گئے۔ یہ مدرسہ تعلیمی معیار کے لحاظ سے پرائمری اسکول سے فائق تر تھا۔ ۱۹۲۰ء میں حکومت مصر نے مدارس اعدادیہ کا نظام ختم کر دیا، اور ان مدارس کو وزارت تعلیم کی تحویل میں دے دیا۔ اب شہید کے سامنے دو راستے تھے۔ ایک یہ کہ اسکندریہ چلے جائیں اور وہاں کے معہد دینی (دینی درس گاہ جو جامعہ ازہر کے تابع تھی) میں داخلہ لے لیں اور ازہر کی تعلیم حاصل کر لیں اور علمائے ازہر میں شامل ہو جائیں۔ اور دوسرے یہ کہ دمنہور کے ٹیچرز ٹریننگ سنٹر میں داخل ہو جائیں۔ اور معلمی کی سند حاصل کر لیں۔ قدرت اُن سے جو کام لینا چاہتی تھی اُس کے لیے مؤخر الذکر صورت زیادہ موزون تھی۔ چنانچہ کافی سوچ بچار کے بعد انہوں نے دمنہور کے ٹیچرز ٹریننگ اسکول میں داخلہ لے لیا۔ اس وقت ان کی عمر ۱۴ برس تھی۔ ٹیچرز ٹریننگ اسکول میں انہوں نے سہ سالہ کورس پاس کر لیا۔ امتحان میں وہ اپنے اسکول میں اوّل اور پورے مصر میں پانچویں نمبر پر تھے۔ اس کے بعد انہیں ضلعی بورڈ کی طرف سے معلّمی کے فرائض سونپے گئے لیکن انہوں نے تعلیم کی تکمیل کو ترجیح دی اور قاہرہ کے دارالعلوم (موجودہ قاہرہ یونیورسٹی) میں داخلہ لے لیا۔ اس وقت ان کی عمر ۱۶ برس سے متجاوز نہ تھی۔ اور اس لحاظ سے وہ دارالعلوم میں داخل نہ ہو سکتے تھے۔ مگر اُن کی غیر معمولی صلاحیت اور برتر قابلیت کی وجہ سے دارالعلوم کے اساتذہ نے انہیں داخل کر لیا۔ اس زمانے میں دارالعلوم چھوٹا ازہر کہلاتا تھا۔ اس میں جدید علوم مثلاً تربیت، علم النفس، فلسفہ، سیاسیات، اجتماع اور ریاضی کے ساتھ ساتھ لسانیات پر خاص توجہ دی جاتی تھی۔ طریقۂ تدریس بھی جدید طرز کے مطابق تھا۔ دارالعلوم میں داخلہ کے بعد حسن البنّا قاہرہ منتقل ہو گئے۔ اور ان کے ساتھ اُن کا خاندان

Marfat.com

بھی محمودیہ کی محدود فضا سے نکل کر قاہرہ کے وسیع ماحول میں آکر آباد ہوگیا۔ جولائی ۱۹۲۷ء میں انہوں نے دارالعلوم کا ڈپلوما حاصل کر لیا۔ دارالعلوم کے امتحان میں بھی وہ اوّل آئے۔ دارالعلوم کی تعلیم کے دوران انہوں نے اپنے اوقات کو دو حصوں میں تقسیم کر رکھا تھا۔ ایک حصہ وہ تعلیم و مطالعہ پر صرف کرتے اور دوسرا حصہ دعوت و تبلیغ اور گھڑی سازی کے کام میں والد محترم کا ہاتھ بٹاتے۔ دارالعلوم سے فراغت کے بعد بھی وہ اس پس و پیش میں رہے کہ آیا وہ بیرونی اسکالرشپ لے کر اپنے علم میں مزید اضافہ کر لیں یا محکمۂ تعلیم میں ملازمت کر لیں، اور دن کو بچوں کو تعلیم دیں اور اسکول سے فارغ اوقات میں بچوں کے والدین کو امورِ دین سے آگاہ کریں۔ اسی پس و پیش میں تھے کہ دارالعلوم کی طرف سے یہ اعلان کر دیا گیا اس سال ملک کے اندر معلّمین کی زیادہ مانگ کی وجہ سے دارالعلوم کسی طالب علم کو بیرونی اسکالرشپ نہیں دے گا۔ اس اعلان کے بعد حسن البنّا یکسو ہو گئے اور اسماعیلیہ میں مدرس لگا دیئے گئے۔ تاریخ انہیں مصر اور اہلِ مصر کی اصلاح کی مہم سونپنا چاہتی تھی۔ لہٰذا ایسے عوامل و اسباب خود بخود پیدا ہوتے گئے کہ حسن البنّا مصر ہی کے اندر ٹھیرا رہے۔ اور بلا تاخیر اپنی مہم کا آغاز کر دے۔ جب انہوں نے اسماعیلیہ کے مدرسہ امیریہ (گورنمنٹ اسکول) میں معلّمی کا منصب سنبھالا اس وقت ان کی عمر ۲۱ سال تھی۔ ۱۹۳۲ء تک وہ اسماعیلیہ رہے۔

### معلّمی کا کام اور دعوت کی ابتداء

۱۹ ستمبر ۱۹۲۷ء کو وہ اسماعیلیہ روانہ ہوتے تھے۔ جہاں انہیں تعلیم کے میدان میں اپنی نئی ذمہ داریوں کو سنبھالنا تھا۔ اسماعیلیہ کے قیام میں وہ شروع میں تعلیم و تدریس سے فارغ اوقات میں کچھ عرصہ تک تو اسماعیلیہ کے معاشرتی حالات کا مطالعہ کرتے رہے تاکہ دعوت و تبلیغ کے لیے ایسا اسلوب اور طریق کار اختیار کریں جو زیادہ سے زیادہ نتیجہ خیز

Marfat.com

ہو اور اس نئے شہر کے اندر ایک کامیاب معلم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک کامیاب داعی بھی ثابت ہوں۔ ابتدائی مطالعہ و تفکر کے بعد انہوں نے مسجدوں کے بجائے قہوہ خانوں کے اندر اشاعت دعوت اور اصلاحِ فکر کا کام شروع کر دیا اور اجتماعات کے لیئے تکیوں اور زاویوں کو منتخب کیا۔ اس طرح انہوں نے مختصر عرصہ کی جدوجہد کے بعد عقیدت مندوں اور صاحبِ حمیت لوگوں کی اتنی تعداد جمع کر لی کہ اس سے ایک باقاعدہ تنظیم کی داغ بیل ڈالی جا سکے۔ چنانچہ مارچ ۱۹۲۸ء کو حسن البنّا شہید کے گھر پر چھ نمایاں افراد جمع ہوئے اور انہوں نے باہم یہ عہد کیا کہ ان کا جینا اور مرنا اسلام کے لیے ہوگا۔ اور انہوں نے اپنی اس نئی تنظیم کو جو گویا ایک ہی اجتماع میں وجود پذیر ہو گئی "الاخوان المسلمون" کا نام دیا۔

۵ محرم ۱۳۴۸ھ (۱۹۲۹ء) کو اسماعیلیہ میں "الاخوان المسلمون" نے مرکز اور مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اور اس کے بعد نہ صرف اسماعیلیہ کے اندر اخوان کی شاخیں کھلنا شروع ہو گئیں بلکہ سویز کے علاقے اور اسکندریہ میں بھی جگہ جگہ شاخیں قائم ہو گئیں۔ اور یہ قافلہ پورے نظم و ضبط کے ساتھ منزلِ مقصود کی جانب تیزی سے رواں ہو گیا۔

اکتوبر ۱۹۳۳ء میں حسن البنّا اسماعیلیہ سے قاہرہ تبدیل کر دیئے گئے۔ اسماعیلیہ میں انہوں نے جو چھ سال گزارے وہ نتیجہ اور کام کے لحاظ سے الاخوان المسلمون کا اصل سرمایہ ثابت ہوئے۔ قاہرہ منتقل ہونے سے پیشتر قاہرہ میں الاخوان کا مرکز کھل چکا تھا۔ قاہرہ میں "جمعیت تہذیب اسلامی" کے نام سے ایک تنظیم پہلے سے موجود تھی جس نے مخلص نوجوانوں کا ایک گروہ اسلام کے گرد جمع کر رکھا تھا۔ اس جمعیت نے اسماعیلیہ کے اندر "الاخوان المسلمون" کے کام اور دعوت سے متاثر ہو کر اپنے آپ کو الاخوان کے اندر مدغم کر لینے کا فیصلہ کر دیا۔ چنانچہ اس فیصلے کے بعد قاہرہ کے اندر "جمعیت تہذیب اسلامی"

Marfat.com

کا مرکز اور اس کی شاخیں الاخوان کے مرکز اور شاخوں میں تبدیل ہو گئیں۔ ۱۹۳۲ء میں جب حسن البنّا قاہرہ آئے تو وہاں جماعت کا کام اس حد تک بڑھ چکا تھا کہ تھوڑے عرصہ کے بعد امام کو معلّمی کا منصب ترک کر کے ہمہ تن تحریک کے لیے وقف ہونا پڑا۔

## شادی اور اولاد

اسماعیلیہ کے لوگ امام حسن البنّا کے بے حد گرویدہ تھے۔ اسماعیلیہ کے اہلِ ایمان کا گروہ تو ان کی ذات کو اپنے لیے روحانی سکون کا ذریعہ گردانتا تھا۔ ان لوگوں میں سے ایک صاحب الحاج حسین الصولی تھے۔ یہ اسماعیلیہ کے شرفاء میں شمار ہوتے تھے۔ انہوں نے امام البنّا کی دعوت اور اخلاق سے متاثر ہو کر امام کے ساتھ اپنی رفاقت کو نہایت مضبوط اور مستحکم کر لیا۔ بہت سے معاملات میں یہ امام البنّا کی مدد و نصرت اور پشت پناہی کرتے رہے۔ الحاج حسین الصولی کے تمام بڑے بھی امام البنّا کے عقیدت مند تھے۔ چنانچہ الحاج حسین الصولی نے روحانی رشتہ پر اکتفا نہ کیا بلکہ الفت و مودت کا تعلق استوار تر کرنے کے لیے اپنی لڑکی لطیفہ سے حسن البنّا کی شادی کر دی۔ یہ شادی رمضان المبارک ۱۳۵۱ھ کی ۲۷ تاریخ (۱۹۳۲ء) کو منعقد ہوئی۔ آئندہ چل کر حالات نے بتا دیا کہ یہ خاتون کس درجہ ایمان و احتساب کی دولت اور تقویٰ و طہارت کی صفت سے مالا مال تھی۔ اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد بالکل برحق ہے کہ ——
"الطیّبات للطیّبین" (پاک مردوں کو پاک عورتیں ملتی ہیں)۔ اس نیک نہاد خاتون نے تکلیف و آرام میں ہر طرح سے امام البنّا کا ساتھ دیا اور جس فقر و قناعت سے امام نے زندگی بسر کی اُسی فقر و قناعت کا اُس نے مظاہرہ کیا۔ اس خاتون سے اللہ تعالیٰ نے امام البنّا کو چھ اولادیں عطا فرمائیں۔ پانچ لڑکیاں اور ایک لڑکا۔ لڑکیوں کے نام سنا، وفاء، رجاء، ہاجر اور استشہاد ہیں۔ یہ آخری لڑکی جس کا نام استشہاد رکھا گیا اُس روز پیدا ہوئی جس روز امام

Marfat.com

البنا شہید کیے گئے۔ اسی شہادت کی مناسبت سے اُس کا نام بھی والدہ نے استشہاد رکھا۔ لڑکے کا نام احمد سیف الاسلام ہے۔ یہ حال ہی میں میڈیکل کالج سے فارغ ہوا ہے ظاہری شکل وصورت اور اخلاق وعادات میں اپنے والد محترم کے ساتھ گہری مشابہت رکھتا ہے۔ تعلیم میں ہمیشہ یہ اوّل رہا ہے۔ دار العلوم قاہرہ سے اس نے ایک ہی سال میں دو ڈگریاں حاصل کیں۔ ایک قانون میں اور دوسری آرٹس میں۔ جمال عبد الناصر کے عہد میں احمد سیف الاسلام کو تمام ملازمتوں سے محروم کر دیا گیا تھا اور پھر اُسے ۲۵ سال قید بامشقت کی سزا سنائی گئی تھی۔ عربی کا یہ محاورہ احمد سیف الاسلام پر پوری طرح منطبق ہوتا ہے کہ: "ھذا الشبل من ذالک الاسد" (شیر کا بچہ شیر ہوتا ہے)

## تصنیف وتالیف

امام حسن البنا صحیح معنوں میں ایک داعی اور مُصلح تھے۔ اُنہوں نے تحقیق وکاوش کا وہ راستہ اختیار نہیں کیا جو ان کے پیشرو علامہ رشید رضا اختیار کر چکے تھے۔ ان کے پیش نظر اسلام کے لیے کام کرنے والے جانبازوں کی ایک تحریک برپا کرنا تھا جو اپنی زندگیوں کو اسلام کے عملی سانچہ میں ڈھال سکیں اور دنیا کے سامنے اسلام کے مثالی کردار کا نمونہ ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ موصوف علمی پہلو کے بجائے اپنی توجہ زیادہ تر عملی پہلو پر دیتے رہے ہے۔ اور تحریک کے علمبرداروں اور حامیوں کی اخلاقی اور روحانی تربیت کے لیے وقف رہے۔ ایک مرتبہ اُن سے پوچھا گیا کہ "آپ کتابیں کیوں تصنیف نہیں کرتے"؟ امام صاحب نے جواب دیا:۔ "اصنف الرجال" (میں انسان تصنیف کرتا ہوں)۔ امام شہید کا تصنیفی سرمایہ جو اس وقت ہمارے سامنے ہے وہ یہ ہے:

۱۔ مذکرات الدعوۃ والداعیۃ (دعوت اور داعی کی ڈائری)۔ یہ کتاب

Marfat.com

اس وقت قارئین کے سامنے ہے ۔ اسے امام شہید کی تصنیف کے بجائے امام کے "پارہ ہائے جگر" کہنا زیادہ صحیح ہوگا ۔ یہ ڈائری دو حصوں پر مشتمل ہے ۔ ایک حصہ ان کی سرگزشت اور واردات قلبی سے عبارت ہے اور دوسرا حصہ تحریک کی مختلف سرگرمیوں، پروگراموں اور روودادوں پر مشتمل ہے ۔

۲۔ رسائل الامام الشہید : یہ چند رسائل کا ایک مجموعہ ہے ۔ یہ رسائل مختلف اوقات میں امام شہید نے تالیف کیے ہیں ان کی تفصیل یہ ہے :

۱۔ رسالۃ التعالیم : یہ رسالہ ان ہدایات پر مشتمل ہے جو امام البناؒ نے جماعت "الاخوان المسلمون" سے باقاعدہ منسلک ہونے والوں کو دی تھیں ۔ ان میں ان کے مخاطب وہ کارکن ہیں جن سے بیعت لی گئی ہے ۔ اور اب وہ اس امر کے محتاج ہیں کہ جماعت سے ان کے تعلق کو مثالی بنایا جائے ۔ چنانچہ ہدایات میں امام البناؒ نے انہیں واضح کر دیا ہے کہ "جماعتی بیعت کی بنیادیں دس اصول ہیں :

۱۔ تدبر ۔ ۲۔ اخلاص ۔ ۳۔ عمل ۔ ۴۔ جہاد ۔ ۵۔ قربانی ۔ ۶۔ اطاعت ۔ ۷۔ ثابت قدمی ۔ ۸۔ یکسوئی ۔ ۹۔ اخوت ۔ ۱۰۔ باہمی اعتماد ۔

آخر میں یہ بتایا گیا ہے کہ اس بیعت کے بعد ارکان جماعت پر زندگی کے تمام پہلوؤں میں کیا کیا ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ۔ انہیں انفرادی اور اجتماعی زندگی میں کن باتوں کا پابند اور کن امور سے مجتنب رہنا چاہیے ۔

۲۔ رسالۃ الجہاد : یہ رسالہ جہاد کی فرضیت، جہاد کے فضائل اور جہاد کی ضرورت و اہمیت پر مشتمل ہے ۔ امام البناؒ نے یہ رسالہ اس دور میں تحریر

Marfat.com

فرمایا تھا جب الاخوان المسلمون کے رضا کار مجاہدین فلسطین میں یہودیوں کے خلاف جہاد کے لیے نکلے تھے۔ یہ رسالہ گویا ایک علمی و فکری کاوش نہیں بلکہ جانباز دستوں کے لیے کتاب ہدایت تھا۔

۳۔ دعوتنا فی طور جدید: (ہماری دعوت نئے مرحلے میں)۔ یہ رسالہ امام البنّا نے اس دور میں تحریر کیا تھا جب الاخوان کی تحریک تیزی سے پھیل رہی تھی۔ اور ایک طرف نوجوان جوق در جوق اس میں شامل ہو رہے تھے اور دوسری طرف معترضین کی طرف سے اس کے خلاف شکوک و شبہات پھیلائے جا رہے تھے۔ چنانچہ امام البنّا نے اس رسالے میں ان تمام پہلوؤں کو واضح کر دیا ہے جن پر انگشت نمائی کی جا رہی تھی۔ پہلے انہوں نے یہ بتایا ہے کہ ہماری دعوت کوئی محدود دعوت نہیں ہے۔ بلکہ یہ ایک عالمی اور انسانی دعوت ہے۔ اور پھر یہ بتایا ہے کہ یہ دعوت عقل اور ایمان دونوں کے امتزاج پر قائم ہے۔ اُس وقت مصر میں جو چار نوعیت کے نظریات پھیل رہے تھے اُن نظریات کے بارے میں اخوان کی دعوت کا موقف بیان کیا گیا ہے۔ وہ چار نظریات یہ تھے:

۱۔ مصری نیشنلزم

۲۔ عرب نیشنلزم

۳۔ مشرقیت اور

۴۔ عالم گیریت

اسی ضمن میں انہوں نے الاخوان کا نصب العین یوں بیان کیا ہے:

Marfat.com

"ہم مصر کے اندر ایک اسلامی ریاست قائم کرنا چاہتے ہیں جو اسلام کی دعوت کو اپنائے، عرب اقوام کو متحد کرے اور ان کی فلاح و بہبود کی کوشش کرے۔ نیز وہ دنیا بھر کے مسلمانوں کو ظالم طاقتوں کی جارحیت سے نجات دلائے۔ اور دنیا میں اللہ کا کلمہ بلند اور اللہ کے دین کی اشاعت کرے۔ حتی لاتکون فتنۃ ویکون الدین کلہ اللہ"۔

آخر میں انہوں نے جماعت کے طریق کار کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بتایا کہ ہم ایک مسلمان فرد، ایک مسلمان گھرانہ اور ایک مسلمان معاشرہ تعمیر کرنا چاہتے ہیں۔

۴۔ الرسائل الثلاث: یہ تین رسالے یکجا ہیں۔ اس میں پہلے رسالے کا عنوان ہے دعوتنا (ہماری دعوت کیا ہے)۔ دوسرے کا عنوان ہے: الی ای شئی ندعو الناس (ہم لوگوں کو کس چیز کی طرف بلاتے ہیں) تیسرے رسالے کا عنوان ہے: نحو النور (روشنی کا پیغام)۔ یہ تیسرا رسالہ درحقیقت ایک خط ہے جو امام البنا نے ۱۹۳۶ء میں مصر و سوڈان کے بادشاہ فاروق اور وزیر اعظم نحاس پاشا اور تمام عالم اسلامی کے فرماں رواؤں کو لکھا تھا۔ اس خط میں انہوں نے بڑے ایجاز و بلاغت کے ساتھ پہلے اسلام کے اصول و مبادی اور اسلامی تہذیب و تمدن کو بیان کیا ہے۔ اور صاف صاف لکھا ہے کہ اس قدر عظیم نظریہ حیات کی موجودگی میں مغربی طرز زندگی اور طرز تمدن و معاشرت اختیار کرنا بڑے خسارے کی بات ہے۔ اس ابتدائی بحث کے بعد اسلامی نظریہ حیات اور مغربی نظریہ زندگی کا موازنہ کیا گیا ہے اور

Marfat.com

دونوں راستوں کی خصوصیات واضح کی گئی ہیں۔ اور یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ اسلام ہر پہلو سے خواہ عسکری تنظیم ہو یا صحت و تعلیم، اقتصادی اور معاشرتی اصلاحات ہوں یا ملکی قوانین، ہر شعبے میں ملتِ اسلامیہ کی ترقی کا ضامن ہے۔ آخر میں پچاس شقوں پر مشتمل اصلاحی تجاویز پیش کی گئی ہیں ان میں سے دس سیاسی، عدالتی اور ملکی نظم و نسق سے متعلق ہیں۔ تیس معاشرتی اور تعلیمی امور سے متعلق ہیں اور دس اقتصادی مسائل سے متعلق ہیں۔

۵۔ بین الامس والیوم (ماضی اور حال کا موازنہ) یہ امام البنّا کا سب سے پہلا رسالہ ہے۔ یہ دوسری عالمگیر جنگ شروع ہونے سے تھوڑی مدت پہلے انہوں نے تحریر کیا تھا۔ اس رسالے میں انہوں نے اسلام کے اصول و مبادی اور ملّی اصلاح کے وسائل بیان کیے ہیں۔ شروع میں اس پہلی اسلامی ریاست کے خدّوخال بیان کیے ہیں جو قرآن کی روشنی اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت میں قائم ہوئی تھی۔ اور ضمناً ان عوامل و محرکات کا تجزیہ کیا ہے جو مسلمانوں کے زوال کا باعث بنے ہیں۔ اور آخر میں دعوت اخوان کو اس عنوان سے بیان کیا ہے کہ یہ اسلام کے احیاء اور انسانیت کی نجات کی دعوت ہے۔"

۶۔ رسالۃ المؤتمر الخامس: یہ وہ خطاب ہے جو امام البنّا نے الاخوان کی پانچویں سالانہ کانفرنس کے موقع پر پیش کیا تھا۔ اس کانفرنس میں الاخوان کی دس سالہ جدّوجہد (۱۳۴۷ھ مطابق ۱۹۲۸ء تا ۱۹۳۸ء) کا جائزہ لیا گیا تھا۔ اس خطاب میں تین بڑے عناوین کے تحت کلام کیا گیا ہے:

Marfat.com

۱۔ الاخوان کے مقاصد اور ان کی دعوت کی خصوصیات۔
۲۔ الاخوان فروغ دعوت کے لیے کن وسائل سے کام لیتے ہیں اور ان کا طریقِ کار کیا ہے۔
۳۔ مختلف ملکی اداروں اور تنظیموں اور نظریات کے بارے میں الاخوان کا موقف۔

امام البنّا کا یہ خطاب اخوان کی دعوت کو سمجھنے کے لیے بے حد ضروری ہے۔

۷۔ الاخوان المسلمون تحت رایۃ القرآن (اخوان المسلمون قرآن کے جھنڈے تلے)۔ یہ بھی ایک تقریر ہے جو امام البنّا نے ۴ اپریل ۱۹۳۹ء کو قاہرہ میں دار الاخوان میں ایک زبردست اجتماع کے سامنے کی۔ اس میں جماعت کے مقاصد اور نوجوانوں کے فرائض بیان کیے ہیں۔ اور ان مفاسد کے خلاف اُٹھ کھڑے ہونے کی دعوت دی گئی ہے جو تقلید افرنگ کے نتیجے میں مصری معاشرے کو گھن کی طرح چاٹ رہے ہیں۔

۸۔ مشکلاتنا فی ضوء النظام الاسلامی (اسلامی نظام کی روشنی میں قومی مسائل کا جائزہ)۔ یہ رسالہ امام البنّا نے قیام پاکستان کے بعد تحریر کیا ہے۔ اس رسالے میں پہلے مصر اور دوسرے مسلم ممالک کے سیاسی حالات کا بھرپور تجزیہ کیا گیا ہے (اس تجزیے میں یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ پاکستان جو ایک نوخیز اسلامی ریاست ہے وہ بُت پرست ہندو قوم کی مسلح جارحیت سے دوچار ہے اور تمام استعماری ممالک جن میں روس بھی شامل ہے اس جارح طاقت کی

Marfat.com

اسلحہ سے امداد کر رہے ہیں)۔ قومی مسائل کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ان کی اصلاح کی تجاویز پیش کی گئی ہیں۔ پہلے حصے میں نظامِ حکومت سے متعلق تمام خرابیوں کا تجزیہ کیا گیا ہے اور پھر اسلامی نظریہ کی بنیاد پر ان کی اصلاح کی صورت بیان کی گئی ہے۔ دوسرے حصے میں اقتصادی نظام پر بحث کی گئی ہے۔ اور اسلام کے اقتصادی نظام کے خصائص بیان کر کے اقتصادی فساد کا علاج تجویز کیا گیا ہے۔

۳۔ خطب حسن البنّا: (امام حسن البنّا کے خطبے)۔ امام موصوف وقتاً فوقتاً مختصر تقریریں کرتے اور درس دیتے رہے ہیں۔ ان مختصر تحریروں کو کتابی شکل میں شائع کر دیا گیا تھا۔ ان خطبوں کے بارے میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ امام البنّا نے سمندر کو کوزے میں بند کر دیا ہے۔

۴۔ مقالات حسن البنّا: امام صاحب اخوانی رسائل و جرائد میں مختصر اور جامع انداز میں اپنے کارکنوں اور رفیقوں کو حالات و ظروف کے مطابق ہدایات اور مشورے دیتے رہتے تھے۔ ان چھوٹے چھوٹے شذرات کو جو درحقیقت "شذرات الذہب" ہیں اس کتاب میں جمع کر دیا گیا ہے۔ بلاغت و ایجاز اور تاثیر کے قابلِ تعریف نمونے ہیں۔

۵۔ الماثورات: یہ مسنون دعاؤں کا ایک مجموعہ ہے جسے امام شہید نے خود مرتب کیا ہے۔ اس مجموعے کے آخر میں "وردالرابطة" کے نام سے ایک طویل دعا ہے جو خود امام البنّا کی تصنیف کردہ ہے۔ یہ دعا اخوان کے کارکن نماز مغرب شروع کرنے سے پہلے یک زبان ہو کر پڑھتے ہیں۔ اور اس میں اُس عہد کا اعادہ کرتے ہیں

Marfat.com

جو اسلام، تحریک اور خدا کے ساتھ انہوں نے استوار کر رکھا ہے۔

اور بھی متعدد تحریریں ملتی ہیں جو حسن البنّا کے قلم سے سیاسی، اخلاقی اور معاشرتی تقاضوں کے تحت منظر عام پر آتی رہی ہیں۔ ان تحریروں میں یہ بات قدر مشترک ہے کہ وہ مختصر ہیں، اور ادب و بلاغت کا اچھا نمونہ ہیں۔ اور مضمون و مدّعا کے لحاظ نہایت صحت مندانہ سوچ کی عکاسی کرتی ہیں۔

## شہادت

جب ہم امام حسن البنّا کی زندگی پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں محسوس ہوتا ہے کہ بچپن سے لے کر آخری لمحات تک انہوں نے زندگی کی جتنی ساعتیں دنیا میں گزاری ہیں ان میں آرام اور سکون کے اوقات بہت کم اور حرکت و عمل کے اوقات بہت زیادہ ہیں۔ وہ ہمیں ایک سیماب وش، محو تب و تاب اور نا آشنائے سکون انسان نظر آتا ہے۔ اُس کے دن اسلام کی دعوت اور انسان کی خدمت میں گزر رہے ہیں اور راتیں خدا کے سامنے حاضری اور آہ و زاری کے لیے وقف ہیں۔ موصوف اکتوبر ۱۹۰۶ء میں پیدا ہوتے اور ۱۲ فروری ۱۹۴۹ء کو قاہرہ کی سب سے بڑی شاہراہ پر شہید کر دیئے گئے۔ اس لحاظ سے ان کی عمر ۴۳ سال کے لگ بھگ ہوتی ہے۔ اس مختصر سی عمر میں انہوں نے ایک عظیم الشان تحریک کو قائم کیا اور پھر اُسے اس قدر ترقی دی کہ وہ عالم عرب کی سب سے بڑی اسلامی تحریک کہلائی۔ اس تحریک نے فکر و عمل کی دنیا میں اس قدر عظیم انقلاب برپا کر دیا کہ آج تک اُس کے اثرات نہیں مٹائے جا سکے۔ عمر اور کام کا جب موازنہ کیا جاتا ہے تو عمر کی کمی اور کام کی وسعت دیکھ کر یہ کہے بغیر چارہ نہیں رہتا کہ حسن البنّا ایک موہوب ہستی کا نام ہے۔ ان کی حیات دنیا کی ایک ساعت کئی سالوں پر بھاری تھی۔ اور یہ خصوصیت

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے انہیں اُس بے پناہ روحانیت، بے کراں جذبۂ عشق اور بے نہایت اخلاص و عزیمت کی بدولت عطا فرمائی تھی جس کا مظاہرہ وہ زندگی کے ہر سانس میں کرتے رہے ہے۔ چنانچہ اُن کی شہادت کے واقعہ پر مصر کے نامور عالم دین شیخ محمد الغزالی نے ان الفاظ میں اظہارِ خیال کیا:

"قاتل کی گولی نے ایک ایسے جسم کو چیرا جسے خشوع اور خضوع سے لبریز عبادت نے چکنا چور کر رکھا تھا جو طول قیام اور طول سجود کے سبب بے حد گھل چکا تھا۔ جو راہِ خدا میں مسلسل سفروں سے غبار آلود ہو چکا تھا جس کی پیشانی پے درپے دوروں کی وجہ سے بے پناہ خستگی کی غمازی کر رہی تھی۔"

گو قاتل نے ایسے آرام نا آشنا وجود پر گولی چلا کر جس جُرم کا ارتکاب کیا اُس کی شناعت میں کوئی شبہ نہیں ہے مگر اُس وجود کے لیے یہ گولی ایک ابدی آرام کا پیغام لے کر آئی۔ وہ ابدی آرام جس کی خبر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے دیتے ہوئے فرمایا کہ:

"مومن جب دنیا سے رخصت ہوتا ہے تو تکالیف و آلام سے نجات پاکر آرام و راحت کی دنیا میں منتقل ہو جاتا ہے۔"

## حسن البنّا کی عظمت میں گھریلو تربیت کا حصّہ

اللہ تعالیٰ اپنے دین کے لیے جس بندے کو منتخب کرتا ہے اُس کے لیے ہر لحاظ سے ایسے اسباب فراہم کر دیتا ہے جو اُسے بچپن سے اس کارِ عظیم کے لیے تیار کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ دورِ جدید میں اس کی سب سے بڑی مثال امام حسن البنّا کی پیش کی جا سکتی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک طرف حسن البنّا کا بچپن اور جوانی کا ماحول اُن کے اندر وہ قوتِ عزم اور روحانی پاکیزگی کو نشو و نما دے رہا ہے جو مُصلح کے لیے لازمی سرمایہ ہے اور دوسری

Marfat.com

طرف اُن کے اندر دینی غیرت وحمیت، منکر سے نفرت اور معروف کی اشاعت کا وہ جذبہ فروزاں بیدار کر رہا ہے جو انہیں حالات سے برسرِ پیکار رکھنے کے لیے ضروری تھا۔

حسن البنّا جس گھرانے میں پیدا ہوئے وہ ایک سادہ دیہاتی گھرانہ تھا۔ یہ گھرانہ اور یہ ماحول اُن بہت سے عیوب و مفاسد سے پاک تھا جس میں شہری زندگی مبتلا ہوتی ہے۔ شجاعت و مردانگی، اخوت و تعاون، غیرت وحمیت، سادگی و بے لوثی، وفاشعاری و راستبازی یہ وہ عمومی صفات ہیں جو حسن البنّا کو اخلاقی لحاظ سے اپنے دیہاتی گھرانے ہیں ورثے میں ملیں۔ چونکہ ان کے والد ازہر کے تعلیم یافتہ تھے، فقہ و حدیث پر گہری نظر رکھتے تھے۔ غربت کے باوجود اُن میں استغنا کی شان موجود تھی اور مزید براں یہ کہ انہوں نے جو علم دین حاصل کیا تھا اُسے روزی کمانے کا ذریعہ نہ بنایا بلکہ گھڑی سازی کا پیشہ اختیار کر کے گزر اوقات کا انتظام کیا اس لیے حسن البنّا کو علم نافع کے ساتھ ساتھ عمل صالح کے مثالی نمونے کا مشاہدہ ماں کی گود اور باپ کی صحبت ہی میں نصیب ہو گیا تھا۔ اور پھر خود ان کے اندر بھی ان چیزوں کی رغبت جنم لینے لگی۔ اس گھریلو تعلیم و تربیت کا نقشہ ملاحظہ کرنے کے لیے حسن البنّا مرحوم کے چھوٹے بھائی عبدالرحمٰن البنّا کا یہ بیان کافی ہے وہ اپنے شہید بھائی کو خطاب کر کے کہتے ہیں:

> "برادر بزرگ! تم عمر کے نویں سال میں تھے اور میں ساتویں سال میں۔ ہم دونوں مکتب میں قرآن کریم حفظ کرتے تھے، اور تختیاں لکھا کرتے تھے۔ تمہیں قرآن کا دو تہائی حفظ ہو چکا تھا اور مجھے صرف ایک ثلث سورہ بقرہ سے سورہ التوبہ تک یاد ہوا تھا۔ ہم مکتب سے لوٹتے تو ہمارے والد کا دستِ شفقت ہمیں لپک لیتا۔ اور ہماری ساخت و پرداخت میں لگ جاتا۔ والد محترم ہمیں سیرۃ النبیؐ کے اوراق مطہرہ اور فقہ، اصول فقہ اور نحو کے اسباق زبانی

Marfat.com

حفظ کراتے۔ والد بزرگوار نے ہمارے لیے ایک گھریلو نصاب تعلیم وضع کر رکھا تھا جسے وہ ہمیں پابندی سے پڑھاتے تھے۔ آپ اُن سے فقہ احناف پڑھتے تھے اور مَیں فقہ مالکی پڑھتا تھا۔ آپ نحو بین الفیہ پڑھتے تھے اور مَیں ملحمۃ الاعراب"

"ہمارے اسباق کا تقاضا ہوتا تھا کہ ہم دونوں مل کر انہیں دہرائیں اور انتھک محنت سے کام لیں۔ لہٰذا ضروری تھا کہ ہم اوقات کو منضبط کرلیں۔ اور تمام کاموں کی ایک فہرست بنالیں۔ اے میرے پیارے بھائی مَیں نے تم سے بڑھ کر زندگی میں کثرت سے روزے رکھنے والا اور کثرت سے نمازیں پڑھنے والا نہیں دیکھا۔ آپ سحری کے وقت بیدار ہو جاتے تھے۔ اور قیام اللیل کرتے تھے۔ پھر مجھے نماز فجر کے لیے جگاتے۔ اور نماز کے بعد میرے سامنے کاموں کی فہرست تلاوت کرتے۔ آپ کے پیارے الفاظ ابھی تک میرے کان میں گونج رہے ہیں۔ آپ فرماتے: پانچ بجے سے چھ بجے صبح تک قرآن کریم پڑھنے کا وقت ہے۔ چھ سے سات تک تفسیر اور حدیث۔ سات سے آٹھ تک فقہ اور اصول فقہ۔ یہ ہماری گھر کی تعلیم تھی۔ اور پھر ہم مکتب کی راہ لیتے تھے۔"

"والد بزرگوار کی لائبریری میں کتابوں کی بہتات تھی۔ ہم اپنی ننھی ننھی آنکھوں سے کتابوں کا جائزہ لیتے۔ کتابوں کے نام سنہری حروف میں نقش تھے۔ ہم کبھی "نیسابوری" لے لیتے، کبھی "قسطلانی" اور کبھی "نیل الاوطار"۔ والد ہمیں اجازت مرحمت فرما دیتے۔ بلکہ ہمیں ترغیب

Marfat.com

دیتے کہ ہم ان کی لائبریری کو دیکھا کریں ۔ آپ اس بارے میں گوئے سبقت لے جاتے تھے ۔ میں آپ کا ہمقدم بننے کی کوشش کرتا لیکن میں کہاں اور آپ کہاں ۔ آپ غیر معمولی انسان تھے ۔ میری اور آپ کی عمر کا فرق تو صرف دو سال کا تھا ۔ مگر مشیتِ الٰہی آپ کو ایک امرِ عظیم کے لیے تیار کر رہی تھی ۔"

" والد محترم کی مجلسوں میں علمی بحثیں اور گفتگوئیں جاری رہتی تھیں ، ہم یہ بحثیں سُنتے تھے ۔ والد محترم اور علمائے درمیان بعض اوقات خوب مناظرے ہوتے جنہیں ہم کان لگا کر سنتے ۔ ان مجلسوں میں شیخ محمد زہران آتے ۔ استاذ محترم حامد محیسن آتے اور علم و تحقیق کی گرم بازاری ہو جاتی ۔ مثلاً ہم نے انہیں استواء علی العرش کے مسئلے پر بحث کرتے سنا یعنی اللہ تعالیٰ عرش پر مستوی ہے ۔ کیا یہاں استواء سے مراد بیٹھنا ہے یا متمکن ہونا ہے ؟ اس بارے میں غزالیؒ کی کیا رائے ہے ، زمخشریؒ کیا کہتا ہے اور امام مالک بن انسؒ سے جو قول مروی ہے اس کی کیا حقیقت ہے ؟ ۔ یہ بحثیں ہم مزے سے سُنتے تھے ۔ جو بات ہمارے فہم میں آ جاتی تھیں وہ محفوظ کر لیتے تھے اور جو باریک و دقیق ہوتی تھیں اُس کے بارے میں والد سے رجوع کرتے یا تفسیر کی کتابوں میں انہیں تلاش کرتے ۔"

" میں وہ دن نہیں بُھلا سکتا جب محمودیہ میں ہمارے گھر کا صحن ننھے بچوں سے بالکل بھر گیا تھا ۔ یہ بچے مکتب کے طلبہ تھے ، ان کے ساتھ ان کا مانیٹر بھی تھا اور میاں جی بھی تھے اور ان کی زوجہ محترمہ بھی ہاتھ میں بُقچہ لیے

Marfat.com

ہوئے موجود تھیں۔ بچوں نے زرق برق کپڑے پہن رکھے تھے۔ ہر بچّے کے ہاتھ میں کھجور کی ٹہنی تھی جسے اوپر سے چیرا گیا تھا اور اس کے اندر ایک رنگین کاغذ لٹکایا ہوا تھا۔ اس پر کشتی کی تصویر تھی یا درخت کی۔ یہ ٹہنیاں بچوں نے ہاتھ میں اٹھا رکھی تھیں۔ اور بآواز بلند وہ یہ نغمہ گا رہے تھے:

صلّوا یا حُضّار — درود پڑھیے حاضرین!

علی النبیّ المختار — نبی پاک پر

میاں جی یہ شعر پڑھتے:

لا ننصرف حتی تجینا الفضة

فی طاسة مجلوة مبیضة

"اس وقت تک ہم نہ جائیں گے جب تک نہ آجاتے کھنکتی چاندی ایک چمکدار شفاف رکابی میں۔"

میاں جی کے اس شعر کے بعد بچّے اپنا سابقہ نغمہ دہراتے۔ ہماری امی جان "کھنکتی چاندی" کو ایک چمکدار شفاف رکابی میں رکھ کر لے آتیں۔ ساتھ ایک کیک اور کچھ پیڑے بھی تھے جن سے استانی صاحبہ کا تھیلا بھر گیا اور میاں جی واپس لوٹ گئے۔ یہ تقریب اس خوشی میں منعقد ہوئی تھی کہ آج آپ نے قرآن کریم مکمّل حفظ کر لیا تھا۔"

(الامام الشہید حسن البنّا۔ ص ۱۰-۱۱)

حسن البنّا کی اس گھریلو تربیت کے بارے میں جمعیت الشبان المسلمین مصر کے پہلے صدر مرحوم جنرل محمد صالح حرب پاشا لکھتے ہیں:

Marfat.com

"میری رائے میں مرشد شہید کی شخصیت تیار کرنے میں ان کے ماحول کا بہت بڑا حصہ ہے۔ موصوف ایک نیکوکار، دین دار اور صاحب فضل و علم خاندان میں پیدا ہوئے۔ مرشد کی ذات پر اس خاندانی ماحول نے گہرے اثرات ڈالے۔ پھر مرشد نے جو تعلیم بھی حاصل کی وہ اسلام اور اخلاق حسنہ کی روح سے لبریز تھی۔ تصوف و سلوک کی دنیا میں وہ آغاز سفر ہی میں داخل ہو گئے۔ مرشد جلیل اسلام کے فہم، قرآن کے حفظ، قرآن کے ذوق، رموز قرآنی کے ادراک اور سنت پر گہری نظر اور فقہ میں مہارت تامہ کے باب میں بے پایہ اور بے نظیر تھے۔ ان کا یہ علمی خزانہ ایک ایسے چشمے کی مانند تھا جو نہ خشک ہوتا اور نہ اس کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا ہوتی۔ چنانچہ دعوت وارشاد کی راہ میں یہ علمی خزانہ ان کے لیے بڑا مددگار ثابت ہوا۔ وہ اپنی گفتگو میں، اپنی تقریر میں اور اپنی تحریر میں اسی وسیع سمندر سے خود بھی سیراب ہوتے تھے اور دوسروں کو بھی سیراب کرتے تھے۔" (الامام الشہید حسن البنا ص ۱۲۸)

## اپنی بستی کا ننھا داعی

اللہ تعالیٰ نے حسن البنا کو دعوت واصلاح اور جہاد و نصیحت کا جو جذبہ ودیعت کیا تھا وہ زندگی کے ہر مرحلہ میں ظہور پذیر ہوتا رہا۔ "الاخوان المسلمون" کی تشکیل مارچ ۱۹۲۸ء میں انہوں نے اسماعیلیہ میں کی مگر اس تشکیل سے قبل حسن البنا کی زندگی بتا رہی تھی کہ یہ شخصیت غیر معمولی عزائم لے کر دنیا میں وارد ہوئی ہے اور یہ نہ صرف مصر بلکہ پورے عالم عرب پر اثر انداز ہونے والی ہے۔ وہ جب اپنی بستی کے محدود معاشرے میں تھے اور ابھی مکتب کی تعلیم حاصل کر رہے تھے اس وقت بھی ان کے اندر یہ جذبۂ اصلاح موجزن تھا۔ مدرسے

Marfat.com

کے اندر انہوں نے اپنے ہم عمر چند کمسن بچوں کو ساتھ ملا کر ایک بزم قائم کی جس کا نام "جمعیت اخلاق ادبیہ" رکھا۔ اس بزم کے وہ خود ہی صدر منتخب ہوتے۔ اور اس کے مقاصد ننھے طلبہ کے اندر اچھی عادات کو فروغ دینا تھا۔ جب اس بزم اور اس کے محدود کام سے اس نوخیز داعی کے ولولۂ اصلاح کو تسکین نہ ملی تو اُس نے مدرسہ کی حدود سے باہر ایک اور انجمن تشکیل کی جس کا نام تھا "جمعیت انسداد محرّمات"۔ یہ جمعیت بستی کے باشندوں کو منکرات سے اجتناب کی دعوت دیتی اور خطوط کے ذریعہ اُن کو نیکیوں کی تلقین کرتی۔ حسن البنّا جس زمانے میں مدرستہ الرشاد الدینیہ کے ایک معصوم طالب علم تھے ان کا گزر ایک دن محمودیہ کی ندی پر ہوا۔ کنارے کے پاس ایک بادبانی کشتی کھڑی تھی۔ جس پر لکڑی کی ایک عُریاں مورتی آویزاں تھی۔ اس جگہ عورتوں کا بھی بکثرت آنا جانا رہتا تھا۔ اس ننھے داعی نے جب اِس مُنکر کا مشاہدہ کیا تو اس سے نہ رہا گیا۔ وہ فوراً مقامی پولیس چوکی میں گیا اور پولیس افسر کے سامنے اس مورتی کے خلاف احتجاج کیا۔ پولیس افسر معصوم طالب علم کی غیرتِ ایمانی سے بڑا متأثر ہوا اور وہ فوراً ملاّح کے پاس گیا اور مُورتی کو مستول سے اتروا دیا۔ اور پھر اگلے روز اُس پولیس افسر نے مدرستہ الرشاد الدینیہ میں جا کر مدرسہ کے صدر مدرّس کے سامنے معصوم طالب علم کے جذبۂ غیرت کی بڑی ستائش کی۔

## دمنھور کے اسکول میں دعوت و تبلیغ

دمنھور کے ٹیچرز ٹریننگ اسکول میں جب حسن البنّا پہنچے تو اپنے ساتھ اصلاح کے فطرتی ولولے کو بھی لے گئے۔ اسکول کے اندر بھی ان کا سب سے پہلا تعلق اُس چھوٹی مسجد کے ساتھ ہوا جو اسکول کے پہلو میں واقع تھی۔ اس مسجد میں انہوں نے باقاعدہ نماز باجماعت کا نظام قائم کیا۔ اور اسی مسجد کے اندر سلسلہ حصافیہ کے پیر و کاروں سے ان کا تعارف

Marfat.com

ہوا اور وہ ان کی مجالسِ ذکر میں شریک ہونے لگے۔ ان مجلسوں میں حسن البنّا کے جذبہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو مزید غذا ملی۔ قدرت نے ان کے رُوحانی پہلو کو زیادہ سے زیادہ جِلا دینے کے لیے تربیت کا خاص انتظام فرما دیا۔ ایک صوفی تاجر سے اِن کی راہ و رسم بڑھی۔ یہ تاجر اسکول کے لڑکوں کو ہفتہ عشرہ میں ایک مرتبہ قبور کی زیارت کو لے جاتا اور وہاں اُن کے اندر زندگی کے فانی ہونے کا تصوّر جاگزیں کرتا۔ انہیں صلحاء و اتقیاء کی حکایات سناتا۔ جس سے ان کے دل گداز اور ان کی آنکھیں اشکبار ہو جاتیں اور ان کے اندر خدا اور رسوؐل کی اطاعت کا جذبہ امڈ آتا۔ سلسلۂ حصافیہ کے پیروکاروں سے یہاں تک اُن کے روابط بڑھے کہ انہوں نے مِل جل کر جمعیت حصافیہ خیریہ (حصافی بھائیوں کی رفاہی انجمن) قائم کر دی۔ اس انجمن کے دو مقاصد تھے:

ایک اخلاقِ فاضلہ کی دعوت اور منکرات و محرّمات کا سدِّ باب۔

اور دوسرا عیسائی مشنریوں کا سدِّ باب جو علاج اور خانہ داری کی تعلیم اور یتیم خانوں کی آڑ میں عیسائیت پھیلا رہے تھے۔

دمنھُور میں حسن البنّا نے ایک یہ کام بھی شروع کر دیا کہ وہ سحری کے وقت بیدار ہوتے اور مسجد میں نمازِ تہجد گزارنے کے بعد دمنھُور کے مؤذنوں کو خواب سے بیدار کرنے کے لیے نکل جاتا۔ اور جب مؤذن اُٹھ کر اذانیں دیتے تو حسن البنّا ان کی آوازمیں ایک سرور سرمدی محسوس کرتے۔ اور اس وقت ان کی روحانی کیفیت بلندی کی اعلیٰ ترین منازل کو چھُو رہی ہوتی تھی۔ جو لوگ دنیا کے اندر رشد و ہدایت کا کام کرنے کے لیے اٹھے ہوں انہیں حسن البنّا شہید کی زندگی کے اس پہلو کا خاص طور پر مطالعہ کرنا چاہیئے۔ دمنھُور کے زمانے میں انہوں نے ضبطِ نفس اور صبر و قناعت کا فراواں توشہ اپنے لیے جمع کر لیا جو ان کی آئندہ

Marfat.com

زندگی میں قدم قدم پر ان کے کام آیا۔

## حسن البنّا قاہرہ میں

دارالعلوم قاہرہ میں جب انہوں نے داخلہ لے لیا تو وہ محدود معاشروں سے نکل کر اب ایسے نئے معاشرے میں آگئے جو سابقہ معاشروں کی نسبت کمیت اور کیفیت دونوں لحاظ سے وسیع تھا۔ محمودیہ اور دمنہور کی زندگی اور قاہرہ کی زندگی میں کوئی مماثلت ہی نہ تھی۔ قاہرہ سیاسی تحریکوں کا مرکز تھا، یہاں علم وثقافت کے دائرے وسیع الاطراف تھے۔ یہاں قدیم طرز کے نیک نفس انسانوں کے نمونے بھی ملتے تھے اور اخلاقی و اجتماعی فساد کی لہریں بھی نئے نئے زاویئے بدل کر امڈ رہی تھیں۔ ان باتوں نے حسن البنّا کے اندر دعوت و اصلاح کے جذبے کو مہیز لگائی اور ان کے اندر اُسی پیمانے پر کچھ کرنے کا عزم اُبھر آیا جس پیمانے کا فساد تھا۔ ایک طرف خارجی ماحول اور دوسری طرف داخلی احساسات نے انہیں بے چین کر دیا۔ قاہرہ کی ایک تنظیم "جمعیت مکارم اخلاق" میں شریک ہو گئے جو اس وقت قاہرہ کے فساد زدہ ماحول میں واحد اصلاحی انجمن تھی۔ اس جمعیت کے درسوں میں وہ پابندی سے شریک ہوتے رہے۔

## قہوہ خانوں میں دعوت کا کام

لیکن قاہرہ بے راہ روی، فساد اخلاق اور مغربیت میں جس بُری طرح ڈوبا جا رہا تھا حسن البنّا کی نظر میں اس کا تدارک مسجد کے وعظوں سے نہیں ہو سکتا تھا۔ اس غرض کے لیے حسن البنّا نے دارالعلوم اور ازہر کے طلبہ پر مشتمل ایک گروہ تیار کیا۔ اور انہیں قہوہ خانوں میں (جہاں سینکڑوں لوگ روزانہ شام کو تفریح کے لیے جمع ہوتے ہیں) اور پبلک اجتماعات میں درس و تدریس اور وعظ و نصیحت کا سلسلہ شروع کیا۔ یہ گروہ جس کے سرخیل حسن البنّا

Marfat.com

تھے قہوہ خانوں میں جاکر قرآن اور حدیث کے درس دیتا اور نرد بازی، قہوہ نوشی شیشہ کشی اور قصہ خوانی کے بجائے جمہور کو دین کے تقاضوں کی جانب توجہ دلاتا۔ اس طریقہ وعظ پر مشائخ کی طرف سے بار بار انگشت نمائی کی گئی مگر یہ کامیاب رہا اور شہروں سے گزر کر قصبوں اور دیہاتوں میں بھی اس کا تجربہ کیا گیا۔ اسی گروہ کے اندر ایک کمیٹی تشکیل کی گئی جو دعوتِ اسلامی کی اشاعت کی نگران قرار پائی۔ گرمائی تعطیلات میں یہ گروہ غیر معمولی طور پر سرگرم ہو جاتا اور شہر اور دیہات اس کی جولان گاہ ہوتے۔ حسن البنّا کو اس طریقہ دعوت سے دو چیزیں حاصل ہوئیں: ایک خود اعتمادی اور دوسری عوامی نفسیات کا صحیح فہم۔

علماء کی خدمت میں

لیکن ترکی کی لادینی کی تحریک کے جو اثرات مصر پر پڑ رہے تھے اور الحاد و اباحیت کا جو طوفان امڈ رہا تھا اس کے سامنے یہ محدود و ناتواں "واویلا" بے اثر تھا۔ اور حسن البنّا کی نظر میں "حالات کسی بڑے اور ٹھوس کام کا تقاضا کر رہے تھے"۔ چنانچہ وہ بے چین ہو کر علماء اور مشائخ کی طرف متوجہ ہوئے اور اُن کو فرائض کا احساس دلانے لگے۔ سیّد رشید رضا مرحوم سے ملے۔ ازہر کے نامور عالم دین شیخ یوسف دجوی کی خدمت میں گئے اور انہیں بے باکی کے ساتھ جھنجھوڑا اور انہیں ترغیب دی کہ جہاں قاہرہ ملحدانہ نظریات کے حامل مجلات و جرائد سے بھرا پڑا ہے، وہاں کم از کم کوئی اعلیٰ پیمانے کا اسلامی مجلہ ہی جاری کرنا چاہیئے جو "جاہلیت جدیدۃ" کے بُت کدے میں نعرۂ حق بلند کرے۔ المکتبۃ السلفیۃ کے مالک محب الدین خطیب سے رابطہ قائم کیا۔ شیخ محمد خضر حسین شیخ الازہر کے آگے حالات کی شکایت کی، فرید وجدی کی محفلوں میں شرکت کی۔ یہ حضرات اس وقت مصر کے چوٹی

Marfat.com

کے اہلِ علم تھے۔ حسن البنّا ایک ایک سے ملے اور انہیں الحاد و اباحیت کے طوفان بلاخیز کا سدِّباب کرنے کے لیے اُکسایا۔ اس تگ و تاز کا نتیجہ زیادہ حوصلہ افزا نہ برآمد ہُوا۔ البتہ محب الدین الخطیب نے الفتح کے نام سے ایک ہفت روزہ جاری کر دیا۔ اس ہفت روزہ نے اس دَور میں اسلام کے محاذ پر نہایت قابلِ قدر کردار ادا کیا۔

حسن البنّا خود داعی اور مُصلح کے تمام اوصاف سے متصف تھے۔ اخلاق و کردار کی پاکیزگی، عزم و ہمّت کی مضبوطی، ذوق و ولولہ کی آگ اور علم و آگہی کا سرمایہ یہ سب اوصاف داعی کے لیے ضروری ہیں۔ چنانچہ حسن البنّا ان تمام اوصاف سے بدرجۂ اتم بہرہ مند تھے۔ وہ اگر دوسروں کو دعوت و اصلاح کے لیے اُکسا رہے تھے تو صرف اس وجہ سے کہ ان پر اتمامِ حجت کریں ورنہ ان کے عزائم اور صلاحیتیں اس امر کے لیے کافی تھیں کہ وہ پہلے ہی روز اپنے کام کا آغاز کر دیتے۔ شیخ محمد الغزالی جو حسن البنّا کے ساتھیوں میں سے تھے لکھتے ہیں کہ:

> "کامیاب قائد وہ ہوتا ہے جو پہلے سے موجود وسائل کا صحیح استعمال کر سکے۔ اور کامیاب تر قائد وہ ہے جو خود وسائل کو بھی عدم سے وجود میں لائے حسن البنّا دوسری قسم کے قائد تھے۔"

دار العلوم کی طرف سے امتحان کے لیے جو مقالہ حسن البنّا کو دیا گیا اُس کا عنوان تھا: "تعلیم کے بعد آپ کیا کام کرنے کی خواہش رکھتے ہیں اور اس کے لیے کیا وسائل اختیار کریں گے۔؟" حسن البنّا نے اس کے جواب میں لکھا: "مَیں داعی اور معلّم بننا چاہتا ہوں۔ دن کو سال کے اکثر و بیشتر ایّام میں مصر کی نئی نسل کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کروں گا۔ اور راتوں کو اور چھٹیوں کی فرصتوں میں ان کے والدین کو مقصدِ دین سے آگاہ کروں گا۔ انہیں بتاؤں گا کہ سعادت

Marfat.com

کا سرچشمہ کہاں ہے اور زندگی کی حقیقی مسرتیں کیسے دستیاب ہو سکتی ہیں۔ اس غرض کے لیے ہر وہ وسیلہ اختیار کروں گا جو میرے بس میں ہوگا۔ تقریر سے، گفتگو سے، تالیف و تصنیف سے، کوچہ گردی اور بادیہ پیمائی سے الغرض ہر مؤثر ہتھیار سے مدد لوں گا۔" یہ ہیں اُس نوجوان کے جذبات جس نے ابھی عمر کے دو عشرے بھی مکمل نہیں کیے اور جسے نہ صرف اپنے دامن کو بچانے کی فکر ہے بلکہ دوسروں کے دامن کو بھی بچانے کا عزم رکھتا ہے۔ حسن البنّا کے بھائی عبد الرحمٰن البنّا لکھتے ہیں کہ "بچپن میں ایک روز میرے بھائی حسن البنّا نے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے کہا: عبد الرحمٰن! کیا ہم دونوں نے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد سورۃ آل عمران میں حفظ نہیں کیا؟ ولتکن منکم امۃ یدعون الی الخیر ویأمرون بالمعروف وینھون عن المنکر" (تم میں سے ایک گروہ ایسا ہونا چاہیے جو بھلائی کی دعوت دے، معروف کا حکم کرے اور منکر سے روکے)۔ میں نے کہا: ہاں ہم نے یہ آیت حفظ کر رکھی ہے۔ میرے بھائی نے فوراً مجھے کہا کہ پھر اُٹھیے۔ کوئی کام کریں۔ چنانچہ انہوں نے قصبے کے اندر "جمعیت منع المحرمات" (انجمن انسداد محرمات) قائم کی۔" جس ہستی کی نوعمری میں یہ کیفیت تھی وہ عالم جوانی میں داخل ہو کر کب تک وسائل کی فراہمی اور حالات کی سازگاری کا انتظار کر سکتی تھی۔

## اسماعیلیہ میں الاخوان المسلمون کا قیام

حسن البنّا دار العلوم قاہرہ سے فارغ ہوئے تو اسماعیلیہ میں ایک اسکول میں معلّم بنا دیئے گئے۔ یہ ۱۹۲۷ء کی بات ہے۔ اسماعیلیہ کا سفر وہ جن جذبات سے کر رہے ہیں اُن سے بھی صاف عیاں ہوتا ہے کہ وہ اس شہر کو اپنی امنگوں کا آئینہ دیکھنا چاہتے ہیں۔ اس شہر سے اگر انہیں کوئی دلچسپی ہے تو صرف اس پہلو سے کہ یہ ان کے ارادوں کی تکمیل اور

Marfat.com

ان کے اصلاحی مشن کو بروئے کار لانے کے لیے کس حد تک ممد و معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ شہر میں پہنچتے ہی انہوں نے ایک زیرک داعی اور نباض حکیم کی طرح مقامی حالات کا اس نظر سے جائزہ لینا شروع کر دیا کہ یہاں دعوت کے لیے کون سا اسلوب زیادہ کارگر اور مؤثر ہو گا۔ اس جائزے کی رُو سے انہوں نے مسجدوں کے عوام کو اپنا مخاطب نہیں بنایا۔ بلکہ قہوہ خانوں کے عوام کی طرف رُخ کیا اور غیر آباد زاویوں کو اپنی اجتماع گاہ بنایا۔ اور اپنی آتش بیانی اور شیریں نوائی سے اسماعیلیہ کے کوچہ و بازار کو دیکھتے ہی دیکھتے آشنائے تب و تاب کر دیا۔ اسماعیلیہ میں انہیں یہ بھی دیکھنے کا موقع ملا کہ کس طرح استعمار مصری عوام کی گردنوں پر کوس حکمرانی بجا رہا ہے۔ اسماعیلیہ انگریزی فوج کی چھاؤنی تھا۔ اس ماحول نے حسن البنّا کے اندر استعمار کے خلاف جذبۂ نفرت کو مزید گہرا کر دیا۔ اور اب اُن کے سامنے اسلامی بیداری کی رُوح پھونکنے کے ساتھ ساتھ مصری عوام کو استعمار کے پنجوں سے آزاد کرانے کا مسئلہ تھا۔ انہی ملے جُلے جذبات میں ڈوب کر وہ اسماعیلیہ کے اندر اپنے مشن کی تکمیل میں لگ گئے۔ ان کی کوششوں کے نتیجے میں مارچ ۱۹۲۸ء میں اسماعیلیہ میں اُن کے مکان پر "الاخوان المسلمون" کے نام سے ایک تنظیم قائم ہوئی جس کا مقصد اسلام کا احیاء اور انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اسلامی انقلاب برپا کرنا قرار پایا اور اس عظیم کام کے لیے انہوں نے جو طریق کار اختیار کیا وہ چار مرحلوں پر مشتمل تھا۔ ایک الفرد المسلم (فرداً فرداً ہر مسلمان کو سچّا اور حقیقی مسلمان بنانا) دوسرے الأسرۃ المسلمۃ (اسلامی گھرانہ وجود میں لانا) تیسرے الأمۃ المسلمۃ (صحیح معنوں میں اسلام کی پیرو ملّت تیار کرنا) چوتھے الحکومۃ المسلمۃ (اسلامی حکومت قائم کرنا)۔ اس جماعت کی تاسیس کے بعد حسن البنّا ۱۹۳۳ء تک تقریباً پانچ سال اسماعیلیہ میں رہے۔ ان پانچ سالوں کے اندر اُن کی مساعی

Marfat.com

کا جو ثمرہ نمودار ہوتا ہے اُس کی ایک جھلک یہ ہے: پہلے دو سالوں میں اسماعیلیہ کے اندر دارالاخوان کے نام سے ایک مرکز اور ایک مسجد تعمیر کی گئی۔ ابوصویر، پورٹ سعید، بلاح اور شبراخیت کے مقامات پر شاخیں قائم ہوگئیں۔ تیسرے سال سویز میں بھی ایک شاخ وجود میں آگئی۔ چوتھے سال دس شاخیں قائم ہوگئیں۔ اسماعیلیہ میں ایک لڑکوں کے لیے اسلامی درس گاہ (درس گاہ حراء کے نام سے) دوسری لڑکیوں کے لیے درس گاہ (امہات المومنین اسکول) کھول دی گئی۔ اخوان کی دوسری شاخوں کے ساتھ ایک ایک مسجد اور بعض جگہ ایک ایک کلب بھی تعمیر کیے گئے۔

## اسماعیلیہ سے قاہرہ منتقلی

۱۹۳۲ء کو حسن البنّا نے اسماعیلیہ سے قاہرہ تبدیلی کروالی۔ تاکہ اس مرکزی شہر کو الاخوان کی دعوت و تحریک کا مرکز بنایا جائے۔ چنانچہ قاہرہ آنے کے بعد حسن البنّا کی سرکردگی میں الاخوان نے جو جدّوجہد کی اُس کا خلاصہ خود امام حسن البنّا نے ۱۹۳۴ء میں یعنی قاہرہ میں مقیم ہوجانے کے ایک ہی سال بعد اپنے ایک مضمون میں ان الفاظ میں بیان کیا:

"اخوان کی دعوت اور نظریہ مصر کے پچاس سے زائد شہروں اور قصبوں تک پھیل گیا ہے۔ ان شہروں میں نہ صرف اخوان کی شاخیں قائم ہوچکی ہیں بلکہ ان شاخوں کے ساتھ ہر جگہ کوئی نہ کوئی مفید اسکیم بھی عمل میں آگئی ہے۔ مثلاً اسماعیلیہ میں اخوان نے ایک مرکز اور ایک مسجد بنائی ہے۔ ایک کلب بنایا ہے۔ بچوں کی تعلیم کے لیے درس گاہ حراء کے نام سے اور بچیوں کی تعلیم کے لیے درس گاہ امہات المومنین کے نام سے مدرسے کھول دیئے ہیں۔ شبراخیت میں مسجد اور کلب اور بچوں کا اسکول اور ایک دارالصناعت قائم ہوچکا ہے۔

Marfat.com

جو بچے تعلیم مکمل نہیں کر سکتے وہ دارالصناعت میں داخل ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح محمودیہ (البحیرۃ) میں کپڑے اور قالین بافی کی ایک فیکٹری اخوان نے کھول لی ہے۔ اور ساتھ ہی قرآن پاک کی حفظ و ناظرہ تعلیم کی درسگاہ جاری کردی ہے۔ دقہلیہ (المنزلۃ) میں حفظ و ناظرہ کی تعلیم کا مدرسہ جاری ہو گیا ہے۔ الغرض ادفو سے لے کر اسکندریہ تک ہر شاخ نے کوئی نہ کوئی مفید اسکیم جاری کر لی ہے۔ قاہرہ کے اندر متعدد شاخیں قائم ہو چکی ہیں جو آپ کے سامنے ہیں۔"

## ایک جامع تحریک

اب تک تو حسن البنّا کی دعوت صرف عمومی اصلاح تک محدود تھی۔ مگر ۱۹۳۵ء سے انہوں نے سیاسی میدان میں براہ راست قدم رکھ دیا۔ اور اپنی تقریروں اور اجتماعات میں سیاسی اصلاحات کو بیان کرنے پر اکتفا نہ کیا بلکہ حکومتوں کو خطوط بھی پے در پے لکھے اور انہیں اصلاح احوال کی طرف توجہ دلائی۔ یہ خطوط بتاتے ہیں کہ اصلاح احوال سے ان کا مدّعا صرف دینی یا اخلاقی اصلاح کا نہ تھا بلکہ وہ نظام حکومت، اقتصادی نظام، تعلیمی اور تربیتی نظام، ملکی قوانین اور داخلی اور خارجی سیاست تک میں بنیادی اصلاحات چاہتے تھے۔ محمد محمود پاشا کے عہد سے لے کر دوسری جنگ عظیم کے چھڑنے تک حسن البنّا نے نہایت مثبت اور ناصحانہ انداز میں اس طریق کار کو اپنائے رکھا۔ ۱۹۳۸ء میں تحریک اخوان ہر لحاظ سے ایک ہمہ گیر انقلابی دعوت بن گئی۔ اور اس نے مصر اور عالم عرب کے حسّاس مراکز تک بھی اپنا پیغام پہنچا دیا۔ ۱۹۳۸ء میں امام البنّا نے تحریک کا تعارف کراتے ہوئے کہا:

"یہ تحریک ایک جامع نظریہ پہ قائم ہے اور اصلاح کے تمام گوشوں اور

Marfat.com

حقیقتوں کو حاوی ہے۔ یہ ایک سلفی دعوت ہے۔ کیونکہ یہ کتاب و سنّت کی علمبردار ہے اور اسلام کو اس کے اصل چشمۂ صافی کی طرف لوٹا دینا چاہتی ہے۔ یہ ایک طریقۂ سنت ہے کیونکہ اخوان ہر چیز میں سنّت مطہرہ پر عمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ ایک سلسلۂ تصوّف ہے۔ اس لیے کہ اخوان یہ سمجھ چکے ہیں کہ ہر بھلائی کی بنیاد پاکیزگیٔ نفس صفائے دل اور محبتِ الٰہی ہے۔ یہ ایک سیاسی تنظیم ہے۔ اس لیے کہ ہم ملک کے اندر بھی اور باہر بھی نظام حکومت کی اصلاح چاہتے ہیں اور قوم کو عزت و وقار کی تربیت دینا چاہتے ہیں۔ یہ ایک ریاضیاتی گروپ ہے۔ اس لیے کہ اخوان ورزشی ٹیموں کے ذریعے سے اپنی جسمانی تربیت کرتے ہیں اور دوسری کھلاڑی ٹیموں کے ساتھ میچ کھیلتے ہیں۔ یہ ایک علمی اور ثقافتی انجمن ہے۔ اس لیے کہ اخوان کے کلب اور مراکز فی الحقیقت تعلیم و تربیت کے مدرسے اور عقل و روح کو جلا دینے کے ادارے ہیں۔ یہ ایک اقتصادی کمپنی ہے۔ اس لیے کہ اسلام مالی امور بھی سلجھاتا ہے۔ اخوان اسلامی کمپنیاں کھول کر قومی اقتصادیات کو مضبوط کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ ایک معاشرتی نظریہ ہے۔ اس لیے کہ اخوان معاشرے کی بیماریوں کو معلوم کرتے ہیں اور امت کو ان سے شفایاب کرنے کے لیے علاج تجویز کرتے ہیں[1]۔"

---

[1] مجموعۃ رسائل الامام الشہید۔ ص ۲۴۹-۲۵۰

Marfat.com

## تحریک میں وسعت و ترقی

ایک مصری محقق محمد شوقی زکی لکھتے ہیں:

"۱۹۳۹ء سے لے کر ۱۹۴۵ء تک سیاسی لحاظ سے الاخوان کی دعوت ایک نئے مرحلے میں داخل ہو گئی۔ اس کی سرگرمیوں اور پروگراموں میں غیر معمولی وسعت پیدا ہو گئی۔ اب اخوان کے اندر قاہرہ یونیورسٹی اور ازہر یونیورسٹی کے نوجوان جوق در جوق شامل ہونے لگے۔ مختلف پیشہ ور عناصر جن میں مزدور، تاجر، صنعت کار، کاروباری لوگ، انجینئر، ڈاکٹر، ٹیچر اور وکیل شامل تھے اس جماعت سے وابستہ ہو گئے۔ اور مصری معاشرے کے تقریباً تمام گروہوں کی نمائندگی ہونے لگی۔ اخوان نے ایک طرف اقتصادی زندگی میں بڑھ چڑھ کر سرگرمی دکھائی اور دوسری طرف ریاضیاتی پہلو اور اسکاؤٹنگ میں انہوں نے حصہ لیا۔ اخوان کی شاخیں جو مصر کے کونے کونے میں پھیل چکی تھیں بڑے منظم طریقے سے ہر کام کو سرانجام دینے لگیں۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے اخوان ایک ایسی طاقت بن گئے جسے اب نظر انداز نہ کیا جا سکتا تھا[1]۔"

### آزمائشوں کی آمد آمد

لیکن یہی وہ دور تھا جب اخوان کے لیے آزمائشوں اور آلام کے دروازے بھی کھل گئے۔ اخوان کی پہلی آزمائش حسین سرّی پاشا کے عہد وزارت میں شروع ہوئی۔ اخوان کی طاقت کو دیکھ کر برطانوی سفارت خانے اور انگریزی ہائی کمان نے حکومت پر دباؤ ڈالا

---

[1] الاخوان المسلمون والمجتمع المصری۔ ص ۱۶

Marfat.com

کہ وہ کسی طریقے سے اخوان کے سیلاب کو روکے۔ چنانچہ سری پاشا نے اخوان کے دونوں ہفت روزے التعارف اور الشعاع بند کر دیئے۔ ان کا ماہانہ رسالہ المنار بھی ممنوع قرار دے دیا۔ ان کا پریس بھی ضبط کر لیا۔ اور ملکی اخبارات کو ہدایات بھیج دی گئیں کہ اخوان کے بارے میں کوئی چیز اخبارات میں نہ چھاپی جائے۔ اخوان کو اجتماعات کرنے کی اجازت نہ دی گئی۔ اس کے بعد تحریک کے قائدین کو تتر بتر کرنے کی اسکیم پر عمل درآمد کیا گیا۔ حسن البنّا کو قاہرہ سے قنا تبدیل کر دیا گیا (موصوف ابھی تک محکمہ تعلیم سے وابستہ تھے) اور سیکرٹری جنرل کو دمیاط بھیج دیا گیا۔ اور بعد میں پارلیمنٹ کے شدید احتجاج پر انہیں واپس بلا لیا گیا۔ مگر قاہرہ پہنچتے ہی انہیں گرفتار کر لیا گیا۔ حالات کی نزاکت کو دیکھ کر انہیں کچھ مدت کے بعد رہا کر دیا گیا۔ جب نحاس پاشا کی وزارت قائم ہوئی تو نحاس پاشا نے اخوان کے بارے میں نرم پالیسی اختیار کی۔ ۱۹۴۴ء میں نحاس پاشا کی حکومت برطرف کر دی گئی اور احمد ماہر پاشا نے وزارت بنا لی۔ اور اُس نے اخوان پر دوبارہ تشدّد شروع کر دیا۔ احمد ماہر نے (انگریزوں کے دباؤ کے تحت) جرمنی اور اٹلی کے خلاف جنگ میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ اخوان نے اس فیصلے کی مخالفت کی۔ اور احمد ماہر سے اس فیصلے کو منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا۔ اسی دوران العیسوی نامی ایک شخص نے احمد ماہر پر حملہ کر کے اُسے قتل کر دیا۔ احمد ماہر کے بعد نقراشی پاشا کی حکومت آ گئی جس نے اپنے عہد کا آغاز ہی حسن البنّا اور اخوان کے سیکرٹری جنرل اور دوسرے اخوانی لیڈروں کی گرفتاری سے کیا۔

## انگریزی استعمار کے خلاف پُرزور تحریک کا قیام

۱۹۴۵ء میں جب دوسری عالمگیر جنگ ختم ہو گئی تو الاخوان اب ایک اور شدید تر آزمائش میں داخل ہوئے۔ انگریزوں نے جنگ کے دوران مصری قوم سے یہ وعدہ کیا

Marfat.com

تھا کہ مصر اگر جنگ میں انگریزوں کا ساتھ دے گا تو جنگ کے بعد برطانیہ مصر کو آزاد کر دے گا چنانچہ جنگ ختم ہوتے ہی الاخوان نے ملک کے اندر ایک زوردار عوامی تحریک برپا کر دی اور انگریزوں سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے وعدے کو پورا کریں۔ دوسری طرف انہوں نے ان نئے حالات کا سامنا کرنے کے لیے اپنی تنظیم نو شروع کر دی۔ ۸ ستمبر ۱۹۴۵ء کو انہوں نے الاخوان کی جنرل کونسل کا اجلاس منعقد کیا۔ اور اپنے دستور میں نئے تقاضوں کے تحت ضروری تبدیلیاں کیں۔ نیز نئی تجارتی فرمیں کھولیں جن سے ان کی آمدنی میں بھی اضافہ ہوا اور مزدوروں کے اندر بھی اثر و نفوذ بڑھا۔ انہوں نے "الاخوان" کے نام سے اپنا ایک روزنامہ بھی جاری کر لیا جس کا پہلا شمارہ ۵ مئی ۱۹۴۶ء کو نکلا۔ رضاکار تنظیمیں قائم کیں۔ اور فوجی تربیت کے لیے جگہ جگہ عوامی مراکز کھول دیئے۔ اور مصر اور دوسرے عرب ممالک کے اندر انہوں نے عوام کو نہایت مستحکم انداز میں منظم کیا۔ جماعت کے اندر تقسیم کار کا طریقہ اختیار کیا گیا۔ الاخوان نے اپنے مرشد حسن البنّا سے از سر نو تجدید بیعت کی اور انہیں تاحیات اپنا سربراہ منتخب کر لیا۔

## تحریک کا عروج

اس دَور میں تحریک جس عروج کو پہنچی اُس کے متعلق محمد شوقی زکی لکھتے ہیں:

"صرف مصر کے اندر الاخوان کے فعال کارکنوں کی تعداد ۵ لاکھ تک پہنچ گئی۔ رہے حامی اور مددگار اور متفق تو ان کی تعداد فعال کارکنوں سے کئی گنا زیادہ تھی۔ اسی طرح مصر کے اندر الاخوان کی شاخوں کی تعداد ۲ ہزار اور سوڈان کے اندر ۵۰ ہو گئی۔ دوسرے عرب ممالک میں بھی متعدد شاخیں

Marfat.com

کھولی گئیں۔[1]"

## جنگ فلسطین میں اخوان کا حصّہ اور اس کا ثمرہ

نقراشی پاشا کے دور میں حسن البنّا نے انگریزوں کے خلاف اعلانِ جہاد کر دیا۔ اور پورے ملک کے اندر آزادی کی آگ بھڑکا دی۔ نقراشی پاشا کی حکومت اس تحریک کا سامنا نہ کر سکی اور مستعفی ہو گئی۔ اسماعیل صدقی پاشا نے حکومت سنبھال لی۔ اُس نے بھی الاخوان پر شدید تر وار کیا اور ایک ہنگامۂ دار و گیر برپا ہو گیا۔ اسماعیل صدقی بھی مستعفی ہو گیا۔ اور نقراشی پاشا نے دوبارہ ۱۰ اردسمبر ۱۹۴۶ء کو وزارت کی تشکیل کی۔ ایک طرف الاخوان کی تحریک جہادِ آزادی تھی اور دوسری طرف نقراشی پاشا اور انگریز تھے۔ دونوں فریقوں میں کشمکش ہوتی رہی۔ اِس کشمکش میں مسئلۂ فلسطین نے مزید تلخی پیدا کر دی۔ اخوان مسئلہ فلسطین میں پیش پیش تھے۔ ایک طرف یہ مسئلہ ان کے نفوذ و اثر کی کسوٹی بن چکا تھا اور دوسری طرف مصر اور بیرونِ مصر ان کی محبوبیت اور سرخروئی کا موجب بن گیا۔

۱۲ اردسمبر ۱۹۴۷ء کو الاخوان نے زبردست احتجاجی جلوس نکالا۔ یہ جلوس ازہر سے نکلا۔ اس کی قیادت خود امام حسن البنّا نے کی۔ وہ موٹر میں سوار تھے اور لاؤڈ اسپیکر سے ہدایات جاری کر رہے تھے۔ ۶ رمئی ۱۹۴۸ء کو الاخوان کی مجلس اساسی کا اجلاس ہوا۔ اس میں حکومتِ مصر اور تمام عرب حکومتوں سے مطالبہ کیا گیا کہ اسرائیل کے خلاف اعلانِ جہاد کیا جائے اور فلسطین کو بچانے کے لیے تمام ممکن تدابیر اختیار کی جائیں۔

---

[1] الاخوان المسلمون والمجتمع المصری، ص ۲۱

Marfat.com

الاخوان نے دوسروں کا انتظار کیے بغیر اپنے ہزاروں رضا کار مجاہدین فلسطین میں بھیج دیئے۔ انہوں نے اس جنگ میں جواں مردی اور شجاعت کے ایسے حیرت انگیز کارنامے دکھائے کہ انگریز اور یہودی دونوں کے اوسان خطا ہو گئے۔ اس صورتِ حال سے نقراشی پاشا شدید پریشان ہوا۔ فاروق الگ ان "بلاؤں" کے بڑھتے ہوئے اثرات سے پیچ و تاب کھا رہا تھا۔ چند غیر ملکی سفارت خانوں نے فاید (برطانوی فوج کے مصری مستقر) میں کانفرنس کی اور بالاتفاق نقراشی پاشا سے الاخوان کو خلافِ قانون قرار دینے کا مطالبہ کیا۔ الاخوان اُس وقت یہودیوں کے خلاف میدانِ جنگ میں اُترے ہوئے تھے۔ حسن البنّا مسلسل رضا کاروں کو منظم کر کے جہاد کے لیے بھیج رہے تھے۔ مگر نقراشی پاشا نے اپنے آقاؤں کی خوشنودی کی خاطر ۸ر دسمبر ۱۹۴۸ء کو ہنگامی قوانین کی دفعہ نمبر ۶۳ کے موجب الاخوان کو خلافِ قانون قرار دے دیا۔

اس اقدام کے بعد پورے مصر میں الاخوان پر ظلم کا بازار گرم ہو گیا۔ جماعت کے تمام مراکز اور ادارے ضبط کر لیے گئے۔ ہزارہا پڑھے لکھے نوجوان جیلوں میں بند کر دیئے گئے۔ اور ان پر طرح طرح کے مظالم توڑے گئے۔ جنہیں سُن کر بدن کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ خود نقراشی پاشا بھی انہی ہنگاموں کے دوران ایک نوجوان کے ہاتھوں قتل ہو گیا۔ اس کے بعد ابراہیم عبدالہادی پاشا وزارت عظمیٰ کی گدی پر بیٹھا۔ اس نے رہی سہی کسر بھی پوری کر دی۔ یہ ابراہیم عبدالہادی پاشا کا دورِ وزارت تھا کہ ۱۲ر فروری ۱۹۴۹ء کی شام کو حسن البنّا ——— ایک پیکرِ صدق و وفا، کوہ عزم و دفا، مشعل بردارِ دین مبین اور داعی ایمان و یقین کو شبان المسلمین کے مرکز کے سامنے سرِ بازار شہید کر دیا گیا۔ اس کے بعد انگریزوں اور یہودیوں اور اسلام دشمن طاقتوں نے گھی کے چراغ جلائے۔

Marfat.com

## حسن البنّا کے کام کا خلاصہ

حسن البنّا ۱۹۰۶ء میں مصر کی ایک دُور افتادہ بستی میں ایک غریب دیہاتی گھرانے کے اندر پیدا ہوئے اور ۱۹۴۹ء میں وہ قاہرہ کی سب سے بڑی سڑک پر شہید کر دیئے گئے۔ انہیں شہید کرنے کے لیے انگریز، یہودی، مصر کی کٹھ پتلی حکومت اور شاہ فاروق سب طاقتوں کو مل جل کر سازش تیار کرنا پڑی۔ ان کی کُل عمر ۴۳ سال ہوتی ہے۔ الاخوان کی تاسیس ۱۹۲۸ء میں عمل میں آئی۔ گویا ۲۰ سال کے اندر اس مردِ قلندر نے ایک ایسی تحریک ملک کے اندر کھڑی کر دی جس نے تاریخ کا دھارا بدل کر رکھ دیا۔ وہ قوم جو "جاہلیت" کے نرغے میں جا چکی تھی اُسے دوبارہ اسلام کی طرف موڑ دیا۔ وہ نوجوان جو الحاد و اباحیت میں ڈوب رہا تھا اور وطنیت قومیت اور دوسرے جاہلی افکار کا علمبردار بن چکا تھا اس تحریک کی بدولت اُس کی ایسی کایا پلٹی کہ اب اس کی زبانوں پر یہ نعرہ تھا: اللہ غایتنا (اللہ کی خوشنودی ہمارا اصل مدعا ہے) الرسول زعیمنا (رسول ہمارا قائد ہے) القرآن دستورنا (قرآن ہمارا دستور ہے) الجہاد سبیلنا (جہاد ہمارا راستہ ہے) الموت فی سبیل اللہ اسمی امانینا (اللہ کی راہ میں جان دے دینا ہماری بلند ترین آرزو ہے)۔

صرف ۲۰ سال کے اندر ایسا ذہنی و فکری انقلاب برپا کر دینا اس ہستی کا کام ہو سکتا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی صلاحیتیں دے کر دنیا میں بھیجا ہو۔

## عام اخلاق و اوصاف

اب ہم ذیل میں امام حسن البنّا کے اخلاق و عادات کا مختصر جائزہ لیتے ہیں جنہوں نے ایک پوری نسل کو اپنا گرویدہ بنا لیا۔

Marfat.com

## ذکر و عبادت

عبدالرحمٰن البنّا حسن البنّا کے چھوٹے بھائی تھے۔ دونوں کی عمر میں صرف دو سال کا فرق تھا۔ تعلیم و تربیت اور دعوت و تبلیغ میں دونوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مل کر رہنے کا طویل موقع ملا۔ عبدالرحمٰن البنّا لکھتے ہیں کہ حسن البنّا کو بچپن ہی میں نماز، روزے اور ذکر اللہ کا بے حد شوق تھا۔ ہم دونوں "چھوٹی مسجد" (جو مدرسہ اعدادیہ کے جوار میں تھی) عشاء کے وقت چلے جاتے اور نماز عشاء کے بعد حصافی اخوان کی مجلسِ ذکر میں شریک ہو جاتے۔ دیر تک ہم اس مجلس میں بیٹھے رہتے اور اہلِ ذکر کے ساتھ ذکر الٰہی میں مشغول رہتے۔ اس وقت مسجد میں اہلِ ذکر کے سوا اور کوئی انسان موجود نہ ہوتا۔ رات پر پردۂ سکوت چھا جاتا۔ صرف دعاؤں اور مناجاتوں کی دھیمی دھیمی صدائیں کانوں میں پڑتیں۔ حسن البنّا کی زبان پر یہ اشعار بار بار جاری رہتے:

اللہ قل وذر الوجود وما حوی

ان کنت مرتادا بلوغ کمال

فالکل دون اللہ ان حققته

عدم علی التفصیل والاجمال

ترجمہ: ایک اللہ کو پکار، اور باقی تمام موجودات کو ترک کر اگر تجھے درجہ کمال تک پہنچنے کا شوق ہے۔

اگر تو تحقیق کرے گا تو معلوم ہو جائے گا کہ اللہ کے سوا ہر چیز نیست ہے۔ تفصیلاً بھی اور اجمالاً بھی۔

Marfat.com

## فقر و درویشی سے محبت

حسن البنا کو فقیروں اور درویشوں اور نیک سیرت انسانوں سے بڑی محبت تھی۔ بچپن ہی میں وہ ایسے انسانوں کی صحبت میں جایا کرتے تھے۔ اپنے اس شوق کو وہ اس شعر کے ذریعے اپنے دوستوں کے سامنے بیان کیا کرتے تھے:

مالذۃ العیش الاصحبۃ الفقرا

ھم السلاطین والسادات و الامرا

"زندگی کی لذت صرف فقیروں کی صحبت میں حاصل ہوتی ہے۔ یہی بادشاہ ہیں یہی سردار ہیں یہی امراء ہیں۔"

علامہ اقبال نے اسی مضمون کو یوں بیان کیا ہے:

"تمنا درد دل کی ہو تو کر خدمت فقیروں کی
نہیں ملتا یہ گوھر بادشاہوں کے خزینوں میں

## جود و غنا سے لبریز طبیعت

ان کی طبیعت میں انتہائی غنا تھا۔ اخوان کی انتظامیہ کے رکن امین اسمٰعیل جو سفروں اور دوروں میں مرحوم کے ساتھ رہتے تھے، وہ اپنے تأثرات بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

"ان کی شان استغناء کا یہ حال تھا کہ ایک مرتبہ مجھے اپنے ساتھ ایک درزی کے پاس لے گئے۔ جسے انھوں نے اپنی عبا سلنے کے لیے دے رکھی تھی۔ ہم دونوں ایک تنگ و تاریک گلی میں داخل ہوئے۔ یہ المغربلین محلہ تھا۔ درزی ہمیں دیکھتے ہی اُٹھا اور روایاتی طریقے سے خیر مقدم کا تکلف کیے بغیر اس نے عبا حاضر کر دی اور تین مصری پونڈ اُجرت طلب کی۔ امام نے اُسے پانچ پونڈ

Marfat.com

دیئے۔ اور عبا لے کر چل دیئے۔ میں متردد تھا کہ درزی سے زائد رقم واپس لوں۔ مگر امام نے مجھے کھینچ لیا۔ اور میں سمجھ گیا کہ وہ یہ رقم واپس نہیں لینا چاہتے۔ آگے چل کر ایک بدحال گداگر نظر آیا۔ امام نے مجھے ارشاد فرمایا کہ میں اسے ایک ریال پیش کر دوں۔ مجھے معلوم ہوا کہ امام کے پاس صرف وہی پانچ پونڈ تھے جو انہوں نے درزی کو دے دیئے اور اب وہ خالی ہاتھ تھے۔ ان کا یہ جود و غنا تا دم آخر اُن کے ساتھ رہا[1]،،

## دنیا پرستی سے نفرت اور کردار و ضمیر کی پختگی

ایک نامور اخوانی بہی الخولی لکھتے ہیں:

،، ۱۹۳۲ء کی بات ہے کہ الاخوان کی تاسیس کو چند سال گزرے تھے کہ امام حسن البنّا کو ایک اعلیٰ سرکاری منصب پیش کیا گیا۔ مقصد یہ تھا کہ انہیں دعوت الی اللہ کے کام سے ہٹا دیا جائے۔ مگر امام نے منصب پیش کرنے والے کو ایسا مؤثر جواب دیا کہ وہ شرم کے مارے زمین میں گڑا جا رہا تھا۔ اگر امام حسن البنّا اُس کی پیشکش قبول کر لیتے تو آج ان کی اولاد اس حال میں ہوتی کہ دوسرے دیکھ کر حسد کرتے۔ مگر حسن البنّا نے دنیا پرستی کا راستہ ٹھکرا دیا۔،،

،، دوسری جنگِ عظیم کا آغاز ہی ہوا تھا کہ انگریزوں نے بھی حسن البنّا کو ہزارہا پونڈ کی پیشکش کی۔ بلکہ یہاں تک کہ دیا کہ انگریزوں کے خزانے حسن البنّا کے ایک اشارے پر قربان کر دیے جائیں گے۔ لیکن اس درویش صفت

---

[1] الامام الشہید حسن البنّا، ص ۱۰۱

Marfat.com

انسان نے بڑی درشتی اور نعلّی کے ساتھ انگریزوں کے فرستادہ کو جو ان کے ضمیر و ایمان کو خریدنے کے لیے آیا تھا گھر سے نکال دیا۔ انگریزوں نے خائب و خاسر ہو کر یہ سمجھ لیا کہ سونے اور چاندی سے اس شخص کا علاج نہیں کیا جا سکتا۔"

"الاخوان المسلمون نے ملک کے اندر کثیر تعداد میں تجارتی کمپنیاں قائم کیں۔ امام البنّا ان تمام کمپنیوں کی مجالس انتظامیہ کے رکن تھے۔ اور ان کمپنیوں کے معاملات کو درست رکھنے پر انہیں سخت محنت کرنا پڑتی تھی۔ الاخوان نے انہیں اس محنت کا بارہا معاوضہ پیش کیا۔ بلکہ کوشش کی کہ ماہانہ وظیفہ جاری کر دیں۔ لیکن انہوں نے کوئی چیز بھی قبول نہ کی اور یہی کہتے رہے کہ "میں انسانوں سے نہیں اللہ سے اجر طلب کروں گا" اقتصاد و تجارت کی دنیا میں یہ ایک نرالی مثال ہے۔[1]"

"دشمنوں کی طرف سے امام البنّا پر طرح طرح کے الزامات تراشے گئے۔ انہیں کہا گیا کہ یہ شخص کرائے کا ایجنٹ ہے۔ یہ رشوت خور ہے۔ اس نے ہزارہا پونڈ کی بیرونی مدد حاصل کی ہے۔ اس کے پاس کئی کئی کاریں ہیں۔ اس نے لاتعداد کمپنیوں میں اپنے حصص مقرر کر رکھے ہیں۔ یہ سب کچھ کہا گیا۔ مگر جب الزام تراشی کرنے والوں نے اُسے سرِعام شہید کروا دیا تب دنیا کو پتہ چلا کہ وہ اس قدر قلاش انسان تھا کہ اُس کے پاس قاھرہ میں اپنا ذاتی مکان بھی نہیں تھا۔ بلکہ اُس نے ایک قدیم طرز کے محلے میں پرانا اور بوسیدہ مکان

---

[1] الامام الشہید۔ ص ۱۲۲

Marfat.com

کرائے پر لے رکھا تھا جس کا وہ ایک پونڈ ۸۰ قرش ماہانہ کرایہ ادا کرتا تھا۔ اور اس کی شہادت کے بعد اُس کے بچے ذرائع آمدنی سے کلیتہً محروم ہو گئے۔[1]

## اعلیٰ خصائل کا پیکر

مفتی اعظم فلسطین الحاج امین الحسینی بیان کرتے ہیں:

"جب میں ۱۹۴۶ء کو یورپ سے مصر لوٹا تو میں نے پہلی مرتبہ حسن البنّا کو بچشم سر دیکھا۔ میں نے اُن کی گفتگوئیں سُنیں۔ مجھے اُن کے اندر صاف و شفاف روح نظر آئی۔ بعد میں ہمارے تعلقات خوب مستحکم ہو گئے۔ اور مجھ پر یہ انکشاف ہوا کہ اس عظیم انسان کو اللہ تعالیٰ نے بڑی نادر خوبیاں، اعلیٰ خصائل اور کریمانہ صفات سے نواز رکھا ہے۔ ان کی نمایاں صفات یہ تھیں: گہرا اخلاص، عقل سلیم اور عزم قوی۔ ان تینوں خوبیوں کو ان کے مضبوط عقیدے اور محمدی اخلاق نے مزین کر رکھا تھا۔ وہ بڑے بلند ہمت اور ایثار پیشہ انسان تھے۔ قربانی، ثابت قدمی، سادگی و تقشف اور مادّی منفعت سے گریز اور پاک و شفاف سیرت سے بہرہ ور تھے۔ اور یہی وہ اوصاف تھے جن کی بنا پر وہ قیادت کے منصب عظیم پر فائز ہو گئے۔ میں حلمیہ میں ان کے مکان پر گیا۔ گھر کا ساز و سامان بالکل سادہ اور گھر کی ہر چیز تقشف و قناعت کی غماز۔"

## خاکسارانہ مزاج

"مجھے یاد ہے کہ ایک دعوت میں میری اُن کے ساتھ ملاقات ہوئی۔ اس

---

[1] الامام الشہید حسن البنّا ص ۷۶-۷۷

Marfat.com

دعوت کا اہتمام عرب لیگ کے سابق سیکرٹری جنرل عبدالرحمٰن عزام نے مرحوم قائداعظم محمد علی جناح کے اعزاز میں کیا تھا۔ قائداعظم کے ساتھ لیاقت علی خان مرحوم بھی تھے۔ صاحب دعوت کے گھر میں سب سے پہلے پہنچنے والوں میں میں اور مرحوم شہید حسن البنا تھے۔ ہم دونوں ان پاکستانی قائدین کے ساتھ دیر تک محوِ گفتگو رہے۔ اس کے بعد دیگر مدعوئین بھی یکے بعد دیگرے پہنچنا شروع ہو گئے۔ میں نے دیکھا کہ جب کوئی نیا مہمان آتا تو حسن البنا اپنی نشست اس کے لیے چھوڑ کر پیچھے ہو جاتے۔ یہاں تک کہ وہ پیچھے ہوتے ہوتے دروازے کے پاس والی نشست تک چلے گئے۔ جب مدعوئین کی تعداد پوری ہو گئی تو عبدالرحمٰن عزام نے حاضرین کو کھانے کے کمرے میں چلنے کی درخواست کی۔ شہید مرحوم اپنی آخری نشست کی وجہ سے کھانے کے کمرے سے قریب تر تھے۔ عزام نے انہیں کھانے کے کمرے میں تشریف لے جانے کے لیے کہا لیکن وہ دوسرے مہمانوں کو ترجیح دیتے رہے اور خود پیچھے ہٹتے رہے۔ چنانچہ سب سے آخر میں جو شخص کھانے کے کمرے میں داخل ہوا وہ حسن البنا تھے۔ میں یہ منظر دیکھتا رہا۔ مجھے یقین ہو گیا کہ یہ شخص انتہائی متواضع اور صاحب اوصاف کریمانہ ہے۔ علاوہ ازیں موصوف معاملات میں اور مشکلات کو حل کرنے میں بڑی غیر معمولی لچک دکھاتے ہیں۔ میں جب انہیں یاد کرتا ہوں تو بے ساختہ یہ شعر میری زبان پر آ جاتا ہے:

هيهات ان ياتى الزمان بمثله    ان الزمان بمثله لبخيل[1]

---

[1] الامام الشہید ص ۱۲۸ - ۱۲۹

Marfat.com

(کاش زمانہ اس جیسی شخصیت پھر ہمیں فراہم کرتا لیکن زمانہ ایسے انسان پیدا کرنے میں بڑے بخل سے کام لیتا ہے)"

مرحوم شہید کی عام زندگی اور طریقۂ گفتگو کا ذکر کرتے ہوئے عبدالرحمٰن البنّا لکھتے ہیں:

"اگر مجلس زمینی ہوتی تو مرحوم شہید بوریے پر ہی بیٹھ جاتے۔ اور آخری نشستوں میں بیٹھنا پسند کرتے۔ جہاں انہیں اور کوئی علامت پہچاننے کی اس کے سوا نہ ہوتی کہ اُن کے چہرے سے علم کی تابانی اور روح کی نورانیت ٹپک رہی ہوتی۔ بالعموم وہ معمولی قسم کا جلباب (لمبا کرتہ جسے عام طور پر عرب پہنتے ہیں) جو انتہائی سستے کپڑے کا ہوتا تھا زیب تن کرتے۔ اوپر عبا پہن لیتے۔ سر پر عمامہ باندھ لیتے جس کے نیچے ایک روشن جبیں اور ذہانت سے لبریز چہرہ دمک رہا ہوتا تھا۔ گفتگو میں وہ تصنع سے کام نہ لیتے تھے۔ بلکہ نہایت سلیس اور رواں زبان اختیار کرتے۔ بات بات پر وہ قرآن کریم کی آیات سے استدلال کرتے۔ قرآن کریم انہیں بڑی پختگی کے ساتھ حفظ تھا اور اس کی تلاوت بھی وہ نہایت لطف و لذت میں ڈوب کر کرتے۔"

## معیارِ پسند و ناپسند

بہی الخولی لکھتے ہیں:

"حسن البنّا کی درویشی کا یہ حال تھا کہ انہیں جو کچھ کھانے کو مل جاتا کھا لیتے، پہننے کے لیے جو میسر آتا پہن لیتے۔ مکان بھی انہوں نے ایسا لے رکھا تھا جو قلّ و کفی کی تعریف میں آتا تھا۔ ان کی زندگی کفاف پر تھی۔ انہیں

Marfat.com

اِس بات کی کبھی فکر نہ لاحق ہوئی کہ وہ اپنے بچوں کے لیے کیا چھوڑ رہے ہیں۔ ان کو جس چیز سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کا چین نصیب ہوتا وہ صرف یہ تھی کہ وہ لوگوں کے سامنے کلمۂ حق کہہ دیں۔"

## محبت کا سفیر

وہ ایک وسیع النظرف انسان تھے۔ محبت و مؤدت کا پرچار ان کا مشن تھا۔ ایک مرتبہ وہ بالائی مصر کے دورے پر گئے۔ اور وہاں ان کے پاس عیسائی پادریوں کی ایک جماعت، عیسائی پیروکاروں کی ایک بڑی تعداد کے ہمراہ ملنے کے لیے آئی۔ چنانچہ امام شہید نے ان کے ساتھ جو گفتگو کی وہ تمام تر اُن قرآنی آیات پر مبنی تھی جن پر حضرت عیسیٰ اور مریم علیہما السّلام کا ذکر آیا ہے۔ انہوں نے ان آیات کی تلاوت کی اور پھر ان کی تفسیر بیان کی۔ مسیحی یہ محسوس کرنے لگے کہ یہ اجتماع گویا خاص طور پر انہیں کے لیے منعقد کیا گیا ہے۔ کیونکہ اس میں مسلمانوں کے کسی مسئلے کو نہیں چھیڑا گیا۔ اس رویّے کا عیسائیوں پر گہرا اثر ہوا۔ خاص طور پر اس لیے کہ عام مسلمان علماء ہمیشہ قبطیوں کے خلاف متعصّبانہ رویہ اختیار کرتے رہتے تھے۔

## رفقائے تحریک کے ساتھ برتاؤ کی نوعیت

دفتر کے رفقاء کے ساتھ اُن کا طرز ایسا تھا کہ ان کی ہر بات ساتھیوں کے دل میں محبت کی ایک نئی لہر پیدا کر دیتی۔ ابن اسماعیل ان کے رفیق حضر و سفر بیان کرتے ہیں:

"دفتر میں وہ میرے کام پر نظرِ ثانی کرتے۔ اور بڑی اٹھکھیلیوں کے ساتھ میری غلطیوں کی تصحیح کر دیتے۔ مجھے یہ محسوس نہ ہوتا کہ میں نے کوئی غلطی کی ہے۔ بلکہ میرا احساس صرف یہ ہوتا کہ جو کچھ وہ فرما رہے ہیں وہی درست ہے۔ اور میرا کام مجھے واپس کرتے ہوئے بڑی شفقت کے ساتھ کہتے: آپ میری تصحیح پر

Marfat.com

نظرثانی کرلیں اور اگر کوئی حذف و اضافہ کرنا چاہیں تو کرلیں۔ لیکن میں حلفاً کہتا ہوں کہ میں نے ان کی اصلاح میں کبھی حذف و اضافہ کو پسند نہ کیا۔[1]"

"میرے ہاں اگر کوئی پیدائش ہوتی تو میرے گھر تشریف لاتے بیمار ہو جاتا تو میری تیمارداری کرتے۔ کبھی مجھے کوئی تکلیف پیش آجاتی تو گھر پر آکر مجھے دلاسا دیتے۔ حالانکہ میں دفتر کا ایک معمولی کلرک تھا۔ اور وہ بڑے مشغول انسان تھے۔ شب و روز میں صرف چند منٹ سوتے، اور دونوں وقت چند لقموں پر گزارا کرتے۔"

"دوروں میں جماعت کے رفقاء سے جب ملتے تو ایک ایک کو سلام کرتے۔ اور نام لے لے کر ان کے بچوں کی خیریت دریافت کرتے۔ اور ان کی تعلیم کی حالت پوچھتے۔ بلکہ میں نے تو یہ بھی دیکھا کہ وہ فلاحین کے ساتھ تخلیہ میں ملتے اور ان کے جانوروں تک کی صورتِ حال دریافت کرتے۔ اس معاملے میں ان کا حافظہ بے پناہ مضبوط تھا۔ اور چھوٹی چھوٹی باتیں بھی انہیں یاد رہتی تھیں۔"

"میں مرحوم سے بڑا مانوس تھا۔ ایک مرتبہ میں نے اُن سے عرض کیا:

"استاذ محترم! اللہ تعالیٰ نے ابھی مجھے معاف نہیں فرمایا۔ اور وہ مجھ سے خوش نہیں ہوا۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ میں رات بھر کوشش کرتا رہا ہوں کہ قرآن کریم کا ایک صفحہ حفظ کرلوں۔ مگر کامیاب نہیں ہوسکا۔ یعنی میں توفیق خداوندی سے ابھی تک محروم ہوں۔" مرحوم نے مجھے حیرت و قلق میں مبتلا پاکر تھپکی دی

---

[1] الامام الشہید ص ۱۰۰

Marfat.com

اور اپنے ہاتھ سے میرے آنسو پونچھے۔ اور فرمایا: جب کوئی بندہ اللہ کی رضا میں آنسو بہاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے معافی سے محروم نہیں کرتا۔ اور جہاں تک حفظِ قرآن کا تعلق ہے تو اس بارے میں آپ پریشان نہ ہوں۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو بھی پورا قرآن حفظ نہ تھا۔ اُن کا جواب سُن کر مجھے انتہائی روحانی تسکین حاصل ہوتی۔"

"ایک بار مجھ سے ایک غلطی سرزد ہو گئی۔ میں اُن کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنی غلطی کا اعتراف کرنے لگا۔ مگر انہوں نے کوئی دوسری بات چھیڑ دی جس کا اس موضوع سے کوئی تعلق نہ تھا۔ میں بار بار اپنے موضوع کی طرف رجوع کرتا، مگر وہ مجھے کوئی جواب نہ دیتے۔ ان کے چہرے پر بھی میں نے ملال کا کوئی اثر نہ دیکھا۔ میں نے پھر اُن سے تنہائی میں ملنا چھوڑ دیا۔ ایک روز یکایک انہوں نے مجھے اپنے گھر طلب فرمایا۔ اور مجھے دیکھتے ہی میرا ہاتھ پکڑ لیا اور فرمایا: آیئے ہم بیعت کی تجدید کر لیں۔ چنانچہ میں نے اُن کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھ کر خدا اور رسولؐ کی وفاداری کا از سرِ نو عہد کیا۔ اس کے بعد وہ مجھے فرمانے لگے، میں نے تمہیں مکتب الارشاد (انتظامی کونسل) کا رکن نامزد کر دیا ہے[1]۔"

## قیادت کی شان

"جب فلسطین کے مسئلے پر اخوان نے قاھرہ میں جلوس نکالا تو اس جلوس کی قیادت خود مرحوم شہید نے کی۔ ہم لوگ جب "العتبۃ الخضراء"

---

[1] الامام الشہید، ص ۹۹ - ۱۰۰ - ۱۰۱

Marfat.com

کے میدان میں پہنچے تو پولیس نے مظاہرین پر حملہ کر دیا۔ امام شہید آگے بڑھے اور پولیس والوں کو فائرنگ کرنے سے روکا۔ جب انہوں نے دیکھا کہ مظاہرین پر فائر ہو رہا ہے تو مظاہرین کو بچانے کے لیے فوراً اپنے ہاتھ آگے کر دیئے۔ اس سے ان کے دونوں ہاتھ بری طرح خون آلود ہو گئے۔ مگر وہ ہمیں دلاسا دیتے رہے کہ معمولی بات ہے ہم لوگ پریشان نہ ہوں۔ لیکن ہم لوگ یہ محسوس کرتے تھے کہ یہ گولی حسن البنّا کے ہاتھوں کو نہیں لگی بلکہ ہمارے ہاتھ مجروح ہوئے ہیں۔"

"الحلمیۃ کے میدان میں موصوف ہر بدھ کو درس دیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک نوجوان نے بڑا دلچسپ سوال کیا۔ مرحوم شہید سوال پر بہت مسکراتے رہے۔ اور بڑی لطافت کے ساتھ اُسے جواب سے نوازا۔ سوال یہ تھا کہ "کیا محبت کرنا حلال ہے یا حرام؟"۔ آپ نے اُسے جواب دیا: حلال محبت حلال ہے اور حرام محبت حرام ہے۔"

"دارالاخوان کے معاذین سے انہیں بڑی محبت تھی۔ جب لوگ کھانے کے لیے گھروں کو چلے جاتے تو وہ دفتر کے چپڑاسی کے ساتھ بیٹھ کر وہیں کھانا کھا لیتے تھے۔"[1]

### دعوت سے شغف

عبدالرحمٰن البنّا کا بیان ہے:

---

[1] الامام الشہید، ص ۱۷

Marfat.com

"حسن البنا پر دعوت کا فریضہ ایک بخار بن کر سوار تھا۔ ہم ان کی مجلس میں بیٹھتے۔ اس بخار کے اثرات ہم تک بھی پہنچ جاتے۔ اور ہم بھی دنیا و مافیہا سے غائب ہو جاتے۔ وہ لوگوں کو اس انداز میں پکارتے: لوگو! ہماری طرف آؤ، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں پا سکا وہ یہیں آ ملے۔ ہم اُسی ذات پاک کے قافلے میں شامل ہیں۔ جو آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری نہیں دے سکا وہ ہماری جانب رُخ کرے ہم مدتوں سے آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے کے بھکاری بن کر کھڑے ہوتے ہیں۔ جس نے آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پاک نہیں سُنی وہ ہم سے یہ سُن لے کہ،

ان النبی لحیّ فی ضمائرنا
علی الزمان منھا ویستمع
ففی قلوب بقوم الذین یحرسھا
وفی قلوب بقوم الحب والولع

(آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ضمیروں کے اندر ہمیشہ سے زندہ ہیں اور وہ سب کچھ سُن رہے ہیں۔ وہ ایسے دلوں کے اندر پائے جاتے ہیں جو دین کی رکھوالی کرتے ہیں، وہ ایسے دلوں کے اندر موجود ہیں جو ان کی محبت و عقیدت سے لبریز ہیں)۔"

"وہ جب کبھی تبلیغی دورے پر جاتے تو سیدھے مسجد میں جا اترتے۔ رمضان المبارک میں وہ اکثر دورے پر ہوتے اور روزے کی حالت میں مسجد

Marfat.com

کے اندر ٹھہر جاتے۔ اور پانی اور کھجور سے روزہ افطار کر لیتے۔ جب لوگ اپنے گھروں سے کھا پی کر نماز کے لیے مسجد میں آتے تو اس نو وارد کو دیکھتے۔ یہ نو وارد نماز کے بعد اپنے سادہ لباس میں ملبوس کھڑا ہو جاتا اور نہایت مؤثر وعظ شروع کر دیتا۔ اور انہیں بعد میں معلوم ہوتا کہ یہ شیخ حسن البنّا تھا۔[1]

## مختلف مذہبی فرقوں سے حکیمانہ رویہ

حسن البنّا جب اسماعیلیہ گئے تو وہاں دیکھا کہ اسماعیلیہ کے باشندے مذہبی جھگڑوں میں اُلجھے ہوئے ہیں۔ اور سلفی کیمپ اور صوفی کیمپ کے نام سے دو مختلف گروہ وجود میں آچکے ہیں جن میں تصادم انتہا کو پہنچ چکا ہے۔ اور ایک فریق کے حامی دوسرے فریق کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے۔ ان کشیدہ حالات میں حسن البنّا نے وہاں دعوت کا کام شروع کیا۔ اور مسجدوں کے بجائے قہوہ خانوں کو اپنی مہم کے لیے منتخب کیا۔ اور پھر انھوں نے اس اختلافی فضا میں کام کے جو اصول اختیار کیے وہ یہ تھے:

۱۔ امت کے اتحاد کو ہر قیمت پر برقرار رکھا جائے۔

۲۔ اصولوں پر سب گروہ اتفاق کریں۔

۳۔ دوسرے کے بارے میں حسن ظن سے کام لیا جائے اور غلطی اپنی ذات کی طرف منسوب کر لی جائے اور اس بارے میں امام شافعیؒ کے اس قول کو بنیاد بنایا جائے کہ "میں نے جس شخص سے بھی بحث و مجادلہ کیا، میری یہی آرزو رہی کہ اللہ تعالیٰ میرے بجائے اُس کی زبان سے حق کو واضح کرے۔"

---

[1] الامام الشہید ص ۷۱

Marfat.com

۴۔ اختلاف و نزاع میں ادب کا پہلو اختیار کیا جائے۔

۵۔ جدل و مکابرت سے پرہیز کیا جائے۔

۶۔ یہ خیال رکھا جائے کہ امر صواب ایک ہی نہیں مختلف ہو سکتے ہیں۔

۷۔ متفق علیہ پر تعاون ہو اور مختلف فیہ امور میں ایک دوسرے کو معذور سمجھا جائے۔

۸۔ مشترک دشمن کے سامنے متحد رہا جائے۔

۹۔ آفاق عمل کو وسعت دی جائے۔

۱۰۔ گمراہوں کے حق میں افسوس کا اظہار کیا جائے۔ ان پر تشنیع نہ کی جائے۔

## مومنانہ بصیرت

اس ذات کو اللہ تعالیٰ نے مومنانہ بصیرت کا بہرہ وافر عطا کر رکھا تھا۔ انہوں نے دوسری جنگِ عظیم سے پیشتر ہی اپنے ساتھیوں کو بتا دیا تھا کہ وہ جس دعوت کو لے کر اٹھے ہوئے ہیں اُس کا راستہ کہاں کہاں سے ہو کر گزرتا ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ ابھی اخوان آزمائشوں میں داخل نہیں ہوئے تھے اور ان کی تحریک اپنا ابتدائی سفر طے کر رہی تھی۔ انہوں نے اُسی زمانے میں اپنے ساتھیوں کو فرما دیا تھا:

"ایہا الاخوان! میں تمہیں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ تمہاری دعوت سے ابھی اکثر لوگ ناواقف ہیں۔ اور جس روز یہ اس کی حقیقت سے آگاہ ہو جائیں گے اور اُس کے اغراض و مقاصد کو سمجھ جائیں گے اس روز تمہیں ان کی طرف سے شدید مخالفت بلکہ تند و تیز عداوت کا سامنا ہوگا۔ اس روز تم اپنے سامنے طرح طرح کی تکالیف کا مشاہدہ کرو گے۔ اور بے شمار رکاوٹیں تمہارے راستے میں حائل ہو جائیں گی۔ اُس وقت ہی تم صحیح معنوں میں دعوتِ حق کے علمبردار ہوں

Marfat.com

کی وادی میں داخل ہو گے۔ آج تو تم گمنام ہو۔ لیکن تمہیں دعوت کے لیے برابر راستہ ہموار کرتے رہنا چاہیئے۔ اور یہ دعوت جس جہاد و قربانی کی طالب ہے اُس کے لیے تیاری کرنی چاہیئے۔ عوام الناس کی اسلام سے ناواقفیت بھی تمہارے راستے کا روڑا بنے گی۔ سرکاری علماء تمہارے اسلامی تصور پر حیرت کا اظہار کریں گے، راہِ حق میں تمہارا جہاد ناپسند کیا جائے گا۔ حکام اور زعماء اور اصحاب جاہ و اقتدار تم سے جلیں گے۔ تمام حکومتیں تمہارے آگے دیوار بن کر کھڑی ہو جائیں گی۔ ہر حکومت تمہاری سرگرمیوں کو محدود کرنے کی کوشش کرے گی۔ اور تمہارے راستے میں کانٹے بچھائے گی۔ لیڈر تمہاری مخالفت کے لیے اور تمہاری شمعِ دعوت کو گل کرنے کے لیے ہر ہتھکنڈا استعمال کریں گے۔ اور کمزور و بزدل حکومتوں کو اس غرض کے لیے استعمال کریں گے۔ گھٹیا اخلاق اور ہر وقت سوال کے لیے دراز رہنے والے ہاتھ تمہارے خلاف استعمال ہوں گے۔ ایک گروہ تمہاری دعوت پر شکوک و شبہات کی گرد اڑائے گا۔ افترا پردازیاں کرے گا۔ اور کوشش کرے گا کہ ہر عیب تم پر چسپاں کیا جائے اور اس دعوت کو بُری سے بُری شکل میں لوگوں کے سامنے لایا جائے۔ ان کے پاس طاقت ہو گی، اقتدار ہو گا، مال ہو گا، نفوذ و اثر ہو گا۔ ان حالات میں تم لوگ بے شک تجربہ اور امتحان کے مرحلے میں داخل ہو جاؤ گے۔ تمہیں جیلوں میں ڈال دیا جائے گا، جلاوطن کیا جائے گا، گھروں سے نکالا جائے گا۔ تمہاری جائدادیں ضبط کی جائیں گی۔ تمہارے گھروں کی تلاشیاں لی جائیں گی، اور ہو سکتا ہے کہ امتحان کا یہ

Marfat.com

مرحلہ دراز تر ہو جاتے ۔ احسب الناس ان یترکوا ان یقولوا آمنا وھم لا یفتنون۔ لیکن اللہ تعالیٰ کا تم سے یہ وعدہ ہے کہ وہ مجاہدین کی مدد کرے گا اور محسنین کو نیک صلہ عطا کرے گا۔[1]"

(مترجم)

---

[1] رسائل امام البنا، ص ۲۲۹-۲۳۰۔

Marfat.com

Marfat.com

# حسن البنا شہیدؒ کی ڈائری

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مدرسۃ الرشاد الدینیہ کی یادیں

اللہ تعالےٰ ہمارے استاذ شیخ محمد زہران پر اپنی رحمت کی بارش فرمائے، موصوف مدرسۃ الرشاد الدینیہ کے مالک و مہتمم تھے۔ بڑے ذکی اور روشن دماغ تھے، بڑے خدا پرست عالم اور نہایت فطین حاضر دماغ اور نکتہ سنج انسان تھے۔ لوگوں کے درمیان ایک روشن چراغ تھے جو علم و فضل کے نور سے ہر جگہ روشنی بکھیر رہا تھا۔ گو باقاعدہ تعلیم کے لحاظ سے آپ سکہ بند علماء کے درجے تک نہ پہنچ سکے تھے، مگر اپنی ذکاوت و استعداد اور ادب و جہاد کی بدولت علوم و معارف میں اور رفاہِ عامہ کے کاموں میں غیر معمولی سبقت حاصل کر چکے تھے۔ عوام الناس کے لیے انہوں نے ایک مسجد میں درس و تدریس کا سلسلہ جاری کر رکھا تھا۔ اور گھروں میں خواتین کو فہم دین سے بہرہ ور کرتے تھے۔ بایں ہمہ انہوں نے ۱۹۱۵ء کے لگ بھگ نوخیز نسل کی تعلیم کے لیے مدرسۃ الرشاد الدینیہ کے نام سے ایک دینی و اصلاحی درس گاہ قائم کر دی۔ یہ مدرسہ گو اُن مکاتب کے طرز پر تھا جو اس زمانے میں دیہی

Marfat.com

آبادیوں میں پھیلے ہوئے تھے اور عوام الناس کی اعانتوں کے بل پر چلتے تھے، لیکن شیخ کا یہ مدرسہ عمدہ درس گاہوں کی سی شان و شوکت رکھتا تھا۔ نہ صرف دانش کدہ علم تھا بلکہ گہوارۂ تربیت بھی تھا۔ نصابِ تعلیم اور طریقۂ تدریس دونوں پہلوؤں میں منفرد تھا۔ اُس وقت کے مدارس میں جو مروّجہ نصاب تھا وہ تو پڑھایا ہی جاتا تھا مزید برآں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کو زبانی حفظ کرنا اور ان کا فہم و ادراک حاصل کرنا بھی نصاب میں شامل تھا۔ طلبہ پر لازم تھا کہ وہ ہر ہفتے جمعرات کو آخری درس کے اختتام پر ایک نئی حدیث کا درس لیں۔ اس حدیث کی تشریح بھی اُن کے سامنے کر دی جاتی تھی تاکہ اُس کے مطالب و معانی سے واقف ہو جائیں۔ طلبہ مل جل کر حدیث کو اس قدر دُہراتے کہ وہ انہیں حفظ ہو جاتی۔ پھر وہ اس کے ساتھ سابقہ حدیث کا اعادہ کرتے جسے وہ گزشتہ ہفتے پڑھ چکے ہوتے تھے۔ یوں ایک سال بھی نہ گزر پاتا کہ طلبہ کو احادیثِ رسولؐ کا معتدبہ ذخیرہ حفظ ہو چکا ہوتا تھا۔ مجھے یاد ہے کہ آج مجھے جو احادیث اصل متن کے ساتھ زبانی یاد ہیں اُن میں سے اکثر و بیشتر وہ ہیں جو اُن دنوں لوحِ ذہن پر نقش ہو گئی تھیں۔ اِسی طرح اِنشاء پردازی، قواعد صرف و نحو، عملی مشق، منتخب مطالعۂ ادب، املاء اور عمدہ نظم و نثر کے قابلِ حفظ حصّے بھی مدرسے کے نصاب میں شامل تھے۔ حالانکہ اِس طرز کے دوسرے مکاتب میں اِن مضامین میں سے کسی کا رواج نہ تھا۔

شیخ موصوف کا طرزِ تدریس اور اسلوبِ تربیت بڑا اثر انگیز اور نتیجہ خیز تھا۔ حالانکہ انہوں نے فنونِ تربیت پڑھے تھے نہ علم النفس کے نظریات و اصول سیکھے تھے۔ اُن کا زیادہ تر زور اس بات پر ہوتا تھا کہ ذوق و وجدان کے لحاظ سے ان میں اور ان کے شاگردوں میں مشارکت اور ہم آہنگی قائم رہے۔ وہ طلبہ کے تمام افعال و حرکات کا

Marfat.com

نہایت باریک بینی سے محاسبہ کرتے مگر ساتھ ہی انہیں یہ بھی بھرپور طریقے سے محسوس کراتے کہ ان پر انہیں پورا پورا اعتماد ہے۔ وہ طلبہ کو ان کے اچھے اور برے کاموں کا اخلاقی صلہ بھی دیتے۔ اگر اچھا کام ہوتا تو اس کا صلہ بھی اُن کی طرف سے ایسا ملتا جو طالب علم کے دل کو شادمانی و مسرت کے نشے سے مخمور کر دیتا اور اگر بُرا کام ہوتا تو اس کی سزا بھی ایسی شدید ہوتی کہ طالب علم کو رنج و افسوس کے تلخ جام پلاتی۔ اکثر اوقات اُن کا یہ صلہ چبھتی ہوئی پھبتی یا نیک دعا یا شعر (وہ کبھی کبھار شعر گوئی کا شغل بھی کر لیتے تھے) کی صورت میں ہوتا۔ مجھے ابھی تک ایک شعر یاد ہے۔ ایک صاحب نے عملی مشق کے وقت ایک سوال کا ایسا جواب دیا جو انہیں بے حد پسند آیا۔ چنانچہ اُسے یہ فرمایا کہ وہ اپنی کاپی پر جہاں متعلقہ موضوع کے نمبر درج ہیں یہ شعر لکھ لے:۔

| | |
|---|---|
| حسن اجاب و فی الجواب اجاد | خوب جواب دیا اور جواب میں کمال دکھایا |
| فالله یمنحه رشاد و رشادا | خدا اسے رُشد و رشا سے نوازے |

ایسا ہی ایک اور شعر بھی میرے حافظے میں محفوظ ہے جو موصوف نے ہمارے ایک اور ساتھی کو ناپسندیدہ جواب پر "تحفتہً" پیش کیا تھا اور اُسے بھی یہی حکم دیا تھا کہ وہ اپنے جواب کے نیچے اسے درج کر لے۔ وہ شعر یہ ہے:۔

| | |
|---|---|
| یا غارۃ الله جدی السیر مسرعة | اے غارۃ اللہ (خدا کی گرفت) جلدی سے لپک |
| فی اخذ هذا الفتی یا غارۃ الله | اور اس چھوکرے کو چنگل میں لے، |

یہ شعر ضرب المثل بن گیا اور "غارۃ اللہ" کا لقب اُس طالب علم پر بطور نام چسپاں ہو گیا۔ ہم بسا اوقات جب اُسے چڑانا چاہتے تو اُسے غارۃ اللہ کہہ کر پکارتے۔ استاذ محترم طالب علم کو ہدایت کرتے کہ اُسے جو کچھ وہ املا کرائیں وہ خود اپنے ہاتھ سے اپنی کاپی

Marfat.com

پر تحریر کرے ۔ اس لیے کہ استاذ رحمہ اللہ بصارت سے محروم تھے ۔لیکن اُن کی بصیرت کا نور اکثر آنکھوں والوں سے بڑھ کر تھا ۔ فانها لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور (نابینا وہ نہیں ہے جس کی آنکھوں کی بینائی ختم ہو چکی ہو ۔ نابینا وہ لوگ ہیں جن کے دل سینوں کے اندر روشنی سے محروم ہو چکے ہیں)

مجھے اُسی لحظہ سے استاذ اور شاگرد کے مابین روحانی ہم آہنگی اور جذباتی اشتراک کا اندازہ ہو گیا تھا گو اس کا پورا پورا احساس نہ ہوا تھا ۔ چنانچہ ہمیں اپنے استاذ سے بے پناہ محبت تھی باں ہمہ کہ وہ ہمیں کمر توڑ اور اعصاب شکن کاموں میں لگائے رکھتے تھے ۔ میرا یہ بھی اندازہ ہے کہ میں نے روحانی جذبہ کے ساتھ ساتھ استاذ رحمہ اللہ سے ذوقِ تحقیق اور کثرتِ مطالعہ کا شوق بھی اخذ کیا ہے ۔ کیونکہ مرحوم مجھے اکثر اپنے کتب خانے میں لے جاتے جس میں نہایت مفید تالیفات کی فراوانی تھی ۔ اُن کی ضرورت کے مطابق میں کتابوں کو کھنگالتا اور جن جن مسائل کی وہ ضرورت محسوس کرتے ، میں انہیں کتابوں میں سے پڑھ پڑھ کر سناتا ۔ اکثر ایسا بھی ہوتا کہ ان کی مجلس میں اہلِ علم حضرات آجاتے اور کسی نہ کسی موضوع پر بحث و مناظرہ اور مذاکرہ و مناقشہ شروع ہو جاتا ۔ میں یہ تمام گفتگو بغور سنتا رہتا ۔ استاذ اور شاگرد کے درمیان اِس نوعیت کا بلاواسطہ تعلق نہایت اچھے اثرات چھوڑتا ہے ۔ کیا اچھا ہو کہ معلم اور مربی حضرات ایسے بلاواسطہ تعلق کی اہمیت کو سمجھیں ، اسے ذریعۂ تربیت بنائیں اور اس پر خصوصی توجہ دیں ۔ اِن شاء اللہ اس طرزِ تربیت میں وہ بکثرت خیر کے پہلو پائیں گے ۔ اس مبارک درس گاہ میں میں نے اپنی عمر کے آٹھویں سال سے لے کر بارہویں سال تک کا عرصہ گزارا ۔

Marfat.com

## مڈل اسکول میں داخلہ

اس کے بعد استاذ مرحوم اپنے مدرسہ کو ترک کر کے دوسرے کاموں میں مشغول ہو گئے۔ مدرسہ دوسرے منتظمین کے سپرد کر دیا گیا۔ یہ نئے منتظمین استاذ محمد زہران رحمہ اللہ جیسی تاباں روحانیت، بے پایاں علم، فراواں ادب اور پُرکشش اخلاق سے بہرہ ور نہ تھے۔ اس نوخیز طالب علم کو، جو استاذ زہران کی خوبیوں کی حلاوت کا لذت آشنا ہو چکا تھا، نئے حضرات کی صحبت کا یارا نہ رہا۔ اس مدرسہ میں ابھی اس نے قرآن بھی پورا حفظ نہ کیا تھا اور والد کی یہ آرزوئے بے تاب کہ وہ اپنے بیٹے کو کتاب اللہ کا حافظ دیکھیں، ابھی شرمندۂ تکمیل نہ ہوئی تھی۔ کیونکہ ابھی تک اس نے صرف سورۂ بقرہ سے لے کر سورۂ الاسراء تک یاد کیا تھا جو تقریباً قرآن کریم کا نصف ہوتا ہے۔ ایک روز یکایک میں نے پُرعزم لہجے میں واشگاف طور پر والد محترم سے یہ کہہ دیا کہ اب میرے لیے ان مکتبوں میں مزید پڑے رہنا ناقابلِ برداشت ہو گیا ہے۔ اب مجھے لازماً مدرسہ اعدادیہ (مڈل اسکول) میں چلے جانا چاہیئے۔ اُن دنوں میں مدرسہ اعدادیہ موجودہ مدرسہ ابتدائیہ (پرائمری اسکول) کے نہج پر ہوتا تھا۔ بس اتنا فرق ہے کہ اُس وقت غیر ملکی زبان نہیں پڑھائی جاتی تھی۔ اس کی جگہ قوانین اراضی، اور قوانین مالی اور باغبانی کے مضامین کا اضافہ ہوتا تھا۔ نیز قومی زبان اور دینیات کے مضامین بھی قدرے وسعت کے ساتھ پڑھائے جاتے تھے۔

باپ نے، جس کی یہ شدید خواہش تھی کہ اس کا بیٹا کتاب اللہ زبانی یاد کرے، بیٹے کی مذکورہ تجویز کی مخالفت کی۔ لیکن جب اسکول کی تعلیم کے خواہش مند بیٹے نے اُسے یہ یقین دلا دیا کہ وہ قرآن کریم کا بقیہ حصّہ گھر پر حفظ کر لے گا تو والد نے بیٹے کی تجویز پر

Marfat.com

صادر کر دیا۔ اُسی ہفتے یہ خاکسار مڈل اسکول کا طالب علم ہو گیا۔ اُس کا دن اسکول کی تعلیم میں گزرتا۔ اور مدرسے سے لوٹنے کے بعد عشا کی نماز تک وہ گھڑی سازی کا فن سیکھتا جس کا وہ بے حد شائق تھا اور عشار کے بعد سے لے کر بستر خواب میں داخل ہونے تک وہ اسکول کے اسباق کا اعادہ کرتا اور جب صبح کی نماز کے لیے اُٹھتا تو اس وقت سے لے کر اسکول روانگی تک کا وقفہ وہ قرآن کریم حفظ کرنے میں گزارتا۔

## انجمن اصلاح اخلاق

اسکول کے اساتذہ میں سے ایک بزرگ محمد افندی عبدالخالق رحمہ اللہ تھے۔ حساب اور ریاضی کے استاد تھے۔ بڑے با اخلاق اور صاحب فضل انسان تھے۔ انہوں نے سال سوم کے طلبہ کو یہ تجویز کیا کہ وہ اپنی ایک انجمن تشکیل کریں جس کا نام "جمعیت اخلاق ادبیہ" ہو۔ انجمن کا لائحہ عمل اُنہوں نے خود ہی وضع کر دیا اور وہی اُس کے نگران بن گئے۔ اور طلبہ کو اس کی انتظامی کونسل منتخب کرنے کی ہدایت کی انجمن کے اغراض و ضوابط کا خلاصہ یہ تھا کہ:۔

"جو اپنے بھائی کو گالی دے گا اُسے ایک ملیم جرمانہ ہوگا، جو اپنے والد کو بُرا بھلا کہے گا اُسے دو ملیم جرمانہ ادا کرنا ہوگا، جو ماں سے گستاخی کرے گا اُس پر ایک قرش جرمانہ عائد ہوگا، جو دین کے متعلق نازیبا کلمات کہے گا اُسے دو قرش جرمانے میں دینے ہوں گے اور جو دوسرے ساتھی سے دنگا فساد کرے گا اُسے بھی دو قرش جرمانہ ہوگا۔ انتظامی کونسل کے ارکان اور صدر پر مذکورہ افعال کا دوگنا جرمانہ عاید کیا جائے گا۔ اور جو طالب علم ان ضوابط پر عمل درآمد نہیں کرے گا اُس کے رفقاء اُس کا

Marfat.com

مقاطعہ کریں گے اور یہ مقاطعہ اُس وقت تک جاری رہے گا جب تک وہ ضوابط پر عمل درآمد نہ کرے گا۔ جرمانوں سے جو رقم جمع ہو گی اُسے رفاہی کاموں پر صَرف کیا جائے گا۔ نیز ارکانِ جمعیت کا فرض ہوگا کہ وہ اتباعِ دین کی باہم نصیحت کریں، نمازوں کو بروقت ادا کرنے کی تلقین کریں، اللہ تعالےٰ کی اطاعت، والدین کی پیروی اور عمر اور مرتبے کے لحاظ سے بڑے اشخاص کی فرمانبرداری کا زیادہ سے زیادہ شوق پیدا کریں۔"

رشاد کی دینی درس گاہ سے اس نوخیز نے جو روحانی سرمایہ حاصل کیا تھا اُس کی برکت سے وہ طلبہ کی برادری میں ایسے کاموں میں گوئے سبقت لے گیا۔ اور تھوڑے ہی عرصہ کے اندر اُن کی نگاہوں کا مرکز بن گیا۔ یہاں تک کہ جب جمعیت اخلاق ادبیہ کی مجلسِ عاملہ کا انتخاب ہوا تو اِس مجلس کی صدارت کا قُرعہ اس کے نام نکلا۔ جمعیت نے اپنی کارروائیوں کا آغاز کر دیا۔ چنانچہ جمعیت کی طرف سے بکثرت رکن طلبہ سے قواعدِ جمعیت کی خلاف ورزیوں پر بازپُرس کی گئی۔ اور جرمانوں کی بدولت معتدبہ رقم جمع ہو گئی۔ جس میں سے کچھ مقدار ایک طالب علم ساتھی لبیب اسکندر کے اعزاز میں دی جانے والی الوداعی پارٹی پر صَرف کی گئی۔ یہ صاحب وزارت صحت کے ایک ڈاکٹر کے سگے بھائی تھے۔ اور جب ڈاکٹر صاحب کا تبادلہ ہوا تو انہیں بھی ساتھ ہی منتقل ہونا پڑا۔ رقم کا کچھ حصّہ ایک غریب الوطن شخص کی میت کی تجہیز و تکفین پر خرچ کر دیا گیا، جو دریائے نیل میں ڈوب گیا تھا اور نیل کی موجوں نے اس کی لاش کو فصیلِ مدرسہ کے پاس لا کر پھینک دیا تھا۔ چنانچہ جمعیت نے اپنے بیت المال

Marfat.com

سے اس کی تجہیز و تکفین کے مصارف ادا کیے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اِس نوعیت کی انجمن، اصلاحِ اخلاق کے معاملے میں وہ نتائج برآمد کرسکتی ہے جو بیسیوں نظری وعظوں سے بھی نہیں پیدا ہو سکتے۔ مدرسوں اور درس گاہوں کو چاہیئے کہ وہ اِس طرز کی انجمنوں کے قیام پر زیادہ سے زیادہ توجہ دیں۔

ساحلِ نیل پر

اس جمعیت نے اپنے نوعمر ارکان کے دلوں پر غیر معمولی اثرات چھوڑے۔ یہ اُسی کا فیض تھا کہ مجھے یاد ہے کہ ایک روز میرا دریائے نیل کے کنارے اس جگہ گزر ہوا جہاں مزدوروں کی بہت بڑی تعداد بادبانی کشتیاں بنانے میں مصروف ہوتی ہے۔ محمودیہ میں یہ صنعت بہت پھیلی ہوئی تھی۔ میں نے دیکھا کہ ایک صاحب نے اپنی تیار شدہ کشتی کے مستول پر چوبی مورتی لٹکا رکھی ہے جو بالکل عریاں حالت میں ہے اور اخلاقِ عامہ کے سراسر منافی ہے۔ اور خاص طور پر یہ خرابی اس لیے بھی اہمیت اختیار کر رہی ہے کہ ساحل کے اِس حصے میں خواتین اور دوشیزائیں بکثرت آمد و رفت رکھتی ہیں اور پانی بھرتی ہیں۔ یہ دیکھ کر میرا دل لرز گیا۔ میں فوراً پولیس چوکی کے انچارج کے پاس گیا۔ (محمودیہ میں اِس وقت ابھی پولیس اسٹیشن قائم نہیں ہوا تھا) میں نے اُس کے سامنے یہ کہانی بیان کی اور اِس قبیح منظر پر صدائے احتجاج بلند کی۔ افسر مذکور نے میری غیرت و حمیت کو بہت وزن دیا، اور فوراً میرے ساتھ اُٹھ کھڑا ہوا۔ اور اُس کشتی کے مالک کو زجر و توبیخ کی اور اُسے بلا تاخیر مورتی اُتار پھینکنے کا حکم دیا۔ ملّاح نے فی الفور حکم کی تعمیل کی۔ مذکورہ افسر نے میری اس امداد پر اکتفا نہ کی بلکہ وہ اگلے روز اسکول آگیا اور اُس نے ہیڈ ماسٹر صاحب کے سامنے یہ واقعہ بڑی مسرت و خوشگوار حیرت کے ساتھ

Marfat.com

بیان کیا۔ اسکول کے ہیڈ ماسٹر جناب استاذ محمود آفندی بھی ایک صاحب فضل و صلاح مربّی تھے۔ اور اب موصوف وزارت تعلیم کے سرکردہ حکام میں سے ہیں۔ وہ بھی یہ حکایت سُن کر پھُولے نہ سماتے۔ اور اگلے روز انہوں نے صبح کی اسمبلی میں یہ کہانی تمام طلبائے مدرسہ کو سُنائی اور انہیں اُکسایا کہ اُن میں سے ہر طالب علم کو لوگوں کو اچھی بات کی نصیحت کرتے رہنا چاہیئے، اور جہاں کہیں وہ کوئی بُرائی دیکھیں اُس پر نکیر کریں۔ مگر اب معلوم ہوتا ہے کہ اس طرز کے امور پر دھیان دینے کا زمانہ لد گیا ہے۔ درس گاہوں کے سربراہ اور پولیس کے حکام دونوں اس فرض سے مُنہ موڑ چکے ہیں حیف وصد حیف!!

مسجد صغیر کی چٹائیوں پر

اسکول کے اکثر طلبا کی عادت تھی کہ وہ "مسجد صغیر" میں نماز ادا کرتے۔ یہ مسجد اسکول کے جوار میں تھی۔ نماز ظہر میں وہ خصوصیت کے ساتھ یہاں آتے۔ دوپہر کے کھانے کے بعد انہیں یہاں کشادہ جگہ مِل بیٹھنے کو مل جاتی۔ یہ مسجد اوقاف کے تحت نہ تھی۔ مجھے ایک دلچسپ لطیفہ یاد ہے۔ اس مسجد کے امام شیخ محمد سعید ایک روز جو آتے تو کیا دیکھتے ہیں کہ طلبہ میں سے ایک صاحب اذان دیتے ہیں، پھر جماعت کھڑی ہوتی ہے۔ ایک امام صاحب آگے بڑھتے ہیں اور طلبہ کی بہت بڑی تعداد کو جو تین یا چار صفوں سے بھی زائد تھی نماز پڑھاتے ہیں۔ انہیں ڈر ہوا کہ مسجد کا پانی اسراف کی نذر ہوگا اور چٹائیاں بھی ٹوٹ پھوٹ جائیں گی۔ چنانچہ وہ کھڑے انتظار کرتے رہے یہاں تک کہ لوگ اپنی نماز مکمل کر چکے۔ پھر آگے بڑھ کر انہوں نے بذر بازو لڑکوں کو منتشر کرنا شروع کر دیا۔ انہیں خوب ڈرایا دھمکایا اور خوفناک وعیدیں سُنائیں۔

Marfat.com

کچھ لڑکے تو اُن کے "ارشادات" پر لبیک کہتے ہوئے بھاگ گئے اور کچھ ڈٹ گئے اور وہاں سے نہ ہلے ۔ میرے اندر بچگانہ خیال نے چٹکی لی ۔ مَیں نے ٹھان لیا کہ امام صاحب سے اس حرکت کا ضرور بدلہ لوں گا۔ چنانچہ مَیں نے انہیں ایک خط لکھا جس میں یہ آیت تحریر کردی: وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۔ (الانعام : ۵۲) مَیں نے انہیں یہ خط بیرنگ بھیجا اور خیال کیا کہ ایک قرش جرمانہ ہی بطور قصاص کافی ہے ۔ موصوف رحمہ اللہ کو جب یہ خط وصول ہُوا تو وہ تاڑ گئے کہ یہ ضرب اُن پر کہاں سے لگی ہے ۔ چنانچہ وہ والدِ محترم سے ملے اور اُن سے میرا بڑا شکوہ کیا اور خفگی کا اظہار کیا ۔ مگر والد صاحب نے انہیں نصیحت فرمائی کہ انہیں طلبہ کے ساتھ حسنِ سلوک رکھنا چاہیئے اور ان کے بارے میں بہتر رویّہ اختیار کرنا چاہیئے ۔ اس کے بعد موصوف ہمارے ساتھ ہمیشہ خوشدلی سے پیش آتے اور اچھا برتاؤ رکھا ۔ انھوں نے ہم پر یہ شرط عائد کردی تھی کہ مسجد سے نکلنے سے پہلے ہم ان کی پانی کی ٹینکی بھر دیا کریں ۔ اور جب چٹائیاں شکستہ ہوجایا کریں تو ہم ان کے لیے چندہ جمع کیا کریں ۔ ہم اُن کی شرائط کے پابند رہے ۔

## انجمن انسدادِ محرّمات

معلوم ہوتا ہے کہ مدرسہ کی حدود تک محدود رہنے والی اصلاحی سرگرمیاں اس نوخیز گروہ کی آتشِ شوق کو فرو نہ کرسکیں ۔ چنانچہ اُن میں سے چند اصحاب جمع ہوتے ۔ مثلاً استاذ محمد علی عُبَدیہ جو اب محکمۂ تعلیم میں مدرّس ہیں، اللبیب افندی نوار جو آج کل تجارت

Marfat.com

میں مگن ہیں، اخ عبد المتعال سنکل افندی، استاذ عبد الرحمان ساعاتی جو آج کل ریلوے میں ملازم ہیں اور استاذ سعید بُدیر انجینئر۔ اِن حضرات نے طے کیا کہ ایک اسلامی انجمن جمعیت انسداد محرّمات کے نام سے قائم کی جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اس انجمن کا چندہ رکنیت ہفتہ وار پانچ ملیم سے لے کر دس ملیم تک تھا۔ مختلف کام مختلف ارکان کے درمیان بٹے ہوئے تھے۔ کسی کے ذمّے یہ تھا کہ وہ قرآن وحدیث وفقہ سے مطلوبہ آیات و احادیث اور عبارات تلاش کرے اور خطوط کے مسوّدے تیار کرے۔ دوسرے کا کام تھا کہ وہ خطوط کی کتابت کرے۔ تیسرا طباعت کے کام پر مامور تھا۔ اور باقی لوگ ان خطوط کو لوگوں میں تقسیم کرنے کی مہم سرانجام دیتے۔ یہ خطوط ان لوگوں کو بھیجے جاتے جن کے بارے میں جمعیت کو یہ اطلاع ملتی کہ وہ کسی گناہ کا ارتکاب کرتے ہیں یا عبادات، خاص طور پر نماز صحیح طریقے پر ادا نہیں کرتے۔ جو شخص رمضان کا روزہ نہ رکھتا اور جمعیت کا کوئی رُکن اُسے کھاتے یا پیتے دیکھ لیتا وہ فوراً جمعیت کو خبر دیتا۔ اور جمعیت کی طرف سے اُس شخص کو ایک خط تحریر کیا جاتا جس میں ترکِ صوم کے بارے میں شدید نہی کی جانب توجّہ دلائی جاتی۔ جو شخص نماز بے ہنگم طریقے سے ادا کرتا اور خشوع و خضوع کے شرائط پورے نہ کرتا اور اطمینان سے اس فرضِ عظیم کو انجام دینے میں کوتاہی برتتا اُسے بھی جمعیت کی طرف سے ایک خط پہنچ جاتا جس میں اس غفلت پر اُسے توجہ دلا دی جاتی۔ جو مرد سونا پہنے نظر آجاتا اُسے بھی خط بھیج کر اس فعل سے منع کیا جاتا اور اس بارے میں شرعی حکم سے اُسے آگاہ کیا جاتا۔ اگر کسی عورت کو جمعیت کا رکن دیکھ لیتا کہ وہ سوگ میں چہرہ پیٹ رہی ہے یا جاہلیت کے کلمات زبان سے ادا کر رہی ہے تو اُس کے خاوند یا ولی کو بذریعہ خط اس جاہلانہ رسم کے ارتکاب سے باز رہنے کی

Marfat.com

تلقین کی جاتی۔ الحاصل کوئی شخص خواہ وہ چھوٹا ہوتا یا بڑا ایسا نہ تھا کہ اُس کے اندر کسی گناہ کا فعل نظر آیا ہو اور اُسے جمعیت نے خط کے ذریعہ نکیر نہ کی ہو۔ ارکانِ جمعیت چونکہ کمسن تھے لوگوں کی نظروں میں نہ آسکتے تھے اور نہ ان کے بارے میں کوئی شخص اس نوعیت کی کارروائی کا شبہ کر سکتا تھا اس لیے لوگ اُن سے پردہ داری اور پرہیز نہ کرتے اور یوں وہ لوگوں کی ہر بات آسانی سے معلوم کر لیتے تھے۔ لوگوں کا گمان یہ تھا کہ یہ کام ہمارے استاذ شیخ زہران رحمہ اللہ کا ہے۔ اِس لیے لوگ ان کو آکر ملتے، ان کو شدید ملامت کرتے اور اُن سے مطالبہ کرتے کہ جو کچھ انہیں کہنا ہو زبانی کہ دیں یہ خطوط بازی کیوں کرتے ہیں۔ شیخ زہران بیچارے اِس فعل سے لاتعلقی کا اظہار کرتے اور اپنی پوری صفائی پیش کرتے۔ مگر لوگ یقین نہ کرتے۔ آخر کار خود شیخ زہران کو بھی جمعیت کی طرف سے ایک خط روانہ کیا گیا جس میں انہیں توجہ دلائی گئی کہ اُنہوں نے فلاں روز ظہر کے فرض سنتوں کے درمیان پڑھے ہیں۔ اور یہ مکروہ ہے۔ شیخ شہر کے نامور عالمِ دین ہیں۔ انہیں چاہیئے کہ وہ مکروہات سے بھی اجتناب کریں تاکہ عوام الناس محرمات سے مجتنب رہیں۔ اُن دنوں اگرچہ میں اُن کے مکتب اور لائبریری کو ترک کر چکا تھا مگر عام درسوں کی بدولت میرا اُن کے ساتھ رابطہ برابر قائم تھا۔ مجھے یاد ہے کہ شیخ رحمہ اللہ نے مجھے بُلا بھیجا تاکہ ہم دونوں مل کر مسئلہ مذکورہ کے بارے میں اصل حکم فتح الباری (شرح صحیح البخاری) میں تلاش کریں۔ یہ موضوع اب تک میرے ذہن میں مستحضر ہے۔ گویا آج ہی کی بات ہے۔ میں شیخ کے سامنے فتح الباری کی عبارت پڑھتا جاتا تھا اور لبوں پر مسکراہٹ طاری تھی۔ اور وہ یہ دریافت کرتے جاتے کہ یہ کون لوگ ہیں جنہوں نے یہ مسئلہ انہیں لکھ بھیجا ہے۔ تحقیق کے بعد

Marfat.com

معلوم ہوا کہ یہ لوگ حق پر ہیں اور ان کی رائے درست ہے۔ میں نے یہ پورا واقعہ ارکان جمعیت کو بنایا۔ اُن کی خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی۔

چھ ماہ سے زائد عرصہ تک جمعیت یہ مہم سرانجام دیتی رہی یہ مہم لوگوں کے لیے موجب حیرت بھی تھی اور باعثِ دہشت بھی۔ آخر کار جمعیت کا راز ایک قہوہ خانہ کے مالک کے ہاتھوں افشا ہو گیا۔ دراصل اُس نے ایک رقاصہ کو قہوہ خانے میں منگوایا اور ناچ گانے کا انتظام کیا۔ اس پر جمعیت کی جانب سے اُسے ایک چٹھی روانہ کی گئی۔ جمعیت کے خطوط مالی بچت کے نقطۂ نظر سے بذریعہ ڈاک نہیں بھیجے جاتے تھے بلکہ ارکان انہیں دستی لے جاتے اور ایسی جگہ انہیں رکھ دیتے جہاں مکتوب الیہ کی نظر پڑے اور وہ اُسے اٹھا لے۔ لیکن معلّم (قہوہ خانے کے مالک کا عُرفی نام) بڑا ہوشیار تھا اُس نے حاملِ خط کی آہٹ محسوس کر لی اور لپک کر اُسے بمعہ خط پکڑ لیا اور قہوہ خانے میں موجود لوگوں کے سامنے اُسے عتاب شدید کا نشانہ بنایا۔ اِس طرح جمعیت بے نقاب ہو گئی۔ اب جمعیت کے ارکان نے یہ طے کیا کہ اب انہیں اپنی موجودہ سرگرمیوں میں کمی کر دینی چاہیئے اور کسی نئے اسلوب سے انسداد محرّمات کا فرض انجام دینا چاہیئے۔

## ٹیچرز ٹریننگ اسکول کا رُخ

اِس طالب علم (راقم السطور) نے اپنا وعدہ ایفا کر دیا۔ وہ باقاعدگی سے قرآن کریم حفظ کرتا رہا۔ مدرسہ الرشاد میں وہ جتنا حفظ کر کے آیا تھا اُس میں اُس نے ایک چوتھائی کا اضافہ کر لیا اور سورۂ یٰسین تک حفظ مکمل کر لیا۔ محمودیہ کے ضلعی بورڈ نے یہ فیصلہ کیا کہ مدارس اعدادیہ کا نظام منسوخ کر دیا جائے اور ان مدارس کو پرائمری اسکولوں میں تبدیل

Marfat.com

کر دیا جائے۔ اس فیصلے کے بعد راقم کے سامنے دو راستے تھے جن میں سے ایک کا اُسے انتخاب کرنا تھا۔ یا تو اُسے اسکندریہ کے معہد دینی (دینی درس گاہ) میں چلا جانا چاہیئے تاکہ وہ ازہری شیخ بن جاتے یا دمنہود کے ٹیچرز ٹریننگ اسکول میں داخلہ لے لینا چاہیئے تاکہ اُس کا راستہ مختصر ہو جائے اور وہ تین سال کے بعد ٹیچر بن جاتے۔ آخر کار دوسرے نقطۂ نظر کا پلڑا بھاری رہا۔ درخواستیں داخل کرنے کی تاریخ آگئی اور اُس نے بالفعل درخواست برائے داخلہ دائر کر دی۔ لیکن اب اُسے دو بڑی رکاوٹوں کا سامنا تھا: ایک عمر کی رکاوٹ۔ کیونکہ وہ ابھی چودھویں سال کے نصف میں تھا جب کہ داخلے کی شرط مکمل چودہ سال عمر تھی۔ اور دوسری قرآن کریم کا مکمل حفظ۔ کیونکہ یہ بھی داخلے کی ایک شرط تھی، اور قرآن کریم کا زبانی امتحان لازمی تھا۔ ٹیچرز ٹریننگ اسکول کے پرنسپل استاذ بشیر الدسوقی موسیٰ تھے۔ جو اب پنشن یافتہ ہیں۔ بڑے کریم النفس اور نرم خو تھے۔ راقم کے ساتھ انہوں نے نرمی برتی۔ عمر کی شرط بھی نظر انداز کر دی۔ اور راقم کا یہ عہد بھی قبول فرمالیا کہ قرآن کریم کا جو چوتھائی حصّہ باقی رہ گیا ہے اُسے وہ حفظ کر لے گا۔ چنانچہ انہوں نے داخلے کے لیے تحریری اور زبانی امتحان کی اجازت دے دی جس میں راقم کامیابی سے گزر گیا۔ اُس روز سے وہ دمنہور کے ٹیچرز ٹریننگ اسکول کا ایک طالب بن گیا۔

سلسلۂ حصافیہ سے دلچسپی

"چھوٹی مسجد" میں، جس کا ذکر اوپر گزر چکا ہے، میں نے "حصافی اخوان" کو دیکھا تھا۔ وہ ہر رات نمازِ عشاء کے بعد اللہ کا ذکر کرتے تھے۔ میں بھی پابندی کے ساتھ مغرب اور عشاء کے درمیان وہاں شیخ زہران کے درس میں حاضری دیتا تھا۔ یہ محفلِ

Marfat.com

ذکر میرے لیے بڑی پُرکشش تھی - اس کی ہم آہنگ آوازیں، دلکش نغمے، متلاطم روحانیت، فاضل شیوخ اور صالح نوجوانوں پر مشتمل ذاکرین اور ان کی وسیع الظرفی اور اُن کمسن بچوں کے ساتھ اُن کا تواضع سے پیش آنا جو محفل میں گھس جاتے اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے ذکر میں اُن کے ساتھ شریک ہو جاتے یہ سب پہلو دامنِ دل کو کھینچ لیتے تھے۔
چنانچہ میں نے اس محفل میں بھی پابندی سے شرکت شروع کر دی۔ آگے چل کر میرے اور "اخوان حصافیہ" کے نوجوان عنصر کے مابین تعلقات بڑے مضبوط ہو گئے۔ ان میں تین حضرات سرِفہرست ہیں - ایک شیخ شلبی الرجال، دوسرے شیخ محمد ابو شوشہ اور تیسرے شیخ سید عثمان۔ ذاکرین میں سے جو نوجوان عمر کے لحاظ سے ہم سے قریب تر تھے اُن میں محمد افندی دِمیاطی، صادی افندی صاوی، عبدالمتعال افندی سنکل اور ایسے ہی چند دیگر حضرات اِس مبارک گروہ میں پہلی بار استاذ احمد السکری (اخوان المسلمون کے موجودہ جنرل سیکرٹری) کے ساتھ میری ملاقات ہوئی - ہم دونوں کی زندگی میں اس ملاقات نے گہرے نقش چھوڑے - اُس گھڑی سے شیخ حصافی کا نام برابر کانوں میں پڑتا اور دل کی گہرائیوں پر خوشگوار اثر چھوڑتا رہا - اور شیخ کے دیدار کا عشق، اور شیخ کی مجالست اور شیخ سے استفادہ کا شوق لمحہ بہ لمحہ بڑھتا رہا۔ میں نے "رزوقی وظیفہ" صبح و شام بالالتزام پڑھنا شروع کر دیا۔ اِس وظیفے کے ساتھ میری دلچسپی اس لیے بھی بڑھ گئی کہ والدِ محترم نے اس کی نہایت لطیف شرح تحریر کر دی جس میں واضح کر دیا کہ اس وظیفے کے تمام الفاظ احادیث صحیحہ سے ماخوذ ہیں - اس شرح کا نام ہے: "تنویر الافئدۃ الزکیۃ بادلۃ اذکار الزروقیۃ"۔
یہ وظیفہ سراسر قرآن کریم کی آیات اور ان مسنون اذکار پر مشتمل ہے جو صبح اور شام کے وقت

Marfat.com

پڑھے جاتے ہیں - اور یہ تمام اذکار احادیث کی کتابوں میں مذکور ہیں - اس میں کوئی عجمی لفظ یا فلسفیانہ ترکیب یا ایسی عبارت نہیں پائی جاتی جس میں دعا کا پہلو کم اور خرافات زیادہ ہو۔

اسی دوران میرے ہاتھ کتاب: "المنہل الصافی فی مناقب حسنین الحصافی" لگ گئی۔ حسنین الحصافی سلسلۂ حصافیہ کے بانی اور شیخِ اوّل ہیں۔ اور اس سلسلہ کے موجودہ پیشوا محترم شیخ عبدالوہاب حصافی ـــــ اللہ ان کی عمر دراز کرے اور ان کے فیض کو عام فرمائے ـــــ کے باپ ہیں - ان کا انتقال ہو چکا ہے۔ میں اُن کی زیارت نہیں کر سکا۔ ان کی وفات جمعرات ۱۷ ؍جمادی الآخرۃ ۱۳۲۸ ہجری کو ہوئی اور میں اُس وقت چار سال کا تھا۔ وہ بکثرت ہمارے شہر میں آتے جاتے رہے مگر میں ان سے نہ مل سکا۔ میں کتاب کے مطالعہ میں منہمک ہو گیا۔ اور اس سے مجھے معلوم ہوا کہ سید حسنین حصافی رحمہ اللہ ازہر کے فارغ التحصیل عالم تھے۔ مذہب شافعی میں انہیں تفقّہ حاصل تھا۔ تمام دینی علوم کو انہوں نے تعمّق و وسعت کے ساتھ پڑھا تھا۔ بڑے عبادت گزار تھے ذکرِ خدا میں مستغرق رہتے۔ شیوۂ طاعت و زہد پر بہت مداومت رکھتے۔ کئی حج کر چکے تھے۔ اور ہر حج کے موقع پر متعدد عمرے کرتے رہے۔ اُن کے رفقاء اور اصحاب یک زبان ہو کر کہتے ہیں کہ ہم نے اطاعت گزاری، ادائے فرائض اور سُنن و نوافل کی پابندی میں اُن سے بڑھ کر کسی کو قوی اور حریص نہیں پایا زندگی کے آخری ایام تک وہ اِس طریقے پر قائم رہے حالانکہ خاصے معمّر ہو گئے تھے۔ ستر سال سے اوپر تھے۔ دعوت الی اللہ کا کام بھی کرتے رہے اہلِ طریقت کے اسلوب پر، مگر نورانیت اور معرفت میں ڈوب کر اور صحیح اور پاکیزہ اصولوں کے تحت۔

Marfat.com

ان کی دعوت علم و تربیت، نفقہ و عبادت اور طاعت و ذکر پر استوار تھی۔ بدعات و خرافات جو تصوف و طریقت کے متوالوں کے اندر پھیلی ہوئی تھیں ان کے وہ شدید مخالف تھے، اور ہر وقت اور ہر حالت میں وہ کتاب و سُنّت ہی کو مشعلِ ہدایت بناتے۔ غلط تاویلات اور گمراہ کن خرافات سے پرہیز کرتے۔ معروف کی تلقین کرتے اور منکر سے منع کرتے۔ نصیحت و خیرخواہی کا کام ہر لحہ جاری رکھتے۔ یہاں تک کہ انہوں نے بہت سارے ایسے امور و احوال کو بدل ڈالا جو ان کے خیال میں خلاف کتاب و سنّت تھے اور جن پر خود ان کے شیوخ و اساتذہ بھی کاربند تھے۔ اُن کی سیرت میں سے (خدا ان پر راضی ہو) جس چیز نے سب سے زیادہ میرے دل کو گرویدہ بنایا اور میری عقل و خرد کو مسحور کیا وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے معاملے میں اُن کی شدّت تھی۔ موصوف اس بارے میں کسی کی ملامت سے نہ ڈرتے اور خواہ روبرو کتنی عظیم و بزرگ شخصیت ہوتی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ ترک نہ کرتے۔ اس کی متعدد مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں:۔

ریاض پاشا جن دنوں وزیر اعظم تھا اُس سے ملاقات کے لیے گئے۔ اسی دوران پاشا کے پاس ایک عالمِ دین آئے اور پاشا کے سامنے یوں جُھک گئے گویا حالتِ رکوع میں ہیں۔ شیخ غضب ناک ہو کر اُٹھے اور مولوی صاحب کے منہ پر ایک بھرپُور تھپّڑ رسید کیا۔ اور سختی کے ساتھ انہیں منع کرتے ہوئے فرمانے لگے:

"میاں صاحب سیدھے ہو جاؤ، رکوع اللہ کے سوا کسی کے آگے جائز نہیں ہے۔ اپنے دین و علم کو رُسوا نہ کرو ورنہ خدا تمہیں رُسوا کر دے گا۔"

مولوی صاحب اور پاشا دونوں دم بخود رہ گئے۔ اور کسی کو جرأت نہ ہوتی

Marfat.com

کہ وہ شیخ پر کسی نوعیت کی گرفت کرے۔ ابھی مجلس میں بیٹھے تھے کہ ایک پاشا آیا۔ جو ریاض پاشا کے دوستوں میں سے تھا۔ اُس نے انگلی میں سونے کی انگشتری پہن رکھی تھی۔ اور ہاتھ میں ایک چھڑی تھی جس کا دستہ سونے کا تھا۔ شیخ اُس کی طرف ملتفت ہوئے اور کہنے لگے:

"بھائی صاحب! یوں زیور کے طور پر سونے کا استعمال مردوں کے لیے حرام اور عورتوں کے لیے حلال ہے۔ یہ دونوں چیزیں اپنی کسی خاتون کے حوالے کر دیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واضح حکم کی خلاف ورزی سے بچیں۔"

پاشا صاحب نے کوئی اعتراض کرنا چاہا۔ مگر ریاض پاشا نے دخل دیا اور دونوں کو ایک دوسرے سے متعارف کرایا۔ بایں ہمہ شیخ مصر رہے کہ انگشتری اور سونے کا دستہ دونوں اتار دینے ضروری ہیں تاکہ منکر کا ازالہ ہو سکے۔

ایک مرتبہ علماء کی معیت میں کسی مخصوص تقریب کے موقع پر خدیوی توفیق پاشا کے پاس گئے۔ اور خدیوی کو بآواز بلند السلام علیکم کہا۔ خدیوی نے ہاتھ کے اشارے سے سلام کا جواب دیا۔ شیخ نے اُسے بڑے عزم و ایقان سے فرمایا:

"سلام کا جواب ویسا ہی یا اُس سے بہتر دینا چاہیئے۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہنا چاہیئے، صرف اشارۃً جواب دے دینا جائز نہیں ہے۔"

خدیوی کو ناچار زبان سے سلام کا جواب دینا پڑا۔ اور شیخ کے حق پسندانہ موقف اور تمسک بالدین کی تعریف کی۔

Marfat.com

ایک بار سروے ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین میں سے اپنے ایک مرید سے ملاقات کو گئے۔ اُس کے دفتر میں چیپس کی ایک مورتی دیکھی۔ اُس سے دریافت فرمایا کہ یہ کیا چیز ہے؟ مرید نے جواب دیا کہ یہ مجسمے ہمیں اپنے کام کے سلسلے میں درکار ہوتے ہیں۔ شیخ نے کہا: یہ حرام ہے۔ چنانچہ انہوں نے مجسمہ پکڑا اور اُس کی گردن توڑ دی۔ اسی لحظہ انگریز انسپکٹر اندر آیا۔ اور یہ منظر دیکھ کر شیخ کی اس کارروائی پر بحث و مناقشہ کرنے لگا۔ شیخ نے اُسے نہایت عمدہ طریقے سے جواب دیا۔ اور اُسے سمجھایا کہ اسلام توحید خالص قائم کرنے کے لیے آیا ہے۔ وہ بُت پرستی کے اثرات کو ہر شکل میں ختم کر دینا چاہتا ہے۔ اسی بنا پر اُس نے مجسموں کو حرام ٹھیرایا ہے تاکہ یہ مجسمے پوجا پاٹ کا ذریعہ نہ بن جائیں۔ شیخ نے اِس موضوع پر اِس قدر روشنی ڈالی کہ انسپکٹر سر دھننے لگا۔ کیونکہ اس کا خیال تھا کہ اسلام کے اندر بھی بُت پرستی کی آمیزش ہے۔ اُس نے شیخ کی بات کو تسلیم کیا اور ان کی بڑی تعریف کی۔

اپنے ایک مرید کے ہمراہ مسجد سیدنا حسین[1] گئے۔ قبر کے سامنے کھڑے ہو کر یہ مسنون دعا پڑھی: "السلام علی اھل الدیار من المومنین"۔ ایک مرید بول اٹھا: "اے ہمارے آقا و سردار! سیدنا حسین سے کہیں کہ وہ ہم پر راضی ہو جائیں"۔ شیخ حصافیؒ نے طیش کے ساتھ اُس کی جانب دیکھا اور فرمایا: راضی ہو ہم پر، تجھ پر اور اُن پر اللہ جل جلالہ"۔ زیارتِ قبر و مسجد کے بعد اپنے اخوان کو لے بیٹھے اور اُن کے سامنے زیارتِ قبور کے احکام کی تشریح کی اور وضاحت کے ساتھ بتایا کہ زیارتِ شرعیہ اور بدعت میں کیا فرق ہے۔

---

[1] یہ مسجد جامع ازہر کے جوار میں واقع ہے۔ مسجد کے اندر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا روضہ ہے۔ تاریخی لحاظ سے حضرت امام حسینؓ کا یہاں لا کر مدفون کیا جانا محلِ نظر ہے۔ (مترجم)

Marfat.com

والد محترم نے مجھ سے بیان کیا کہ محمودیہ کی ایک معزز شخصیت حسن بک ابو سید حسنؒ کے مکان پر شیخ حصافیؒ اور وہ (یعنی والد محترم) جمع ہوتے۔ اور بھی احباب و اخوان جمع تھے۔ گھر کی خادمہ، جو ایک بالغ دوشیزہ تھی، مجلس میں قہوہ لے کر آئی۔ اُس کے دونوں بازو اور سر بالکل عُریاں تھے۔ شیخ نے ناراضگی کی حالت میں اُس پر نظر ڈالی اور اُسے سختی کے ساتھ حکم دیا کہ جاؤ اور عریاں حصّوں کو ڈھانکو۔ انہوں نے قہوہ پینے سے بھی انکار کر دیا۔ اور صاحبِ خانہ کے سامنے بڑا مؤثر وعظ کیا جس میں بتایا کہ نوجوان لڑکیوں کے لیے خواہ وہ خادمات ہی ہوں پردہ فرض ہے اور انہیں کبھی اجنبی مردوں کے سامنے نہ لایا جائے۔

الغرض اس باب میں شیخ موصوف رحمہ اللہ کے مواقف بہت کثیر بھی ہیں اور نکتہ افزا بھی۔ اُن کا زندگی بھر ایسا ہی وتیرہ رہا۔ اُن کی یہی خوبی تھی جس نے میرے دل میں اُن کے بارے میں گرویدگی و عقیدت مندی کا عظیم ولولہ اُبھار دیا۔ اخوان ہمیشہ شیخ کی حسیّ کرامات کا چرچا کرتے مگر میں اپنے دل میں ان کرامات کا وہ اثر محسوس نہ کرتا تھا جتنا ان کے اس عملی پہلو کا محسوس کرتا۔ میرا اعتقاد تھا کہ شیخ کو اللہ تعالیٰ نے سب سے عظیم کرامت جو ارزانی فرمائی ہے وہ یہ توفیق و ہمّت ہے کہ وہ صحیح بنیادوں پر دعوتِ اسلامی کی اشاعت کرتے رہے ہیں، اور پھر یہ غیر معمولی غیرت و حمیت ہے جو محرّمات کے بارے میں اُن کے اندر موجزن تھی اور جس کے فیضان سے وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر جیسا تلخ فریضہ سرانجام دیتے رہے۔ شیخ کے ساتھ میری وابستگی کا آغاز جب ہوا تو اُس وقت میری عمر ۱۰ سال سے متجاوز نہ تھی۔

شیخ موصوفؒ کے ساتھ میری وابستگی کو ایک واقعہ نے مزید دو آتشہ کر دیا۔ میں

Marfat.com

کتاب "المنهل الصافی فی مناقب حسنین الصافی" کا کئی بار مطالعہ کر چکا تھا۔ چنانچہ اِسی دوران میں نے ایک خواب دیکھا کہ میں شہر کے قبرستان میں گیا ہوں۔ وہاں میں نے ایک بھاری بھرکم قبر دیکھی جس پر لرزہ طاری ہے اور برابر جھول رہی ہے۔ اُس کا یہ اضطراب و تزلزل برابر بڑھتا جاتا ہے یہاں تک کہ شق ہو جاتی ہے اور اُس میں سے آگ نکلتی ہے جو اس قدر بلند ہو جاتی ہے کہ آسمان کی پہنائیوں کو چھونے لگتی ہے۔ اور پھر یہ ایک مخصوص شکل اختیار کر لیتی ہے، ایک مرد کی شکل، جس کی لمبائی خوفناک ہے اور منظر ہیبت ناک۔ لوگوں چاروں طرف سے آکر اُس کے گرد جمع ہو جاتے ہیں۔ وہ مرد بڑی صاف اور واضح آواز میں چلّاتا ہے اور لوگوں سے کہتا ہے: "اے انسانو! جو چیزیں تم پر حرام تھیں اللہ نے وہ مباح کر دی ہیں۔ اب تم جو چاہو کرو"۔ میں اس جمِّ غفیر کے وسط میں سے نکل کر اس شخص کا معارضہ کرتا ہوں اور اُس کے منہ پر چیخ کر یہ کہتا ہوں کہ "تو جھوٹ کہتا ہے"۔ لوگ میری طرف مُلتفت ہوتے ہیں۔ میں انہیں کہتا ہوں کہ "لوگو! یہ ملعون ابلیس ہے۔ یہ تمہیں تمہارے دین سے ہٹانے اور تمہیں وسوسہ اندازی کرنے کے لیے آیا ہے۔ اس کی آواز پر کان نہ دھرو اور نہ اس کی کسی بات میں آؤ"۔ وہ شخص غضب آلود ہو جاتا ہے اور مجھ سے کہتا ہے کہ اب ضروری ہے کہ ہم دونوں حاضرین کے سامنے دوڑ میں مقابلہ کریں۔ اگر تُو مجھ سے آگے نکل گیا اور لوگوں کے پاس واپس پہنچ گیا اور میں تجھے نہ پکڑ سکا تو بے شک تُو سچّا ہے"۔ میں اُس کی یہ شرط قبول کر لیتا ہوں اور اُس کے آگے انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ دوڑنے لگتا ہوں۔ لیکن کہاں میرے چھوٹے چھوٹے قدم اور کہاں اُس کی لمبی لمبی چوکڑیاں۔ قبل اس کے کہ وہ مجھے پکڑ لیتا سامنے ایک کونے سے شیخ حصافی رحمہ اللہ نمودار ہو گئے اور انہوں نے مجھے اپنے

Marfat.com

سینے سے لگالیا۔ اپنے بائیں ہاتھ سے مجھے تھامے رکھا اور دایاں ہاتھ اوپر اُٹھا کر اس چھلاوے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے باآواز بلند فرمایا: ”ہٹ جا اے مردود“ چنانچہ وہ دُم دبا کر بھاگ گیا اور کہیں چھپ گیا۔ شیخ بھی چلا گیا۔ میں لوگوں کے پاس واپس آیا اور اُن سے کہا: دیکھا تم لوگوں نے، کس طرح یہ مردود تمہیں دینِ خدا سے گمراہ کرنے لگا تھا“ اسی پر میری آنکھ کھُل گئی۔ اور اب میں سراپا شوق، سراپا عقیدت اور سراپا انتظار تھا کہ کب سیّد عبدالوہاب الحصافی، شیخ حصافی مرحوم کے صاحبزادے تشریف لائیں اور میں اُن کی زیارت کروں اور اُن سے طریقت و آدابِ طریقت سیکھوں لیکن وہ اس عرصہ میں تشریف فرما نہ ہوئے

## حدیثِ قبرستان

حدیثِ قبرستان سے مجھے یاد آگیا کہ روحانی تربیت میں ہمارے دینی بھائی شیخ محمد ابوشوشہ تاجرِ محمودیہ کا بھی ہم پر بڑا احسان ہے۔ یہ ہم آٹھ دس لڑکوں کو اکٹھا کر لیتے اور ہمیں قبرستان لے جاتے۔ وہاں ہم زیارتِ قبور کی سُنّت ادا کرتے۔ اور شیخ نجیلی کی مسجد میں بیٹھ کر ورد پڑھتے۔ شیخ محمد ابوشوشہ ہمیں صلحاء و اولیاء کی حکایات و احوال سُناتے جن سے ہمارے دل گداز اور آنکھوں سے آنسو رواں ہو جاتے۔ پھر وہ ہمیں کھُدی ہوئی قبریں دکھاتے اور ہمیں یاد دلاتے کہ بالآخر ہم اسی تاریک غار کے اندر بسیرا کریں گے۔ بعض اوقات وہ ہم میں سے کسی ایک کو حکم دیتے کہ قبر میں اُتر جاؤ اور چند گھڑی وہاں لیٹ کر اپنا انجام یاد کرو۔ قبر کی تاریکی اور قبر کی وحشت کا تصوّر کرو۔ ابوشوشہ خود بھی زار و قطار روتے اور ہماری آنکھیں بھی اشک بار ہو جاتیں۔ ہم بڑے خشوع کے لمحات میں، عجیب ولولے اور حضوریٔ قلب کے ساتھ اور ندامت و عزم کے جذبات میں مستغرق ہو کر توبہ کو تازہ کرتے۔ اکثر ایسا بھی ہوتا کہ شیخ ابوشوشہ

Marfat.com

ہم میں سے ہر ایک کی کلائی میں علامتی "ناگا باندھ دیتے تاکہ توبہ کی یادگار رہے۔ اور وہ ہمیں سمجھاتے کہ اگر ہم میں سے کسی کے دل میں کبھی برائی کا خیال آئے یا شیطان اُس پر غلبہ پا رہا ہو تو فوراً اس ناگے کو پکڑ لے اور یاد کرے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے سچی توبہ کر چکا ہے، اور اُس کی اطاعت گزاری اور ترکِ معصیت کا عہد باندھ چکا ہے۔ شیخ کی اس نصیحت سے ہم بکثرت استفادہ کرتے رہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر سے نوازے۔

میرا دل برابر شیخ حصافی رحمہ اللہ کے ساتھ اٹکا رہا۔ یہاں تک کہ میں دمنہور کے ٹیچرز ٹریننگ اسکول میں داخل ہو گیا۔ اسی شہر میں شیخ کا مرقد مبارک ہے، اور ان کی نامکمل مسجد ہے جس کی صرف بنیادیں اس وقت تک رکھی جا سکی تھیں۔ اور مسجد بعد میں مکمل ہوئی۔ میں تقریباً ہر روز مداومت کے ساتھ ان کی زیارت کو جاتا۔ دمنہور کے حصافی اخوان کی صحبت اختیار کر لی اور مسجد توبہ میں جہاں اُن کی محفلِ ذکر منعقد ہوتی ہر شب بلاناغہ حاضری دینے لگا۔ حصافی اخوان کے میرِ محفل کے متعلق پوچھا۔ معلوم ہوا کہ میرِ محفل کا نام شیخ بسیونی العبد ہے۔ صالح اور پرہیزگار انسان ہیں۔ تجارت کا پیشہ کرتے ہیں۔ میں نے ان سے درخواست کی کہ شیخ حصافی سے میری بیعت کروا دی جائے۔ انھوں نے میری درخواست قبول کر لی اور مجھ سے وعدہ کیا کہ جب سید عبدالوہاب دمنہور وارد ہوں گے میں آپ کو ان کے سامنے پیش کر دوں گا۔ اس وقت تک میں نے راہِ تصوف میں کسی کے ہاتھ پر باقاعدہ بیعت نہ کی تھی بلکہ میں ان لوگوں کی اصطلاح کے مطابق ابھی "محب"[1] تھا،

---

[1] یہ اصطلاح اس شعر سے ماخوذ ہے کہ

(باقی صفحہ ۱۳۹ پر)

Marfat.com

مرید نہ تھا۔

سیّد عبدالوہاب ــــ اللہ ان کو باعثِ نفع بنائے ــــ دمنہور تشریف لے آئے۔ حصافی اخوان نے مجھے فوراً اُن کی آمد سے مطلع کر دیا۔ مَیں یہ خبر سُن کر پھُولا نہ سماتا تھا۔ مَیں شیخ بسیونی کے پاس گیا اور اُن سے عرض کیا کہ وہ حسبِ وعدہ مجھے شیخ عبدالوہاب کی خدمت میں لے چلیں۔ چنانچہ وہ مجھے لے گئے۔ رمضان المبارک ۱۳۴۱ھ کی چار تاریخ تھی۔ نمازِ عصر کے بعد ملاقات ہوئی۔ اگر میرا حافظہ درست کہتا ہے تو وہ اتوار کا دن تھا۔ اِس ملاقات میں مَیں نے سیّد عبدالوہابؒ سے سلسلۂ حصافیہ وشاذلیہ کی بیعت لی۔ انہوں نے مجھے اس سلسلہ کے تمام اوراد و ظائف کی اجازت مرحمت فرما دی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سیّد عبدالوہاب کو جزائے خیر عطا فرمائے، اُن کی صحبت سے مَیں نے عظیم ترین فوائد سمیٹے۔ سیّد کے دین اور طریقت میں مجھے خیر کے سوا اور کوئی چیز نظر نہیں آئی۔ ذاتی پہلو سے بھی اور رُشد و سلوک کے لحاظ سے بھی وہ بہت سی پاکیزہ خصلتوں سے بہرہ مند تھے اور ان میں منفرد مقام رکھتے تھے۔ لوگوں کے مال وجاہ سے مکمل بے نیازی تھی۔ معاملات و مسائل میں غیر معمولی سنجیدگی و اہتمام

---

(بقیہ حاشیہ ص۱۴۰ سے) احب الصالحين ولست منهم

لعل الله يرزقني صلاحًا

(مجھے صالحین سے محبت ہے۔ مَیں خود صالحین میں سے نہیں ہوں۔ شاید اس محبت کی بدولت اللہ مجھے بھی نیکی کی توفیق ارزاں فرما دے) (مترجم)

Marfat.com

تھا۔ خواہ وہ تنہا ہوتے یا اخوان و مریدین کے ساتھ ہوتے ہمیشہ اپنے اوقات کو تعلیم و تعلّم یا ذکر و فکر یا طاعت و عبادت کے سوا کسی چیز میں نہ صرف کرتے۔ اخوان کی بڑے احسن طریقے سے رہنمائی فرماتے اور انہیں اخوّت و تفقّہ اور اطاعتِ خداوندی کی عملی مشق کراتے۔ مجھے یاد ہے کہ انہوں نے تربیت و تزکیہ کے جو حکیمانہ اسالیب اختیار کر رکھے تھے، اُن کی رُو سے وہ تعلیم یافتہ اخوان (مریدوں) کو یہ اجازت نہ دیتے تھے کہ وہ عام مریدوں کے سامنے اختلافی مسائل یا مشتبہ مسائل میں زیادہ بحث و مباحثہ کریں، یا اُن کے سامنے ملاحدہ، زندیقوں اور عیسائی مشنریوں وغیرہ کی باتوں کا بار بار چرچا کریں۔ فرماتے: اِس نوعیت کی باتیں اپنی خصوصی مجلسوں میں کیا کرو اور وہاں ان پر باہمی مذاکرات کیا کرو۔ رہے یہ ناخواندہ لوگ تو ان کے سامنے صرف ایسے اثر انگیز اور عملی مضامین بیان کرو جو ان کو بندگیٔ خدا کی طرف راغب کریں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ لوگوں کی گفتگو سے ان میں سے کسی کے دل میں کوئی شبہ بیٹھ جائے اور اُس شبے کا جواب اُس کی سمجھ میں نہ آیا ہو۔ اور یوں بلا سبب اُس کے عقیدہ میں پراگندگی پیدا ہو جائے۔ اور تم اس خرابی کا سبب قرار پاؤ۔ اُن کے یہ الفاظ اب تک مجھے یاد ہیں جو انہوں نے اپنی ایک مجلس میں مجھے اور اخ استاذ احمد السکری کو ارشاد فرمائے تھے: مجھے ایسی علامات نظر آ رہی ہیں کہ اللہ تعالیٰ لوگوں کے دل تمہاری طرف موڑے گا اور بکثرت انسان تمہارے ساتھ مل جائے گا۔ تو خوب سمجھ لو کہ یہ لوگ جو تمہارے گرد جمع ہوں گے، اللہ تعالیٰ تم سے ان کے اوقات کے بارے میں دریافت کرے گا کہ کیا تم نے ان کے اوقات کو مفید کاموں میں صرف کیا یا رائگاں کر دیا۔ اگر پہلی صورت ہے تو ان لوگوں کو بھی اجر ملے گا اور اُن کی طرح

Marfat.com

تمہیں بھی۔ اور اگر دوسری صورت ہے تو ان کی گردنت بھی ہو گی اور تمہاری بھی ......
یوں موصوف کے تمام پند و نصائح خیر و فلاح پر اکساتے۔ بہرحال ہمیں اُن کے اندر خیر و صلاح کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں ملی۔ وما شهدنا الا بما علمنا وما كنا للغيب حفظين۔

اسی زمانے میں ہمیں یہ سُوجھی کہ ہم محمودیہ کے اندر ایک اصلاحی تنظیم کی تاسیس کریں۔ یہ تنظیم "جمعیت حصافیہ خیریّہ" (حصافی فلاحی تنظیم) تھی۔ محمودیہ کے معروف تاجر احمد افندی السکری اس کے صدر منتخب ہوئے اور میں سیکرٹری۔ اس تنظیم نے دو اہم میدانوں میں اپنی مساعی مرکوز کر دیں۔ پہلا میدان یہ کہ اخلاق حسنہ کی دعوت، ترقی پذیر منکرات و محرّمات کا استیصال مثلاً شراب، جوّا اور سوگ کی بدعات۔ دوسرا میدان یہ کہ "کرسچن بائیبل مشن" کا سدِّباب جو شہر میں نازل ہو کر اپنے پاؤں جما چکا تھا۔ اس مشن کی روحِ رواں تین نوجوان لڑکیاں تھیں جن کی سربراہ مسز ویٹ تھی۔ اس مشن نے علاج، کشیدہ کاری کی تربیت، یتیم بچوں اور بچیوں کی پرورش کی آڑ میں عیسائیت کی تبلیغ شروع کر رکھی تھی۔ حصافی فلاحی تنظیم نے مذکورہ مشن کی سرگرمیوں اور مقاصد کا زبردست مقابلہ کیا جس کی ہر شخص نے داد دی۔ آگے چل کر "اخوان المسلمون" کی جماعت نے اس کشمکش میں حصافی تنظیم کی جانشینی اختیار کی۔

"اخوان المسلمون" کی جمعیتوں کے قیام اور ملک بھر میں اُن کی توسیع تک سید عبدالوہاب حصافی کے ساتھ ہمارے روابط نہایت خوشگوار صورت میں استوار رہے۔ مگر بعد میں "اخوان المسلمون" کے بارے میں اُن کا نقطۂ نظر ہمارے نقطۂ نظر سے مختلف ہو گیا۔

Marfat.com

اور ہم میں سے ہر ایک اپنی اپنی راہ پر گامزن ہو گیا۔ مگر ہم آج بھی سید موصوف کے بارے میں احسان مندی اور احترام کے وہ جذبات دل میں پنہاں رکھتے ہیں جو ایک عاشق و مخلص مرید اپنے صالح، متقی اور صاحبِ علم شیخ کے بارے میں رکھ سکتا ہے۔ موصوف نے نصح و وعظ کا فرض انجام دیا۔ مخلصانہ نُصح و وعظ۔ رُشد و ہدایت کی خدمات انجام دیں۔ بہترین رُشد و ہدایت۔

## تصوّف کے بارے میں میری رائے

یہ بات مفید رہے گی کہ میں اپنی ڈائری میں دعوتِ اسلامی کی تاریخ میں تصوّف اور سلسلہ ہائے طریقت کے کردار کے بارے میں اپنے جذبات قلمبند کر دوں۔ تصوّف کا آغاز کیونکر ہوا، اس کے اثرات و نتائج کیا رہے، اسلامی معاشرے کے اندر سلسلہ ہائے طریقت کس حد تک نافع رہے۔ میں اس موضوع پر عالمانہ احاطہ کرنے کی کوشش نہیں کروں گا اور نہ اصطلاحی حقائق کی گہرائیوں میں اُترنے کی کوشش کروں گا۔ میں "یادداشتوں" کو قلمبند کرنے بیٹھا ہوں یادداشتوں میں دل کی برجستہ واردات لکھی جاتی ہیں اور اُن باتوں کو ضبطِ تحریر کیا جاتا ہے جو ذہن کے حاشیوں میں گردش کرتی ہیں اور احساسات و جذبات کو حرکت بخشتی ہیں۔ اگر میرے خیالات درست ہوئے تو یہ توفیقِ الٰہی کا فیضان ہو گا۔ اور خدا ہی حمد و ستائش کا سزاوار ہے۔ اور اگر درست نہ ہوئے تو راقم کا ارادہ خیر و صلاح کے سوا کچھ نہیں ہے۔ وللہ الامر من قبل و من بعد۔

پہلی صدی کے آغاز میں جب اسلامی ریاست کی حدود دُور دُور تک پھیل گئیں، فتوحات کی کثرت ہو گئی، ہر طرف سے خلقِ خدا مسلمانوں کی جانب رجوع کرنے لگی، ہر

Marfat.com

قسم کے اموال وثمرات مسلمانوں کے خزانے میں داخل ہونے لگے اور خلیفۃ المسلمین آسمان پر لگے ابر کو دیکھ کر یہ کہہ اٹھا "مشرق کا رُخ کر یا مغرب کا، جہاں بھی تو برسے گا وہاں کا خراج میرے پاس آتے گا" اب یہ فطری امر تھا کہ مسلمان دنیا کی طرف مائل ہو جاتے: دنیا کی نعمتوں سے لذّت اندوز ہوتے، اُن کی حلاوت وثمرات سے شادکام ہوتے۔ کبھی اعتدال ومیانہ روی کے ساتھ اور کبھی اسراف وتبذیر کے ساتھ۔ اور یہ بھی فطرتی بات تھی کہ جب معاشرہ نبوّت کے روشن دَور کی جفاکشی وسادگی کو ترک کر دنیاوی خوشحالی اور تن آسانی کی طرف لپک رہا تھا تو اس اجتماعی تبدیلی کے سامنے اہلِ صلاح وتقویٰ اور ارباب علم ونظر میں سے ایک باا ثر جماعت دعوت وتبلیغ کے لیے بروئے کار آجاتی۔ اور دنیا کی متاعِ ناپائیدار کے ساتھ لوگوں کی محبّت کو کم کرتی۔ اور انہیں آخرت یاد دلاتی کہ "ان الدار الاٰخرۃ لھی الحیوان لوکانوا یعلمون" دعوت واصلاح کا یہ کام جو لوگ کرنے اُٹھے ان میں سب سے پہلی شخصیت جلیل القدر امام وواعظ حسن بصری رحؒ کی ہے۔ پھر ان کے بعد اُن جیسے بکثرت داعیانِ حق اور صلحائے امّت اُٹھے۔ یہ گروہ لوگوں کے اندر اسی حیثیت سے معروف رہا کہ یہ ذکر اللہ اور خوفِ آخرت کی دعوت دیتا ہے، دنیا کے بارے میں زہد وقناعت کی تلقین کرتا ہے اور دلوں کو طاعتِ خداوندی اور تقویٰ کی تربیت سے منوّر کرتا ہے۔

مگر ان صحیح اور پاکیزہ امور کے ساتھ بھی وہی معاملہ پیش آیا جو دوسرے اسلامی علوم وافکار کے ساتھ پیش آیا۔ چنانچہ ان امور نے بھی باقاعدہ ایک علم کی شکل اختیار کرلی اور اس کا موضوع یہ ٹھیرا کہ یہ وہ علم ہے جو انسان کے اخلاق وکردار کو ہموار کرتا ہے اور اُس کے لیے زندگی کا ایک مخصوص طرز وضع کرتا ہے۔ اُس مخصوص طرز کے مراحل

Marfat.com

ذکر، عبادت اور معرفتِ خداوندی ہیں اور اس کی غایت جنّت کا حصول اور اللہ کی رضا جوئی ہے۔ علوم تصوّف کی یہ قسم جسے میں "علوم تربیت و سلوک" کا نام دیتا ہوں بلاشبہ اسلام کا لُبِّ لباب اور اُس کا مغز و جوہر ہے۔ اور بلاشبہ صوفیائے کرام نے اِس علم کی بدولت قلوب کے علاج و اصلاح اور تہذیب و تزکیہ میں وہ اونچا مقام حاصل کر لیا ہے کہ دوسرے ماہرین تربیت و اصلاح اس مرتبے تک ہرگز نہیں پہنچ سکے۔ صوفیاء نے اس اسلوب کی مدد سے لوگوں کو اللہ کے بتاتے ہوئے فرائض ادا کرنے، اس کے نواہی سے اجتناب کرنے اور اس کے ساتھ سچّی توجّہ رکھنے کا ایک عملی منصوبہ بنایا اور اس پر چلایا۔ گو اکثر و بیشتر حالات میں یہ منصوبہ مبالغہ آرائی سے محفوظ نہیں رہا اور اُن ادوار کے نقاضوں سے متاثر ہوتا رہا جن سے یہ برسرِ پیکار رہا ہے۔ مثلاً سکوت میں مبالغہ، فاقہ کشی میں مبالغہ، بے خوابی میں مبالغہ، گوشہ نشینی میں مبالغہ۔ ان تمام اعمال کی دین میں اصل اور بنیاد موجود ہے۔ مثلاً سکوت کی اصل لغویات سے اعراض ہے، فاقہ کشی کی اصل نفلی روزہ ہے، بے خوابی کی اصل قیام اللیل ہے اور عُزلت گزینی کی اصل نفس کو تکلیف دہ اشیاء سے روکے رکھنا اور اس کی صحیح دیکھ بھال کرنا ہے۔ اگر ان تمام امور کا عملی نفاذ صرف ان حدود تک باقی رہتا جو شارع نے مقرر کی ہیں تو یہ موضوع سراپا خیر و برکت ہوتا۔

لیکن صوفی ازم علم سلوک و تربیت تک محدود نہیں رہا ——— اور اگر اپنی اس حد تک قائم رہتا تو اس کے لیے بھی بہتری تھی اور انسانوں کے لیے بھی ——— مگر وہ بعد کے ادوار میں اپنی حدود سے تجاوز کر گیا اور ذوق و وجدان کی گتھیوں کو سلجھانے لگ گیا اور اُس میں فلسفہ و منطق اور گزشتہ اقوام کے باقی ماندہ افکار و نظریات کی آمیزش ہو

Marfat.com

گئی۔ اور اس نے دین کے اندر اُن باتوں کو گھول دیا جن کا دین سے کوئی واسطہ نہ تھا۔ اور ہر زندیق، ملحد، کج رو اور بد عقیدہ انسان کے سامنے ایسے وسیع مواقع فراہم کر دیئے کہ وہ تصوّف کے نام پر، زہد و تقشّف کی تبلیغ کی آڑ میں اور رُوحانی جلا حاصل کرنے کے شوق کے پردے میں دین کو مسخ کرنے کا کام کرتا ہے۔ اور یہ معاملہ یہاں تک پہنچ گیا کہ اس پہلو پر جو تحریری یا روایاتی ذخیرہ تیار ہُوا وہ اس قدر ناقابل اعتماد تھا کہ دینِ حق کا فہم رکھنے والوں اور دین کو صاف و شفاف دیکھنے کے خواہشمندوں کے لیے ضروری ہو گیا کہ وہ اسے اپنی باریک بین نگاہ کی سان پر چڑھائیں اور اس میں سے کھرے اور کھوٹے کو الگ کر دکھائیں۔

اس کے بعد صوفی ازم کی عملی تشکیلات کا دور آیا۔ چنانچہ صوفیا کے متعدد فرقے اور سلسلے وجود میں آ گئے۔ اور ہر ایک نے اپنے مخصوص اسلوبِ تربیت کے تحت اپنا الگ فرقہ تشکیل دے دیا۔ آگے چل کر سیاست نے اس میدان میں دراندازی شروع کر دی۔ اور اس نے صوفیاء کی جماعتوں کو، ضرورت پیش آنے پر اپنی اغراض کا سہارا بنایا۔ چنانچہ کبھی ان فرقوں کو عسکری بنیادوں[1] پر منظم کیا گیا اور کبھی پرائیویٹ جمعیتوں کی شکل دی گئی۔ اور آخر کار تصوّف نے مختلف مراحل عبور کرتے ہوئے وہ آخری تصویر اختیار کر لی جو آج ہمارے سامنے ہے۔ اِس تصویر میں تصوّف کی طویل تاریخ میں اُبھرنے والے مختلف الوان کے باقی ماندہ نشانات پائے جاتے ہیں۔ اور آج مصر کے اندر اس نظریے کی نمائندگی مختلف سلسلہ ہائے طریقت کے شیوخ اور اُن کے مریدوں و ہمنواؤں کے ذریعہ ہو رہی ہے۔

اس امر میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ تصوّف و طریقت بہت سے ممالک میں اسلام کی اشاعت اور اسلام کو ایسے دُور دراز گوشوں تک پہنچانے کا بہت بڑا عامل رہا

---

[1] ترکی کے عثمانی دور میں ینی چری کا نظام دراصل تصوّف پر قائم تھا جسے بعد میں باقاعدہ ایک فوجی تنظیم میں بدل دیا گیا۔ (مترجم)

Marfat.com

ہے جہاں صوفیاء کرام کی کوششوں کے بغیر اسلام نہ پہنچ سکتا تھا۔ مثلاً افریقہ کے مختلف شہروں اور صحراؤں میں اور وسط افریقہ میں اسلام کا داخلہ اہل تصوف کی بدولت ہی ہوا بلکہ آج تک ہو رہا ہے۔ ایشیا کے بہت سے ممالک میں بھی یہی صورت حال پیش آئی ہے۔ نیز یہ بات بھی شک و شبہ سے بالا ہے کہ تربیت و سلوک کے بارے میں تصوف کے قواعد و ضوابط پر عمل درآمد نفس و قلب پر بڑا مضبوط اثر پیدا کرتا ہے۔ اس باب میں صوفیاء کا کلام وہ جولانیاں دکھاتا ہے جو کسی دوسرے انسان کے کلام کو نصیب نہیں ہیں۔ لیکن تصوف کے اندر مختلف افکار و نظریات کی آمیزش نے اس کے بیشتر فوائد کو ضائع اور برباد کر دیا۔

مصلحین اُمت کا فرض ہے کہ ان صوفیانہ گروہوں کی اصلاح و تطہیر کے لیے طویل سوچ بچار کریں۔ ان لوگوں کی اصلاح نہایت سہل اور آسان ہے۔ ان کے اندر اصلاح قبول کرنے کی مکمل استعداد موجود ہے، بلکہ شاید یہ تمام انسانوں سے زیادہ اصلاح سے نزدیک تر ہوتے ہیں بشرطیکہ ان کو صحیح طور پر اصلاح کی جانب متوجہ کیا جائے اس کام کو سرانجام دینے کے لیے صرف اتنا کافی ہے کہ کچھ صالح و باعمل علماء اور مخلص و صادق مبلغین دوسرے ہر کام سے فارغ ہو کر صرف ان گروہوں کے حالات کا جائزہ لیں، اور تصوف کے علمی ذخیرے سے استفادہ کریں اور جو خرابیاں اس میں شامل ہو چکی ہیں انہیں صاف کریں، اور اس کے بعد اس کوچہ کے راہ نوردوں کی صالح قیادت کا انتظام کریں۔ مجھے یاد ہے کہ سید توفیق بکری رحمہ اللہ نے اس مسئلے پر خوب غور و خوض کیا تھا اور مشائخ کرام کے متعلق علمی اور عملی پہلو سے تحقیقی کاوش کی تھی اور پھر اس موضوع پر ایک کتاب مرتب کی تھی۔ مگر ان کا یہ منصوبہ پایۂ تکمیل تک نہ پہنچ سکا اور ان کے بعد دوسرے

Marfat.com

اہلِ علم نے اِس طرف دھیان نہیں دیا۔ اس سے مجھے یہ بھی یاد آیا کہ شیخ عبداللہ عفیفیؒ بھی اس پہلو میں بہت دلچسپی لیتے رہے ہیں۔ لیکن یہ سوچ محض نظری حد تک تھی کسی عملی اقدام کی اس میں علامت موجود نہ تھی۔ اگر ازہر کی علمی طاقت اور سلسلۂ صوفیا کی روحانی طاقت اور اسلامی تحریکوں کی عملی طاقت تینوں متحد و ہم آمیز ہو جاتیں تو یہ قوم بے نظیر اُمت کا رُوپ دھار لیتی۔ ایسی اُمت جو دوسروں کی رہنما ہوتی نہ کہ دوسروں کی پیروکار، دوسروں کی قائد ہوتی نہ کہ دوسروں کی مطیع، دوسروں پر اثر انداز ہوتی نہ کہ دوسروں سے اثر پذیر۔ اور وہ اُمت اس موجودہ انسانی جمعیت کو سیدھی راہ سے ہمکنار کرتی۔ مگر وہی ہوتا ہے جو خدا چاہتا ہے۔

## دمنہور کے دِن

دمنہور کا زمانہ اور ٹیچرز ٹریننگ اسکول کے ایام تصوّف و عبادت کے جذبے میں استغراق کا زمانہ تھا۔ کہا جاتا ہے کہ انسان کی زندگی کئی مرحلوں میں منقسم ہوتی ہے۔ انہی مرحلوں میں سے ایک مرحلہ یہ تھا جو مصری بغاوتؔ[۱] کے فوراً بعد ۱۹۲۰ء سے لے کر ۱۹۲۳ء کے تین سالوں پر مشتمل ہے۔ میری عمر چودہ سال سے چند ماہ کم تھی جب یہ مرحلہ شروع ہوا اور سترہ سال سے چند ماہ کم کی عمر تھی کہ یہ مرحلہ ختم ہو گیا۔ میرے لیے یہ مرحلہ تصوّف و عبادت میں انہماک کا مرحلہ تھا۔ مگر بایں ہمہ یہ مرحلہ اُن قومی فرائض میں عملی حصّہ لینے سے خالی نہیں گزرا جو طلبہ کے کندھوں پر آپڑے تھے۔

---

[۱] ۱۹۱۹ء میں مصری قوم نے سعد زغلول کی قیادت میں انگریزی تسلّط کے خلاف عام بغاوت کر دی تھی۔ اور مصر کی آزادی کا مطالبہ کیا تھا۔ اس بغاوت کے نتیجے میں برطانیہ نے مصر کے استقلال کو تسلیم کر لیا تھا۔ (مترجم)

Marfat.com

جب میں دمنہور میں وارد ہوا تو حصافی فکر سے سرتاپا لبریز تھا۔ دمنہور ہی میں بانی سلسلہ سید حسنین الحصافی کی قبر مبارک تھی۔ اور شیخ کے بڑے بڑے مریدوں کا چیدہ گروہ وہاں موجود تھا۔ پس یہ قدرتی امر تھا کہ میں اس ماحول میں بالکل کھو جاتا اور اس رجحان میں کلیتہً مستغرق ہو جاتا۔ اور اس استغراق کو دو آتشہ اس بات نے کر دیا کہ خود ہمارے استاذ الحاج حلمی سلیمان —— جو ابھی تک دمنہور میں بطور مدرس کام کر رہے ہیں —— عبادت گزاری، راست بازی، تقوی اور آداب طریقت کی پابندی کا اعلی نمونہ تھے۔ اسی سبب سے میرے اور ان کے درمیان خصوصی طور پر روحانی روابط استوار ہو گئے۔ اور اُن کے رفیقِ کار اور یارِ غار استاذ شیخ حسن خزبک رحمہ اللہ —— یہ بھی دمنہور میں استاذ تھے —— بکثرت اپنے مکان پر علمی اور تبلیغی اجتماعات منعقد کرتے رہتے تھے، اور رمضان المبارک میں مسجد الجیش کے اندر نماز فجر سے پہلے امام غزالی کی احیاء العلوم کا درس دیتے تھے۔ الحاج حلمی ان اجتماعات میں مجھے اپنے ساتھ لے جاتے۔ اس طرح میں کم عمر طالب علم ہونے کے باوجود اپنے آپ کو اکابر کی معیت میں پاتا۔ جن میں وہ اساتذہ بھی شامل تھے جو مجھے اسکول میں پڑھاتے تھے اور ان کے علاوہ اور بھی بڑے بڑے اہل علم و فضل بزرگ تھے۔ یہ تمام اکابر مجھے اور مجھ جیسے دوسرے نوجوانوں کو مسلسل تھپکی دیتے رہتے کہ ہم اسی راستے پر —— بندگی خدا کے راستے پر —— رواں دواں ہیں۔ یہ تھے وہ تمام محرکات جنہوں نے صوفیانہ مشاغل و مراسم کے ساتھ میری دلچسپی پیدا کی اور اُن پر مجھے کاربند رکھا۔

میں وہ طویل بحثیں ہرگز فراموش نہیں کر سکتا، جو ہم اپنے استاذ شیخ عبدالفتاح ابو علام کے ساتھ کیا کرتے تھے۔ موصوف اسکول میں فقہ، تفسیر اور حدیث کے مدرس تھے۔ اور

Marfat.com

یہ بحثیں تب ہی چھڑتیں جب تصوف کے سلسلوں اور اولیاء و صوفیا پر اعتراضات کیے جانے لگتے۔ استاذ موصوف بحث و تکرار کرتے کرتے آخر میں مسکرا دیتے۔ اور مجھے طاعت و زہد پر کاربند رہنے کی ترغیب دیتے اور تلقین فرماتے کہ میں گہرا مطالعہ کروں اور اسلامی فقہ کی حکمتوں اور اس کی تاریخ میں وسیع نظر پیدا کروں اور مختلف فقہی مذاہب اور کلامی فرقوں اور تصوف کے سلسلوں کی تاریخ پر عبور حاصل کروں تاکہ اصل حقیقت مجھ پر آشکارا ہو۔ اور حقیقت بحث و تحقیق کے بغیر ہاتھ نہیں آتی۔ میرے اور استاذ کے درمیان اکثر و بیشتر اختلاف رائے رہتا مگر اس کے باوجود میں محسوس کرتا تھا کہ استاذ کا جذبۂ شفقت پوری طرح شاملِ حال ہے اور میری صحیح رہنمائی کے لیے اُن کے اندر سچی خواہش پائی جاتی ہے۔ ہماری بحث دلائل پیش کرنے اور حق شناسی کی خواہش سے آگے نہ بڑھتی۔

## مسجد الجیش کی راتیں

دمنہور کی مسجد الجیش اور تلاقہ پُل کے جوار میں واقع مسجد حطاطبہ کی راتیں بھی کبھی فراموش نہ ہوں گی۔ رمضان المبارک میں نماز فجر سے پہلے شیخ حسن خزبک کے درس میں حاضری ہوتی تھی۔ اب ذوق و شوق کو اور مہمیز لگی۔ اور اسی مسجد میں حصافی اخوان کے ایک گروہ صلحاء کے ہمراہ پوری پوری راتیں اعتکاف میں گزرنے لگیں۔ نماز عشاء پڑھ کر ہم شیخ محمد عامر یا استاذ حسین فوزی افندی (جو آج کل قاہرہ میں مقیم ہیں) کے ساتھ تھوڑا سا کھانا کھاتے اور پھر کچھ دیر تک ذکر الٰہی میں محو جاتے۔ اور پھر گھڑی دو گھڑی سو کر عین نصف شب میں تہجد کے لیے اُٹھ کھڑے ہوتے اور نماز فجر تک اس میں منہمک رہتے۔ پھر وظائف و اوراد کا سلسلہ شروع کر دیتے۔ اس کے بعد اسکول کا رُخ کر لیتے۔ طلبا درس و

Marfat.com

وعظ کی طرف، اور غیر طلبہ کام دھندے کی طرف۔

اکثر ایسا بھی ہوتا کہ جب ہم گھروں میں ہوتے تو رات کو فجر سے بہت پہلے بیدار ہو جاتے۔ اتنا پہلے کہ ابھی مسجدوں کے دروازے نہ کھلے ہوتے۔ چنانچہ مسجد حطاطبہ میں چلے جاتے جو نہر حطاطبہ کے کنارے فُلافہ پل کے پاس واقع تھی۔ فجر سے پہلے تک وہاں عبادت گزاری میں مشغول رہتے اور پھر تیز گامی کے ساتھ مسجد الجیش آتے تاکہ نماز فجر کی جماعت میں شریک ہوسکیں۔

## اولیاء اللہ کی زیارتیں

جمعہ کے جن ایام میں ہم دمنہور میں ہوتے ان میں اکثر ہم دمنہور کے قرب وجوار میں کسی نہ کسی ولی کی زیارت کا پروگرام بنا لیتے۔ چنانچہ بعض اوقات اسی غرض کے لیے ہم دسوق جاتے۔ نماز فجر کے فوراً بعد پا پیادہ چل پڑتے اور آٹھ بجے صبح ہی ہم وہاں پہنچ جاتے۔ دسوق بیس کیلومیٹر کے فاصلے پر ہے جسے ہم تین گھنٹوں میں طے کر لیتے۔ مراسم زیارت ادا کرتے۔ اور پھر نماز جمعہ پڑھتے۔ اور پھر دوپہر کا کھانا تناول کر کے کچھ دیر کے لیے استراحت کرتے۔ نماز عصر پڑھ کر وہاں سے اُلٹے پاؤں دمنہور لوٹ آتے اور تقریباً مغرب کے وقت دمنہور میں داخل ہو جاتے۔ کبھی کبھی عزبتہ النوام کی جانب نکل جاتے۔ وہاں شیخ سنجر کا مقبرہ ہے۔ یہ بزرگ طریقۂ حصافیہ کے خاص اور چیدہ لوگوں میں سے تھے، اور زہد و نیکوکاری میں مشہور تھے۔ وہاں ہم پورا دن ٹھیرے رہتے اور رات کو واپس لوٹتے۔

## سکوت و گوشہ نشینی کے ایام

چند ایسے ایام ہم نے مخصوص کر رکھے تھے جن میں سکوت اور انسانوں سے بُعد کی

Marfat.com

نذر مانتے۔ ان ایّام میں ہم میں سے ہر ایک دوسرے سے کوئی کلام نہ کرتا۔ اور اگر کلام کی ضرورت پیش آتی تو اللہ کے ذکر یا قرآن کی کسی آیت کو ذریعۂ اظہار بناتا۔ اسکول کے طلبہ اپنی عادت کے مطابق ہماری اس حالت کو چھیڑ چھاڑ کے لیے مناسب موقع تصور کرتے اور اسکول کے پرنسپل یا اساتذہ کے پاس جاکر یہ اطلاع کرتے کہ فلاں طالب علم کی زبان گنگ ہوگئی ہے۔ چنانچہ استاذ آکر صورت حال دریافت کرتا۔ اور ہم اُسے قرآن کریم کی کوئی مناسب آیت پڑھ کر سُنا دیتے اور وہ واپس ہو جاتا۔ یاد ش بخیر، استاذ محترم شیخ فرحات سلیم رحمہ اللہ ہماری اس حالت (زبان بندی) کا بڑا احترام کرتے اور طلبہ کو ڈانٹ ڈپٹ کرتے رہتے۔ اور دوسرے اساتذہ کو بھی ہدایت فرماتے کہ جب ہم روزۂ سکوت میں ہوں تو سوالات کے ذریعہ ہمیں مبتلائے حرج نہ کیا جائے۔ اساتذہ یہ بخوبی جانتے تھے کہ ہمارا یہ طریقہ جوابات سے فرار یا امتحان سے خلاصی پانے کی خاطر نہیں ہے۔ اس لیے کہ ہم ہمیشہ اسباق میں دوسروں سے سبقت لے جاتے تھے اور اسباق کو مکمل طور پر ازبر رکھتے تھے۔ بہر حال ہم اس طریقے پر عمل پیرا رہے۔ یہ جانے بغیر کہ اس بارے میں شریعت کا حکم کیا ہے۔ ہماری یہ خاموشی نفس کی تادیب اور لغویات سے فرار کے لیے تھی، اس سے ہم قوتِ ارادہ کو مضبوط کرتے تھے تاکہ انسان نفس پر حکومت کرے نہ کہ نفس انسان پر حاکم بنے۔

ہماری یہ کیفیت بعض اوقات بہت ترقی کر جاتی یہاں تک کہ انسانوں سے نفرت کا جذبہ بھڑک اُٹھتا جو ہمیں عزلت اور قطع تعلقات پر برانگیختہ کر دیتا۔ مجھے یاد ہے کہ بعض دوستوں کے خطوط مجھے ملتے تھے مگر میں انہیں کھولنے اور پڑھنے کی کوشش نہ کرتا۔ بلکہ انہیں جُوں کا تُوں پھینک دیتا۔ محض اس خدشہ کے پیش نظر کہ

Marfat.com

ان میں کوئی نئی چیز دامنِ دل کے لیے کانٹا بننے والی نہ ہو۔ جب کہ صوفی کو ہر لوجھ سے ہلکا ہونا چاہیئے۔ اُس پر واجب ہے کہ وہ اللہ کے ماسوا ہر چیز سے قطع تعلق کرے اور جہاں تک اُسکے بس میں ہو اس راہ میں پُورا پُورا مجاہدہ کرے۔

## مدرسہ میں اِسلامی شعائر کی پابندی

یہ کیفیت جو اکثر اوقات مجھ پر طاری ہو جاتی اس کے باوجود دعوت و تبلیغ کا جذبہ بھی اکثر و بیشتر غالب آجاتا۔ ظہر اور عصر کی اذان میں مدرسہ کی مسجد میں دیتا۔ اذان دینے کے لیے مجھے ٹیچر سے اجازت لینی پڑتی تھی کیونکہ عصر کی نماز کے وقت ہمارا ایک درس (پیریڈ) ہوتا تھا۔ اور یہ بات میرے لیے سخت موجب حیرت تھی کہ ہیں تو یہ اسلامی مدرسے مگر ان میں تدریس کا نظام نماز کے اوقات سے متصادم ہوتا ہے۔ بعض استاذ تو مجھے خوشی خوشی یہ اجازت دے دیتے اور بعض دوسرے نظم کی پابندی کو ترجیح دیتے۔ مَیں اُن سے صاف عرض کر دیتا کہ "لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق" (خالق کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں ہے)۔ مَیں اُن سے اس موضوع پر اتنی تلخ بحث کرتا کہ وہ بحث سے جان چھڑاتے اور مجھ سے نجات پانے کے لیے ناچار مجھے اجازت دے دیتے۔ ظہر کے وقت بھی میں گھر نہ جاتا تھا۔ بلکہ اس وقفہ میں بھی میرا پڑاؤ مدرسہ کی مسجد یا مدرسہ کا صحن ہوتا۔ اور رفقائے مدرسہ کو نماز کے لیے پکارتا۔ نماز ظہر ادا کرنے کے بعد میں برادر عزیز استاذ محمد شریف ــــــ محکمہ تعلیم کے موجودہ مدرس ــــــ کے پاس بیٹھ جاتا۔ ہم دونوں قرآن کریم کا ورد کرتے۔ وہ پڑھتے تو مَیں سُنتا اور مَیں پڑھتا تو وہ سُنتے۔ اسی دوران میں کلاسیں لگ جاتیں۔

Marfat.com

## یونیفارم کا مسئلہ

مجھے یاد ہے، ایک روز میں ٹیچرز ٹریننگ اسکول کے پرنسپل کے کمرے میں گیا، تاکہ میں غیر حاضر طلبہ کی فہرست ان کے حوالے کروں، کیونکہ کلاس کے اندر یہ کام میرے ہی سپرد تھا۔ پرنسپل صاحب کے کمرہ میں ڈائرکٹر آف ایجوکیشن استاذ سیّد راغب تشریف فرما تھے ——— جو سال رواں کے آغاز میں وزارت تعلیم میں اسسٹنٹ کنٹرولر کے منصب پر فائز ہو چکے ہیں ——— ڈائرکٹر صاحب کی نگاہ میرے لباس پر پڑ گئی۔ میں نے اُس وقت عمامہ، جس کا ایک پلّو پیچھے کندھوں کے درمیان لٹک رہا تھا سر پر باندھ رکھا تھا۔ جُوتی ویسی ہی جو حج کے دوران بحالتِ احرام پہنتے ہیں، اور ڈھیلا کرتہ جس پر سفید ردا تھی پہن رکھا تھا۔ ڈائرکٹر نے مجھ سے پوچھا کہ تم نے ایسا لباس کیوں پہن رکھا ہے؟ میں نے جواب دیا کہ: "اس لیے کہ یہ سنّت ہے"! اُس نے کہا: کیا تم نے دوسری تمام سُنتیں قائم کر لی ہیں اور صرف یہ ایک لباس والی سُنّت ہی باقی رہ گئی تھی"؟ میں نے عرض کیا: "نہیں، دوسری سُنّتیں کہاں پوری ہو رہی ہیں۔ ہم اس معاملے میں بڑی کوتاہی کے مرتکب ہیں۔ لیکن جتنا کچھ ہم سے بن سکتا ہے وہ تو کر ہی رہے ہیں"! ڈائرکٹر صاحب نے فرمایا: لیکن یہ نرالا رُوپ اختیار کر کے تم نے مدرسہ کے نظم کو توڑا ہے"! میں نے کہا: "جنابِ من یہ کیسے؟ مدرسہ کا نظم ہے باقاعدگی، سو میں ہرگز اسباق میں غیر حاضری نہیں کرتا، مدرسے کا نظم ہے اچھا کردار اور اخلاق، سو الحمدللہ تمام اساتذہ مجھ سے خوش ہیں۔ مدرسے کا نظم ہے تعلیم اور محنت۔ چنانچہ میں اپنے فریق میں اوّل ہوں۔ پھر نظم مدرسہ کی پامالی کیسے ہوئی؟ ڈائرکٹر صاحب کہنے لگے: میاں جب تم یہاں سے فارغ ہو کر نکلو گے اور اپنے اسی یونیفارم پر بضد

Marfat.com

رہو گے تو ضلعی تعلیمی ڈائرکٹوریٹ تمہیں مدرس بھرتی کرنے کی منظوری نہیں دے گا تاکہ طلبہ کے لیے یہ منظر مضحکہ خیزی اور اچنبھے کا باعث نہ بنے۔ میں نے عرض کیا: بہر حال ابھی یہ وقت نہیں آیا جب یہ وقت آئے گا تو ڈائرکٹوریٹ بھی اپنے فیصلے میں آزاد ہو گا اور میں بھی آزاد ہوں گا۔ روزی ڈائرکٹوریٹ کے ہاتھ میں ہے نہ وزارت کے ہاتھ میں۔ یہ صرف خدا کے ہاتھ میں ہے۔ ڈائرکٹر صاحب چپ ہو گئے۔ پرنسپل صاحب گفتگو میں دخیل ہوئے۔ اور ڈائرکٹر صاحب سے میرا بہت اچھے لفظوں میں تعارف کرایا۔ اور مجھے واپس کلاس میں بھیج دیا۔ چنانچہ میں کمرے سے نکل آیا اور یوں بخیر و عافیت یہ مسئلہ ختم ہو گیا۔

## قومی تحریک آزادی کا ظہور

۱۹۱۹ء کا سال مصر کی مشہور بغاوت کا سال ہے۔ اس وقت میں محمودیہ کے اعدادی اسکول کا طالب علم تھا۔ ۱۳ سال کی عمر تھی۔ ابھی تک میری آنکھوں کے سامنے وہ مناظر گھوم رہے ہیں کہ اس دور میں کس طرح عظیم الشان مظاہرے ہو رہے تھے، کس طرح وہ ہمہ گیر ہڑتالیں ہو رہی تھیں جو ایک کونے سے لے کر دوسرے کونے تک پورے شہر کو لپیٹ میں لے رہی تھیں، شہر کے اعیان و معززین مظاہروں کی قیادت کر رہے ہوتے تھے، انہوں نے جھنڈے تھام رکھے ہوتے تھے اور اس جہاد میں وہ ایک دوسرے سے مسابقت کر رہے ہوتے تھے۔ وہ دلنشین ترانے ابھی تک میرے لوحِ ذہن پر منقش ہیں جنہیں مظاہرین نہایت جذبہ و جوش سے پڑھتے تھے۔ مثلاً:

| | |
|---|---|
| حب الاوطان من الایمان | وطن سے محبت تقاضائے ایمان ہے |
| وروح الله تنادینا | اللہ کا فرشتہ ہمیں ندا دے رہا ہے |
| ان لم یجمعنا الاستقلال | اگر آزادی کے سائے میں ہم جمع نہ ہو سکے |

Marfat.com

ففی الفردوس تلاقینا            تو جنت الفردوس میں تو ضرور ملاقات ہو گی

انگریز سپاہیوں کے منظر بھی میرے حافظے میں محفوظ ہیں۔ یہ سپاہی بستی میں آوارد ہوتے اور بستی میں جگہ جگہ کیمپ لگا لیتے۔ اور ان میں سے کوئی نہ کوئی بستی کے کسی باشندے سے اُلجھ جاتا اور اپنی چرمی پیٹی لیے ہوئے اُس کے پیچھے دوڑتا۔ اور جب وہ باشندہ انگریز کو تنہا پا لیتا تو اُس پر ٹوٹ پڑتا اور اُسے خوب زدوکوب کرتا اور اُسے واپس بھگا دیتا اور وہ ناکام و نامراد مُنہ بسورے واپس کیمپ میں چلا جاتا۔ مجھے نیشنل گارڈ (الحرس الاھلی) بھی یاد ہے جسے بستی کے لوگوں نے اپنے طور پر منظم کیا تھا۔ نیشنل گارڈ کے رضا کار باری باری کئی کئی راتیں پہرہ دیتے تاکہ برطانوی فوجی گھروں میں نہ آگھسیں اور لوگوں کی عزتیں نہ پامال کریں۔

ان تمام ہنگاموں میں بحیثیت طالب علم ہمارا صرف اِسی قدر حصّہ ہوتا تھا کہ ہم گاہے گاہے ہڑتال کر دیتے، مظاہروں میں شریک ہو جاتے، وطن کے مسئلہ پر اور وطن کے حالات و تغیرّات کے موضوع پر لوگوں کی تقریریں سُنتے۔

چند یادیں اور اشعار

انہی دنوں کی بات ہے۔ ایک روز ہمارے استاذ شیخ محمد خلف نوح —— اب وہ اسکندریہ میں محکمۂ تعلیم کی طرف سے مدرس لگے ہوتے ہیں —— ہمارے پاس آئے۔ اُن کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ ہم نے دریافت کیا کہ کیا حادثہ پیش آیا ہے۔ فرمانے لگے: آج فرید بک کا انتقال ہو گیا ہے۔ اس کے بعد موصوف نے فرید بک کی سیرت، اور وطن کی راہ میں ان کے جہاد اور قربانیوں کو بیان کرنا شروع کر دیا۔ اور اس انداز سے بیان کیا کہ ہم سب سراپا نالہ و شیون بن گئے۔ اِس حادثہ سے متاثر ہو کر چند اشعار میں نے نظم

Marfat.com

کر لیے جن میں سے پہلا شعر پورا اور دوسرے شعر کا ایک مصرع یاد رہ گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| أفرید نم بالامن والایمان | فرید! اطمینان وایمان کے ساتھ محوِ خواب ہو جا |
| أفرید لاتجزع علی الاوطان | فرید! وطن پر آشفتہ نہ ہو |
| أفرید تفدیك البلایا بأسرها | فرید! تم پر تمام آزمائشیں قربان ہوں ...... |

ملز[1] کمیشن کے بارے میں لوگوں کے تبصرے اور گفتگوئیں بھی مجھے مستحضر ہیں۔ پوری قوم نے اس کمیشن کا مقاطعہ کیا تھا۔ کمیشن کے خلاف قوم کے جذبات سیلِ رواں بن کر امڈ آئے تھے۔ ایک نوعمر طالب علم سے بھی، جو ابھی زندگی کی تیرہویں بہار دیکھ رہا تھا، قومی احساس و شعور نے یہ شعر کہلوا دیئے:

| | |
|---|---|
| یاملز ارجع ثم سل | ملز! واپس جاؤ اور |
| وفدابباریس اقام | اس وفد سے اصل رائے دریافت کرو جو پیرس میں مقیم ہے۔ |
| وارجع لقومك قل لهم | اپنی قوم کے لوگوں کے پاس واپس جاؤ اور اُن سے کہہ دو |
| لاتخدعوهم یالئام | کہ اے کم ظرفو، مصریوں کو دھوکہ نہ دو۔ |

یہ ایک طویل نظم تھی جس میں سے صرف یہی دو مذکورہ اشعار یاد رہ گئے ہیں۔ مَیں نے نوعمری میں متعدد قومی نظمیں کہی تھیں اور پھر اپنے ان خام اور ابتدائی رشحاتِ فکر کو ایک بہت ضخیم دیوان میں جمع کر دیا جسے مَیں نے نذرِ آتش کر دیا تھا۔ یہ اُس وقت کی بات ہے

---

[1] ۱۹۱۹ء کی مصری بغاوت کے نتیجے میں برطانیہ نے تحقیقات کے لیے ملز کی قیادت میں ایک کمیشن بھیجا تھا یہ اشارہ اسی کمیشن کی طرف ہے۔ پوری مصری قوم نے اس کمیشن کا مقاطعہ کیا تھا۔ (مترجم)

Marfat.com

جب میں تصوّف کے دَور سے گزر رہا تھا۔ ٹیچرز ٹریننگ اسکول کا پورا زمانہ تصوّف میں محویت کا زمانہ تھا۔ اسی طرح مذاہبِ اربعہ کی فقہ پر میری کچھ تالیفات تھیں، اور افسانہ "تودد الجاریۃ" کے طرز کی کچھ ادبی کاوشیں تھیں۔ یہ چیزیں میں نے اخ استاذ محمد علی بُدَیْر کے ساتھ مل کر "چھوٹی مسجد" کے اندرونی چبوترے میں گوشہ نشین ہوکر رقم کی تھیں۔ مگر یہ سب چیزیں تغافل کی نذر ہوگئیں۔ اور پھر اُس دَور میں آکر بالکل ہی ضائع ہوگئیں جسے میں دَورِ عمل کہتا ہوں۔ اِس دَور میں میرا نظریہ یہ تھا کہ علم کثیر میں مگن ہوجانا عمل نافع اور خدا کی عبادت میں یکسو ہوجانے سے روکتا ہے۔ انسان کو اپنے دین کے لیے اتنا علم کافی ہے جس سے وہ احکام دین کی صحت کو پرکھ لے اور اپنی دنیا کے لیے اتنا علم کافی ہے جس سے وہ اپنی روزی کا بندوبست کرے۔ اس کے بعد اُس کے لیے لازم ہے کہ وہ ہمہ تن ہوکر ہمہ وقت ہر ممکن کوشش کے ساتھ ذکر وعبادت اور عمل میں منہمک ہو جائے۔

### ہڑتالیں اور مظاہرے

ٹریننگ اسکول میں میں جب منتقل ہوا تو اُس وقت تحریکِ بغاوت کے شعلے کچھ ماند پڑ چکے تھے۔ البتہ تحریک کی یادیں تازہ ہوتی رہتی تھیں اور ساتھ ہی ہڑتالوں اور مظاہروں اور پولیس کے ساتھ جھڑپوں میں بھی تازگی کی لہر دوڑ جاتی تھی۔ دمنہور میں ہمارا زمانہ ایسی ہی فضا میں گزرا۔ اس معاملے میں اوّلین ذمّہ داری ان طلبہ پر عاید ہوتی تھی جو طلبہ میں نمایاں حیثیت رکھتے تھے یا ان کے سرخیل سمجھے جاتے تھے۔ میں گو تصوّف و سلوک کی وادیوں میں محوِ گلگشت تھا مگر اس کے باوجود میرا اعتقاد تھا کہ وطن کی خدمت جہاد ہے اور یہ ایسا فرض ہے جس سے استثنار کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اپنے اِس

Marfat.com

عقیدہ کی رُو سے اور طلبہ کے اندر اپنے مرتبہ و مقام کی بنا پر ـــــــ اس لیے کہ میں ان کی اگلی صفوں میں تھا ـــــــ میں پابند تھا کہ قومی و وطنی تحریکوں میں نمایاں کردار ادا کروں ۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا ۔

میں اسکول کے پرنسپل استاذ محترم شیخ دسوقی موسی کو کبھی نہ بھولوں گا ۔ وہ ہماری ان سرگرمیوں سے بہت خوفزدہ رہتے تھے ۔ ایک دن ہمیں پکڑ کر بحیرہ کے ڈائرکٹر (جو اُن دنوں محمود پاشا عبدالرزاق تھے) کے پاس لے گئے ۔ اور طلبہ کی ہڑتالوں کی ذمہ داری ہمارے سر ڈالتے ہوئے اُن سے کہا کہ اب ہم ہی طلبہ کو ہڑتالوں سے باز رکھ سکتے ہیں ۔ محمود پاشا کبھی لالچ، کبھی دھمکیوں اور کبھی ناصحانہ انداز میں ہمیں ان کاموں سے باز رہنے کی سعی ناکام کرتے رہے ۔ اور پھر انھوں نے ہمیں اس بنا پر چھوڑ دیا کہ ہم اس معاملے پر غور و فکر کرلیں ۔ چنانچہ ہم نے یہ تدبیر اختیار کی کہ تمام طلبہ کو یہ سمجھایا کہ وہ آج ـــــــ یعنی ۱۸ دسمبر کو، جو مصر پر انگریزوں کے تسلط کا یوم سیاہ ہے[1] ـــــــ سارا دن قرب و جوار کے کھیتوں میں تتر بتر رہیں ۔ البتہ ہم خود اسکول چلے گئے اور اپنے آپ کو اسکول کی انتظامیہ کے سپرد کر دیا ۔ چنانچہ اسکول کی انتظامیہ اور ہم بھی یہ انتظار کرتے رہے کہ طلبہ آئیں ۔ مگر کسی نے آکر شکل تک نہ دکھائی ۔ کچھ دیر کے بعد ہم بھی بالآخر اسکول سے چلے گئے اور یوں یہ ہڑتال کامیاب ہوگئی اور یوم سیاہ بعافیت منایا گیا ۔

ہنگامہ خیز دنوں کی بات ہے کہ ایک روز طلبہ نے ہڑتال کر دی ۔ طلبہ کی ایکشن

---

[1] انگریزوں نے مصر کو ۱۸۸۲ء میں اعرابی پاشا کی تحریک ناکام ہونے کے بعد اپنے مقبوضات میں شامل کیا تھا ۔ اس وقت مصر پر محمد علی پاشا کے لڑکے اسمٰعیل پاشا کی حکومت تھی ۔ (مترجم)

Marfat.com

کمیٹی نے ہماری رہائش گاہ پر جو دمنہور کی حاجن خضرہ شعیرہ کے مکان میں تھی، اپنا اجلاس منعقد کیا۔ پولیس نے یکایک اجلاس پر چھاپہ مارا اور مکان کے اندر گھس گئی اور شرکائے اجلاس کے بارے میں حاجن خضرہ سے پوچھ گچھ کرنے لگی۔ حاجن نے انہیں کہہ دیا کہ "یہ لوگ تو علی الصبح ہی یہاں سے نکل گئے تھے اور پھر لوٹ کر نہیں آتے۔" حاجن خضرہ اُس وقت ـــــ جیساکہ پولیس نے بھی اُسے دیکھا ـــــ سبزی صاف کرنے میں مشغول تھی۔ حاجن خضرہ کا یہ نادرست جواب مجھے ناگوار گزرا۔ میں پوچھ گچھ کرنے والے پولیس افسر کی طرف نکلا اور اُسے اصل حقیقتِ حال بتادی۔ گو اس طرح حاجن خضرہ کی پوزیشن بہت نازک ہوگئی مگر مَیں نے بڑے جوشیلے انداز میں بحث کرتے ہوتے پولیس افسر سے کہا: "آپ کا قومی فریضہ یہ ہے کہ آپ ہمارا ساتھ دیں، نہ کہ ہماری جدّوجہد کو سبوتاژ کریں اور ہماری پکڑ دھکڑ شروع کردیں۔" مَیں کچھ نہیں کہہ سکتا کہ میری گفتگو کا کیسے یہ نتیجہ برآمد ہوا کہ اُس نے میری اپیل فوراً مان لی اور اپنے سپاہیوں کو واپس کردیا اور ہمیں اطمینان دلانے کے بعد خود بھی اُن کے ساتھ واپس چلا گیا۔ مَیں چھپے ہوتے رفقاء کے پاس آیا۔ اور مَیں نے اُن سے کہا کہ یہ سچائی کی برکت ہے۔ ہمیں لازماً سچّا بن کر رہنا چاہیئے اور اپنے فعل کی ذمہ داری صاف صاف اُٹھانی چاہیئے۔

دروغ گوئی کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں ہے خواہ حالات کچھ سے کچھ ہو جائیں۔

## محمودیہ اور دمنہور کے مابین

مَیں تعلیم کے ایّام دمنہور میں گزارتا اور جمعرات کو ظہر کے وقت محمودیہ لوٹ آتا اور جمعہ کی رات اور ہفتہ کی رات محمودیہ میں گزارتا۔ ہفتے کی صبح سیدھا اسکول لوٹ آتا اور پہلے درس میں ٹھیک وقت پر شریک ہوجاتا۔ محمودیہ میں مجھے بکثرت کام ہوتے

Marfat.com

جوان دو دونوں میں نمٹاتا۔ مزید برآں یہ کہ گھر والوں سے ملاقات بھی کرتا اور کچھ وقت ان کے پاس گزارتا۔ میرے اور راخ احمد افندی سکری کے مابین دوستی اور محبت کے رشتے اس درجہ مستحکم ہو چکے تھے کہ ہم دونوں میں سے کوئی بھی یہ برداشت نہیں کر سکتا تھا کہ وہ ہفتہ بھر دوسرے کی آنکھوں سے اوجھل رہے اور ملاقات نہ کرے۔ مزید برآں جمعہ کی رات کو شیخ شلبی الرجال کے مکان پر مجلس لگتی اور تصوّف کی کتابوں مثلاً احیاء العلوم، احوال الاولیاء، الیاقوت اور الجواہر وغیرہ کا اجتماعی مطالعہ ہوتا، اور بعدازاں صبح تک اللہ کا ذکر ہوتا۔ یہ مصروفیات ہماری زندگی کا پاکیزہ ترپروگرام تھیں۔ میں گھڑی سازی اور جلد بندی کے ہنروں میں بھی ترقی کر چکا تھا۔ دن کا وقت دکان میں فن کاری میں گزرتا اور شب صافی اخوان کے ساتھ یادِ خدا میں۔ ان تمام مشاغل و مقاصد کی وجہ سے کسی ناگزیر ضرورت کے بغیر جمعرات کو محمودیہ آئے بغیر نہ رہ سکتا تھا۔ میں ڈیلٹا میل سے اُتر کر سیدھا دکان جاتا۔ قُبیل مغرب تک چند گھنٹے گھڑیوں کے کام میں مشغول ہو جاتا اور پھر گھر چلا جاتا تاکہ روزہ افطار کر دں۔ جمعرات اور پیر کے روزے ہماری عادت بن چکے تھے۔ پھر چھوٹی مسجد چلا جاتا اور درس اور مجلس میں شرکت کرتا۔ وہاں سے شیخ شلبی الرجال کے مکان پر یا احمد افندی السکری کے دولت کدہ پر قرآن مجید کے دَور اور ورد و ذکر کی خاطر جاتا۔ پھر مسجد کی جانب نماز فجر ادا کرنے کے لیے۔ کچھ دیر آرام کرنے کے بعد دوکان پر چلا جاتا۔ نماز جمعہ ادا کرتا۔ دوپہر کا کھانا کھاتا۔ مغرب تک دوکان میں بیٹھتا۔ اور پھر علی الترتیب مسجد اور گھر میں۔ اور صبح سویرے دمنہور کو اسکول کی طرف۔ اگلے ہفتے پھر یہی پروگرام، اسی ترتیب کے ساتھ۔ مجھے یاد نہیں کہ کسی ہنگامی اور غیر معمولی ضرورت کے بغیر کسی ہفتے محمودیہ کی حاضری میں کوئی ناغہ ہوا ہو۔

Marfat.com

## گرمیوں کی چھٹیاں

موسم گرما کی تعطیلات اس پروگرام پر روزانہ عمل درآمد کرنے کا مناسب زمانہ ہوتی تھیں۔ البتہ ان ایام میں ایک نئی مشغولیت کا اضافہ ہو جاتا۔ اور وہ یہ کہ روزانہ طلوع شمس سے لے کر چاشت تک استاذ محترم شیخ محمد خلف نوح کے ساتھ ان کے مکان پر مذاکرہ ہوتا۔ ابن مالک کا الفیہ ــــ نحو کی مشہور کتاب ــــ ہم نے زبانی حفظ کرنا شروع کر دیا۔ اور الفیہ کی شرح ابن عقیل کا درس لینے لگے۔ فقہ، اصول اور حدیث کی متعدد کتابوں کا باہمی مطالعہ و مذاکرہ کیا۔ یہ اضافی تعلیم ہی وہ بڑی وجہ تھی کہ میں بعد میں دارالعلوم میں داخل ہونے کے لائق ہو گیا۔ ورنہ اس زمانے میں میں دارالعلوم میں داخل ہونے کا تصور بھی نہ کر سکتا تھا۔ ہم تو کہا کرتے تھے کہ ہم لوگ علم برائے علم پڑھ رہے ہیں۔

## اذان صبح گاہی

گرمیوں کی چھٹیوں میں محمودیہ کے اندر ہمارے کاموں کا ایک حصّہ یہ بھی تھا کہ جمعہ کی صبح کو بستی کے محلوں کو باہم تقسیم کر لیتے۔ ہم تین ہوتے تھے۔ یا کبھی تین سے زیادہ۔ راقم، اخ محمد افندی الدمیاطی، اخ عبدالمتعال ستکل۔ ہم اپنے اپنے محلّے میں نکل جاتے۔ تاکہ لوگوں کو نماز صبح کے لیے فجر سے کچھ پہلے ہی جگا دیں۔ اور خاص طور پر حصافی اخوان کو۔ میں جب مؤذنوں کو اذان صبح کے لیے بیدار کرتا تو اُس وقت ایک عظیم لذّت سے لطف اندوز ہوتا اور ایک گہری مسرت میں ڈوب جاتا۔ انہیں بیدار کرنے کے بعد میں اسی جادو اثر اور جذبہ انگیز حالت میں دریائے نیل کے کنارے جا کھڑا ہوتا۔ اور اذان سُننے کے لیے ہمہ تن گوش ہو جاتا۔

Marfat.com

محمودیہ کی مساجد قریب قریب فاصلوں پر تھیں، اس لیے جب ان سے اذانیں بلند ہوتیں تو محسوس ہوتا کہ ایک ہی اذان ہے جو مختلف مؤذنوں کے گلے سے نکل کر بیک وقت فضائے بسیط میں بکھر رہی ہے۔ میرا دل کہتا: نمازیوں کی اتنی بڑی تعداد کی بیداری کا میں ہی ذریعہ بنوں گا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے ارشاد مبارک کے مصداق مجھے بھی نمازیوں کے برابر اجر ملے گا کہ:

من دعا الی ھدی فلہ اجرہ و اجر من عمل بہ الی یوم القیامۃ، لاینقص ذالک من اجورھم شیئا

"جو شخص ہدایت کی طرف دعوت دیتا ہے اُسے اُس کا بھی اجر ملتا ہے اور اس شخص کی نیکی کا اجر بھی جو قیامت تک اس پر عمل پیرا رہے۔ اور اس سے اُن کے اجر میں ذرہ بھر کمی نہ واقع ہو گی۔"

یہ لذت وسعادت مزید دوچند ہو جاتی جب میں اس کے بعد مسجد چلا جاتا۔ اور اپنے آپ کو مسجد میں بیٹھنے والوں کے اندر سب سے کم عمر پاتا۔ تمام حمد وسپاس خدا ہی کے لیے ہے، اور اُسی سے دائمی توفیق کا سوال ہے۔

## دارالعلوم میں داخلے کی تیاری

ٹیچرز ٹریننگ اسکول کا پورا تین سالہ دَور تصوّف وعبادت میں استغراق کا دَور تھا۔ اس انہماک واستغراق کے باوصف یہ دَور اسکول کے مقررّہ نصاب کے علاوہ بھی تحصیلِ علم اور شوقِ درس سے خالی نہ رہا۔ میرے قیاس میں اس کا سبب دو امور ہیں: ایک والد محترم کی لائبریری، اور اُن کا مجھے مطالعہ و مذاکرہ پر برابر ترغیب دیتے رہنا، اور مجھے علمی کتابیں ہدیۃً پیش کرتے رہنا جن میں سے چند ایک مجھے آج بھی زبانی حفظ ہیں۔

Marfat.com

اِن میں سے جن کتابوں نے میرے دل پر گہرے نقوش مُرتسم کیے ہیں ایک نبہانی کی الانوار المحمدیہ ہے جو قسطلانی کی المواھب اللدنیۃ کی تلخیص ہے ، اور دوسری شیخ خضری بک کی نور الیقین فی سیرۃ سید المرسلین ہے۔

والد محترم کی اِس رہنمائی کے تحت اور پھر اس کے نتیجے میں مطالعہ اور کتب کے ساتھ جو شغف و شوق پیدا ہو گیا اُس کی بنا پر میں نے اپنی ایک علیحدہ لائبریری قائم کر لی۔ جس میں قدیم رسائل و مجلّات اور گوناگوں کتابوں کا ذخیرہ جمع ہو گیا۔ میرے شوقِ مطالعہ کی انتہا یہ تھی کہ جب میں محمودیہ ہی میں تھا اور مدرسہ اعدادیہ میں زیرِ تعلیم تھا تو میں بازار جانے کے دن شیخ حسن کتبی کا بڑی بے صبری کے ساتھ انتظار کرتا تاکہ میں چند پیسوں کے عوض اُس سے ہفتہ بھر کے لیے کچھ کتابیں مستعار لے لوں۔ چنانچہ جب میں ان کتابوں سے فارغ ہو جاتا تو انہیں واپس کر کے دوسری کتابیں لے لیتا اور یہ سلسلہ برابر جاری رہتا۔

اس زمانے میں جن کتابوں نے میری ذات پر شدید اور عمیق اثر ڈالا وہ ایک قصّہ ہے جس کا نام ہے : الأمیرۃ ذات الھمۃ (بہادر شہزادی)۔ جب میں یہ یاد کر لیتا ہوں کہ اُن دنوں ہم جن قصّوں اور کہانیوں کا مطالعہ کیا کرتے تھے وہ تمام ترغیرت و شجاعت ، دفاعِ وطن ، اتباعِ دین ، جہاد فی سبیل اللہ اور شوکت و برتری کے لیے کشمکش کا درس ہوتے تھے اور اب جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ آج کا نوجوان جو افسانے اور ناول پڑھتا ہے وہ سرتاسر بے حیائی ، زنانہ پن ، تھڑدلی اور کھوکھلے کردار کی دعوت ہے تو مجھے اندازہ ہوتا ہے کہ ماضی قریب کی عوامی ثقافت اور حال کی عوامی ثقافت میں کس قدر حیران کن فرق واقع ہو چکا ہے میری

راتے میں ہمارے لیے یہ اشد ضروری ہے کہ ہم اس ثقافتی غذا کی خوب چھان پھٹک کریں جو نئی نسل کو کتابوں، کہانیوں، اخبارات اور مجلّات کی شکل میں پیش کی جا رہی ہیں۔

ایک دوسرا سبب بھی میرے شوقِ مطالعہ کے لیے مہمیز تھا۔ اُن ایّام میں ٹیچرز ٹریننگ اسکول میں چیدہ اور نہایت فاضل اساتذہ کا جمگھٹا تھا۔ مثلاً استاذ محترم عبدالعزیز عطیہ ــــــ اسکندریہ میں ٹیچرز اسکول کے موجودہ پرنسپل اور اسکندریہ میں اخوان المسلمون کے سربراہ ــــــ، استاذ جلیل شیخ فرحات سلیم رحمہ اللہ شیخ عبدالفتاح ابوعلام، استاذ الحاج علی سلیمان، استاذ شیخ البسیونی ــــــ اللہ تعالےٰ ان سب حضرات کو نیک جزا عطا فرماتے ــــــ یہ حضرات پارسائی و نیکوکاری میں منفرد مقام رکھتے تھے۔ اپنے طلبہ کو ہمیشہ تحقیق و مطالعہ پر اُکساتے رہتے۔ ان حضرات کے ساتھ میرا روحانی رشتہ تھا جو میرے لیے بہت ترغیب اور حوصلہ افزائی کا موجب تھا۔ مجھے آج تک یاد ہے کہ استاذ عبدالعزیز عطیہ نے جو ہمیں "عملی تعلیم" پڑھاتے تھے ہمارا ماہانہ امتحان لیا۔ میرا جواب انہیں بہت پسند آیا۔ انہوں نے میرے پرچے پر لکھ دیا: تم نے بہت خوب جواب دیا ہے، اور اگر کُل نمبروں پر کچھ مزید نمبر دیئے جاسکتے تو میں وہ بھی تمہیں دے دیتا۔ جب جوابات کے پرچے وہ تقسیم کرنے لگے تو میرا پرچہ اُنہوں نے روک لیا اور مجھے بُلا کر وہ میرے ہاتھ میں تھمایا اور میرے حق میں کثیر کلمات ارشاد فرمائے جن میں نصیحت تھی، حوصلہ افزائی تھی، اور درس و مطالعہ اور پڑھنے کی تلقین تھی۔ بلکہ انہوں نے اپنی کتاب المعلّم کے پروف کی تصحیح کے لیے مجھے منتخب کیا۔ یہ کتاب ان دنوں دمنہور کے المستقبل پریس میں چھپ رہی تھی۔

Marfat.com

یہ تمام اسباب و محرکات میرے لیے بڑے اثر انگیز ثابت ہوئے۔ چنانچہ میں نے اسی مرحلۂ تعلیم میں مدرسی نصاب سے باہر مختلف علوم کے بہت سے متن زبانی ازبر کر لیے، حریری کی ملحۃ الاعراب حفظ کر لی، الفیہ ابن مالک یاد کر لیا، اصطلاح حدیث میں البیقونیہ، توحید میں الجوہرۃ اور میراث میں الرجبیہ، منطق میں سلم العلوم کا کچھ متن ازبر کر لیا۔ فقہ حنفی میں قدوری کا اکثر حصّہ، فقہ شافعی میں ابوشجاع کی الغایۃ والتقریب کا کچھ متن، مذہب مالکی میں منظومہ ابن عامر کے بعض حصّے میں نے حفظ کر لیے۔ والد محترم کی یہ ماثور و منقول نصیحت میں نے کبھی فراموش نہ کی کہ "من حفظ المتون حاز الفنون" (جس نے اصل متن حفظ کر لیے وہ فنون پر حاوی ہو گیا)۔ یہ تلقین میرے دل میں اس قدر گہری اُتر گئی کہ فنِ قراءت میں میں نے الشاطبیہ پوری کی پوری حفظ کرنے کی کوشش شروع کر دی حالانکہ میں اُس کی اصطلاحوں سے بالکل ناواقف تھا۔ چنانچہ میں نے اس کے مقدّمات بالفعل حفظ کر لیے جس کی بعض عبارتیں مجھے اب تک زبانی یاد ہیں۔

ایک لطیفہ یہ ہوا کہ ایک انسپکٹر صاحب عربی زبان کے درس میں ہمارے پاس آ گئے۔ ہم سال سوم میں تھے۔ اُس وقت مجھے صرف حریری کی ملحۃ الاعراب حفظ تھی۔ انسپکٹر صاحب نے طلبہ سے یہ سوال کیا کہ نحو میں اسم کی علامت کیا ہے اور فعل کی علامت کیا ہے۔ اُن کا دوسرا سوال یہ تھا کہ حرف کی علامت کیا ہے۔ استاذ نے، جن کا اسم گرامی شیخ محمد علی النجار تھا جواب دینے کے لیے مجھے منتخب کیا۔ میں نے جواب میں ملحۃ الاعراب کا یہ شعر سنا دیا:-

Marfat.com

والحرف مالیست لہ علامۃ — حرف وہ ہے جس کی کوئی علامت نہیں ہے

فقس علی قولی تکن علامۃ — میرے اس قول پر سب کو قیاس کرتے تم علاّمہ بن جائیگا۔

انسپکٹر صاحب سن کر مسکرا دیئے اور کہنے لگے : بہت اچھا یا سیدی ! میں ضرور آپ کے قول پر قیاس کروں گا تاکہ علاّمہ بن جاؤں"۔ پھر انہوں نے استاذ کا شکریہ ادا کیا اور چلے گئے۔

اس علمی ثروت نے بعض احباب کی توجہ میری طرف مُلتفت کر دی - یہ احباب اُس وقت کے دار العلوم میں داخلہ لینے کے لیے اپنے آپ کو تیار کر رہے تھے۔ اور یہ سب پرائمری اسکول کے مدرس تھے جو ٹیچرز ٹریننگ اسکول کے تابع تھا۔ ان احباب نے مجھے یہ پیش کش کی کہ ہم سب مل کر تیاری کریں اور مل کر دار العلوم میں داخلہ لیں۔ ان حضرات میں پیش پیش برادر عزیز شیخ علی نوفل ——— جو اب استاذ علی نوفل کہلاتے ہیں ——— تھے، انہی کی یہ ترغیب تھی کہ باہم مل کر تیاری کی جاتے اور مل کر دار العلوم میں جایا جائے۔ دار العلوم اُن دنوں دو شعبوں پر مشتمل تھا : ایک شعبۂ تجہیزی، اس میں ازہر کے طلبہ اور ٹیچرز اسکولوں کے طلبہ میں سے جو چاہے داخلہ لے سکتا تھا۔ اور دوسرا شعبۂ عالی عارضی اِس میں بھی ازہر کے طلبہ داخل ہو سکتے تھے جو بالعموم ازہر سے ثانوی تعلیم کا سرٹیفکیٹ لے چکے ہوتے تھے۔ اس شعبے میں ——— یعنی شعبۂ عالی عارضی میں ——— داخلہ کے لیے صرف یہی سال ——— ۱۹۲۳ء ——— ۱۹۲۴ء کا تعلیمی سال ——— باقی رہ گیا تھا۔ اس کے بعد یہ شعبہ ختم کیا جانا تھا اور اُس کی جگہ ایسا شعبۂ عالی قائم کیا جانا تھا جس کا داخلہ شعبۂ تجہیزی سے فارغ ہونے والوں کے لیے مخصوص ہو۔ ہمارے اسکول کے بعض ساتھیوں نے تو شعبۂ تجہیزی ہی میں داخل ہونے کا ارادہ کر

Marfat.com

لیا۔ مگر شعبۂ عالی عارضی کی طرف طلبہ کا زیادہ رجحان ہو گیا اس لحاظ سے کہ اس میں داخلے کا اب یہ آخری موقع تھا۔

شیخ علی نوفل نے میرے ساتھ مل کر تیاری کرنے کی ٹھان لی۔ میں تیسرے سال میں تھا۔ یعنی اُس سال میں جس میں مجھے پرائمری ٹیچنگ کا ڈپلوما (مصری اصطلاح میں شہادۃ الکفاءۃ) حاصل کرنے کا امتحان دینا تھا۔ اور شیخ علی نوفل ٹیچرز ٹریننگ اسکول کے پرائمری سیکشن میں مدرس تھے۔ چنانچہ میں نے اجتماعی مطالعہ سے معذرت کر دی۔ لیکن وہ دوسرے دروازے سے داخل ہو گئے۔ کہنے لگے کہ "اخوت کے بھی حقوق ہوتے ہیں، نیز احباب کی معاونت فرض ہے اور ان کے مشوروں کو قبول کرنا ضروری ہوتا ہے۔" اب میرے لیے اس کے سوا اور کوئی چارۂ کار نہ رہا کہ میں ان کی بات کو اہمیت دوں۔

## تعلیم اور ڈگریوں کے بارے میں میری رائے

اُن دنوں علم اور تلاش علم اور سندات اور اُن کے حصول کے سلسلے میں میری ایک مخصوص رائے تھی۔ جو امام غزالیؒ کی احیاء العلوم کے مطالعہ کا ایک نتیجہ تھی۔ علم سے مجھے شدید محبت تھی۔ مطالعہ کی جانب میرا غیر معمولی رجحان تھا اور اضافۂ علم کی مجھے بے حد خواہش تھی۔ میں فرد اور جماعت دونوں کے لیے علم کے فوائد کا قائل تھا اور لوگوں کے اندر علم کی اشاعت کو فرض گردانتا تھا۔ یہاں تک کہ مجھے یاد ہے کہ میں نے "الشمس" کے نام سے ماہانہ رسالہ جاری کرنے کا بھی عزم کر لیا۔ بلکہ اس کے پہلے دو شمارے میں نے مرتب بھی کر لیے۔ شیخ محمد زہران کی تقلید میں جو "الاِسعاد" کے نام سے ماہانہ رسالہ نکالتے تھے اور المنار کی مشابہت میں جس کا میں بکثرت مطالعہ کیا کرتا تھا ——— لیکن علوم و معارف کی ترتیب اور طلبِ علم کے متعلق امام غزالی کا نظریہ اور اسلوب میرے

Marfat.com

ذہن وقلب پر شدّت کے ساتھ اثر انداز ہو چکا تھا۔ اور میں ایک شدید ذہنی کشمکش میں مبتلا ہو چکا تھا۔ ایک طرف یہ شوق فراواں دامن کش تھا کہ میں مزید علم کی تلاش کروں۔ اور دوسری طرف امام غزالی کے ارشادات، اور علم واجب کے بارے میں اُن کی یہ تعریف کہ یہ وہ علم ہے جس کا انسان ادائے فرائض اور کسبِ معاش کے لیے حاجت مند ہوتا ہے اور اسے حاصل کرنے کے بعد انسان کو عمل کی طرف آجانا چاہیئے، مجھے مجبور کر رہے تھے کہ میں صرف ضروری علم پر اکتفاء کروں اور ماسوا کو نظر انداز کروں اور اس میں ضیاع وقت نہ کروں۔

دارالعلوم اور اس کے تابع اداروں میں داخل ہونے کا خیال پھر اس بات سے تازہ ہو گیا کہ دارالعلوم سے فارغ ہونے والے طلبہ میں سے وہ لوگ جو اعلیٰ درجوں سے ڈپلوما حاصل کر چکے تھے بیرونِ ملک اسکالرشپ پر بھیجے جا رہے تھے۔ اب ذہنی کشمکش اور بھی شدت و قوت اختیار کر گئی۔ میں ہمیشہ اپنے نفس سے کہا کرتا: تو دارالعلوم میں کیوں داخل ہونا چاہتا ہے؟ کیا جاہ و منزلت حاصل کرنے کے لیے تاکہ لوگ تجھے یہ کہیں کہ تو پرائمری ٹیچر نہیں اعلیٰ تعلیم کا مدرس ہے۔ مگر یہ بات حرام ہے۔ جاہ کی طلب و حرص نفس کی بیماریوں میں سے ایک بیماری اور شہواتِ نفس کا ایک حصہ ہے۔ اس کا قلع قمع کرنا فرض ہے ——— یا مال و دولت کی خاطر؟ تاکہ تیرا مشاہرہ دوگنا ہو جائے، اور تو خوب مال سمیٹ لے، لباس فاخرہ زیب تن کرے، نفیس غذائیں کھائے، اور عظیم الشان گاڑیوں میں سواری کرے؟ مگر یہ انسان کی سعی کا سب سے بدترین ماحصل ہے۔ ہلاک ہوا بندۂ دینار، ہلاک ہوا بندۂ درہم، تباہ ہوا حریر و مخمل کا غلام، تباہ ہوا اور برباد ہوا اگر

Marfat.com

مبتلائے مصیبت ہوا تو اُسے توفیق توبہ نہ نصیب ہوئی ۔[1]

اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا:

زين للنّاس حب الشهوات من النّساء والبنين والقناطير المقنطرة من الذهب والفضة والخيل المسوّمة والانعام والحرث ذلك متاع الحيٰوة الدنيا والله عنده حسن المآب قل أؤنبئكم بخير من ذلكم، للذين اتقوا عند ربهم جنات تجري من تحتها الانهار خالدين فيها۔

"لوگوں کے لیے مرغوباتِ نفس ـــــ عورتیں، اولاد، سونے چاندی کے ڈھیر، چیدہ گھوڑے، مویشی اور زرعی زمینیں ـــــ بڑی خوش آئند بنادی گئی ہیں۔ مگر یہ سب دنیا کی چند روزہ زندگی کے سامان ہیں حقیقت میں جو بہتر ٹھکانا ہے، وہ تو اللہ کے پاس ہے۔ کہو: میں تمہیں بتاؤں کہ ان سے زیادہ اچھی چیز کیا ہے؟ جو لوگ تقویٰ کی روش اختیار کریں، ان کے لیے ان کے رب کے پاس باغ ہیں، جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، وہاں انہیں ہمیشگی کی زندگی حاصل ہو گی۔"

یا علم وفن کا ذخیرۂ وافر جمع کرنے کے لیے؛ تاکہ تُو علماء کے ساتھ مسابقت کرے، جہلاء سے

---

[1] یہ ایک حدیث کے الفاظ ہیں جسے بخاری نے حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ (مترجم)

Marfat.com

بحث و مجادلہ کرے اور اپنا حق منوانے کے لیے لوگوں پر غلبہ حاصل کرے۔ مگر قیامت کے روز سب سے پہلے جس شخص کے لیے آتشِ دوزخ بھڑکائی جائے گی وہ ہے جس نے خوشنودیٔ خدا کے سوا کسی اور مقصد کے لیے علم حاصل کیا اور اپنے علم پر عمل نہ کیا۔ آخرت میں سب سے شدید ترین عذاب اُس عالم کو دیا جائے گا جس کے علم کو اللہ تعالیٰ نے اُس کے حق میں نافع نہ بنایا۔ میں اپنے آپ کو کہتا کہ تیرا نفس تجھے یہ بھی سمجھا سکتا ہے کہ تو اس لیے علم سیکھ رہا ہے تاکہ تُو عالم بن کر لوگوں کو نفع پہنچائے اور یہ کہ اللہ اور اس کے فرشتے لوگوں کو بھلائی کی تعلیم دینے والوں پر درود بھیجتے ہیں، اور یہ کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معلّم بنا کر بھیجے گئے ہیں ـــــ نفس یہ سب حیلے تجھے سجھا سکتا ہے۔ لیکن تو نفس سے پُوچھ کہ اگر تُو سچ کہتا ہے کہ تُو علم کی طلب صرف اس لیے کر رہا ہے کہ انسانوں کو فائدہ ہو اور اللہ کی خوشنودی حاصل ہو، تو پھر تو دارالعلوم میں داخلے پر کیوں مصرّ ہے۔ حالانکہ علم تو کتابوں میں پنہاں ہے، مشائخ و علماء کے دامن میں ہے؟ سند ایک فتنہ ہے۔ یہ ایک مَرکَب ہے دنیا کی طرف لپکنے کے لیے اور مال و منال سے رشتہ جوڑنے کے لیے۔ اور یہ دونوں چیزیں ـــــ دنیا پرستی اور زرطلبی ـــــ سمّ قاتل ہیں، اعمال کو غارت کر دینے والی ہیں، قلب و اعضاء کو بگاڑ دینے والی ہیں۔ لہٰذا تجھے علم سیکھنا ہے تو کتابوں سے سیکھ۔ تعلیم گاہوں کی سندوں اور رسمی ڈپلوموں سے نہ چمٹ۔

یہ فلسفہ میرے دل و دماغ پر پوری طرح چھایا چاہتا تھا۔ بلکہ بالفعل چھا چکا تھا۔ اس لیے مَیں نے استاذ علی نوفل کے ساتھ ازراہِ نفرت مشترک مطالعہ کا آغاز نہ کیا۔ لیکن استاذ محترم شیخ فرحات سلیم ؒ جو مجھ سے شدید محبت کرتے تھے اور ہر تقریب

Marfat.com

میں میرے اوپر اپنی شفقت کا اظہار فرمایا کرتے تھے۔ اور میرے دل میں بھی اُن کا بہت اونچا مقام تھا، انہوں نے بڑی لطافت اور دانائی کے ساتھ مجھے مشترکہ مطالعہ پر سنجیدگی سے آمادہ کر دیا، اور دار العلوم کا دروازہ کھٹکھٹانے کے لیے میرے اندر بالفعل رغبت پیدا کر دی۔ وہ مجھے فرمانے لگے: اس وقت تم ڈپلوما حاصل کرنے کے بالکل قریب ہو چکے ہو۔ علم کوئی ضرر رساں چیز نہیں ہے۔ دار العلوم کے امتحان کے لیے تمہارا پیش قدمی کر لینا زیادہ بڑے امتحانوں کے لیے ایک تجربہ ہوگا۔ یہ ایسا موقع ہے جسے اگر ضائع کر دیا گیا تو پھر اس کی تلافی نہ ہو سکے گی، داخل ہو جاؤ اور اپنے نفس کا حق محفوظ کر لو۔ مجھے تمہاری کامیابی پر پورا پورا یقین ہے ان شاء اللہ۔ نیز داخلہ لے لینے کے بعد بھی معاملہ ہمارے ہاتھ میں رہے گا۔ پھر تم جس طرح چاہو سوچ لینا۔ خواہ ارادہ ترک کر دینا اور خواہ داخل ہو جانا۔ یوں استاذ محترم نے اپنی بھرپور قوتِ تاثیر کے ساتھ مجھے درخواستِ داخلہ دینے والوں کے ساتھ درخواست دائر کرنے کے لیے یکایک اُبھار دیا۔ داخلے کا امتحان ڈپلوما کے امتحان کے چند روز بعد ہونے والا تھا۔

## دو اسلوب

میں چاہتا ہوں کہ یہاں دو یادیں سپردِ قلم کر دوں۔ ان میں سے ایک یاد عملی ہے۔ اور دوسری نظری۔ یہ دونوں یادیں میرے دل میں سما گئیں اور ایک مدّت تک انہوں نے میرے ذہن کو اپنی جانب مرکوز رکھا:

اوّل الذکر یاد علامہ جلیل شیخ احمد الشرقا وی الدُّوَیْنی رحمۃ اللہ علیہ کی ہے۔ اس بزرگ انسان کو میں نے صرف ایک مرتبہ دیکھا ہے۔ یہ دمنہور میں اپنے بیٹوں،

Marfat.com

طالب علموں، مریدوں اور دوستوں سے ملنے کے لیے تشریف لاتے۔ اور ان کے گھروں اور اقامت گاہوں میں جاکر اُن کی خبر گیری کی۔ ہمارے ساتھ انہوں نے ایک شب بسر کی جس میں وہ اپنی طبع مالوف سے سرِ مُو نہ سرکے۔ مجھے ان کے بارے میں ایسی باتیں معلوم ہوئیں جنہوں نے میرے دل میں اُن کی عظمت کا سکہ بٹھا دیا۔ اور آج تک اُن کی یاد دل کے گوشوں میں موجود ہے۔ اُن کے بارے میں مجھے معلوم ہوا کہ انہیں علم اور تعلیم سے قلبی عشق تھا۔ چنانچہ انہوں نے اپنے شہر کے باشندوں کو تعلیم کی جانب دھکیلا۔ جو شخص تعلیمی مصارف کی قدرت نہ رکھتا تھا اُس کی اپنی جیب سے تکمیلِ تعلیم تک اعانت کرتے۔ اور اُس پر یہ شرط عاید کرتے کہ جب وہ تعلیم سے فارغ ہو جائے تو وہ کسی دوسرے بیکس شخص کا تعلیمی بوجھ اُٹھائے۔ اور یوں اس فرض کو نقدی کی شکل میں نہیں بلکہ علم و معرفت کے فروغ کی صورت میں ادا کرے۔ اِس اسلوب کے تحت طُوٗرین کے اندر کوئی شخص تعلیم سے عاجز نہ رہا خواہ وہ کیسے ہی غریب خاندان کا فرد ہوتا تھا۔ اس تعلیمی امداد باہمی نے سب کو علم سے مالا مال کر دیا۔ مزید براں یہ کہ ایسے تمام اصحاب علم کے مابین ایک مضبوط رُوحانی رشتہ استوار ہو جاتا۔ شیخ احمد الشرقاوی کی واحد تفریح یہ تھی کہ گرمیوں کی چھٹیوں میں طُوٗرین کے طلبہ اُن کے ارد گرد ہالہ بنے بیٹھے ہوں اور وہ دیکھ رہے ہوں کہ بیس ازہری طلباء کے دوش بدوش بیس درعمی طلباء ——— دارالعلوم کے طلباء کو وہ درعمی (جو دارالعلوم کا مخفف ہے) طلبہ کہتے تھے ——— بیٹھے ہوں، پچاس پرائمری ٹیچرز ٹریننگ اسکول کے طلبہ فروکش ہوں، ایک بھاری بھرکم تعداد دوسری مختلف النوع درس گاہوں میں تعلیم پانے والوں کی شریکِ محفل ہو۔ ان سے وہ مصروفِ مذاکرہ ہوں یہ استفان

Marfat.com

گوئی کا مشغلہ جاری ہو، اُن کو پہیلیاں کہہ رہے ہوں اور ان پر اعتراضات وارد کر رہے ہوں۔ اور اس حکیمانہ اسلوب سے ان کے اذہان کو صیقل کر رہے ہوں اور ان کے عزائم کو مطالعہ و تعلیم اور علم و عرفان کے لیے پختہ تر کر رہے ہوں ——— یہی وہ راز ہے کہ دمنہور کے پرائمری ٹیچرز ٹریننگ اسکول میں طلوڑین کے طلباء کی عظیم اکثریت تھی۔ اب شیخ الشرقاوی ان سے ملاقات کے لیے تشریف لاتے تھے۔ تاکہ اُن کو مزید تھپکی دیں۔ یہ مختصر سا دورہ انہوں نے نکتہ طرازیوں اور علمی گفتگوؤں میں گذارا۔ راقم بھی اُن کے سوالات، اعتراضات، پہیلیوں اور کہاوتوں سے نہ بچ سکا۔ اللہ تعالیٰ انہیں دامنِ رحمت میں جگہ دے اور اپنی جنّت کو ان پر کشادہ فرمائے۔

دوسری یاد ——— شیخ صادی دراز رحمہ اللہ سے وابستہ ہے۔ شیخ صادی ایک پارسا نوجوان تھے۔ فلاحین میں سے تھے۔ اُس وقت اُن کی عمر ۲۵ سال سے متجاوز نہ تھی۔ مگر بعد میں وہ اللہ کو پیارے ہو گئے۔ مرحوم ذکاوت، باریک بینی اور واقعہ نگاری میں نادرِ روزگار تھے۔ ایک مرتبہ ہم نے اولیاء و علماء کا تذکرہ چھیڑ دیا۔ اور گفتگو سیّد ابراہیم دسوقی ——— جن کا مزار شہر کے قریب ہی تھا ——— اور اُن سے سیدی احمد البدوی تک ——— جو طنطا میں مدفون ہیں ——— جا پہنچی۔ شیخ صادی دراز کہنے لگے: کیا سیّد احمد البدوی کا قصّہ جانتے ہو؟ مَیں نے جواب دیا: "ہاں، وہ بڑے بزرگ ولی تھے، متقی و پارسا تھے، عالم و فاضل تھے"۔ شیخ کہنے لگا: بس اتنا ہی جانتے ہو؟ مَیں نے کہا: ہم تو یہی کچھ ان کے بارے میں جانتے ہیں۔ شیخ صادی نے کہا: سُنیئے میں تمہیں بتاتا ہوں:

"سیّد بدوی اپنے دار الہجرت مکّہ سے مصر وارد ہوئے۔ علاوہ مغرب

Marfat.com

(مراکش) کے باشندے تھے۔ مصر میں اُس زمانے میں آئے جب یہاں ممالیک کو مسندِ حکمرانی بچھائے ہوئے تھے[1]۔ ممالیک کی حکمرانی صحیح نہ تھی کیونکہ وہ غلام تھے۔ آزاد نہ تھے۔ اور سیّد بدوی خالص علوی سادات میں سے تھے۔ ان کے اندر تمام فضیلتیں مجتمع تھیں، نسب کی فضیلت، علم کی فضیلت اور ولایت (حکمرانی) کا استحقاق۔ اہلِ بیت خلافت کو اپنا حق سمجھتے تھے۔ خلافتِ عباسیہ ختم ہو چکی تھی اور بغداد میں اس کی بساط لپیٹ چکی تھی۔ مسلمان اقوام چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں بٹ چکی تھیں۔ اُن پر ایسے امراء حکمرانی کر رہے تھے جنہوں نے بزور بازو غلبہ حاصل کر لیا تھا۔ ان امراء میں سے مصر کے حکمران ممالیک بھی تھے۔ سیّد بدوی کے سامنے دو اہم کام تھے جن کے لیے انہیں جدّوجہد کرنا تھی۔ ایک خلافت کی بحالی اور دوسرا ممالیک سے جن کی ولایت شرعًا درست نہ تھی، مسندِ حکمرانی خالی کروانا۔ یہ دونوں امور کیسے انجام دیئے جائیں؟ ان کے لیے خصوصی نقشۂ کار مرتب کرنے کی ضرورت تھی۔ چنانچہ انہوں نے اپنے چند خصوصی احباب اور مشیروں کو جمع کیا۔ مثلاً سیدی مجاہد اور سیدی عبدالعال وغیرہ۔ اِن حضرات نے یہ طے کیا کہ اپنی دعوت پھیلائی جائے اور لوگوں کو ذکر و تلاوت پر مجتمع کیا جائے۔ اس "ذکر" کے لیے انہوں نے چند علامات مقرر کر دیں: ایک چوبی

---

[1] سیدی احمد البدوی مصر کے مشہور اولیاء اللہ میں سے تھے۔ مصر میں ان کو وہی شہرت حاصل ہے جو پاکستان میں حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ کو حاصل ہے۔ یہ اصلاً فاس (مراکش) کے رہنے والے تھے۔ وہاں سے ہجرت کر کے مکہ معظمہ آ گئے، اور عراق چلے گئے۔ اور دعوت و تبلیغ اور اسلامی اصلاحات کی کوششوں میں منہمک رہے۔ عراق سے مکہ واپس آئے۔ اور آخر کار ۶۳۴ھ میں انہوں نے مصر کا رُخ کیا اور طنطا کو اپنا مرکز بنا لیا۔ (مترجم)

Marfat.com

تلوار یا مضبوط عصا جیسے سیف وطبل کے قائم مقام قرار دے کر مدارِ اجتماع بنایا۔ ایک پھریرا جو اُن کا مخصوص عَلَم تھا اور ایک چرمی سپر۔ یہ سب چیزیں شعائر بدوی قرار دی گئیں۔ جب لوگ ذکر و تلاوت کی خاطر جمع ہو جاتے اور دین کے احکام سیکھ لیتے تو خود انہیں یہ شعور ہو جاتا کہ ان کا معاشرہ حکومت کے بگاڑ کا شکار ہے اور خلافت کا نظام ختم ہو چکا ہے۔ چنانچہ دینی حمیت اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے فرض کا احساس ان کے اندر اصلاحِ احوال کے لیے جذبۂ جہاد اُبھار دیتا۔ سیّد بدوی کے پیروکار ہر سال اپنا ایک اجتماع کرتے۔ سیّد نے طنطا کو مرکزِ تحریک بنا لیا تھا۔ کیونکہ طنطا مصر کے آباد و پُر رونق شہروں کے عین وسط میں واقع ہے، اور مرکزِ حکومت (قاہرہ) سے ہٹ کر ہے۔ جب یہ لوگ میلاد النبیؐ کے رنگ ڈھنگ پر سالانہ مجتمع ہوتے تو سیّد بدوی کو یہ اندازہ لگانا آسان ہو جاتا کہ ان کی دعوت و تحریک لوگوں کے اندر کس حد تک اثرات پیدا کر چکی ہے۔ سیّد بدوی اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے بے نقاب نہ کرتے تھے بلکہ بالاخانے میں مُعتکِف ہو جاتے اور چہرہ دوہرے آنچل سے ڈھانک لیتے۔ تاکہ یہ حالت لوگوں کے دلوں میں زیادہ ہیبت خیز ہو۔ اُس دور میں ایسے ہی طریقے کا رواج تھا۔ یہاں تک کہ سیّد بدوی کے متبعین لوگوں کے اندر یہ بات پھیلاتے کہ انہیں دیکھنا موت ہے۔ جو شخص قطب پر ایک نظر ڈالنا چاہتا ہے اُسے اس ایک نظر کی راہ میں اپنی زندگی سے ہاتھ دھو لینا چاہیے۔ اس طرح سیّد بدوی کی دعوت خوب پھیلی اور ایک خلقِ کثیر ان کے گرد جمع ہو گئی۔"

"لیکن حالات اس تحریک کی کامیابی کے لیے سازگار نہ تھے۔ مصر کی مسندِ ولایت پر الظاہر بیبرس البندقداری براجمان ہو گیا۔ اور اُسے صلیبی طاقتوں پر کئی مرتبہ نصرت

Marfat.com

حاصل ہوئی - اور مظفر قطز کی معیت میں تاتاریوں پر بھی اُسے فتح نصیب ہوئی - چنانچہ اُس کا نام خوب روشن ہوگیا اور اس کا ستارۂ قسمت اوج پر جا پہنچا - عوام اُس کے گرویدہ ہوگئے - اُس نے اسی پر اکتفا نہ کی بلکہ اُس نے عباسی خاندان کے ایک شہزادے کو مصر بُلا لیا اور اُس کے ہاتھ پر بیعت خلافت کر لی - اِس طرح سیّد بدوی کے منصوبہ کی اُس نے بیخ کنی کر دی - معاملہ یہیں تک نہ رہا - اُس نے سیّد بدوی کے ساتھ اپنے سیاسی رویّہ کو بہتر بنا لیا - ان کے ساتھ رابطہ استوار کیا اور ان کے مرتبہ و مقام کو بالا و بلند کیا، اور انہیں اس امر کا نگران مقرر کر دیا کہ جنگی قیدی جب دشمنوں کے علاقوں سے رہائی پا کر آئیں تو وہ انہیں ان کے اہل و عیال میں تقسیم کر دیں - یہ کام بڑے شرف و اعزاز کا سمجھا جاتا تھا - یہ سب حالات سیّد بدوی کے منصوبہ کی تکمیل سے پہلے ظہور پذیر ہو گئے - اور بادشاہت و حکومت عملی طور پر ممالیک کے ہاتھ ہی میں رہی اور نام نمائشی خلیفہ کا لیا جاتا رہا - ایک مدّت تک یہی صورتِ حال قائم رہی -"

سیّد احمد بدوی کی تاریخ کے بارے میں شیخ صادی دراز کا سلسلہ وار بیان اور تعبیر و توجیہ میں سنتا رہا اور اس نوجوان فلاح (کسان) کی ذہانت و فکر پر انگشت بدنداں تھا جس نے بستی کے پرائمری اسکول سے آگے کوئی تعلیم نہ پائی تھی - مصر میں فہم و دانش اور فطانت و لیاقت کے بہت سے مدفون خزانے ملتے ہیں - کاش انہیں کوئی ایسا بندۂ خدا مل جاتا جو دریافت کرتا اور ذہن کی دنیا سے عمل کی دنیا میں لاتا!! ______

شیخ صادی دراز کے مذکورہ الفاظ ابھی تک میرے کانوں میں گونج رہے ہیں - ان میں عبرت بھی ہے اور ندرت بھی - تمام معاملات اللہ کے ہاتھ میں ہیں - ان الارض للہ یورثھا من یشاء من عبادہ والعاقبۃ للمتقین -

Marfat.com

## قاھرہ کی جانب

ہاں، مَیں یہ کہہ رہا تھا کہ میں نے دارالعلوم میں درخواستِ داخلہ دائر کردی۔ اس کے بعد مجھے طبّی معائنہ اور امتحان کی تاریخ کا نوٹس بھی مل گیا۔ مجھے اب اس اطلاع کے بموجب طبّی معائنہ اور امتحان کے لیے قاہرہ کا سفر کرنا تھا۔ یہ رمضان المبارک کا مہینہ تھا۔ والدمحترم نے میرے ساتھ جانا چاہا مگر مَیں نے اس کی کوئی ضرورت نہ سمجھی۔ میرے لیے یہی کافی تھا کہ انہوں نے نیک دعاؤں کا توشہ ہمراہ کردیا ہے۔ تمام راستہ بھی انہوں نے مجھے بخوبی سمجھا دیا۔ اور اپنے ایک دوست کے نام خط دے دیا جو قاھرہ کے ایک خوشحال فرد اور مشہور کتب فروش تھے۔ والدمحترم نے بارہا ان کی عظیم الشّان خدمات سرانجام دی تھیں اور انہیں نیکوکاری، وفاشعاری اور خیراندیشی کی صفات سے بہرہ اندوز سمجھتے رہے۔

میں قاہرہ میں قدم زن ہوگیا۔ زندگی میں پہلی بار۔ میری عمر اُس وقت ۱۶ سال سے چند ماہ ہی اوپر تھی۔ تقریباً عصر کا وقت تھا کہ میں باب الحدید میں اُتر گیا۔ اور وہاں سے عتبہ کے لیے ٹرام پر سوار ہوگیا۔ اور عتبہ سے ٹم ٹم پر بیٹھ کر "سیدنا الحسین" آگیا۔ ٹم ٹم سے اُتر کر سیدھا مذکورہ کتب فروش کے ہاں گیا اور اُسے والد صاحب کا خط دیا۔ اُن صاحب نے خط کی کوئی پرواہ نہ کی اور نہ اُس کے مضمون پر دھیان دیا۔ صرف اتنا کیا کہ دکان کے ایک ملازم کو کہہ دیا کہ میرا خیال رکھے۔ یہ ملازم بہت شریف اور نیک انسان تھا۔ والدصاحب سے بھی اور خود مجھ سے بھی اس کی پہلے سے شناسائی تھی۔ اُس بیچارے نے میرا خیرمقدم کیا، اور میری عزّت افزائی کی اور مجھے اپنے گھر لے گیا۔ وہاں ہم نے روزہ افطار کیا۔ اور پھر ہم شہر میں نکل گئے اور سحری کے وقت گھر واپس آگئے۔ نمازِ فجر کے بعد مَیں سو گیا۔ اور جلدی ہی بیدار ہوکر میزبان سے کہا کہ مجھے دارالعلوم کا محلِ وقوع بتا دیا جائے۔ دارالعلوم میں

Marfat.com

ایک سال پیشتر میرے برادرِ کریم اور یارِ حمیم استاذ محمد شرف حجاج ——— جو اب محکمۂ تعلیم میں مدرس ہیں ——— آ چکے تھے۔ خیال تھا کہ ان سے ملاقات کروں اور اُن سے طبّی معائنہ اور امتحان کا طریقِ کار دریافت کروں۔ میرے نیک نفس میزبان نے دارالعلوم پہنچنے کا پورا طریقہ بتا دیا۔ اُس کو سامنے رکھتے ہوئے میں ٹرام پر سوار ہو کر عتبہ پہنچ گیا۔ اور وہاں سے ٹرام لے کر شارع قصر العینی آ گیا۔ سامنے دارالعلوم کی عمارت تھی۔ وہاں کھڑا ہو کر طلبہ کے نکلنے کا انتظار کرنے لگا۔ اتنے میں میرا دوست آ گیا۔ ہم بغل گیر ہوئے اور وہ مجھے محلہ عبدالباقی میں جو برکۃ الفیل میں واقع ہے اپنی اقامت گاہ میں لے آئے۔ ان کی اقامت گاہ دوسری منزل پر تھی اور وہ طلبہ کے ایک گروپ کے ساتھ یہاں رہائش پذیر تھے۔

اگلے روز صبح سویرے جب میرا دوست دارالعلوم چلا گیا تو میں مذکورہ صدر کتب فروش کے پاس آ گیا۔ اب آنے کا مقصد یہ تھا کہ وہ مجھے کسی ایسے چشمہ ساز کا پتہ بتا دیں جس سے میں نظر کی عینک بنوالوں اور طبّی معائنہ کے لیے پوری طرح تیار ہو جاؤں۔ لیکن اُن صاحب نے حسبِ عادت پھر بے دگردانی سے کام لیا اور میں نے بھی وقت ضائع نہ کرنا چاہا۔ فی الفور ازہر چلا گیا۔ ازہر میں پہلی مرتبہ داخل ہو رہا تھا۔ اُس کی کشادگی اور سادگی دیکھ کر میں دنگ رہ گیا۔ طلبہ کے متعدد حلقے جگہ جگہ درس و مذاکرہ میں منہمک تھے۔ میں ایک ایک کر کے تمام حلقوں کے پاس ٹھیرتا رہا۔ آخر میں مجھے ایک ایسا حلقہ ملا جس میں طلبہ دارالعلوم میں داخلہ کی گفتگو کر رہے تھے۔ میں نے سمجھ لیا کہ یہ دارالعلوم کے امتحان میں بیٹھیں گے جو تقریباً دس روز کے بعد منعقد ہونے والا ہے، اور اسی غرض کے لیے وہ تین روز کے بعد طبّی معائنہ کرائیں گے۔ میں بھی ان کے اندر

Marfat.com

گھس گیا۔ اور ان کے سامنے اپنی خواہش کا اظہار کیا۔ اور ان سے کہا کہ مجھے ایسے آدمی کی ضرورت ہے جو کسی عینک ساز کی طرف میری رہنمائی کرے۔ چنانچہ ایک طالب علم نے رضا کارانہ یہ خدمت اپنے ذمّے لے لی اور فوراً مجھے ایک لیڈی ڈاکٹر کے کلینک کی جانب لے چلا، یہ لیڈی ڈاکٹر میرے قیاس کی حد تک یونان کی تھی، لیکن اُس نے مصری شہریت اختیار کر رکھی تھی۔ طالب علم مذکور نے اُس کی قابلیت و مہارت کی بڑی تعریف کی۔ اور بتانے لگا کہ وہ اسی لیڈی ڈاکٹر سے ایک عینک بنوا چکا ہے۔ عینک بہت اچھی تھی اور قیمت بھی معتدل تھی۔ ہم لیڈی ڈاکٹر کے پاس پہنچے ہی تھے کہ اُس نے آنکھ کا معائنہ شروع کر دیا اور پچاس قرش اس نے فیس معائنہ وصول کر لی اور نمبر دے کر ہمیں ایک عینکوں کی دکان پر بھیج دیا۔ اس دُوکاندار نے ایک سو پچاس قرش لے لیے اور ہمیں فوراً عینک بنا کر دے دی۔ اب میرے سامنے اس کے سوا کوئی اور مصروفیت نہ تھی کہ میں دو روز تک دارالعلوم کے طبّی معائنہ کا انتظار کروں۔

طبّی معائنہ

میں یہ کہوں تو کوئی مبالغہ نہ ہوگا کہ طبّی معائنہ میں کامیابی حیرت انگیز طریقے سے میری ہمرکاب رہی۔ جب کہ بعض دوسرے دوست شومئ قسمت کا شکار ہو گئے۔ سبحان من قسم الحظوظ فلا عتاب ولا ملامة (بے عیب ہے وہ ذات جو قسمتوں کو بانٹتی ہے۔ اب کسی پر کوئی ناراضگی نہیں ہے اور نہ کسی کو ملامت ہے) تین ڈاکٹر تھے۔ میں پہلے ڈاکٹر کی فہرست کا آخری شخص تھا۔ اور یہ ڈاکٹر تینوں میں سب سے بھلا اور نرم خُو تھا۔ اخ استاذ علی نوفل کی قسمت میں تیسرا ڈاکٹر آیا۔ اور وہ بڑا سخت دل بھی تھا اور معائنہ کرنے میں بھی سخت بے رحم تھا۔ میرے ڈاکٹر کے پاس

Marfat.com

کامیابیوں کا تناسب جس قدر اونچا تھا اس تیسرے ڈاکٹر کے پاس یہ تناسب اتنا ہی گرا ہوا تھا۔ مجھے اپنی کامیابی میں پورا پورا شک تھا مگر میں تو کامیاب ہو گیا اور استاذ علی نوفل ناکام ہو گیا۔ حالانکہ انہیں اپنی نظر کی صحت اور جسمانی تندرستی اور بھرپور تیاری کی بدولت کامیابی کا مکمل یقین تھا۔ ڈاکٹر نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ عینک بنوالیں اور ان کا دوبارہ معائنہ کر لیا جائے گا۔ چنانچہ فوراً اس مشورے پر عمل درآمد کیا مگر ڈاکٹر کی بدمزاجی دوبارہ علی نوفل کی کامیابی میں حائل ہو گئی۔ اور یوں بیچارے کا یہ سنہری موقع ضائع ہو گیا۔ بعد میں اُس نے آرٹس کالج کے شعبۂ ادب عربی میں داخلہ لے لیا اور اس میں پوری ثابت قدمی دکھائی اور لیسانس (بی اے) کی ڈگری حاصل کر لی۔ درست ہے صاحبِ عزم کو کوئی چیز بے بس نہیں کر سکتی۔

## ازہر کا ایک ہفتہ

طبی معائنے کا نتیجہ برآمد ہو گیا۔ میرے لیے یہ بات سراسر غیر متوقع تھی کہ میرا نام بھی کامیاب ہونے والوں میں تھا۔ چنانچہ اب میں نے مزاح و تمسخر کو بالائے طاق رکھ کر پوری متانت و سنجیدگی کے ساتھ امتحانی مہم کا سامنا شروع کر دیا۔ متانت کے سوا کوئی چارۂ کار بھی نہ تھا۔ امتحان کو ایک ہفتہ باقی رہ گیا تھا، اور یکسوئی و انہماک ہی اب کارآمد ہو سکتا تھا۔ میں نے اپنا سامان اور کتابیں اٹھائیں اور ازہر ——— پُر رونق و بہار آفریں ازہر کی سمت چل پڑا۔ اور وہاں ٹھیک محراب قدیم کے پاس ڈیرے ڈال لیے بعض ساتھیوں سے تعارف حاصل کیا جو دارالعلوم میں داخل ہو رہے تھے۔ اور ہم سب نے نیت کر لی کہ یہ ہفتہ علم اور برکت دونوں کی خاطر اعتکاف میں رہیں گے۔ باری باری ہم سحری اور افطاری کا کھانا تیار کریں گے۔ باری باری سوئیں گے۔ اور کم سے کم سوئیں گے۔

Marfat.com

خدا برباد کرے علم العروض کو میں اس کے زحاف وعلل اور انواع وقوافی نہیں سمجھ پا رہا تھا۔ یہ میرے لیے سرتا سر ایک نیا موضوع تھا۔ بس میں نے اسے رٹنا شروع کر دیا۔ اسی میں عافیت تھی۔ علوم ریاضی اور علوم معاشرت کا بھی مجھے خدشہ نہ تھا۔ البتہ صرف ونحو سے قدرے خطرہ لاحق ہوتا تھا۔ کیونکہ میں خیال کرتا تھا کہ صرف ونحو ان دونوں علوم میں میں ازہری طلبہ ——— جو دار العلوم میں جانا چاہتے ہیں ——— کی گرد کو بھی نہ پہنچ سکوں گا۔ یہ لوگ. شہادۃ الاہلیۃ (ازہر کا ایک سرٹیفکیٹ) سے آگے نکل چکے ہیں۔ اور اونچی جماعتوں میں پڑھتے رہے ہیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ میں نے الفیہ ابن مالک حفظ کر رکھا ہے، اور الفیہ پر ابن عقیل کی شرح بھی از خود پڑھ لی ہے۔ اور بعض مضامین میں والد محترم بھی مشارکت کرتے رہے ہیں۔ لیکن یہ سب کوشش باضابطہ تعلیم کے تحت نہ تھی جس سے دل کو سکون واطمینان ہوتا۔

امتحان کے دن آئے اور بسلامت گزر سے۔ مجھے ابھی تک عروض کا وہ شعر یاد ہے جس پر ہمارا امتحان ہوا تھا۔ ہمیں کہا گیا تھا کہ اس شعر کی تقطیع کریں، اور اس میں جو علل اور زحاف پائی جاتی ہیں ان کی نشان دہی کریں اور یہ بھی بتائیں کہ یہ کس بحر میں ہے۔ وہ شعر یہ تھا۔

لو کنت من شئ سوی بشر
کنت المنوہ لیلۃ البدر

## رویائے صادقہ

یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا بڑا فضل اور کرم ہے کہ وہ اپنے بندوں کو اطمینان اور سکون مہیا فرماتا ہے اور جب کسی کام کو چاہتا ہے تو اس کے اسباب پیدا کر دیتا ہے۔

Marfat.com

مجھے یاد ہے کہ جس روز نحو اور صرف کا امتحان ہونا تھا اس رات میں نے یہ خواب دیکھا کہ میں چند جلیل المرتبت علماء و فضلاء کے ساتھ ایک خوبصورت کشتی میں سوار ہوں جو دریائے نیل کی سطح پر بادِ نسیم کے جلو میں ہمیں دھیرے دھیرے لیے جا رہی ہے۔ علماء میں سے ایک صاحب جنہوں نے بالائی مصر کے علماء کا لباس زیب تن کر رکھا تھا، آگے بڑھے اور مجھے فرمانے لگے: الفیہ کی شرح ابن عقیل کہاں ہے؟ میں نے کہا: یہ ہے۔ کہنے لگے: آئیے ہم اس کے بعض مباحث دُہرائیں۔ فلاں فلاں صفحات نکالیے۔ چنانچہ میں نے مطلوبہ صفحات کھول لیے اور ان کے مباحث کو دُہرانا شروع کر دیا۔ اسی میں میری آنکھ کھُل گئی۔ دل بے پایاں مسرّت میں ڈوب گیا۔ اور صبح جب امتحان کے لیے گیا تو اکثر و بیشتر سوالات انہی مباحث میں سے آئے۔ یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے راقم کے لیے خصوصی سہولت ارزانی فرمائی گئی۔ سچّا خواب مومن کے لیے فوری بشارت ہوتا ہے۔ والحمد للہ رب العالمین۔

## امتحان گاہ میں

امتحان دینے کے بعد میں قاہرہ سے لوٹ آیا۔ اور تھوڑے ہی وقفے کے بعد میں نے ٹیچرز ٹریننگ اسکول کے ڈپلوما کا امتحان دے دیا۔ اور جب نتیجہ برآمد ہوا تو میں اسکول میں اوّل آیا۔ اور پورے ملک میں پانچویں نمبر پر۔ دارالعلوم کے ٹیسٹ کا نتیجہ بھی نکل آیا اور میں کامیاب قرار دیا گیا۔ یہ کامیابی بھی میرے لیے انہونی بات تھی۔ اس لحظہ مجھے استاذ احمد بدیر یاد آرہے ہیں۔ موصوف زبانی امتحان لینے والوں میں تھے۔ بڑے ظریف الطبع تھے۔ نیا آدمی ان کی ظرافت کو بشدّت محسوس کرتا۔ میں امتحان کے لیے اُن کے سامنے بیٹھا تو پوچھنے لگے: "دارالعلوم کے شعبۂ عالی میں آنا چاہتے ہو؟" عرض کیا:

Marfat.com

"ہاں، یا سیدی" چنانچہ انہوں نے مجھے خشمگیں نگاہوں سے دیکھا اور کہنے لگے: "کیا دار العلوم چھوٹا ہو گیا ہے؟ تمہاری کیا عمر ہے؟" میں نے کہا: "۱۸ سال اور ۶ ماہ" کہنے لگے: "انتظار کیوں نہیں کر لیا تاکہ بڑے ہو جاؤ؟" میں نے کہا: "موقع ہاتھ سے نکل جاتا"۔ کہنے لگے: "اچھا، جمع تکسیر کا باب سناؤ۔ الفیہ یاد کر رکھا ہے یا نہیں؟" میں نے کہا: "جی ہاں یاد ہے" فرمایا: "پڑھو" استاذ عبد الفتاح عاشور ان کے ساتھی ممتحن تھے۔ نئے آدمی کے ساتھ میں اس طرح کے مزاح و تمسخر کا عادی نہ تھا۔ میری کم سنی تمام ساتھیوں کی نگاہوں کو متوجہ کر رہی تھی۔ یہاں تک کہ بعض اصحاب مجھے دیکھ کر کہتے: میاں یہاں شعبۂ عالی کا امتحان ہو رہا ہے۔ شعبۂ تجہیزی کا امتحان اُدھر سامنے ہو رہا ہے۔ مگر میں جب یہ کہتا کہ مجھے بھی شعبۂ عالی کا امتحان دینا ہے تو وہ مجھے نظر بھر کر دیکھتے اور چلے جاتے۔ استاذ بدیر کے مزاح سے میں بہت متأثر ہو گیا اور قریب تھا کہ جواب دینے سے رُک جاتا۔ مگر استاذ عاشور نے دخل دیا اور استاذ بدیر کو اس مزاح پر ڈانٹ ڈپٹ کی۔ چنانچہ استاذ بدیر میرا جواب دھیان سے سُننے لگے اور میں نے الفیہ فر فر پڑھنا شروع کر دیا۔ اس کے بعد معلومات عامہ، عربی ادبیات اور زبانی مباحثہ کی باری آئی۔ اور آخر کار استاذ بدیر نے مجھے دعائے خیر دی اور بڑی حوصلہ افزائی کی۔ اور میں اُٹھ آیا۔ قرآن کریم کا امتحان استاذ احمد بک زناتیؒ کے پاس تھا۔ موصوف بھی بڑے ظریف الطبع تھے مگر ساتھ ہی خوش خو بھی۔ اس سب کے باوجود مجھے اپنی کامیابی کا یقین نہ تھا۔ نتیجہ خلافِ توقع کامیابی کی بشارت لے کر آیا۔

## طلبِ علم نہ کہ طلبِ معاش

تیسری غیر متوقع یہ صورتِ حال سامنے آگئی کہ بُحیرہ کے بورڈ آف ایجوکیشن نے مجھے

Marfat.com

خرتبالکے پرائمری اسکول میں مدرس نامزد کردیا۔ اور مجھے دعوت دی گئی کہ گرمیوں کی چھٹیاں ختم ہوتے ہی میں اپنے کام کا چارج لے لوں۔ بنابریں مجھے دو راستوں میں سے ایک راستہ اختیار کرنا تھا: ملازمت اختیار کرلوں یا دارالعلوم میں طلبِ علم جاری رکھوں۔ لیکن آخر کار میں نے یہی ترجیح دی کہ متعلمی کی سلک سے منسلک رہوں، اور قاہرہ شدّرِحال کر جاؤں۔ وہاں دارالعلوم بھی ہے اور اپنے شیخ جناب عبدالوہاب حصافی کا اصل ٹھکانہ بھی۔ ایک ہی پہلو مجھے مبتلائے قلق رکھے ہوئے تھا۔ وہ محمودیہ سے غیاب طویل کا احساس۔ محمودیہ وہی شہر خرّم جہاں میرا وفاشعار دوست اور محبوب بھائی احمد افندی السکری رہتا ہے۔ مگر ہم اس بات پر متفق ہوگئے کہ جب یہی اقدام اَولیٰ ہے تو اسے کر ڈالنا چاہیئے۔ ہم بعد میں باہم ملتے جلتے رہیں گے یا مراسلت جاری رکھیں گے۔ علم جہاد کی ایک قسم ہے۔ اور ہمیں اس راستے میں عزیز سے عزیز تر چیز کی قربانی سے بھی گریز نہ کرنا چاہیئے۔

## دارالعلوم کا پہلا سال

گرمی کی چھٹیاں ختم ہوگئیں۔ میں قاہرہ آگیا اور "محلہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا" میں شارع مراسینہ پر مکان نمبر ۱۸ میں چند دوستوں کے ہمراہ سکونت پذیر ہوگیا قاہرہ میں یہ میرا پہلا مسکن تھا۔

جس روز تعلیم کا آغاز ہوا میں دارالعلوم پہنچ گیا۔ اس وقت میں سراپا شوقِ علم بن چکا تھا۔ پڑھائی کی جانب اللہ تعالیٰ نے مجھے خوب متوجہ فرما دیا۔ پہلا گھنٹہ مجھے خوب یاد ہے۔ تاہنوز ہم نے کتابیں اور دیگر سامان تعلیم وصول نہیں کیا تھا۔ ہمارے استاذ بدوی شاعر شیخ محمد عبدالمطلب ——— اللہ تعالیٰ ان پر رحمت و رضوان کی

Marfat.com

بارش برسائے ـــــ اپنے لمبے تڑنگے قد کے ساتھ جو تزے پر تختہ سیاہ کے سامنے آکر کھڑے ہو گئے ۔ نئے طلبہ کی پذیرائی کی اور ان کی کامیابی اور فوز المرامی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ۔ اور پھر تختہ سیاہ پر یہ رقم فرمایا :

عبید بن ابرص کہتا ہے :

لنا دار ورثنا مجدها اِذ ... أقدم القدموس عن عم وخال

منزل منه آباؤنا ار ... مورثونا المجد فی أولی اللیالی

پھر انہوں نے حسب عادت اپنے جبے کے بالائی حصہ کو تھام لیا ـــــ اللہ ان پر رحمتوں کے پھول برسائے ـــــ اور ان دونوں شعروں کو ایسی جرس نما آواز کے ساتھ پڑھا جس میں افتخار و خود بینی کا صاف ترشح ہو رہا تھا ۔ اس کے بعد انہوں نے ہمیں ان اشعار پر اعراب لگانے کے لیے کہا ۔ میں نے دل میں کہا : " سر منڈاتے ہی اولے پڑنے لگے " اور سوچنے لگا کہ یہ " القدموس " کیا چیز ہے ۔ اور " منه " شاعر نے کیوں کہا ، حالانکہ وہ " اُسسه " کہہ سکتا تھا ۔ اور ابھی ہم اشعار کے اعراب کی تراش خراش کر رہے تھے کہ گفتگو اس طرف منتقل ہو گئی کہ عبید بن ابرص کی شخصیت کیا تھی ، اس دور میں عربوں کی بود و باش اور ان کی زندگی میں جفاکشی اور نرمی کے پہلو کیا تھے ، عربوں کی مشہور لڑائیاں ، اُن کے قومی خصائل ، ان کے جنگ و امن کے ہتھیار ، نیزوں ، تلواروں اور تیروں کی قسمیں اور علی الخصوص پیکان دار تیر اور بے پیکان تیر زیر بحث آگئے ۔ تیر اندازی کے بارے میں استاذ محترم نے ذیل کے مشہور و معروف شعر کو استدلال میں پیش کیا :

Marfat.com

رمتنی بسهم ریشه الکحل لم یضر
ظواهر جلدی وهو للقلب جارح

محبوب نے مجھے ایسے ناوک کا نشانہ بنایا ہے جس کا پیکان سُرمے کا ہے۔ اس ناوک نے جسم کے ظاہری حصّوں کو تو کوئی نقصان نہیں پہنچایا مگر دل کو زخمی کر دیا ہے۔

موصوف نے تختۂ سیاہ پر انواع و اقسام کے زیر بنانے شروع کر دیئے۔ اور میں اس نوع کی جامع اور ہمہ گیر بحث و تحقیق پر جھوم رہا تھا۔ اور ان کے درس کو بڑے شغف و انہماک کے ساتھ سُن رہا تھا۔ اس طرزِ تعلیم نے میرے دل میں شوقِ علم کو اور زیادہ بھڑکا دیا۔ اور دارالعلوم اور اُس کے اساتذہ کے لیے احترام و عقیدت اور وابستگی و گرویدگی کے جذبات میں مزید اضافہ کر دیا۔

## رنگِ بے نیازی

شیخ عبدالمطلب ——— رحمہ اللہ ——— کے ذکر سے مجھے یاد آیا کہ کتب فروش کے ہاں جو صاحب ملازم تھے اور جن کے ہاں میں پہلی دفعہ آکر ٹھیرا تھا انہوں نے مجھ سے کہا تھا کہ دارالعلوم کے مدرسین کے ساتھ اُن کے تعلقات اچھے ہیں۔ علی الخصوص استاذ شیخ عبدالمطلب اور استاذ شیخ علام سلامہ کے ساتھ۔ اور وہ ان دونوں بزرگوں سے میرے سلسلے میں بات کر سکتے ہیں اور طبّی معائنے یا امتحان ——— خواہ زبانی امتحان کا حصّہ ہی سہی ——— کے لیے ان کی سفارش حاصل کر سکتے ہیں۔ اور وہ آج رات ہی شیخ عبدالمطلب کے گھر شیخ کو بعض کتابیں بھیجنے کے لیے جائیں گے اور میں بھی ان کے ساتھ شیخ کے گھر جا سکتا ہوں، کوئی حرج کی بات نہیں۔ شیخ عبدالمطلبؒ ان دنوں حلمیہ میں شارع سنجر الخازن میں سکونت رکھتے تھے۔ سنجر الخازن کا نام میں نے پہلی بار سُنا تھا،

Marfat.com

اور دل ہی دل میں کہہ رہا تھا کہ سنجر الخازن کون تھا؟ کیا یہ ممالیک میں سے تھا یا اتراک میں سے؟ ——— اپنے اس میزبان کے مشورے کے باوجود میں نے اپنے دل کو سفارش کے لیے آمادہ نہ پایا۔ میں نے ان کا شکریہ ادا کیا۔ اور اسی پر کفایت کی۔ البتہ ان کی باتوں سے مجھے شیخ موسی ابو قمر رحمہ اللہ یاد آ گئے۔ وہ میرے رشتہ دار بھی تھے اور دار العلوم میں مدرس بھی تھے۔ میں نے میزبان سے ان کے گھر کا پتہ دریافت کیا جو انہوں نے مجھے بتا دیا۔ ان دنوں شیخ موسی شارع الخلیج المصری میں رہتے تھے۔ معائنے سے پہلے دو دن میرے پاس فراغت تھی۔ میں نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا اور شیخ موسی ابو قمر کے مکان پر چلا گیا۔ دروازے کے سامنے کھڑا ہو کر اسے ایک بار کھٹکھٹایا۔ مگر اسی لحظہ میرے دل میں ایک خیال ابھرا اور وہ میرے اوپر اس قدر غالب آگیا کہ میں اندر سے جواب کا انتظار کیے بغیر فوراً واپس آگیا۔ وہ خیال یہ تھا کہ مجھے محسوس ہوا کہ میں غیر اللہ کی پناہ لے رہا ہوں، غیر اللہ پر بھروسہ کی سوچ رہا ہوں اور انسانوں کے آگے سر افگندہ ہونا چاہتا ہوں۔ چنانچہ میں نے فوراً یہ عزمِ مصمم کر لیا کہ صرف خدائے وحدہٗ لاشریک سے استعانت پر قناعت کروں گا۔ اور طبی معائنے اور امتحان دونوں سے فارغ ہو کر ہی شیخ موسی ابو قمر سے ملوں گا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا۔ بعد میں جب میں نے اُن سے ملاقات کی تو وہ مجھ پر بگڑے کہ میں ان کے ہاں آ کر کیوں نہیں ٹھہرا۔ شیخ موسی ابو قمر، اللہ تعالیٰ ان کو دامنِ رحمت میں لے، بڑے کریم النفس اور حاتم صفت انسان تھے۔ ان کا مکان کبھی مہمانوں اور حاجت مندوں سے خالی نہ رہتا تھا۔ میں نے اُن کے سامنے اصل واقعہ بیان کر دیا (یہ کہ میں اُن کے مکان پر آیا اور پھر واپس لوٹ گیا)، وہ سُن کر بہت ہنسے اور اس عقیدہ و نظریہ پر مجھے خوب تھپکی دی۔ اور اسے

Marfat.com

مزید میرے دل میں نقش کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ان کی نیکی کو قبول فرمائے اور اپنی جنّت ان کے لیے کشادہ کرے۔

## نیا مسکن

نئے مسکن کی تلاش کا قصّہ بھی فراموش کرنے کے قابل نہیں ہے۔ جس مکان پر ہم نے رہائش اختیار کی تھی وہ آل عاکف کا تھا۔ آل عاکف نے اپنا یہ مکان کاغذ اور اسٹیشنری کے ایک تاجر ابراہیم بک ملعی کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ اور نیا مالک مجبور تھا کہ وہ اس مکان کو خالی کروائے اور دیکھ بھال کے بعد اُسے از سرِ نو استعمال میں لائے۔ نئے مکان کی تلاش میں ہم بہت سرگرداں ہوئے۔ اور آخرکار ہمیں ایک مکان کا سراغ مل گیا، جو قلعۃ الکبش میں شارع الحدیبرۃ پر واقع تھا۔ سال کے بقیہ ایام ہم نے اسی مکان میں گزارے۔

## عمومی مشاغل

قاہرہ کی زندگی سال بھر میرے لیے بڑی خوشگوار اور سعادت افروز رہی۔ امتحان میں میں درجۂ اوّل میں کامیاب ہوا۔ دارالعلوم کی طرف سے مجھے مقررہ مالی وظیفہ ملنا شروع ہو گیا۔ یہ ایک پونڈ ماہانہ تھا۔ میں نے اس وظیفے کو غیر مدرسی کتابوں کی خریداری کے لیے مخصوص کر دیا۔ میری موجودہ لائبریری کی بہت سی کتابیں اسی ماہانہ وظیفے کے اثرات ہیں جو پوری تعلیمی زندگی میں میرا ہمدم رہا۔ میں ہر ہفتہ نمازِ جمعہ کے بعد شیخ حصافی کے خانۂ فیض آشیانہ پر جاتا اور محفلِ ذکر میں شامل ہوتا، اور سرور و لذّت کی بے پایاں دولت سمیٹتا۔ ہفتے کی اکثر راتیں شیخ حصافی کے خلیفۂ اول علی افندی غالب ــــــ انہیں ہم ہمیشہ سیّدنا افندی کے لقب سے پکارتے تھے ــــــ

Marfat.com

کے دولت کدہ پر گزرتیں - اللہ تعالیٰ انہیں مزید طاقت وہمّت عطا فرماتے اور ہماری طرف سے انہیں نیک صلہ دے - ادہر برادر احمد افندی سکری کو تقریباً میں ہر روز خط لکھتا اور وہ بھی مجھے ہر روز خط لکھتے - چھٹیوں کے ایام میں اپنے شہر محمودیہ چلا جاتا اور احمد افندی سکری اور حصافی اخوان کے ساتھ یہ لمحات فرصت گزرتے -
وفی ذلك بلاغ -

یوں میری علمی، عملی اور روحانی زندگی استقرار وثبات کے ساتھ گزرتی رہی - اور الحمدللہ کسی چیز نے اُسے مکدّر نہ کیا -

### واقعہ یا حادثہ

سال کے اختتام پر، آخری امتحان کے دوران بلکہ غالباً امتحان کے ابھی دو دن گزرے تھے کہ مجھے ایک حادثہ پیش آگیا جو ایک شدید المیہ بنتے بنتے رہ گیا - البتہ یہ حادثہ اس لحاظ سے میرے لیے موجب خیر وبرکت بن گیا کہ اس کے سبب ہمارا پورا خاندان محمودیہ سے قاہرہ منتقل ہو گیا -

ہمارا ایک ہم جماعت بھائی، جو ہمارے ہی ساتھ رہائش پذیر تھا اور ہماری ہی طرح غریب الوطن تھا اُس کے لیے یہ ناگوار تھا کہ میں امتحان میں اُس سے اونچی پوزیشن لے جاؤں، جب کہ وہ مجھ سے عمر میں بھی بڑا ہے اور مختلف تعلیم گاہوں میں کئی سال صرف کر چکا ہے لہٰذا سبقت اور اوّلیت اُسی کا زیادہ حق ہے اور مجھ جیسے نوعمر کو وہ یہ کیونکر اجازت دے سکتا ہے کہ گوئے سبقت لے جائے - یہ خیال اُس کے دل ودماغ پر بُری طرح چھا گیا - اور وہ کوئی ایسی تدبیر سوچنے لگا جس کے ذریعہ مجھے امتحان سے باز رکھ سکے - چنانچہ اُسے یہ تدبیر سوجھی کہ جب ہم سب

Marfat.com

محوِ خواب تھے اُس نے مناسب موقع سمجھ کر تیزابی مادے کی بوتل مجھ پر انڈیل دی اور میرے چہرے اور گردن کو خاص طور پر نشانہ بنایا۔ مَیں گھبرا کر اٹھا۔ وہ فوراً لیٹ گیا گویا نیند میں غرق ہے۔ اندھیرے میں مَیں اُسے شناخت نہ کر سکا۔ مَیں فوراً غسل خانے کی طرف بھاگا اور منہ کو اس جُھلسا دینے والے مادے سے صاف کیا۔ اتنے میں صلیبیہ کی مسجد مرغتمش سے فجر کی اذان سُنی۔ اور جلدی سے مسجد کی طرف گیا۔ نماز پڑھ کر لوٹا تو تھوڑی دیر کے لیے پھر سو گیا۔ کیونکہ رات دیر تک مطالعہ کرتے رہنے کی وجہ سے بدن چکنا چُور تھا۔ صبح اٹھ کر اس جارحانہ کاروائی کے آثار دیکھے۔ وہ تو صبح سویرے ہی باہر نکل گیا۔ ایک ساتھی نے بتایا کہ مَیں نے بالفعل اُس کے ہاتھ میں ایک شیشی دیکھی ہے۔ اور جب وہ واپس آیا اور اس سے پُوچھ گچھ کی تو اُس نے اپنے جرم کا اعتراف کر لیا اور اس فعل کا وہی محرک بتایا جو مَیں اوپر بیان کر چکا ہوں۔ اس پر وہ تمام ساتھی جو مکان میں اکٹھے رہ رہے تھے اُس پر پل پڑے اور اسے خوب زدوکوب کیا اور اُس کا سامان اُٹھا کر سڑک پر پھینک دیا اور خود اُسے بھی مکان سے نکال دیا۔ بعض دوستوں کا یہ اصرار تھا کہ پولیس کو رپورٹ کرنی چاہیئے یا دارالعلوم کی انتظامیہ کو اطلاع دینی چاہیئے۔ مَیں نے اس امر کا ارادہ بھی کر لیا۔ مگر میرے دل میں خیال آیا کہ مَیں بچ گیا ہوں، اور یہ اللہ تعالیٰ کا خاص احسان و فضل ہے اس پر جتنا شکر کیا جائے کم ہے۔ اور شکر کی صرف یہی صورت ہے کہ حملہ آور کے ساتھ عفو و درگزر کا سلوک کیا جائے۔ ومن عفا و اصلح فاجرہ علی اللہ (جس نے معاف کر دیا اور اصلاح کا راستہ اختیار کیا اُس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے)۔ چنانچہ مَیں نے معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا اور اس کے متعلق قطعاً کوئی کاروائی نہ کی۔

یہ خبر محمودیہ پہنچ چکی تھی۔ امتحان ختم ہو گئے تو مَیں محمودیہ چلا گیا۔ نتیجہ بھی نکل آیا۔ اور

Marfat.com

مَیں الحمد للہ اوّل آنے والوں میں سے تھا۔ اپنی جماعت کے اندر میری تیسری پوزیشن تھی۔ اب والدہ محترمہ کا اصرار تھا کہ دو کاموں میں سے ایک اختیار کیا جائے: مَیں پڑھائی ترک کر دوں اور ملازمت کی طرف رجوع کروں یا وہ میرے ساتھ قاہرہ نقل مکانی کر جائیں۔

## قاہرہ نقل مکانی

انہی دنوں میرا بھائی عبدالرحمان ابتدائی تعلیم مکمّل کر چکا تھا اب اُسے ثانوی اسکول میں داخلہ لینا ضروری تھا۔ اسی طرح میرا بھائی محمد بھی پرائمری تعلیم سے فارغ ہو چکا تھا اور والد محترم کا خیال تھا کہ اُسے ازہر میں داخل کرایا جائے۔ دوسرے بھائیوں کے لیے بھی تعلیم کا انتظام ضروری تھا۔ محمودیہ میں یہ تعلیم گاہیں میسّر نہ تھیں۔ پس حالات کا تقاضا تھا کہ قاہرہ ہی جایا جائے۔ گو سفر طویل سہی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

چھٹیاں ختم ہونے سے چند روز پیشتر والد محترم قاہرہ آئے اور مکان اور روزگار کی تلاش شروع کر دی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ جستجو کامرانی سے ہمکنار کی۔ اور وہ محمودیہ لوٹ آئے اور پھر ہمارا پورا گھرانہ محمودیہ سے قاہرہ منتقل ہو گیا۔ عبدالرحمان نے کامرس اسکول میں داخلہ لے لیا۔ محمد قاہرہ میں ازہر کی شاخ "معہد القاہرہ" سے وابستہ ہو گیا۔ اور دوسرے بھائی بھی اپنے اپنے مناسب حال مدرسوں میں داخل ہو گئے۔

## عالمِ جذبات

اس ڈھنگ پر پورے خاندان کے یکجا ہو جانے کی مسرّت کو صرف ایک ہی احساس ـــــــ نہایت شدید اور اضطراب انگیز احساس ـــــــ مکدّر کر رہا تھا۔ وہ احساس اُس للّٰہی رشتۂ اخوت و محبت اور جذبۂ رفاقت و مصاحبت سے عبارت تھا جو میرے اور برادر احمد افندی السکری کے مابین پایا جاتا تھا۔ پہلے تو ہم یہ کہ کر دل

Marfat.com

کو تسلی دے لیتے تھے کہ اس فراق کی بھڑاس ایام تعطیلات میں نکال لیا کریں گے اور آخر کار ہمارا ٹھکانا ایک ہی شہر میں رہے گا۔ لیکن اب ہم بالکل نئی صورتِ حال سے دوچار ہو گئے ہیں۔ اور اب ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ میں محمودیہ کبھی نہ لوٹ سکوں اِلّا ماشاء اللہ دلوں میں یہ خدشہ بُری طرح کھٹک رہا ہے۔ اس پر خوب سوچ بچار کرنی چاہیئے اور بہر تدبیر اس کا حل نکالنا چاہیئے۔

میرے اور احمد افندی کے درمیان اِس پہلو پر غور و فکر کرنے کے لیے کئی اجتماعات ہوئے، کئی راتیں اسی سوچ میں گزریں، گفتگوئیں ہوئیں، نشستیں جمیں اور برخاست ہوئیں۔ احمد افندی تاجر ہے۔ اور تاجر کا کوئی مخصوص وطن نہیں ہوتا۔ اُسے بھی ہمارے ساتھ قاھرہ ہی کیوں نہ منتقل ہو جانا چاہیئے۔ لیکن اُس کے گھر والے کیا کریں گے؟ وہ منتقل ہونا نہیں چاہتے اور ان کے حالات بھی اس کی اجازت نہیں دیتے ہیں۔ اب کیا چارۂ کار ہو؟ ہم نے بہت سوچا۔ آخرش اس نتیجے پر پہنچے کہ سالِ رواں کو تجرباتی سال ٹھیراتے ہیں۔ اس کے بعد دیکھیں گے کہ کیا ہو سکتا ہے۔ چنانچہ ہم لوگ قاہرہ منتقل ہو گئے۔ نیا سال شروع ہو گیا۔ احمد افندی نے سال کے شروع میں تقریباً ایک مہینہ میرے ساتھ قاھرہ میں گزارا اور پھر وہ واپس محمودیہ آ گئے اور اختتامِ سال تک ہم دونوں حسبِ سابق باہم خط و کتابت سے کام لیتے رہے۔ اور پھر گرمیوں کی چھٹیاں شروع ہو گئیں۔

## محمودیہ میں گھڑیوں کی دکان

جی ہاں، اب دوسری گرمائی تعطیلات آ گئی ہیں۔ میرے لیے لازم ہے کہ یہ چھٹیاں بھی محمودیہ میں گزاروں۔ مگر وہاں پوری چھٹیاں قیام کرنے کے لیے کوئی حیلہ پیدا کرنا

Marfat.com

ہوگا۔ والدِمحترم سے مَیں نے عرض کیا کہ میں محمودیہ جاتا ہوں اور وہاں اپنے لیے ایک دکان کھولتا ہوں جس میں مَیں گھڑی ساز کی حیثیت سے آزادانہ کام کروں۔ تاکہ مجھے اس صنعت پر عملی عبور حاصل ہو جائے۔ والدِمحترم میرے جانے کے حقیقی سبب کو بخوبی جانتے تھے۔ مگر وہ اکثر و بیشتر میرے ارادوں کو تسلیم کر لیتے تھے۔ اور میرے اندر ہمیشہ یہ احساس قائم رکھتے کہ میرے اعمال و افعال پر انہیں پورا پورا اعتماد ہے۔ اُن کے اس رویئے نے میرے اندر خود اعتمادی کی عادت کو خوب نشوونما دیا۔ اِسی جذبے کے تحت انہوں نے مجھے سفرِ محمودیہ کی اجازت مرحمت فرما دی۔ اور مجھے بھلائی کی وصیت کی۔ مَیں محمودیہ آگیا۔ اور گھڑی سازی کی دکان کھول لی۔ اور بالفعل گھڑیوں کی مرمت کا شغل جاری کر دیا۔ اس طرزِ حیات میں مَیں دو سعادتوں سے ہمکنار ہو رہا تھا۔ خود اعتمادی اور اپنے ہاتھ سے کسبِ معاش کی سعادت۔ اور احمد افندی اور حصافی اخوان کے ساتھ کچھ گھڑیاں بسر کر لینے کی سعادت۔ چھٹیوں کی راتیں حصافی اخوان کے ساتھ گزرتیں، ہم اللہ کا ذکر کرتے، علم و عرفان پر مباحثے ہوتے۔ کبھی مسجد میں، کبھی گھروں پر، اور کبھی شہر کے باہر کھلے میدانوں میں۔ دن کو نیل میں نہانے کا بھی اکثر موقع مِل جاتا۔ میرے اور احمد افندی کے درمیان خصوصی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہتا۔ جو اکثر پوری پوری رات کو لپیٹ میں لے لیتا۔ چھٹیوں کا پورا عرصہ میں احمد افندی کے مکان پر ہی ٹھیرا رہا۔ اِس لیے ہم رات ہو یا دن کبھی باہم جُدا نہ ہوتے۔

گو ہم عبادت و ذکر میں کاملاً مشغول رہتے۔ اور طریقت کے اوراد و وظائف اور مجالس میں ہمہ تن غرق ہو جاتے مگر بایں ہمہ علم و مطالعہ کے ساتھ ہماری محبت میں کوئی

Marfat.com

کمی نہ آتی تھی۔ ہمیں ہر اُس بات سے نفرت تھی جو دین کی ظاہری نصوص و احکام کے منافی ہو۔ ہم سلسلہ ہائے تصوف سے نسبت رکھنے والوں پر ہمیشہ یہ نکیر کرتے رہتے تھے کہ وہ اسلام کی تعلیمات سے انحراف کر رہے ہیں۔ ہم طریقۂ حصافیہ کے ارادت مند تو تھے اور عبادت و ذکر اور آداب سلوک کی قدر و قیمت کے بھی ہم کامل اخلاص کے ساتھ قائل تھے مگر ہماری فکر آزاد تھی۔ لکیر کے فقیر نہ تھے۔

## ایک مثالی کردار

مجھے یاد ہے کہ جب ربیع الاوّل کا مہینہ آتا تو یکم ربیع الاوّل سے لے کر ۱۲ ربیع الاوّل تک معمولاً ہر رات ہم حصافی اخوان میں سے کسی ایک کے مکان پر محفلِ ذکر منعقد کرتے اور میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جلوس بنا کر باہر نکلتے۔ اتفاق سے ایک رات برادرم شیخ شلبی الرجال کے مکان پر جمع ہونے کی باری آگئی۔ ہم عادۃً عشاء کے بعد اُن کے مکان پر حاضر ہوئے۔ دیکھا کہ پورا مکان خوب روشنیوں سے جگمگا رہا ہے، اسے خوب صاف و شفاف اور آراستہ و پیراستہ کیا جا چکا ہے۔ شیخ شلبی الرجال نے رواج کے مطابق حاضرین کو شربت اور قہوہ اور خوشبو پیش کی۔ اس کے بعد ہم جلوس بن کر نکلے۔ اور بڑی مسرّت و انبساط کے ساتھ مروّجہ مناقب اور نظمیں گاتے رہے۔ جلوس ختم کرنے کے بعد ہم شیخ شلبی الرجال کے مکان پر واپس آگئے۔ اور چند لمحات اُن کے پاس بیٹھے رہے۔ جب اُٹھنے لگے تو شیخ شلبی نے بڑے لطافت آمیز اور ہلکے پھلکے تبسّم کے ساتھ اچانک یہ اعلان کیا کہ: "ان شاء اللہ کل آپ حضرات میرے ہاں علی الصبح تشریف لے آئیں تاکہ روحیہ کی تدفین کر لی جائے۔" روحیہ شیخ شلبی کی اکلوتی بچی ہے۔ شادی کے تقریباً ۱۱ سال بعد اللہ نے شیخ کو عطا کی ہے۔ اس

Marfat.com

بچی کے ساتھ انہیں اس قدر شدید محبت و وابستگی ہے کہ دورانِ کام بھی اُسے جدا نہیں کرتے۔ یہ بچی نشو و نما پاکر اب جوانی کی حدود میں داخل ہو چکی ہے۔ شیخ نے اس کا نام روحیہ تجویز کر رکھا ہے کیونکہ شیخ کے دل میں اسے وہی مقام حاصل ہے جو جسم میں روح کو حاصل ہے۔ شیخ کی اس اطلاع پر ہم بھونچکے رہ گئے۔ عرض کیا: روحیہ کا کب انتقال ہوا؟ فرمانے لگے: "آج ہی، مغرب سے تھوڑی دیر پہلے"۔ ہم نے کہا: آپ نے ہمیں پہلے کیوں نہ اطلاع کر دی۔ کم از کم میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جلوس کسی اور دوست کے گھر سے نکال لیتے؟ کہنے لگے: جو کچھ ہوا بہتر تھا۔ اس سے ہمارے حزن و غم میں تخفیف ہو گئی۔ اور سوگ مسرت میں تبدیل ہو گیا۔ کیا اس نعمت سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کی کوئی اور نعمت درکار ہے؟ گفتگو نے درسِ تصوف کا رنگ اختیار کر لیا۔ یہ درس خود شیخ شلبی پیش کر رہے تھے۔ انہوں نے اپنی نورِ چشم اور لختِ جگر کی وفات کی توجیہہ یہ کی کہ یہ موت دراصل اُن کے دل پر غیرتِ الٰہی کے سبب واقع ہوئی ہے۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے نیک بندوں کے دلوں سے غیرت رکھتا ہے اور یہ پسند نہیں فرماتا کہ وہ غیر اللہ سے وابستہ ہوں یا اس کے ماسوا کسی اور ہستی کی جانب میلان رکھیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے واقعہ سے انہوں نے استدلال کیا کہ جب اُن کا دل حضرت اسماعیل علیہ السّلام کے ساتھ اٹک گیا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں اسماعیل کو ذبح کرنے کا حکم دیا۔ حضرت یعقوب علیہ السّلام کی بھی انہوں نے مثال دی اور فرمایا کہ اُن کے دل میں حضرت یوسف علیہ السّلام کی بے پناہ محبت پیدا ہو گئی تو اللہ تعالیٰ نے کئی سال تک حضرت یوسفؑ کو اُن سے گم کیے رکھا۔ لہٰذا ضروری ہے کہ بندے کا دل غیر اللہ کے ساتھ ہرگز وابستہ نہ ہو۔ ورنہ وہ ذات احد و صمد

Marfat.com

کے ساتھ اپنے دعوائے محبت میں جھوٹا ہوگا۔ شیخ شلبی نے فُضَیل بن عیاض کا قصہ بیان کیا۔ انہوں نے اپنی چھوٹی لڑکی کا ہاتھ پکڑا اور اُسے بوسہ دیا۔ لڑکی بولی: "ابا جان، کیا آپ مجھ سے محبت رکھتے ہیں؟ فُضَیل نے کہا: "ہاں اے پیاری بیٹی!" لڑکی بولی: "خدا کی قسم آج سے پہلے تک میں آپ کو کذاب نہیں سمجھتی تھی۔" فُضَیل نے پوچھا: "کیا وجہ ہے، میں نے کتنی دروغ گوئی کی ہے"؟ بچی نے جواب دیا: "میرا خیال تھا کہ خدا کے ساتھ تمہارا جو تعلق ہے اس کے ہوتے ہوئے تمہیں اور کوئی چیز عزیز نہ ہوگی۔ یہ سُن کر فُضَیل رو پڑے۔ اور پکار اُٹھے: اے میرے آقا! بچوں تک تیرے بندے فُضَیل کی ریاکاری کا پردہ فاش ہو چکا ہے"———— اس طرح کے واقعات سے شیخ شلبی الرجالی ہمارا غم ہلکا کرتے رہے، اُن کی مصیبت پر ہمیں جو حزن دائم لاحق ہو رہا تھا اُسے دُور کرتے رہے، اور اس رات اُن کے ہاں میلاد کا پروگرام رکھنے سے ہمیں جو ندامت ہوئی اُس کا ازالہ کرتے رہے۔

اگلے روز ہم علی الصبح اُن کے مکان پر حاضر ہوئے اور مرحومہ کی تجہیز و تدفین میں شریک ہوئے۔ ہمیں گھر سے کسی نوحہ خواں کی آواز تک نہ سنائی دی۔ اور کبھی زبان سے کوئی ناز یبا کلمہ صادر ہوا۔ ہم نے صرف صبر و شکر کا بھرپور مظاہرہ دیکھا اور خدائے عظیم و برتر کے آگے تسلیم و رضا کے سر خم ہوتے دیکھے۔

ہمارے استاذ شیخ محمد زہران رح کی ایک صاحبزادی بھی انتقال کر گئیں۔ مگر انہوں نے بھی اس کے سوا اور کچھ نہ کیا کہ اس سوگ کو وعظ و نصیحت کی تقریب میں بدل دیا اور متواتر تین راتوں تک یہی پروگرام جاری رکھا، اور یوں سوگ کی خرافات و منکرات کے سدِّ باب ان دنوں عوام الناس جو طرح طرح کی بدعتوں اور رواجوں

Marfat.com

کا ارتکاب کرتے ہیں، انہیں ختم کرنے کی ایک قابلِ تقلید مثال قائم کردی
یہ تھی وہ روحانی فضا جس میں ہم جی رہے تھے۔

## قاہرہ واپسی اور جمعیت اسلامیہ میں شرکت

قاہرہ مراجعت ہو گئی۔ قاہرہ میں اُن دنوں اسلامی جمعیتوں کی وہ کثرت نہ تھی جو اب ہے۔ صرف ایک جمعیت تھی: "مکارم الاخلاق الاسلامیۃ" اس کے سربراہ استاذ شیخ محمود تھے۔ اس جمعیت کا مرکز محلہ برکتہ الفیل میں دار السادات تھا۔ اور یہ جمعیت ہر ہفتے اپنے مرکز میں اسلامی موضوعات پر تقریروں کا اہتمام کرتی تھی۔ سامعین اتنی کثرت سے پہنچ جاتے کہ مرکز اپنی وسعت کے باوجود تنگ ہو جاتا۔ ان تقریروں میں بہت سے مفید اور مؤثر موضوعات زیر بحث آتے۔ جمعیت کے قاری شیخ عباس اپنی اثر انگیز آواز سے دلوں کو وجد میں لے آتے۔ جمعیت کے اجتماعات میں میں شدت کے ساتھ پابندی کرتا رہا اور جب تک میں قاہرہ میں رہا میں اس میں رکن کی حیثیت سے شریک رہا۔

## مبلغین اسلام تیار کرنے کی تجویز

قاہرہ میں میں نے بکثرت جگہوں پر بے راہ روی اور اسلامی اخلاق سے بُعد کے ایسے مناظر دیکھے جن سے ہمیں مصری دیہات کی پُرامن فضا میں کبھی سابقہ پیش نہیں آیا تھا۔ نیز بعض اخبارات میں ایسی چیزیں چھپ رہی تھیں جو اسلامی تعلیمات کے سراسر منافی تھیں۔ اور عوام الناس بھی احکامِ دین سے بالکل بیگانہ تھے۔ ان تمام باتوں کو دیکھ کر میں نے دل میں کہا کہ اسلامی تعلیمات کو لوگوں تک پہنچانے کے لیے صرف مسجدیں ہی کافی نہیں ہیں۔ ان دنوں فاضل علماء کی ایک تعداد رضاکارانہ

Marfat.com

طور پر مسجدوں میں وعظ و تبلیغ کر رہی تھیں۔ لوگوں کے دلوں پر ان کے مواعظ کا بہت اثر پیدا ہو رہا تھا۔ استاذ عبد العزیز خولی رحمہ اللہ، استاذ شیخ علی محفوظ رحمہ اللہ، استاذ شیخ محمد العدوی (محکمہ اوقاف میں شعبۂ وعظ و تبلیغ کے سابق انسپکٹر جنرل) بھی اس گروہ مبلغین میں شامل تھے۔ میں نے یہ سوچا کہ ازہری طلبہ اور دار العلوم کے طلبہ پر مشتمل ایک گروپ بنانے کی تجویز پیش کروں۔ یہ لوگ مسجدوں میں وعظ و تبلیغ کی ٹریننگ لیں اور پھر قہوہ خانوں اور عوامی اجتماعات کی جگہوں میں تبلیغ کریں۔ اور پھر ان میں سے ایک ایسی جماعت تشکیل دی جائے جو دیہاتوں اور بستیوں اور اہم شہروں اور قصبوں میں پھیل جائے اور اسلامی دعوت کو عام کرے۔ چنانچہ میں نے اس بات کو عملی جامہ پہنایا۔ اور اس عظیم منصوبے میں شرکت کے لیے احباب کے ایک گروہ کو جمع کیا۔ ان میں سے ایک استاذ محمد مدکور تھے جو ازہر سے فارغ ہو چکے تھے مگر ابھی تک ازہر کے جبہ کو انہوں نے ترک نہ کیا تھا۔ دوسرے استاذ شیخ حامد عسکریہ رحمہ اللہ اور تیسرے استاذ شیخ احمد عبد الحمید (اخوان المسلمون کی مجلس اساسی کے موجودہ رکن) اور کچھ دوسرے احباب۔ ہم لوگ صلیبیہ کی مسجد شیخون میں طلبہ کی اقامت گاہوں پر مجتمع ہوتے اور اس مشن کی عظمت و اہمیت اور اس کے لیے مطلوبہ علمی اور عملی اہلیت پر سوچ بچار کرتے۔ میں نے اپنی کتابوں کا ایک حصہ مثلاً امام غزالی کی احیاء العلوم، نبہانی کی الانوار المحمدیہ اور شیخ کردی کی تنویر القلوب فی معاملۃ علام الغیوب اور چند مناقب و سیرت کی کتابیں اس امر کے لیے مخصوص کر دیں کہ ان کتابوں سے مبلغ اخوان کے لیے ایک گشتی لائبریری بنا دی جائے۔ وہ ان کو مستعار لے کر پڑھیں اور اپنی تقریروں اور خطبوں کے موضوع تیار کریں۔

Marfat.com

## قہوہ خانوں میں دعوت کا کام

علمی تیاری کے بعد اب عمل کا دور آ گیا۔ میں نے احباب کو یہ تجویز پیش کی کہ ہم قہوہ خانوں میں وعظ و تبلیغ کے لیے نکلیں۔ انہوں نے اس تجویز پر شدید حیرت و استعجاب کا اظہار کیا اور کہنے لگے: قہوہ خانے کے مالک تبلیغ کی ہرگز اجازت نہ دیں گے بلکہ اس کی مخالفت کریں گے کیونکہ اس سے ان کے کام معطل ہو جائیں گے۔ اور ان قہوہ خانوں میں بیٹھنے والوں کی غالب اکثریت ان لوگوں پر مشتمل ہوتی ہے جو اپنے آپ میں مگن ہوتی ہے۔ تبلیغ سے بڑھ کر کوئی چیز ان کے لیے گراں نہ ہو گی۔ ہم دین و اخلاق کی باتیں ان لوگوں سے کیسے کریں جنہیں لہو و لعب کے سوا کسی چیز کی فکر نہیں ہوتی جس کی خاطر وہ یہاں لپک کر آتے ہیں۔ میں دوستوں کے اس نظریئے کا مخالف تھا۔ میرا عقیدہ تھا کہ قہوہ خانوں میں بیٹھنے والی اکثریت دوسرے ہر قسم کے لوگوں سے حتیٰ کہ مسجد نشین لوگوں سے بھی پند و نصیحت سننے کا زیادہ میلان رکھتی ہے۔ کیونکہ یہ بات ان کے لیے بیحد نرالی اور اچھوتی ہو گی۔ اصل چیز موضوع کا حسنِ انتخاب ہے ہم کسی ایسی بات سے تعرّض نہ کریں جو ان کے جذبات کو ٹھیس پہنچاتی ہو۔ اور دوسری چیز بات کو پیش کرنے کا صحیح طریقہ ہے۔ ہمیں اپنا مدّعا شوق انگیز اور دلکش اسلوب کے ساتھ بیان کرنا چاہیئے، اور تیسری چیز وقت ہے۔ ہمیں طول طویل وعظ سے احتراز کرنا چاہیئے۔

اس موضوع پر بحث و مجادلہ طول پکڑ گیا۔ میں نے دوستوں سے کہا: "کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ عملی تجربہ کو اس نزاع کی حدِّ فاصل قرار دیں؟" چنانچہ میرا یہ مشورہ سب نے قبول کر لیا اور ہم نے باہر نکل کر صلاح الدین پارک میں واقع قہوہ خانوں سے عوامی تبلیغ

Marfat.com

داغ بیل ڈالی، وہاں سے نکل کر محلّہ سیّدہ عائشہ کے قہوہ خانوں میں پہنچے۔ اور پھر کوچہ ہائے طولون میں پھیلے ہوتے قہوہ خانوں کا رُخ کیا۔ یہاں تک کہ یہ کاروانِ تبلیغ طریق الجبل سے ہوتا ہوا شارع سلامہ پر جا قدم زن ہوا۔ اور سیّدہ زینب کے گلی کوچوں کے قہوہ خانے بھی چھان مارے۔ میرا خیال ہے کہ اس ایک ہی رات میں ہم نے بیس سے زیادہ تقریریں کیں۔ ہر تقریر پانچ منٹ سے لے کر دس منٹ تک کی ہوتی تھی۔

سامعین کے عجیب وغریب احساسات مشاہدے میں آئے۔ ہماری تقریروں کے دوران لوگ ہمہ تن گوش رہے اور بڑے اشتیاق ورغبت کے ساتھ انہیں سُنا۔ قہوہ خانوں کے مالک آغاز تقریر میں تو انگشت بدنداں ہو کر ہمیں دیکھتے۔ مگر آخر میں تقاضائے مزید کرتے۔ بلکہ وہ ہمیں قسمیں دلا کر کہتے کہ ہم ضرور کوئی چیز نوش کریں یا کوئی پسندیدہ چیز طلب کریں۔ مگر ہم تنگیٔ وقت کا عذر پیش کر دیتے۔ اور ان سے کہتے کہ یہ وقت ہم نے اللہ کے کام کی نذر کر رکھا ہے لہٰذا اسے کسی اور مشغولیت میں نہیں گنوائیں گے۔ ہماری یہ توجیہہ ان کے دلوں میں مزید اثر پیدا کرتی۔ اور کوئی تعجّب نہیں ہے کہ اس بات میں بھی یہی راز پنہاں ہو کہ اللہ تعالیٰ نے جتنے انبیاء اور رسول مبعوث فرمائے اُن سب کا اوّلین اعلان یہی تھا کہ "لا اسألکم علیہ اجراً" (لوگو! اس نصیحت کا ہم تم سے کوئی اجر طلب نہیں کرتے)۔ کیونکہ استغناء کا مؤقف سامعین کے دلوں پر نہایت عمدہ اثر ڈالتا ہے۔

ہمارا پہلا تجربہ سو فیصد کامیاب رہا۔ ہم شبخون میں اپنے مرکز میں لوٹ آئے۔ اس کامیابی پر ہم پھُولے نہ سمارہے تھے۔ ہم نے پختہ عزم کر لیا کہ اس طرز کی جدوجہد

Marfat.com

مسلسل جاری رکھیں گے۔ ہم اکثر اوقات لوگوں سے بھی یہ عہد کرتے کہ اس طرز کی عملی تبلیغ ہم جاری رکھیں گے۔ یہ کام میرے لیے محمودیہ کی جمعیت حصافیہ سے دُوری کے غم کا بھی کسی قدر مداوا ثابت ہوا۔ یہ جمعیت اب شکلاً ٹوٹ چکی تھی مگر اس کے ارکان میں اخوت کا رابطہ باقی تھا اور وہ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر اسلام کی خدمت کرتے رہتے تھے۔ طریقۂ حصافیہ انہیں ذکر و عبادت اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر جمع کیے ہوتے تھا۔ اور عیسائی مشنری کی سرگرمیاں رہ رہ کر اُن کی غیرتِ اسلامی کو مہمیز لگاتی رہتی تھیں جس نے محمودیہ جیسے پُرسکون اور امن افزا شہر میں اپنا اڈہ جما رکھا تھا۔ اس سے پہلے یہ شہر کبھی اِس دبائے عام میں مُبتلا نہ ہوا تھا۔ ان مشنوں کے لیے انسب یہ ہے کہ وہ لامذہب اقوام کے علاقوں کا رُخ کریں۔ دیارِ مسلمین کو آماجگاہ نہ بنائیں۔ مسلمان تمام اقوام کی نسبت صادق الایمان اور خدا کی سچّی وحدانیت کی علمبردار قوم ہے۔ اس کے دل پاک اور سینے سلامت ہیں۔ واللّٰہ فی خلقہ شؤن۔

## کمرۂ تعلیم میں

اس وقت تک دار العلوم کی تعلیم جمود کا شکار نہ ہوئی تھی۔ بلکہ طلبہ اور اساتذہ کی عمر اور جس علمی مرحلے سے گزر رہے ہوتے تھے اس کا لحاظ رکھا جاتا تھا۔ بارہا ایسا ہوا کہ ہم کمرۂ تعلیم میں متعدد سیاسی و اجتماعی امور پر بحث کرنے لگ جاتے۔ بلکہ طلبہ اور مدرسین کے چھوٹے چھوٹے ذاتی معاملات و مسائل پر گفتگو ہونے لگتی۔ ان دنوں مصر میں سیاسی جوش و خروش عروج پر تھا۔ وفد پارٹی اور دستور پارٹی میں پھوٹ پڑ چکی تھی۔ اور اس کے نتیجے میں پے در پے حوادث رُونما ہو رہے تھے۔ سیاست دان متحد ہوتے، پھر متفرق ہو جاتے اور متفرق ہونے والوں کے مابین ثالثوں کا عمل جاری ہو جاتا۔ کبھی یہ ثالث

Marfat.com

کامیاب ہو جانے اور کبھی ناکامی و نامرادی کا چہرہ دیکھتے ۔ یہ تمام حوادث و حقائق طلبہ و اساتذہ کی سخن رانیوں کا ہدف ہوتے اور ان پر طرح طرح کے تبصرے کیے جاتے ۔ اور اساتذہ بھی اپنی آراء و نظریات طلبہ کے سامنے رکھنے میں بخل نہ کرتے بلکہ بعض مذہبی افکار و نظریات بھی ایسے سامنے آ جاتے جن میں طلبہ اساتذہ سے اختلاف کر جاتے اور ان کے بارے میں بحث و جدل کا دروازہ کھل جاتا مگر یہ سب باتیں جس قدر آزادی سے ہوتیں اسی قدر مکمل حدودِ ادب کی پابندی بھی ہوتی ۔ ابھی تک میرے تصوّر میں یہ بات پوری طرح نقش ہے کہ ہم فاضل اساتذہ کا اس درجہ احترام و توقیر کرتے کہ کمرۂ اساتذہ کے سامنے سے نہ گزرتے ۔ حالانکہ یہ کمرہ ہماری کلاسوں کے راستے میں تھا ۔ مگر اس کے باوجود کہ ہمیں مکمّل آزادی تھی، ہمارے ساتھ حسنِ سلوک کیا جاتا تھا اور ہمارے اور اساتذہ کے درمیان نہایت محکم روحانی رشتے استوار ہو چکے تھے ہم نے ادب و احترام کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا ۔

کبھی کبھی دورانِ سبق کسی استاذ سے چھیڑ خانی بھی ہو جاتی ۔ اور استاذ کی جانب سے کوئی دلچسپ لطیفہ صادر ہو جاتا یا دندان شکن جواب ۔ مجھے یاد ہے کہ ہمارے ایک رفیق درس نے ایک استاذ سے دریافت کیا کہ "کیا آپ شادی شدہ ہیں؟" استاذ نے جواب دیا: "نہیں"۔ شاگرد نے کہا: "یا سیدی ۔ شادی کیوں نہیں کی ۔ آپ کی عمر تو کافی ہو چکی ہے؟" استاذ نے جواب دیا: یہ انتظار کر رہا ہوں کہ تنخواہ میں اس حد تک اضافہ ہو جائے کہ وہ شادی کے مصارف اور خاندان کے اخراجات کے لیے کافی ہو ۔ تاکہ بچوں کی صحیح تربیت کی جا سکے ۔" شاگرد کہنے لگا: لیکن اگر آپ مزید تاخیر کرتے ہیں تو آپ اس امر کی ضمانت نہیں دے سکتے کہ آپ زندہ رہیں گے اور بچوں کی تربیت کر سکیں گے ۔ رزق اور اجل یا سیدی اللہ کے ہاتھ میں ہے ۔" استاذ نازک پوزیشن میں گھر گیا ۔ اور کہنے لگا: کیا تو شادی شدہ

Marfat.com

ہے ؟ اُس لڑکے نے جواب دیا : جی ہاں ، میرا لڑکا میرے ساتھ روزانہ مدرسہ ابتدائیہ میں پڑھنے کے لیے گھر سے نکلتا ہے ۔ مَیں اپنے مدرسے میں آجاتا ہوں اور وہ اپنے مدرسے میں چلا جاتا ہے ۔" ——— یہ سُن کر طلبہ زور سے ہنسے اور بحث ختم ہوگئی ۔

## تبدیلیٔ لباس

دار العلوم کے چوتھے سال ——— جو دار العلوم کا آخری سال ہے ——— یونیفارم میں تبدیلی کی تحریک شدّت اختیار کر گئی ۔ تمام طلبہ اس تبدیلی پر آمادہ ہو گئے ۔ دار العلوم سے فارغ ہونے والے اکثر اکابر نے اس پر عمل درآمد کر کے اس خواہش کو مزید بھڑکا دیا ۔ لیکن میں اور طلبہ کی ایک اقلیت اس تبدیلی کے حق میں نہیں تھے ۔ چند ماہ کے اندر دار العلوم کی یہ حالت ہو گئی کہ اس میں آنے والوں کی ایک تعداد سُوٹ پوش بابوؤں کی ہوتی اور ایک تعداد مولویوں کی ۔ ہر آنے والے دن میں فیض کیپ پہننے والوں میں اضافہ ہو رہا تھا اور عمامہ پہننے والوں میں کمی ۔ اور آخر میں تو صرف دو طالب علم عمامہ پوش رہ گئے ۔ ایک شیخ ابراہیم الورع ——— جو اب محکمۂ تعلیم میں مدرس ہیں ——— اور دوسرا یہ راقم ۔ اسی دَوران عملی تعلیم کی نوبت آگئی ۔ دار العلوم کے پرنسپل ایک فاضل الشان استاذ محمد بک السیّد رحمہ اللہ تھے ۔ اُنہوں نے ہم دونوں کو بُلا کر فرمایا کہ بہتر یہ ہے کہ ہم دونوں عملی تعلیم کے لیے ایسے مدارس میں جائیں جہاں نئے یونیفارم میں ہم تربیت حاصل کر سکیں ۔ تاکہ طلبہ کے سامنے ہم متفرق شکلوں میں ظاہر نہ ہوں ۔ کچھ لوگوں نے عمامے پہن رکھے ہوں اور کچھ نے فیض کیپ ۔ استاذ کا یہ حکیمانہ فرمان گو لزوم کا مفہوم نہ رکھتا تھا مگر اُن کی قوّتِ تاثیر کے تحت اور ان کی رائے کے احترام کے پیشِ نظر ہم نے تبدیلیٔ لباس کا وعدہ کر ہی لیا ۔ اور عرض کیا کہ اس وعدے کو ہم بے شک عملی جامہ پہنا دیں

Marfat.com

گے۔ جُبّہ اور عمامہ اُتار کر سُوٹ اور فیلٹ کیپ زیبِ تن کر لیں گے۔ مگر دارالعلوم سے فراغت سے صرف چند روز پہلے۔

## مصر میں الحاد و اباحیت کی لہر

پہلی جنگِ عظیم کے بعد اور عین اُس زمانے میں جو مَیں نے قاھرہ میں گزارا مصر میں اباحیت کا طوفان اُٹھ کھڑا ہوا۔ عقلی آزادی کے نام سے اذہان و قلوب اور افکار و آراء میں اور شخصی آزادی کے نام سے اخلاق و کردار اور اعمال و افعال میں اباحیت اُبل پڑی۔ الحاد و انکار کی اور آوارگی و فساد کا ایک خوفناک اور بلاخیز طوفان برپا ہو گیا جس کے سامنے کوئی چیز نہ ٹھہر رہی تھی۔ حوادث و حالات کے جھونکے اُس کی شدت میں مزید اضافہ کر رہے تھے۔

ترکی میں مصطفےٰ کمال نے انقلاب برپا کر دیا۔ اُس نے خلافت کی تنسیخ کا اعلان کر دیا۔ ریاست کو مذہب سے الگ کر دیا۔ اور یہ تبدیلی اس ملک کے اندر نافذ کی جو چند سال پہلے تمام دنیا کی نگاہ میں امیرالمومنین کا مرکز و آستانہ تھا۔ ترکی حکومت انقلاب کی رَد میں اِس قدر بہ گئی کہ زندگی کے تمام مظاہر اُس نے بدل کر رکھ دیئے۔

جامعہ مصریہ عوامی درس گاہ کی بجائے اب سرکاری یونیورسٹی میں تبدیل ہو گئی جس کا نظم و نسق ریاست کے ہاتھ میں آگیا اور کئی باقاعدہ کالج اُس کے زیرِ انتظام کر دیئے گئے۔ چنانچہ ان دنوں بہت سے لوگوں کے ذہنوں میں اعلیٰ تحقیقات اور یونیورسٹی کی زندگی کا طُرفہ تصوّر سما چکا تھا۔ اس تصوّر کی رُوح یہ تھی کہ یونیورسٹی اس وقت تک سیکولر یونیورسٹی نہیں بن سکتی جب تک وہ مذہب کے لتّے نہ لے اور مذہب سے ماخوذ معاشرتی روایات کے خلاف جنگ نہ کرے۔ چنانچہ یونیورسٹی مغرب سے آمدہ مادّی فکر کو من و عن

Marfat.com

قبول کرنے کے لیے دوڑ پڑی - اور اس کے اساتذہ اور طلبہ دونوں اباحیت والحاد میں مبتلا اور ہر اخلاقی قید سے آزاد ہو گئے -

"ڈیموکریٹک پارٹی" کی داغ بیل بھی ڈالی گئی - مگر پیدائش سے پہلے ہی اس کا اسقاط ہو گیا - اس پارٹی کا لائحہ عمل اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ اس وقت کے مروجہ مفہوم کے مطابق حریت اور جمہوریت کی دعوت پھیلائی جائے - یعنی اباحیت اور بے لگامی کو فروغ دیا جائے -

شارع المناخ پر ایک نام نہاد فکری اکیڈیمی بھی قائم کر دی گئی - اور تھیوسوفیکل لوگوں کی ایک جماعت اس کی نگران قرار پائی - اس میں ایسی تقریریں کی جاتیں جن میں تمام قدیم مذاہب پر حملے کیے جاتے اور ایک نئے دین اور نئی وحی کی بشارت دی جاتی - اس کے مقررین مسلمانوں، یہودیوں اور عیسائیوں پر مشتمل ایک معجون مرکب تھے - تمام مقررین اسی جدید نظریے کو مختلف پہلوؤں اور زاویوں سے اچھالتے -

بے شمار کتابیں، رسائل اور اخبارات میدان میں آ گئے - ان کی ہر ہر سطر سے جو نظریہ ٹپکتا تھا جس کا ہدف یہ تھا کہ ہر طرح کے دینی اثرات کو کمزور کر دیا جائے - یا انہیں قوم کے دلوں سے کلیتہً محو کر دیا جائے تاکہ قوم ——— ان نئے مصنفوں اور ادیبوں کے خیال کے مطابق - فکر و عمل کے لحاظ سے حقیقی آزادی سے ہمکنار ہو سکے -

قاہرہ میں کئی بڑے بڑے گھروں کے اندر "سیلون" آراستہ کر دیئے گئے جن کا رُخ کرنے والے انہی افکار و نظریات کو اُجاگر کرتے اور پھر نوجوانوں کے اندر اور دوسرے مختلف حلقوں کے اندر ان کی اشاعت کرتے -

Marfat.com

## ردِّ عمل

اباحیت والحاد کے اس سیلاب کا اس نوعیت کے امور سے دلچسپی رکھنے والے حلقوں میں شدید ردِّ عمل برپا ہوا۔ مثلاً ازہر اور دیگر اسلامی مراکز اور اداروں کے اندر لیکن جمہور دو قسموں میں بٹ چکے تھے۔ ایک نوجوان طبقہ جو جدید طرز کے خیالات پر ریشہ خطمی ہو رہا تھا اور دوسرے جاہل عوام جو رہنماؤں کی کمی کی وجہ سے ان معاملات میں غور و فکر سے عاری ہو چکے تھے۔ میں یہ تماشا دیکھ کر شدید کرب محسوس کر رہا تھا۔ میری نگاہیں دیکھ رہی تھیں کہ میری محبوب مصری قوم کی حیات اجتماعیہ دو چیزوں کے درمیان لڑکھڑا رہی ہے۔ ایک طرف وہ محبوب اور گراں بہا اسلام ہے جو اُسے ورثے میں ملا ہے، جس کی وہ محافظ چلی آ رہی ہے، جس کی محبّت اُس کے رگ و ریشے میں رچی ہوئی ہے، جس کی فضا میں اُس نے زندگی بسر کی ہے اور جس کی بدولت اُسے چودہ صدیوں تک عزّت و سرخروئی حاصل رہی ہے ——— ایک طرف یہ اسلام ہے، اور دوسری طرف مغرب کی یہ تیز و تند یلغار ہے جو ہر نوع کے نہایت کارگر اور تباہ کن اسلحہ سے لیس ہے۔ مال و جاہ کا اسلحہ، ظاہری چمک دمک کا اسلحہ، لذّت و تعیش کا اسلحہ، طاقت و نفوذ کا اسلحہ اور پروپگنڈے کے وسائل کا اسلحہ۔

میرا یہ درد و غم کسی حد تک یوں ہلکا ہو جاتا کہ مَیں اپنا یہ جانکاہ احساس دار العلوم، جامع ازہر اور دوسرے تعلیمی اداروں کے طلبہ میں سے اپنے بہت سے اخلاص پیشہ اور وفا شعار دوستوں کے کانوں میں ڈالتا رہتا۔ شیخ حامد عسکریہ رحمہ اللہ، شیخ حسن عبدالحمید، حسن افندی فضلیہ، احمد افندی امین، شیخ محمد بشر، محمد سلیم عطیہ، کمال افندی لبّان (یہ ان دنوں لاء کالج کے طالب علم تھے)، یوسف افندی لبان، عبدالفتاح کیر شاہ، ابراہیم افندی مدکور، سید افندی نصار حجازی، برادر محمد افندی شرنوبی اور قاہرہ کے حصافی اخوان میں سے

Marfat.com

تعلیم یافتہ لوگ ، یہ وہ نیک نفس انسان تھے جو مذکورہ بالا حالات پر اپنی مجلسوں میں اظہار خیال کرتے رہتے ، اور ان کے توڑ کے لیے بھرپور اسلامی تحریک برپا کرنے کا فریضہ محسوس کرتے رہتے - یہ گفتگو کسی حد تک غم دل کا مداوا اور ذہنی کرب و اندوہ کی تلافی کا سامان پیدا کرتی رہتی -

مکتبہ سلفیہ میں آمد و رفت بھی دل کے لیے وجہ تسلی بنی رہتی - اُن دنوں یہ مکتبہ کورٹ آف اپیل کے قریب واقع تھا - وہاں ایک مرد مومن و مجاہد ، صاحب عمل ذی شجاعت عالم ، اور وفادر القلام اسلام دوست صحافی سید محب الدین الخطیب[1] سے ملاقات رہتی ، اور اُن نامور علماء اور فضلاء کی ہم نشینی نصیب ہوتی جو اسلامی غیرت اور دینی حمیت میں شہرت خاص رکھتے تھے - مثلاً استاذ کبیر سید محمد الخضر حسین[2] ، استاذ محمد احمد الغمراوی ،

---

[1] سید محب الدین الخطیب مصر کے نامور سلفی مجاہد اور جری داعیٔ اسلام تھے - الفتح کے نام سے ان کا ہفت روزہ اُسی شان و شوکت کا حامل تھا جو ہندوستان میں مولانا آزاد مرحوم کے الہلال کو حاصل تھی - محب الدین الخطیب نے دعوت و تربیت اور اصلاح و تجدید کے میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیتے ہیں - مصر میں اسلامی تحریک کے قیام میں ان کی کوششوں کو بڑا دخل حاصل ہے - راقم (حامدی) نے ۱۹۶۴ء میں قاہرہ میں مکتبۂ سلفیہ کے اندر اُن سے ملاقات کی - مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی اُن دنوں جیل میں تھے - محب الدین الخطیب نے اس ابتلاء پر اپنی شدید آزردگی کا اظہار کیا اور راقم کو ایک احتجاجی بیان بھی تحریر کر کے دے دیا - ۱۹۶۶ء میں ان کا انتقال ہوا - رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ -

[2] سید محمد الخضر حسین مصر کے نہایت صاحب بصیرت اور وسیع النظر (بقیہ صفحہ ۲۰۸ پر)

Marfat.com

احمد تیمور پاشا رحمہ اللہ اور عبد العزیز پاشا محمد رحمہ اللہ۔ مؤخر الذکر ان دنوں کورٹ آف اپیل میں مشیر قانون تھے۔ ان حضرات کی باتوں سے بھی کچھ نہ کچھ دل کی بھڑاس نکل جاتی۔ دار العلوم بھی آنا جانا رہتا۔ اور استاذ سید رشید رضا رحمہ اللہ کی مجالس میں بھی حاضری دیتا۔ اور وہاں بھی شیخ عبد العزیز خولی رحمہ اللہ اور شیخ محمد العدوی جیسے دانائے راز اور فضلائے روزگار ہستیوں سے ملاقات ہوتی۔ اور ملکی و ملی حالات بھی موضوع محفل بنتے۔ خلافِ اسلام سازشوں اور معاندانہ کاروائیوں کا قلع قمع کرنے میں سید رشید رضا نے بڑی کامیاب معرکہ آرائیاں کی ہیں۔

## مثبت کوشش

لیکن کوشش کی یہ مقدار کافی تھی نہ شافی۔ علی الخصوص جب کہ نئی رو شدت اختیار کر چکی تھی۔ میں دونوں کیمپوں کا بغائر جائزہ لے رہا تھا۔ اباحیت و تجدد کا کیمپ قوت و شباب پر تھا اور اسلامی کیمپ روز بروز سکڑتا اور سمٹتا جا رہا تھا۔ میرا اضطراب و قلق شدید تر ہو گیا۔ حتیٰ کہ مجھے یاد ہے کہ اس سال رمضان المبارک کا نصف مہینہ سخت بے خوابی میں گزرا۔ بے چینی کی شدت اور حالات پر مسلسل سوچ بچار کی وجہ سے پلکیں نیند سے ناآشنا ہو چکی تھیں۔ میں نے کوئی مثبت کام کرنے کا تہیہ کر لیا۔

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۰۷ سے) عالم سمجھے جاتے ہیں۔ جنرل نجیب کے عہد میں جامعہ ازہریہ کے ریکٹر بھی رہے ہیں۔ خضر دعوت پر ان کی متعدد تالیفات ہیں۔ قادیانیوں پر بھی ایک ان کا جامع مضمون ہے۔ مصری علماء میں سے یہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے فتنہ قادیانیت پر قلم اٹھایا ہے۔

[1] مصر کے نامور ادیب، مصلح اور مؤرخ۔

[2] سید رشید رضا اہلِ پاکستان کے لیے تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ بیسویں صدی کے مجددین میں ان کا شمار ہوتا ہے۔

Marfat.com

اور اپنے دل میں کہا: "مَیں ان مسلمان رہنماؤں پر یہ ذمّہ داری کیوں نہ ڈالوں، اور کیوں نہ انہیں پوری قوّت سے جھنجھوڑوں کہ وہ اِس سیلاب کا سدِّباب کرنے کے لیے متحد و متفق ہو جائیں؟ اگر یہ حضرات مان جائیں تو بہت اچھا ورنہ پھر ہم کوئی دوسری تدبیر اختیار کریں گے"۔ چنانچہ اس بات کا مَیں نے مصمّم ارادہ کر لیا اور پھر اس پر عملدرآمد شروع کر دیا۔

## شیخ دجوی کی خدمت میں

مَیں شیخ یوسف الدجوی ـــــ اللہ ان پر رحم فرمائے ـــــ کی تحریریں اکثر پڑھتا رہتا تھا۔ موصوف خوش اخلاق، شیریں گفتار اور صاف دل انسان تھے۔ صوفیانہ تربیت و ذوق کی وجہ سے میرے اور اُن کے درمیان رُوحانی اور علمی رشتہ تھا جو مجھے گاہے بگاہے اُن کی زیارت پر مجبور کرتا رہتا۔ کبھی قصر الشوق میں اُن کے دولت کدہ پر، یا کوچۂ ازہر میں عطفۃ الدویداری کے اندر۔ مجھے معلوم تھا کہ اسلامی کیمپ کے بہت سے علماء و اعیان کے ساتھ شیخ کے روابط ہیں اور وہ شیخ سے بڑی محبّت و عقیدت رکھتے ہیں۔ مَیں نے طے کر لیا کہ شیخ سے ملاقات کروں اور اُن کے سامنے اپنا عندیہ بیان کروں، اور اِس نظریئے ـــــ متحدہ اسلامی جدّوجہد کے نظریئے ـــــ کو روبعمل لانے اور اس مقصد تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ان سے مدد طلب کروں۔ چنانچہ روزہ افطار کرنے کے بعد میں اُن کی خدمت میں حاضر ہُوا۔ ان کے گرد علماء کی ایک جماعت اور چند معززین جمع تھے۔ ان میں سے ایک فاضل بزرگ جن کا نام اب بھی مجھے یاد ہے احمد بک کامل تھے۔ ان صاحب سے پھر دوبارہ کبھی ملاقات نہیں ہوئی۔

Marfat.com

میں نے شیخ کے سامنے حالات کی پوری تصویر بیان کی۔ انہوں نے بھی بڑے رنج وملال کا اظہار کیا۔ اور اس نئے مرض کی علامات گنوانے لگے۔ اور امت مسلمہ میں اس کے پھیلنے سے جو برے اثرات مترتب ہو رہے ہیں ان کا ذکر کرنے لگے۔ اور پھر اسلامی کیمپ کا ذکر کیا جو اپنے خلاف سازش کرنے والوں کے سامنے کمزور وناتواں ہو چکا ہے۔ بتانے لگے کہ کس طرح ازہر نے نئی رو کو روکنے کی سعی بسیار کی مگر نہ روک سکا۔ انجمن نهضة الاسلام پر گفتگو چھڑ گئی جسے خود شیخ اور چند دوسرے علماء نے مل کر تشکیل دیا تھا۔ اس انجمن کی کوششیں بھی سود مند نہ ہوئیں۔ ازہر نے عیسائی مبلغین اور ملاحدہ کے خلاف جو جدّ وجہد کی ہے اُس پر گفتگو ہوئی، جاپان میں منعقد ہونے والی مذاہب کانفرنس اور وہ اسلامی رسالے جو شیخ نے تصنیف کیے اور انہیں کانفرنس کے نام بھیجا، زیر بحث آئے۔ ان سب باتوں کا خلاصہ یہ تھا کہ ہر طرح کی کوششیں کر دیکھی ہیں ان کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ انسان کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ اپنی ذات کی فکر کرے اور اپنے آپ کو اس گرداب بلا سے بچا لے۔ مجھے یاد ہے کہ انہوں نے تمثیلاً ایک شعر بھی پڑھا۔ وہ اس شعر کو بکثرت مثال میں پیش کیا کرتے تھے۔ اور ایک موقع پر انہوں نے اپنے کارڈ پر مجھے بھی یہ لکھ دیا تھا۔ اسی شعر کو انہوں نے یہاں بھی دہرایا۔ وہ یہ ہے:۔

| | |
|---|---|
| وما ابالی اذا نفسی تطاوعنی<br>علی النجاة بمن قد مات أو هلکا | اگر میرا نفس نجات پانے کے لیے میرا ہمنوا ہے تو پھر مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے کہ کون مرا اور کون ہلاک ہوا۔ |

شیخ نے مجھے بھی تلقین کی کہ میں بقدر استطاعت کام کرتا رہوں۔ اور نتائج اللہ پر چھوڑ دوں۔ اللہ ہر نفس کو صرف اتنی ہی تکلیف دیتا ہے جو اس کے بس میں ہوتی

Marfat.com

ہے۔

قدرتی طور پر شیخ کی یہ بات مجھے اچھی نہ لگی۔ مجھے شدید طیش آگیا۔ میری آنکھوں کے سامنے اپنے مشن میں ناکامی کا خوفناک بھوت ناچنے لگا۔ ظاہر ہے کہ ان رہنماؤں میں سے جس رہنما سے بھی میں ملوں اگر اس کی طرف سے ایسے ہی جواب کا سامنا ہوا تو ناکامی اور مایوسی کے سوا کچھ نتیجہ برآمد نہ ہو گا۔ میں نے گرجدار آواز میں شیخ سے کہا: محترم! آپ نے جو کچھ فرمایا ہے میں اس کی پوری مخالفت کرتا ہوں۔ میرا خیال یہ ہے کہ معاملہ ضعفِ ارادہ، کم کوشی اور ذمہ داریوں سے گریز کے سوا کچھ نہیں ہے۔ آپ حضرات کس چیز سے ڈرتے ہیں؟ حکومت سے یا ازہر سے؟ ——————— تمہارے لیے پنشن ہی کافی ہے۔ گھروں میں بیٹھ جائیے اور اسلام کے لیے کام کرنا شروع کر دیجیے۔ قوم فی الحقیقت تمہارے ساتھ ہے۔ تم قوم کا سامنا تو کرو۔ یہ مسلمان قوم ہے۔ میں نے مسلم قوم کو قہوہ خانوں میں دیکھا، مسجدوں میں دیکھا، سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر دیکھا۔ میں نے ہر جگہ اسے ایمان سے لبریز پایا ہے۔ لیکن یہ عظیم طاقت نظر انداز کی جا رہی ہے۔ یہ ملحد اور اباحیت پسند افراد کیا حقیقت رکھتے ہیں۔ ان کے اخبارات اور رسالے اس لیے نکل رہے ہیں کہ آپ لوگ خوابِ غفلت میں سو رہے ہیں۔ اگر آپ لوگ چوکنے اور ہوشیار ہوتے تو یہ سب اپنے بلوں میں گھس جاتے۔ استاذ محترم! اگر تم اللہ کے لیے کچھ نہیں کرنا چاہتے تو اپنی دنیا کی خاطر ہی کچھ کرو اور اس روٹی کی خاطر کچھ کرو جو تمہیں اس وقت مل رہی ہے۔ کیونکہ اگر اس قوم کے اندر سے اسلام مٹ گیا تو ازہر بھی مٹ جائے گا اور علماء بھی مٹ جائیں گے۔ پھر تمہیں کھانے کو کچھ ملے گا نہ پہننے کو۔ لہٰذا اگر تم گلستانِ اسلام کا دفاع نہیں کرتے تو اپنی ذات کا دفاع تو کرو۔ آخرت نہیں بنانا چاہتے نہ بناؤ دنیا تو بناؤ۔ ورنہ تمہاری دنیا بھی برباد

Marfat.com

ہو جائے گی اور آخرت بھی۔"

مَیں بڑے جوش و انفعال اور تُندی کے ساتھ گفتگو کر رہا تھا۔ یہ گفتگو سوختہ اور زخمی دل کی آواز تھی۔ حاضرین میں سے ایک مولوی صاحب طیش کے ساتھ اُٹھے اور ویسی ہی تُندی اور کرختگی کے ساتھ میری تردید کرنا شروع کر دی۔ اور مجھ پر یہ الزام لگایا کہ مَیں نے شیخ کی بے ادبی کی ہے، اور ان کی شان کے منافی اندازِ گفتگو اختیار کیا ہے۔ بلکہ مَیں نے علماء اور ازہر کی شان میں بھی گستاخی کی ہے، اور اس طرح مَیں خود اسلام کی بے حُرمتی کا مرتکب ہُوا ہوں جو بڑا طاقت ور اور غالب دین ہے۔ اسلام کبھی کمزور نہیں ہو گا۔ کیونکہ خود اللہ تعالیٰ نے اسلام کی نصرت کی ذمہ داری لے رکھی ہے۔

پیشتر اس کے کہ مَیں مولوی صاحب کی بات کا جواب دیتا احمد بک کامل ——— جن کا ذکر اُوپر گزر چکا ہے ——— اُٹھا اور کہنے لگا:

"مولانا! نہیں ہرگز نہیں۔ یہ نوجوان حق بات کہہ رہا ہے۔ آپ کا فرض ہے کہ اُٹھیں اور نکلیں۔ کب تک ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے رہو گے۔ یہ نوجوان تم لوگوں سے صرف یہ چاہتا ہے کہ اسلام کی حمایت کے لیے یکمشت ہو جاؤ۔ اگر آپ لوگوں کو اجتماع کے لیے کوئی جگہ چاہیئے تو یہ میرا گھر حاضر ہے۔ تمہارے تصرف میں دیئے دیتا ہوں۔ وہاں تم جو چاہو کرو۔ اگر مال چاہئے ہو تو مسلمانوں کے اندر مخیّر افراد کی کمی نہیں ہے۔ لیکن تم ملّت کے پیشوا نکل پڑو۔ ہم آپ کے پیچھے ہیں۔ یہ کھوکھلی بحثت بازی اب کچھ نفع مند نہیں رہی۔"

مَیں نے اپنے قریب بیٹھے ہوئے ایک شخص سے دریافت کیا کہ یہ کون مردِ مومن

Marfat.com

ہے؟ اُس نے مجھے اُس کا صرف نام بتایا جواب تک میرے ذہن میں منقش ہے لیکن پھر وہ نظر نہیں آیا۔ ہماری یہ مجلس دو گروہوں میں بٹ گئی۔ ایک گروہ حضرت مولانا کا حامی اور مؤید تھا اور دوسرا گروہ احمد بک کامل کا ہمنوا تھا۔ شیخ دجویؒ خاموش بیٹھے رہے۔ پھر انہیں یہ نزاع روک دینے کی سُوجھی اور فرمانے لگے: بہرحال، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کام کی توفیق دے جس میں اس کی خوشنودی ہے۔ بے شک ارادے سب کے یہی ہیں کہ کام کیا جائے۔ معاملات کی باگ ڈور خدا کے ہاتھ میں ہے۔ میرا خیال ہے کہ اب شیخ محمد سعد سے ملاقات کا وقت ہے۔ چلیے ان سے ملاقات کر آئیں۔

ہم سب شیخ محمد سعد کے مکان پر پہنچ گئے۔ ان کا مکان شیخ دجویؒ کے مکان سے قریب ہی تھا۔ میں نے کوشش کی کہ میری نشست شیخ دجویؒ سے بالکل متصل ہو۔ تاکہ میں اُن سے مطلب کی بات چیت کر سکوں۔ شیخ محمد سعد نے رمضان المبارک کی روایتی مٹھائیاں طلب کیں جو حاضرین کو پیش کی گئیں۔ شیخ اُن میں سے کچھ لینے کے لیے آگے بڑھے۔ میں بھی اُن کے بالکل قریب ہو گیا۔ جونہی انہیں محسوس ہوا کہ میں بھی اُن کے پاس بیٹھا ہوں۔ پوچھنے لگے کون صاحب ہیں؟ میں نے کہا: "میں فلاں ہوں"۔ کہنے لگے: تم بھی ہمارے ساتھ آ گئے؟ میں نے عرض کیا: "جی ہاں یا سیدی۔ جب تک ہم کسی نتیجے پر نہیں پہنچ جاتے میں آپ سے ہرگز جدا نہ ہوں گا"۔ شیخ موصوف نے نُقل کی ایک مُٹھی بھری اور مجھے تھما کر فرمانے لگے: "پکڑو، اِن شاء اللہ ہم کچھ سوچیں گے"۔ میں نے کہا: سبحان اللہ! محترم، معاملہ اب زیادہ غور و فکر برداشت نہیں کر سکتا۔ عمل کا متقاضی ہے۔ اگر اِن میووں اور مٹھائیوں کا میں شائق ہوتا تو میں انہیں ایک دو قرش

Marfat.com

میں خرید لیتا اور اپنے گھر پر ہی آرام کرتا اور آپ سے ملاقات کی زحمت نہ اٹھاتا محترم! اسلام کے خلاف یہ سنگین اور گھمسان کی جنگ برپا ہے مگر اسلام کے حامی اور نام لیوا اور مسلمانوں کے ائمہ و پیشوا ناؤ نوش میں غرق ہو کر اپنا وقت گزار رہے ہیں۔ کیا آپ لوگ اس گمان میں مبتلا ہیں کہ جو کارستانی آپ کر رہے ہیں اس پر دہ کوئی محاسبہ نہیں کرے گا؟ اگر آپ لوگوں کے سوا اسلام کے کوئی اور پیشوا اور نگہبان ہیں تو مجھے اُن کا پتہ دیں میں ان کے پاس چلا جاؤں۔ شاید مجھے اُن کے ہاں وہ چیز مل جائے جو آپ کے پاس نہیں ہے"؟ ——— محفل پر حیرت افزا سکوت طاری ہو گیا۔ شیخ دجوی رحمہ اللہ اشکبار ہو گئے اور آنسوؤں سے ان کی ڈاڑھی تر ہو گئی۔ حاضرین میں سے کچھ اور حضرات بھی رو پڑے۔ شیخ رحمہ اللہ نے پردۂ سکوت چاک کیا اور گہرے غم اور شدید تاثر میں ڈوب کر فرمایا: "صاحب، میں کیا کروں؟" میں نے کہا: یا سیدی، بات آسان ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا۔ میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ آپ اہلِ علم، ذی وجاہت اور با اثر لوگوں میں سے ان افراد کے نام تجویز کریں جن میں دینی غیرت و حمیت کے آثار ہویدا ہوں۔ یہ لوگ سر جوڑ کر بیٹھیں کہ ان حالات میں انہیں کیا کچھ کرنا چاہیئے۔ اِلحاد و اباحیت کے علمبردار اخبارات کے مقابلے میں کوئی اخبار ہی جاری کریں خواہ ہفت روزہ ہی سہی۔ اور اس زہریلے لٹریچر کا رد کریں اور جوابی لٹریچر میدان میں لائیں۔ انجمنیں تشکیل دیں جن کی طرف نوجوان رجوع کریں۔ وعظ و تبلیغ کی مہم کو تیز تر کریں۔ اس طرح کے متعدد کام سرانجام دیئے جا سکتے ہیں"۔ شیخ رحمہ اللہ نے فرمایا: "خوب"، اور ساتھ ہی طشتری اور سامان خورد و نوش کو آگے سے اُٹھانے کا حکم دیا۔ اور کاغذ اور قلم طلب

Marfat.com

کیا۔ اور فرمایا: "لو لکھو!" ہم نے مختلف ناموں پر بحث کی۔ اور پھر جلیل المرتبت اور بلند پایہ علماء کی طویل فہرست تیار کر لی۔ ان علماء میں سے چند نام مجھے یاد ہیں۔ خود شیخ دجوی[1] رحمہ اللہ، شیخ محمد الخضر حسین، شیخ عبدالعزیز جاویش[2]، شیخ عبدالوہاب نجار، شیخ محمد الخضری[3]، شیخ محمد احمد ابراہیم اور شیخ عبدالعزیز الخولی ——— اللہ تعالیٰ ان سب حضرات پر رحمت نازل فرمائے۔

سید محمد رشید رضا رحمہ اللہ کا نام سامنے آیا۔ شیخ دجوی فرمانے لگے: لکھو، لکھو ان کا نام بھی ضرور لکھو۔ یہ کوئی فروعی مسئلہ نہیں ہے جس میں ہم اختلاف کریں۔ بلکہ یہ اسلام اور کفر کا مسئلہ ہے۔ شیخ رشید سب سے بہتر طور پر اپنے قلم اور علم اور اخبار کے

---

[1] ۱۹۱۹ء میں انگریزوں کے خلاف مصر میں جو بغاوت برپا ہوئی تھی اُس میں شیخ دجوی بھی شریک تھے۔ اور ازہر کے جن علماء نے اس بغاوت میں بھرپور عملی حصہ لیا تھا اُن میں سرِفہرست تھے۔

[2] عبدالعزیز جاویش جمال الدین افغانی مرحوم اور شیخ محمد عبدہ کے جانشین سمجھے جاتے تھے۔ انہوں نے صحافت اور تعلیم و تربیت کے ذریعہ اسلامی احیاء کی قابلِ قدر کوششیں انجام دیں۔ زندگی بھر مصر کی آزادی اور خلافتِ عثمانیہ کے تحت عالم اسلامی کے اتحاد کے لیے کوشاں رہے۔ "الاسلام دین الفطرۃ" ان کی ایک عمدہ تالیف ہے۔

[3] یہ متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ "نور الیقین فی سیرۃ الرسول الامین" سیرت نبوی پر ہے اور "محاضرات فی تاریخ الامم الاسلامیۃ" کے نام سے اسلامی تاریخ پر ان کی عظیم الشان تقریروں کا مجموعہ ہے۔ اسی طرح ان کی کتاب "تاریخ التشریع الاسلامی" اسلامی فقہ کی نہایت مستند تاریخ ہے۔

Marfat.com

ذریعہ اسلام کا دفاع کر سکتے ہیں"۔ شیخ رشید اور شیخ دجوی کے مابین بعض امور میں اختلاف رائے پایا جاتا تھا۔ مگر اس کے باوجود شیخ دجوی کی طرف سے شیخ رشید کی اسلامی خدمات کے حق میں یہ ایک اچھا سرٹیفکیٹ ہے۔ معزز اور بااثر حضرات میں سے جن لوگوں کے نام قلم بند کیے گئے وہ یہ ہیں : احمد تیمور پاشا، نسیم پاشا، ابوبکر یحییٰ پاشا، متولی بک غنیم، عبدالعزیز بک محمد ـــــــ جواب عبدالعزیز پاشا محمد کہلاتے ہیں ـــــــ اور عبدالحمید بک سعید رحمہم اللہ اور ان کے علاوہ اور بہت سارے حضرات۔

اس کے بعد شیخ نے فرمایا : اب یہ تمہاری ذمہ داری ہے کہ ان میں سے جنہیں تم جانتے ہو اُن کے پاس تم جاؤ، اور جنہیں مَیں جانتا ہوں اُن کے پاس مَیں جاؤں گا۔ اور ایک ہفتہ کے بعد ان شاء اللہ ہم باہم ملیں گے۔

ہم بارہا ملتے رہے۔ اور مذکورہ بالا اصحابِ علم و فضل حضرات پر مشتمل اسلامی حرکت کے لیے عمدہ بیج اور کامیاب نیو فراہم ہو گئی۔ عید الفطر کے بعد اس جماعتِ فضلاء نے یکے بعد دیگرے اجتماعات شروع کر دیئے۔ اور پھر ایک طاقت ور اسلامی جریدہ "الفتح" منصۂ ظہور پر آ گیا۔ اس کے رئیس التحریر شیخ عبدالباقی سرور نعیم رحمہ اللہ تھے اور مینجر سیّد محب الدین الخطیب۔ بعد میں اس کی ایڈیٹری اور ادارت دونوں کام سید محب الدین الخطیب کے ہاتھ میں آ گئے۔ اور موصوف نے اسے خوب پروان چڑھایا اور عروج بخشا۔ اور فی الواقع یہ جریدہ موجودہ تعلیم یافتہ، غیور اور اسلام پسند نوجوان نسل کے لیے مشعلِ ہدایت اور قندیلِ نور تھا۔

یہ علماء و فضلاء کا چیدہ و خجستہ گروہ دارالعلوم کو میرے خیرباد کہہ دینے کے بعد بھی متواتر سرگرم عمل رہا۔ اور مخلص نوجوانوں کا ایک گروہ اسے حرکت میں لاتا رہا۔ اور

Marfat.com

یہی کوششیں اور سرگرمیاں ہی بعد میں "جمعیت الشبان المسلمین" کی شکل اختیار کر گئیں۔

## انشا پردازی کا موضوع

ہمارے استاذ محترم شیخ احمد یوسف نجاتی ــــ اللہ تعالیٰ انہیں نیک صلہ دے ــــ انشا پردازی کے لیے مزے دار عنوانات منتخب کرنے کے بہت شوقین تھے۔ اس باب میں وہ ہمارے ساتھ بڑی بذلہ سنجی دکھاتے اور ہمیں دلچسپ چٹکلوں اور طرفہ پھبتیوں سے نوازتے رہتے۔ جب وہ ہمارے لمبے لمبے مضامین کی تصحیح سے اکتا جاتے اور اس حال میں کہ انہوں نے کاپیاں ہاتھ میں لے رکھی ہوتیں اور وہ اُن کے بار سے اسی طرح دب رہے ہوتے جس طرح وہ رات بھر اُن کی تصحیح کرتے کرتے تھک چکے ہوتے تھے فرماتے:

"پکڑو مویو! اپنی یہ نام نہاد انشائیہ کاوشیں اور انہیں بانٹ دو۔ اے میری قوم میانہ روی اختیار کر۔ بلاغت نام ہے ایجاز کا۔ بخدا میں تمہاری انشا پردازی اور مضمون نویسی کو بالشتوں اور ہاتھوں سے ہرگز نہیں ناپ کر دیکھتا۔"

ہم ہنسی سے لوٹ پوٹ ہو جاتے۔ اور کاپیاں طلبہ میں تقسیم کر دیتے۔

تعلیمی سال کے اختتام کی مناسبت سے ــــ اور یہ سال میرے اور میری کلاس کے لیے آخری سال تھا۔ اور ۱۹۲۷ سن عیسوی تھا ــــ شیخ نجاتی نے انشا پردازی کے لیے جو عنوان ہمیں دیئے اُن میں سے ایک عنوان یہ تھا:

"تکمیل تعلیم کے بعد تیری سب سے عظیم خواہش کیا ہے۔ اسے تفصیل سے لکھ اور وہ وسائل بھی بیان کر جو تو اپنی خواہش کو بروئے کار لانے کے لیے اختیار کرے گا۔"

میرا جواب موضوع یہ تھا:

"میرا عقیدہ یہ ہے کہ نفوس انسانی میں سے سب سے بہتر وہ نیک سرشت انسان ہے جو اپنی سعادت انسانوں کی فلاح اور رہنمائی میں تلاش کرتا ہے! اور اپنی مسرت و شادمانی اس میں پاتا ہے کہ انسانوں کو مسرت سے ہمکنار کرے اور ان کی تکالیف دور کرے۔ اور اصلاحِ خلق کی راہ میں قربانی کو وہ نفع اور غنیمت شمار کرتا ہے! اور حق و

Marfat.com

ہدایت کے راستے ہیں — یہ سمجھتے ہوتے کہ یہ راستہ پُرخار ہے اور صعوبتوں اور آزمائشوں میں سے گزرتا ہے ۔ جہاد کو اپنے لیے لذت و راحت سمجھتا ہے! اور انسانی دلوں کی گہرائیوں میں اتر کر اُن کی بیماریوں کا شعور حاصل کرتا ہے اور معاشرے کے ظاہری حالات کے اندر جھانک کر اُن امور سے آگاہی حاصل کرتا ہے جو انسانی زندگی کے چشمۂ صافی کو مکدر اور انسان کی مسرت کو مبدل بالم کر دیتے ہیں! اور پھر ایسے نسخے تجویز کرتا ہے جو انسان کی پاکیزگی میں اضافہ اور مسرت کو دوچند کرتے ہیں۔ بنی آدم کے ساتھ رحمت و محبت کا احساس ہی اُس کے اندر اُن کاموں کی کشش پیدا کرتا ہے۔ چنانچہ وہ تگ و دو کرتا ہے کہ بیمار دلوں کو نا شناسے صحت کرے، گھٹے ہوئے سینوں کو گشادہ کرے، اور پژمردہ روحوں کو طراوت بخشے۔ اُس گھڑی سے زیادہ کوئی گھڑی اُس کے لیے موجبِ سعادت نہیں جس میں وہ کسی متنفس کو دائمی شقاوت یا دائمی کرب کے گڑھے سے نکالتا ہے اور استقامت و سعادت کی راہ پر اُسے ڈال دیتا ہے۔"

---

لہ حسن البنا کا اشارہ محمودیہ کے احمد السکری کی طرف ہے۔ جن کا پچھلے صفحات میں اُنہوں نے بار بار ذکر کیا ہے۔ حسن البنا کو احمد السکری سے جو محبت اور تعلق تھا اُس کا اندازہ اب قارئین کو اچھی طرح ہو چکا ہوگا۔ اب شاید آئندہ ڈائری کے صفحات پر احمد السکری کا کہیں ذکر نہ آئے گا۔ اس لیے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ قارئین کو یہ بھی بتا دیا جائے کہ جب حسن البنا مرحوم نے "الاخوان المسلمون" کی داغ بیل ڈالی تو احمد السکری اُس کے پہلے سیکرٹری جنرل بنائے گئے۔ آگے چل کر ۱۴۔۱۵ سال کے بعد جب الاخوان ایک طاقت بن گئے اور اُنہوں نے ملکی سیاست میں قدم رکھا تو احمد السکری درپردہ وفد پارٹی کے ساتھ مل گئے۔ اور آخر کار وفد پارٹی کے اشارے پر الاخوان کو شدید نقصان پہنچانے کا منصوبہ بنا لیا۔ الاخوان کو بروقت اس کی اطلاع مل گئی اور اُنہوں نے انہیں جماعت سے نکال دیا۔

(مترجم)

Marfat.com

"میرا عقیدہ ہے کہ وہ کام جس کا اثر کارکن کی ذات سے آگے نہ بڑھے اور جس کا فائدہ دوسروں تک تجاوز نہ کرے، وہ ناقص، نارسا اور ہیچ ہے۔ سب سے بہتر اور عظیم عمل وہ ہے جس کے نتائج سے صاحب عمل بھی متمتع ہو اور اُس کے رشتہ دار، ہم قوم اور ہم جنس بھی۔ کام کی افادیت جتنی ہمہ گیر ہوگی وہ اُسی قدر عظیم و گراں بہا ہوگا۔ اپنے اسی عقیدہ و نظریہ کی بنا پر مَیں نے معلّمین کا راستہ اختیار کیا ہے۔ میرے نزدیک یہ معلّمین ایک ایسا فروزاں چراغ ہیں جس سے خلق کثیر اکتساب نور کرتی ہے اور انسانی بھیڑ کے اندر وہ اپنے راستوں کے سُراغ پاتی ہے۔ گویہ معلّمین اُس شمع کی مانند ہیں جو خود جل جاتی ہے مگر انسانوں کے لیے روشنی فراہم کرتی ہے۔"

"میرا عقیدہ ہے کہ وہ بلند تر مقصد جسے انسان کو اپنا مطمح نظر بنانا چاہیئے اور وہ عظیم تر نفع جس کے لیے بھرپور تگ و دو کرنی چاہیئے اللہ کی خوشنودی کا حصول ہے۔ یعنی اللہ تعالےٰ انسان کو اپنے حظیرۂ قدس میں داخل فرمالے، اور اپنی محبت کی خلعت اُسے پہناتے اور اُسے عذاب دوزخ سے اور اپنے غضب سے دُور رکھے۔ جو شخص اِس بلند تر مقصد کا رُخ کرتا ہے وہ ایک دوراہے سے دوچار ہوتا ہے: اور اِن دونوں راستوں میں سے ہر راستے کی اپنی خصوصیات و امتیازات ہیں۔ اور وہ ان دونوں میں سے جسے چاہے منتخب کرلے:

پہلا راستہ تصوفِ صادق کا راستہ ہے جس کا خلاصہ ہے: اخلاص، عمل، ہر قسم کی مخلوق کے ساتھ خواہ اچھی ہو یا بُری دل کو مشغول کرنے سے

Marfat.com

باز رکھنا ——— یہ راستہ قریب تر اور محفوظ تر ہے۔

دوسرا راستہ تعلیم و ارشاد کا راستہ ہے۔ اخلاص اور عمل میں تو یہ پہلے راستے سے ملتا ہے۔ مگر انسانوں کے ساتھ اختلاط، انسانوں کے حالات کے مطالعہ، اُن کے معاشروں میں شرکت اور ان کی بیماریوں کے لیے کارگر علاج کی تجویز، یہ وہ امور ہیں جو اس راستے کو اوّل الذکر راستے سے جُدا کر دیتے ہیں۔ لیکن یہ دوسرا راستہ اللہ کے نزدیک زیادہ افضل اور زیادہ پُرعظمت ہے۔ قرآن کریم اسی راستے کو اولیٰ گردانتا ہے۔ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کی فضیلت و اہمیت واضح فرمائی ہے۔ تصوّف کی راہ نوردی کے بعد مَیں نے اب اسی دوسرے راستے کو کثرت فوائد اور عظمت فضیلت کے سبب ترجیح دی ہے۔ اور اس لیے بھی کہ جو شخص علم سے بہرہ اندوز ہو اور جسے کچھ تفقّہ و بصیرت حاصل ہو چکی ہو اُس کے لیے دُوسرا راستہ اختیار کرنا زیادہ لازم اور زیادہ افضل و اولیٰ ہے لینذروا قومھم اذا رجعوا الیھم لعلھم یحذرون۔

"اور مَیں دیکھ رہا ہوں کہ میری قوم ——— اُس سیاسی مدّوجزر کی وجہ سے جس سے وہ گزر رہی ہے اُن اجتماعی محرّکات کی بنا پر جن سے دوچار رہی ہے، مغربی تہذیب، یورپ کی نقالی، مادّی فلسفہ اور تقلید افرنگ کے اثرات کی بدولت ——— اپنے دین کے مقاصد اور اپنی کتاب کے تقاضوں سے بیگانہ ہو چکی ہے۔ اپنے آبا و اجداد کی شان و شوکت اور اپنے اسلاف کے کارنامے فراموش کر چکی ہے۔ یہ دین حق جس

Marfat.com

میں جہالت و نادانی کی بنا پر بہت سے غلط عقائد و افکار کی آمیزش کر دی گئی ہے، مسلمان قوم پر گڈمڈ ہو چکا ہے، اور دین کی تابناک اور روشن حقیقت اور اس کی اصل اور سادہ تعلیم اُس کی نگاہ سے اوجھل ہو چکی ہے۔ درمیان میں اوہام کے پردے حائل ہو چکے ہیں۔ جن سے ٹکرا کر نظریں نامراد لوٹ آتی ہیں اور فکر ٹھٹھر کر رہ جاتی ہے۔ چنانچہ عوام الناس جہالت کی تاریکیوں میں غرق ہیں۔ نوجوان اور تعلیم یافتہ لوگ حیرت و شک کے دشت میں سرگرداں ہیں۔ اور اسی حیرت و شک کی کیفیت نے ان کے عقائد کو بگاڑ دیا ہے اور ان کے ایمان کو الحاد سے تبدیل کر دیا ہے۔"

"میرا یہ نظریہ ہے کہ انسانی نفس فطرۃً محبّت پسند ہے۔ اُس کے لیے ایسی ہستی ناگزیر ہوتی ہے جس کی طرف اپنے جذباتِ محبّت منتقل کرے۔ میں اپنے جذبۂ محبّت کا مرکز اس دوست سے زیادہ کسی کو بہتر نہیں سمجھتا ہوں جس کی رُوح میں میری رُوح پیوست ہو چکی ہے۔ مَیں نے دامنِ محبّت اُس کے لیے بچھا دیا ہے، اور اسی کو محورِ دوستی ٹھہرا لیا ہے[1]۔

"ان امور پر میرا اعتقاد اس قدر محکم ہے کہ میرے دل میں اس کی جڑیں گہری اُتر چکی ہیں، اس کی شاخیں پھیل چکی ہیں، اس کے برگ سبز و شاداب ہو چکے ہیں۔ اب صرف اس کا بار آور ہونا باقی رہ گیا ہے۔ تعلیمی زندگی کی تکمیل کے بعد میری سب سے بڑی آرزو جسے مَیں بروئے کار لانا چاہتا ہوں دو حصّوں پر مشتمل ہے:

---

[1] حسن البناء کا اشارہ محمودیہ کے احمد السکری کی طرف ہے۔ جن کا پچھلے صفحات میں انہوں نے بار بار ذکر کیا ہے۔

Marfat.com

تمنائے خاص: اپنے خاندان اور اہل قرابت کی بہبود و فلاح اور عزیز دوست کے ساتھ وفاداری بشرط استواری جس قدر بھی میری استطاعت ہوئی، جس حد تک میرے حالات نے اجازت دی اور جس درجہ اللہ نے مجھے قدرت بخشی۔"

تمنائے عام: میں معلم اور رہنما بن جاؤں۔ دن کا وقت اور سال کا بیشتر حصہ بچوں کی تعلیم و تدریس میں گزاروں اور رات کو ان کے والدین کو یہ سکھاؤں کہ دین کا نصب العین کیا ہے، ان کی سعادت کے سرچشمے کہاں ہیں اور ان کی خوشیوں کا راز کس بات میں مضمر ہے۔ گاہ خطابت اور گفتگو کے ذریعہ سے، گاہ تالیف و تحریر کے رنگ میں اور گاہ گردش و سیاحت اختیار کر کے۔

اوّل الذکر تمنا کو پورا کرنے کے لیے میں نے اپنے اندر احسان شناسی کا ذوق اور نیکی کی قدردانی کا شعور پروان چڑھالیا ہے: "وھل جزاء الاحسان الا الاحسان"۔ اور دوسری تمنا کو بروئے کار لانے کے لیے میں نے دو اخلاقی ہتھیار: استقامت اور جذبۂ قربانی تیار کر لیے ہیں۔ یہ دونوں ہتھیار مصلح کے لیے لازم و ملزوم کا درجہ رکھتے ہیں۔ انھی میں ان کی کامیابی کا راز پنہاں ہے۔ ان دونوں ہتھیاروں سے جو مصلح لیس ہوتا ہے اُسے کبھی ایسی شکست نہیں ہوتی جو اُس کے وقار کو مجروح کر دے یا اُس کے چہرے کو غبار آلود کرے ـــــ اسی طرح عملی وسائل میں سے بھی چند وسائل میں نے فراہم کر لیے ہیں۔ مثلاً اعلیٰ تعلیم۔ کوشش کر رہا ہوں کہ سرکاری دستاویزات کے ذریعہ اس تعلیم کی شہادت مل جائے۔ اُن لوگوں سے شناسائی جو یہی نظریہ قبول کر چکے ہیں اور اس نظریہ کے علمبرداروں سے محبت رکھتے ہیں۔ جسدِ خاکی جو لاغر و نحیف ہونے کے باوصف سخت کوشی کا عادی بن چکا ہے، اور

۱؎ یہاں بھی اشارہ احمد السکری کی جانب ہے۔

Marfat.com

ناتوانی کے باوجود مشقت سے انس رکھتا ہے۔ جان جسے میں نے اللہ کے ہاتھ فروخت کر دیا ہے۔ یہ ایک کامیاب سودا ہے اِن شاء اللہ۔ اور ایک نجات بخش تجارت ہے۔ خدا سے درخواست ہے کہ وہ اس سودے کو قبول فرمائے اور اسے مکمل کرنے کی ہمت دے۔ نیز جسم و جان دونوں کو فرض شناسی کی توفیق ارزانی فرمائے۔ اور اپنی اُس مدد و نصرت کا فیضان کرے جسے مَیں اُس کے اِس ارشاد میں پڑھتا رہتا ہوں کہ:

"اِن تنصروا اللہ ینصرکم ویثبت اقدامکم"

"اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو اللہ تمہاری نصرت فرمائے گا اور تمہیں ثابت قدمی بخشے گا۔"

"یہ تحریر میرے اور میرے رب کے مابین ایک عہد نامہ ہے۔ اِس عہد کو مَیں اپنے آپ پر لازم کرتے ہوئے اپنے ہاتھ سے قلمبند کرتا ہوں۔ اور اپنے استاذ کو اس کا گواہ ٹھیراتا ہوں، خلوت میں ہوں، جہاں ضمیر کے سوا اور کوئی چیز اثر انداز نہیں ہے۔ اور رات کی تنہائی ہے جس میں سوائے لطیف وخبیر ذات کے کسی کو کوئی خبر نہیں۔ ومن اوفی بما عاھد علیہ اللہ فسیؤتیہ اجراً عظیماً۔"

استاذ حسن یوسف نجاتی رحمہ اللہ نے میرے اِس جوابِ مضمون میں بعض جگہ اصلاح کی اور مجھے یاد ہے کہ انھوں نے اس مضمون پر اچھے نمبر عطا فرمائے۔ دس میں سے ساڑھے سات۔

مضمون میں جس دوست کی طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ استاذ احمد السکری ہیں۔ جو

Marfat.com

میرے ان احساسات وجذبات میں برابر کے شریک تھے۔ یہاں تک کہ انہوں نے اپنی دکان بھی بڑھادی اور تجارتی کاروبار ٹھپ کر دیا۔ اور البحیرۃ کے ضلعی بورڈ آف ایجوکیشن میں اس خیال سے سرکاری ملازمت کر لی کہ جب میں فراغت کے بعد وزارتِ تعلیم میں ملازمت کروں تو وہ بھی وہاں منتقل ہو جائیں یا مجھے بورڈ میں آجانے کا موقع مِل جائے اور یوں بہرحال ہم دونوں یکجا ہو جائیں۔ کچھ عرصہ بعد اللہ تعالیٰ یہ آرزو بر لایا۔ مجھے وزارتِ تعلیم میں ملازمت مل گئی۔ احمد السکری بھی وزارت میں منتقل ہو گئے۔ اور طویل انتظار کے بعد آخر کار قاہرہ میں ہم دونوں اکٹھے ہو گئے۔

## دارالعلوم کی یادیں

یہ میرا آخری سال تھا۔ میں دارالعلوم کے ڈپلومے کے امتحان کی تیاری میں ہمہ تن مصروف ہو گیا۔ جونہی مجھے یہ خیال گزرتا کہ میں اِس خجستہ درس گاہ سے عنقریب جُدا ہو جاؤں گا تو درسگاہ کی عجیب کشش دل میں پیدا ہو جاتی اور ہم جماعت بھائیوں کی محبّت دل میں موجزن ہو جاتی۔ میں یہ کبھی نہیں بھول سکتا کہ کبھی کبھی میں مسجد المنیرہ اور دارالعلوم کے درمیان یا کمرۂ تعلیم کے ایک گوشے میں تصویرِ غم بن کر کھڑا ہو جاتا اور دارالعلوم اور ساکنانِ دارالعلوم کو شوق و سوز کے جذبۂ بے اختیار کے ساتھ ٹک ٹک دیکھا کیا۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے درست فرمایا ہے:

"واحبب من شئت فانك مفارقه"

"تو جس سے چاہے محبّت کر آخر اُسے چھوڑ ہی جانا ہے۔"

اور کلاس روموں میں میرے اور استاذ بدیر بک رحمہ اللہ کے درمیان جو پُر لطف اٹھکھیلیاں چلتی رہتی تھیں وہ بھی ناقابلِ فراموش ہیں۔ ہمارے حق میں اُن کا یہ کارنامہ بھی

Marfat.com

کبھی نہیں بھلایا جاسکتا کہ جب اسکول کی انتظامیہ نے عربی ادبیات اور انشا پردازی کی تدریس اُن کے سپرد کردی تو وہ ہماری کلاس میں آئے۔ بڑے مغموم وملول۔ ہم اُس وقت تیسرے سال میں تھے۔ ہم سے فرمانے لگے: کیا تمہیں معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک ایسے المیے سے دوچار کردیا ہے جس کی کوئی مثال نہیں ہے؟۔ ہم نے کہا: "کون سا المیہ؟"۔ فرمانے لگے: سال سوم کی عربی ادبیات کی تدریس بدیر کے گلے میں منڈھ دی گئی ہے۔ اور بالخصوص عباسی دَور کی ادبیات ـــــ جو تاریخ ادب عربی کا ایک حصّہ ہے ـــــ مجھے اس کے متعلق کچھ معلومات نہیں ہیں۔ کیا میں تمہیں ایک ایسے استاذ کی نشان دہی نہ کردوں جو اس مضمون کا شاہسوار اور رمز شناس ہے۔ یہ استاذ نجاتی ہے۔ اُس سے چمٹ جاؤ۔ اور مدرسہ کی انتظامیہ سے یہ مطالبہ کرو کہ مجھے اس بارے سبکدوش کردے اور استاذ نجاتی کو یہ ذمّہ داری سونپ دے۔ یقین رکھو کہ میں تمہیں بہتری کا مشورہ دے رہا ہوں۔ اور حق ہی اتّباع کا زیادہ مستحق ہے"۔ ہم نے استاذ بدیر کی چاپلوسی شروع کردی، اُسی انداز میں جو شاگرد اپنے استاذ کے لیے اختیار کرتا ہے۔ مگر اُن کا جواب یہ تھا کہ: "مجھے میرے نفس کے بارے میں فریب نہ دو۔ میں اپنے آپ کو تم سے زیادہ جانتا ہوں اور تمہارے مفاد کو بھی خوب سمجھتا ہوں۔ میں تمہارے لیے بھلائی کے سوا اور کسی چیز کا خواہاں نہیں ہوں"۔ چنانچہ ہم نے استاذ بدیر کے مشورہ پر عمل کیا۔ پرنسپل صاحب کے پاس گئے اور مذکورہ بالا تجویز اُن کی خدمت میں گزاری جو انہوں نے قبول فرمالی۔ اور چنانچہ ہم نے فی الواقع استاذ نجاتی سے بہت اکتساب فیض کیا۔ اور ہم نے استاذ بدیر کے اس شریفانہ مؤقف اور کریمانہ اخلاق پر اُن کا بے حد شکریہ ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ ان پر اپنی رحمت کے پھول برسائے۔

Marfat.com

قاہرہ میں استاذ فرید بک وجدی کا دولت کدہ بھی ایک ناقابلِ فراموش یاد ہے۔ میں مجلّہ الحیاۃ کا قاری تھا اور اسلام اور اسلامی تمدّن کے بارے میں فرید وجدی کی بکثرت تالیفات کا مطالعہ کرتا رہتا تھا۔ اور خاص طور پر اُن کے دائرہ معارف اسلامیہ کے عُشّاق میں سے تھا۔ قاھرہ میں اقامت پذیر ہوتے ہی میں نے ان کے کاشانے پر حاضری دی جو ان دنوں خلیج مصری میں واقع تھا۔ والد صاحب کے ساتھ فرید وجدی کے بہت قریبی دوستانہ مراسم تھے۔ اُن کا گھر اربابِ علم و دانش کا مرجع و مرکز تھا۔ مختلف اہلِ ذوق عصر کے بعد وہاں جمع ہوتے۔ پہلے گوناگوں علوم و فنون پر ان کے درمیان مذاکرات ہوتے۔ اور پھر یہ سب لوگ نزہت و تفریح کے لیئے نکل جاتے۔ میں بھی بشوقِ استفادہ اکثر و بیشتر اس بزمِ فضلاء میں شریک ہوتا رہتا تھا۔ اسی محفل میں ایک مرتبہ ایک مسئلے پر میرے اور استاذ فرید بک کے مابین نزاع برپا ہوگئی۔ اس نزاع میں فرید بک کے دوست احمد بک ابوستیت بھی اُن کے ساتھ شامل ہو گئے۔ یہ مسئلہ استحضارِ ارواح کے متعلق تھا۔ فرید بک کی رائے یہ تھی کہ یہ جو رُوحیں حاضر کی جاتی ہیں یہ خود مُردوں ہی کی رُوحیں ہوتی ہیں۔ مگر میری رائے اس کے برعکس تھی۔ اس موضوع پر ہماری بحث نے بے شمار پہلو اختیار کر لیے۔ اور بالآخر ہم نے اس حالت میں یہ بحث ختم کر دی کہ ہم میں سے ہر ایک اپنی رائے سے سرِمُو نہ ہٹا۔ اِن قیمتی مجالس سے میں نے بہت استفادہ کیا۔

یہ تھے قاہرہ میں میری زندگی کے اطوار۔ ایک طُرفہ مرکب: شیخ حصافی کے مکان یا علی افندی غالب کے مکان پر "محفلِ ذکر" میں شرکت، مکتبہ سلفیہ کا طواف اور سیّد محبّ الدین الخطیب سے میل جول، دار المنار اور سیّد رشید رضا کے ہاں آمد و رفت، شیخ دجوی کے کاشانہ پر حاضری، پھر فرید بک وجدی کی مجالسِ علم و دانش میں شمولیت،

Marfat.com

اور کبھی دارالکتب کی فضائے بصیرت افروز میں اور کبھی مسجد شیخون کی چٹائیوں پر۔

## اور ڈپلوما لے لیا

امتحان کے دن آئے اور گزر گئے۔ نتیجہ بھی نکل آیا۔ جولائی ۱۹۲۷ء میں مَیں نے دارالعلوم کا ڈپلوما حاصل کر لیا۔ زبانی امتحان کا واقعہ ناقابل فراموش ہے۔ مَیں یہ امتحان دینے کے لیے کمیٹی کے سامنے گیا ــــــ جو استاذ ابوالفتح الفقی رحمہ اللہ اور استاذ نجاتی پر مشتمل تھی ــــ میں نے نظم و نثر کا ایک خاصا ذخیرہ حفظ کر رکھا تھا جو اٹھارہ ہزار اشعار اور اسی حجم کی نثری نگارشات پر مشتمل تھا۔ طرفہ بن لبید کا پورا معلّقہ حفظ تھا۔ مگر مجھ سے صرف معلقہ کے ایک شعر اور ہیولین پر شوقی بک کی نظم کے چار اشعار کے بارے میں سوال کیا گیا۔ اور عمر خیّام پر کچھ بحث کی گئی۔ اور بس۔ مَیں نے تیاری کے لیے جو محنت شاقہ کی تھی اُس پر مجھے کوئی افسوس نہیں ہے۔ اس لیے مَیں پہلے ہی روز سے یہ محنت امتحان کی خاطر نہیں بلکہ علم کی خاطر کر رہا تھا۔

## اسکالرشپ یا ملازمت

میں نے دیکھا کہ بعض احباب کرام یہ سوچ رہے ہیں کہ بیرونی اسکالرشپ کے لیے درخواست دائر کر دیں۔ اس لحاظ سے کہ یہ اسکالرشپ ہمیشہ اس طالب علم کا حق سمجھا جاتا ہے جو ڈپلومے کے امتحان میں اوّل آیا ہو۔ لیکن میں دو محرّکات کی بنا پر اس بارے میں پس و پیش میں تھا۔ پہلا محرّک مزید علم حاصل کرنے کا شوق خواہ یورپ اور چین میں ہو۔ حکمت مومن کی متاع گم گشتہ ہے۔ جہاں بھی وہ اسے پائے دوسرے لوگوں کی بہ نسبت وہی اس کا زیادہ مستحق ہوتا ہے۔ دوسرا محرّک ظاہری ٹھاٹھ باٹھ سے کنارہ کشی، اور اُس خیال کو عملی جامہ پہنانے کے لیے فوری کارروائی کا شوق جو میرے دل و دماغ پر پوری

Marfat.com

طرح محیط ہو چکا تھا۔ یعنی اسلامی تعلیمات کی طرف رجوع کی دعوت اور مغرب کی اندھی تقلید اور مغربی تمدن کے سطحی مظاہر کی پیدا کردہ خرابیوں کے سدِّ باب کے لیے منظم تحریک جاری کرنا۔ اس تردّد نائل سے مجھے خود دارالعلوم نے ہی نجات دے دی کیونکہ اس سال دارالعلوم نے بیرونی اسکالرشپ کے لیے کسی کو نامزد نہیں کیا۔ اب ملازمت ہی کا راستہ باقی رہ گیا تھا۔ میرا خیال تھا کہ سرکاری ملازمت قاہرہ کے اسکولوں سے آگے نہیں بڑھے گی۔ لیکن سالِ رواں میں فارغ ہونے والوں کی کثرت تھی اور وزارتِ تعلیم نے جو اساتذہ طلب کیے ان کی تعداد بہت قلیل تھی ــــــ وزارتِ تعلیم نے آٹھ سے زیادہ افراد نہیں طلب کیے۔ اور باقی لوگوں کو صوبائی بورڈوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ــــــ اس صورتِ حال نے قاہرہ تو کسی ایک کی قسمت میں نہ رہنے دیا۔ صرف دو کے بارے میں ــــــ یعنی اوّل اور دوم آنے والے کے بارے میں ــــــ خصوصی احکام صادر ہوئے۔ ان کی رُو سے اسماعیلیہ کا قرعہ میرے نام نکلا اور اسکندریہ استاذ ابراہیم مدکور ــــــ جو اب ڈاکٹر ابراہیم مدکور کہلاتے ہیں[1] ــــــ کے حصّے میں آیا۔ پھر سیاست کی کرشمہ سازی نے انہیں اسکندریہ سے اد فوجا بھیج دیا۔ مگر انہوں نے استعفیٰ دے دیا اور یورپ چلے گئے تاکہ اپنے خرچ پر تکمیلِ تعلیم کر لیں۔ بعد میں انہیں وہاں سرکاری اسکالرشپ پر تعلیم پانے والوں میں شامل کر دیا گیا ــــــ ہمارے باقی چھ ساتھیوں کو قسمت نے جنوبی مصر کی ہواؤں کے حوالے کر دیا۔

مَیں اپنی تقرّری پر ہکّا بکّا رہ گیا۔ مَیں ٹھیک سے یہ بھی نہ جانتا تھا کہ اسماعیلیہ کدھر ہے۔ مَیں محکمہ تعلیم کے دفتر میں گیا اور اس تعیناتی پر لے دے کی۔ استاذ محترم عبدالحمید بک حسنی سے مڈبھیڑ ہوئی۔ انہوں نے اپنی بذلہ سنجی اور دل لگی کی باتوں سے

---

[1] موصوف ان دنوں کویت یونیورسٹی میں اسلامی فقہ کے استاذ ہیں۔ اصولِ فقہ پر ان کی تصنیفات خاصی شہرت حاصل کر چکی ہیں۔ (مترجم)

Marfat.com

میرے طیش کو فرو کر دیا۔ انہوں نے فضیلت مآب شیخ عبد المجید الخولی رحمۃ اللہ علیہ جو ان دنوں اُن سے ملنے آیا کرتے تھے، کا بھی سہارا لیا، اسماعیلیہ کے سپوت استاذ علی حسب اللہ بھی تشریف فرما ہو گئے۔ استاذ عبد الحمید بک نے ان دونوں سے یہ گواہی دلوادی کہ اسماعیلیہ اللہ کے اچھے شہروں میں سے ایک شہر ہے۔ مجھے وہاں بہت راحت و عافیت نصیب ہوگی۔ پُرسکون شہر ہے۔ قدرتی حُسن سے مالامال ہے۔ کثرت پیداوار میں نام آور ہے۔ میں دفتر سے لوٹ آیا۔ والدِ محترم سے مشورہ کیا۔ فرمانے لگے: علی بوکۃ اللہ (اللہ کا نام لے کر چلے جاؤ)۔ بہتر وہی ہے جسے اللہ پسند فرمائے۔ اس بات سے مجھے بھی انشراح صدر حاصل ہو گیا اور میں نے رختِ سفر باندھنا شروع کر دیا۔ اس سفر میں حکمتِ الٰہی کے جو راز پنہاں تھے وہ بعد میں پوری طرح عیاں ہو گئے ـــــــ واللہ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ (یہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ وہ اپنا پیغام کس جگہ اُتارے) میں نے اللہ کا نام لے کر کوچ کر دیا۔ میرا ذہن اس سوچ میں مستغرق تھا کہ وہاں جا کر دعوت کے لیے کیا اسلوب اختیار کروں۔ کیونکہ اب یہی خیال پختہ ہو چکا تھا کہ اصلاح و دعوت کا بارِ امانت اسماعیلیہ میں میں اُٹھاؤں گا اور اخ احمد افندی السکری محمودیہ میں اس مشن کو سنبھالے گا۔ دو فاضل دوستوں: شیخ حامد عسکریہ ـــــــ رحمۃ اللہ علیہ ـــــــ اور شیخ عبد الحمید کو ہم نے قاہرہ کے لیے چھوڑ دیا۔ اوّل الذکر عالمیہ (ازہر کی اعلیٰ ڈگری) لینے کے بعد زقازیق میں واعظ مقرر کر دیئے گئے اور وہاں انہوں نے دعوت کی ذمہ داری اُٹھا لی اور مؤخر الذکر نے ـــــــ عالمیہ کی ڈگری لینے کے بعد بلکہ کچھ عرصہ تخصص میں صرف کرنے کے بعد ـــــــ کفر الدوار میں زراعت کا آزاد کاروبار اختیار کر لیا۔ اور ساتھ ساتھ دعوت کا فریضہ بھی سرانجام دینا شروع کر دیا۔ یوں ہم سب شاعر کے اس قول کی

Marfat.com

تمثیل بن گئے:

بالشام اھلی وبغداد الھوی وانا
بالرقمتین وبالفسطاط جیرانی

"شام میں میرے اہل وعیال ہیں، بغداد میں دل اٹکا ہوا ہے
اور میں رقمتین میں بیٹھا ہوں اور میرے ہمسائے فسطاط میں۔"

ہم میں سے ہر ایک اپنے اپنے طریق کار کے مطابق جس کی اللہ نے اُسے سُوجھ بُوجھ عطا کی، دقف دعوت ہو گیا۔ سفرِ اسماعیلیہ کے تقریباً ایک سال بعد، اسماعیلیہ کی دلنوازو سکون آمیز فضا میں اور اسماعیلیہ کے نیک نہاد وخجستہ خصال فرزندوں کے دم قدم سے الاخوان المسلمون کی تنظیمات اور شاخوں کی خشتِ اوّل رکھی گئی۔

اسماعیلیہ کو

بروز پیر ۱۹ ستمبر ۱۹۲۷ء ——— مجھے افسوس ہے کہ اب یاد نہیں کہ اس روز ہجری تاریخ کیا تھی ——— احباب اپنے دوست کو الوداع کرنے کے لیے جمع ہوئے جو اسماعیلیہ کا سفر اختیار کر رہا تھا تاکہ وہ وہاں پہنچ کر اپنے نئے مفوضہ کام (اسماعیلیہ کے گورنمنٹ اسکول میں تدریس) کا چارج سنبھال لے۔ پیشتر ازیں اُن کا یہ مسافر دوست اسماعیلیہ کے بارے میں کچھ زیادہ معلومات نہ رکھتا تھا۔ اُس کا ذخیرۂ معلومات بس اس قدر تھا کہ یہ شہر ڈیلٹا کے انتہائی مشرق میں دُور دراز مقام کا نام ہے۔ اُس کے اور قاہرہ کے درمیان مشرقی صحرا کی ریت کا ایک کشادہ خلا حائل ہے۔ نہر سویز سے متصل التمساح جھیل کے کنارے واقع ہے۔ یہ ——— احقر ——— دوستوں کا دوست اور اپنے دوستوں کا استقبال کرتا رہا اور انہیں الوداع کرتا رہا اور وہ اُسے الوداع کہتے رہے۔ دوستوں

Marfat.com

کے درمیان اِدھر اُدھر کی مختلف گفتگوئیں ہوئیں۔ ان میں محمد افندی الشرنوبی بھی تھے۔
بڑے پاکیزہ سرشت اور نیکوکار انسان۔ انھوں نے دورانِ گفتگو کہا: "پاک طینت انسان
جہاں بھی پڑاؤ ڈالتا ہے پاکیزہ اثرات ہی چھوڑ کر جاتا ہے۔ ہم امید رکھتے ہیں کہ
ہمارا دوست بھی اس شہر —— اسماعیلیہ —— میں جو اس کے لیے نیا ہے
اچھے اثرات چھوڑے گا۔" محمد افندی الشرنوبی کے یہ الفاظ ان کے مسافر دوست
کے دل میں نقش ہو گئے۔ تمام احباب منتشر ہو گئے۔ مسافر نے چاشت کی ریل پکڑ لی۔
تاکہ ظہر کے وقت اسماعیلیہ وارد ہو جائے اور پہلی مرتبہ اپنی عملی زندگی کا دوبدو سامنا
کرے۔ گاڑی روانۂ منزل ہو گئی۔ گاڑی کے اندر راہ نورد کی ملاقات اپنے چند
ہم پیشہ ساتھیوں سے ہو گئی۔ جو حال ہی میں اُسی اسکول میں مقرر کیے گئے جس میں
نو وارد مقرر کیا گیا ہے۔ اگر حافظہ غلطی نہیں کرتا تو ان میں محمد بہی الدین سند افندی،
احمد حافظ افندی، عبدالمجید عزت افندی اور محمود عبدالنبی افندی نام کے مدرسین
بھی تھے۔

سویز کے پرائمری اسکول کے ایک ٹیچر رفیق سے ملاقات ہوئی۔ یہ سلسلہ حامدیہ
شاذلیہ سے نسبت رکھتے ہیں۔ راہ نورد نے اسلام کے احیاء اور دعوتِ اسلامی کے
بارے میں اپنے خیالات اور اُمنگیں ان کے گوش گزار کیں۔ اور اب راقم اُن کے متعلق
اپنی ڈائری میں یہ تاثرات ثبت کر رہا ہے:

"یہ چند لمحات اس بات کے لیے کافی نہیں ہیں کہ ان صاحب کی
نفسیاتی کیفیت اور رُوحانی حالت کے بارے میں کوئی رائے قائم کی جا
سکے۔ البتہ اتنا اندازہ ہوا ہے کہ اِن کا مقصدِ زیست یہ ہے کہ کاروبار

Marfat.com

کے ذریعہ اپنی زندگی کا تحفظ کریں۔ اپنے رب، اپنے دین اور اپنے شیخ
کے ساتھ عقیدہ کو باعثِ سعادت سمجھتے ہیں۔ اور اپنے اردگرد اپنے
عقیدت مند بھائیوں کے مظاہر احترام و توقیر دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔
مگر احقر قطعاً یہ ارادہ نہیں رکھتا کہ وہ عمل کو صرف تحفظ حیات ہی کا
ذریعہ بنا کر جیے، راہ نورد کو یہ بھی پسند نہیں ہے کہ اس کے فکری اثرات
صرف اس کی ذات تک محدود رہیں، اپنے بھائی بندوں کے احترام و
توقیر کے مظاہر میں بھی وہ نہیں اُلجھتا، اُسے کسی اور ہی بات نے آشنائے
تب و تاب کر رکھا ہے۔"

گاڑی اسماعیلیہ کے اسٹیشن پر پہنچ گئی۔ مسافر اپنی اپنی سمتوں کو چلے گئے۔ خاکسار نے اس جنت نگاہ شہر کو جھانکا۔ شہر کا حسن اُس وقت فزوں تر نظر آیا جب ریلوے اسٹیشن کے پُل سے راہ نورد نے اُس پر نگاہ ڈالی۔ اِن حسین مناظر نے نو وارد کے دل کو موہ لیا اور اس کی عقل و خرد کو مسحور کر دیا۔ نو وارد لحظہ بھر کے لیے رُکا اور فوراً تخیّل و التجا کی دنیا میں محوِ پرواز ہو گیا۔ وہ یہ پڑھنے کی کوشش کر رہا تھا کہ لوحِ غیب کے اندر اس بلد طیّب میں اُس کے لیے کیا کچھ ثبت ہو چکا ہے، وہ بڑی تب و تاب کے ساتھ اور شکستہ التجاؤں کے ساتھ اپنے رب سے درخواست کر رہا تھا کہ:

"اے پروردگار اس شہر میں وہی چیز اُس کے مقدر میں رکھیو جس میں بھلائی ہو۔ اور اُس چیز سے باز رکھیو جس میں شر اور گناہ مضمر ہو۔ وہ دل کی گہرائیوں میں یہ محسوس کر رہا ہے کہ اس شہر میں اس کی چلت پھرت اُن سب لوگوں کی چلت پھرت سے یقیناً مختلف ہو گی جو یہاں بس رہے ہیں یا باہر سے آ جا رہے ہیں۔"

Marfat.com

## ہوٹل میں

مدا ہی ایک ہوٹل میں پہنچ جاتا ہے اور اپنا بیگ ہوٹل کے حوالے کر دیتا ہے۔ بیگ کے سوا اُس کے پاس اور کوئی سامان نہیں ہے۔ اور اُس اسکول میں پہنچ جاتا ہے جہاں وہ اب کام کرے گا۔ ہیڈ ماسٹر اور مدرسین سے ملتا ہے، اور ان کے ساتھ طرح طرح کی گفتگوئیں ہوتی ہیں۔ پھر اس کا تعارف اپنے ایک دیرینہ دوست استاذ ابراہیم بُنہاوی افندی کے ساتھ ہو جاتا ہے جو اسی اسکول کے پُرانے ٹیچر ہیں۔ نووارد کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ اپنے دیرینہ دوست کے ساتھ ہی رہائش رکھے۔ چنانچہ اُس کا دوست خود ہی اُسے یہ پیش کش کرتا ہے کہ کسی معمولی درجے کے ہوٹل میں سکونت رکھی جائے۔ یہ مہمان مدرس اس رائے پر موافقت کا اظہار کرتا ہے۔ اور دونوں دوست ایک ہی کمرہ میں رہنے لگتے ہیں۔ پہلے ایک انگریز عورت مسز ایم گیمی کی بلڈنگ میں کرائے پر کمرہ لیتے ہیں اور وہاں سے ایک اطالوی خاتون میڈم بیبینا کی عمارت میں منتقل ہو جاتے ہیں۔

## مدرسہ سے مسجد تک

نووارد مدرس اپنا وقت مسجد، مدرسہ اور مکان پر گزارتا رہا۔ اور اُس نے کبھی کسی سے میل ملاپ رکھنے کی کوشش نہ کی۔ اور نہ اُس نے اپنے مخصوص ماحول کے رفقائے کار کے علاوہ کسی سے جان پہچان استوار کی۔ رہے اوقاتِ فرصت تو ان میں وہ ریاضت میں لگ جاتا، یا نئے وطن کا مطالعہ کرتا اور یہاں کے باشندوں، یہاں کے مناظر اور یہاں کی خصوصیات کو سمجھنے کی کوشش کرتا، یا قرآن کی تلاوت اور علمی مطالعے میں مشغول رہتا۔ پورے چالیس روز تک اُس نے اپنی ان مصروفیات میں کسی نوع کا اضافہ نہیں کیا۔ اور نہ کسی لحظہ اُس کے دل سے الوداع کرنے والے

Marfat.com

دوست کے یہ الفاظ محو ہوئے: "پاک طینت انسان جہاں بھی اُٹھتا ہے پاکیزہ اثرات ہی چھوڑ کر جاتا ہے۔ ہم اُمید رکھتے ہیں کہ ہمارا دوست بھی اسماعیلیہ میں اچھے اثرات چھوڑے گا۔" !!

## مذہبی جھگڑے

اِس تازہ واردِ شہر نے مسجد کے اندر ہی بہت حد تک اسماعیلیہ کی مذہبی خبریں اور اس کے معاشرتی احوال جان لیے۔ اسے یہ بھی پتہ چلا کہ اس شہر پر فرنگیت کا غلبہ ہے۔ کیونکہ اس کے مغرب میں برطانوی کیمپ ہیں اور مشرق میں سویز کینال کمپنی کے ملازمین کی کالونی ہے۔ اور شہر دونوں کے درمیان محصور ہے۔ یہاں کے اکثر لوگ ان دونوں جگہوں میں کاروبار کرتے ہیں اور یورپی زندگی کے ساتھ اُن کا قریبی اتصال رہتا ہے اور ہر طرف یورپی بود و باش کے نمونے ہی اُن کا استقبال کرتے ہیں

لیکن یہ شہر جس پر اس درجہ فرنگی ذوق چھا رہا ہے اس سب کے باوجود بڑا مضبوط اسلامی جذبہ رکھتا ہے۔ لوگ علماء کے گرد جمع ہوتے ہیں اور ان کی باتوں کا اثر لیتے ہیں۔ راقم کو یہ بھی علم ہوا کہ اس سے پہلے یہاں ایک اسلام پسند مدرس رہ چکا ہے۔ اور نظریۂ اسلام کے بارے میں اُس نے اہلِ شہر کے سامنے کچھ ایسے خیالات پیش کیے ہیں جو اکثر باشندوں کے لیے نامانوس تھے۔ چنانچہ شہر کے کچھ علماء نے اِن خیالات کے خلاف کمر باندھ لی۔ نتیجۃً لوگوں کے اندر افتراق پیدا ہو گیا۔ اور ایسے افکار و آراء کی طرفداری کی جانے لگی جو کبھی دلوں کو یکجا نہیں کر سکتے اور جن کے ہوتے ہوئے وہ وحدت و یگانگت استوار نہیں ہو سکتی جس کے بغیر کوئی بات بن نہیں آتی۔

Marfat.com

## پھر قہوہ خانوں کی طرف رجوع

راقم سوچنے لگا کہ اب کیا کیا جائے اور اس افتراق سے کیسے نبٹا جائے۔ راقم یہ دیکھ رہا تھا کہ جو شخص بھی اسلام پر گفتگو کرنے اُٹھتا ہے یہاں کا ہر گروہ اپنا ہی عقیدہ و مسلک اُس کے سامنے رکھ دیتا ہے اور اُسے اپنی بوتل میں اُتار لینا چاہتا ہے یا کم از کم وہ یہ ضرور جان لینا چاہتا ہے کہ یہ نیا مبلغ اُس کی پارٹی میں سے ہے یا اُس کے مخالفین میں سے ہے۔ حالانکہ وہ چاہتا ہے کہ سب کو اپنا مخاطب بنائے، سب کے ساتھ رابطہ استوار کرے اور سب کی شیرازہ بندی کرے مگر حالات اس کا ساتھ نہیں دیتے۔

خاکسار نے اس پہلو پر بہت سوچ بچار کی۔ اور یہی طے کیا کہ ان تمام گروہوں اور فرقوں سے کنارہ کش رہے اور جہاں تک ہو سکے مساجد کے اندر لوگوں سے ہمکلام ہونے سے پرہیز کیا جائے۔ مسجد اور اہلِ مسجد ہی اختلافی جھگڑوں کا چرچا کرتے رہتے ہیں، اور جب بھی انہیں موقع ملتا ہے انہیں بھڑکاتے رہتے ہیں۔ لہٰذا خاکسار مسجد اور اہلِ مسجد کو نشانۂ دعوت نہ بنائے۔ لوگوں سے رابطے کے دیگر ذرائع تلاش کرے ——
کیوں نہ "اصحابِ قہوہ" کو قہوہ خانوں کے اندر مخاطب کیا جائے؟

کچھ عرصہ تک یہ خیال ذہن میں انگڑائیاں لیتا رہا اور دماغ کے اندر اس کی پختت ورپیہ ہوتی رہی۔ اور پھر اسے عملی جامہ پہنا دیا۔ اس غرض کے لیے تین بڑے بڑے قہوہ خانے منتخب کر لیے گئے، جن میں ہزاروں افراد جمع ہوتے رہتے ہیں۔ ہر قہوہ خانے میں ہفتہ میں دو درس دینے کا پروگرام بنا لیا۔ اور ان تینوں جگہوں پر پابندی کے ساتھ درس و تبلیغ کی طرح ڈال دی۔ شروع شروع میں دینی وعظ و درس کا یہ طرزِ نو لوگوں کے لیے ایک اچنبھا تھا۔ مگر وہ جلدی ہی اس سے مانوس ہو گئے اور دلچسپی لینے لگے۔

Marfat.com

مدرس اپنے نئے اور نرالے اسلوبِ تبلیغ میں بڑی دقت ریزی سے کام لے رہا تھا۔ وہ ہمیشہ ایسے عنوان کو ترجیح دیتا جس پر وہ خوبی کے ساتھ گفتگو کر سکے۔ نیز وہ اصولی تبلیغ سے متجاوز نہ ہو اور اللہ اور یوم آخرت کی تذکیر، نیکی کی ترغیب اور برائیوں سے تخویف تک ہی محدود رہے۔ دل آزاری کی باتوں اور طعن و تشنیع کے پہلوؤں سے تعرض نہ کرتا۔ اور نہ اُن منکرات اور برائیوں پر براہ راست ملامت زنی کرتا جن کے حاضرین رسیا تھے۔ وہ اتنے پر قناعت کرتا کہ حاضرین کے دلوں کے اندر کچھ نہ کچھ اثر پیدا کرے۔ وہ طرزِ بیان کی بھی خوب تراش خراش کرتا اور اُسے سلیس، پرکشش اور شوق انگیز بناتا۔ عامی زبان کی حسبِ ضرورت آمیزش کر لیتا۔ مشاہدات اور امثال کی چاشنی بھی لگاتا۔ قصے کہانیوں سے بھی کام لیتا اور اکثر اپنے طرزِ ادا کو واعظانہ اور اثر انگیز بنا کر پیش کرتا۔ اور یوں وہ ہمیشہ انسانی دلوں کو اپنی جانب کھینچنے کے لیے پوری چارہ سازی کرتا۔ اور اپنی بات کی طرف لوگوں کی رغبت و شوق کو مہمیز لگاتا۔ لمبی تقریر نہ کرتا جو حاضرین کو بیزار کر دے۔ اُس کا درس دس منٹ سے زیادہ نہ ہوتا۔ اگر بضرورت لمبا بھی کرتا تو پندرہ منٹ سے ہرگز متجاوز نہ کرتا۔ بایں ہمہ اُس کی یہ پوری کوشش ہوتی کہ اس قلیل وقت میں زیرِ بحث موضوع کا پوری طرح استیعاب کرے اور سامعین کے دلوں کے اندر اُسے ہمہ پہلو وضاحت و جامعیت کے ساتھ اُتار دے۔ اگر اُسے کوئی آیتِ قرآنی یا حدیثِ نبوی پیش کرنا ہوتی تو پہلے وہ موقع و محل کے لحاظ سے اُس کا مناسب انتخاب کرتا، پھر خشوع و خضوع کے ساتھ اُس کی تلاوت کرتا، اصطلاحی تاویلوں اور فنی تشریحات سے اجتناب کرتا۔ اُس کے اجمالی معنی اختیار کر کے اُس کی توضیح کرتا اور مطلوبہ استدلال کی تشریح پر کفایت کرتا۔

اسماعیلیہ کے عوام کے اندر اس طرزِ دعوت نے خوشگوار اثرات پیدا کر دیئے۔ لوگوں

Marfat.com

بھی اس پر چہ میگوئیاں ہونے لگیں۔ لوگ ان قہوہ خانوں کا رُخ کرنے اور درس کا انتظار کرنے۔ سامعین کے دلوں کے اندر بھی اس تبلیغ نے حرکت پیدا کر دی، اور خاص طور پر جو لوگ پابندی کے ساتھ سُنتے رہے وہ بیدار ہونے لگے اور غور و فکر پر مجبور ہو گئے۔ آہستہ آہستہ معاملہ یہاں تک بڑھا کہ وہ یہ سوال کرنے لگے کہ اب انہیں کیا کرنا چاہیئے تاکہ وہ اللہ کی طرف سے عائد شدہ حق کو قائم کریں اور دین و ملّت کے بارے میں اپنا فرض ادا کریں۔ تاکہ عذاب خداوندی سے انہیں نجات مل جائے اور جنّت کا حصول یقینی ہو جائے ——— مدرّس نے انہیں سوالوں کے جوابات دینے شروع کر دیئے مگر یہ جوابات، دو ٹوک نہ ہوتے۔ تاکہ ان میں جذبِ دروں مزید جاگر ہو اور ان کے دل خوب نخچیر ہو جائیں۔ وہ سرکش نفوس کو مزید ہموار کرنا چاہتا تھا اور اپنی بات صاف صاف کہنے کے لیے وہ مناسب موقع کا منتظر تھا۔

عملی تعلیم

مگر مدرّس پر ان پاکباز اور ایمان سے معمور انسانوں کی طرف سے سوالات کی پے درپے بارش ہوتی، اور رواں دواں جوابات سے اُن کی تشنگی دُور نہ ہوتی۔ احباب کی ایک جماعت نے اصرار کیا کہ ایسا طریق کار وضع کیا جانا چاہیئے جس پر وہ چل کر حقیقی مسلمان بن جائیں اور اسلام کی صفت سے صحیح معنوں میں متصف ہو سکیں۔ اسلامی احساس نے اُن کے وجدان کو سیماب آسا کر دیا ہے، اب وہ اسلام کے احکام سیکھنا چاہتے ہیں۔ مدرّس نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ کسی مخصوص جگہ کا انتخاب کریں جہاں قہوہ خانے کے درس سے پہلے یا بعد میں جمع ہو جایا کریں اور اسلامی احکام کا اجتماعی مطالعہ کریں۔ اس غرض کے لیے اُن کی نگاہِ انتخاب ایک دُور دراز زاویے پر جا پڑی جہاں اجتماع

Marfat.com

کرنے کے لیے اور دوسرے اسلامی شعائر ادا کرنے کے لیے اُسے کچھ مرمت کرنے کی ضرورت تھی۔

خدایا! ——— یہ قوم کتنی پاکیزہ دل ہے، اور خیر و فلاح کی طرف کس قدر تیزی سے لپک پڑتی ہے بشرطیکہ اسے مخلص اور پاک راہنما نصیب ہو جاتے۔ رفقاء اور احباب جن میں مختلف تعمیراتی شعبوں کے پیشہ ور اصحاب بھی تھے تیزی کے ساتھ اس زاویئے کی مرمت میں لگ گئے اور اُس کی ضرورت کی اشیاء کی فراہمی اور اُسے مطلوبہ مقصد کے مطابق درست کرنے میں مشغول ہو گئے۔ صرف دو راتوں کے اندر انہوں نے اس مہم کو بوجوہ احسن سرانجام دے دیا اور زاویہ کے اندر پہلا اجتماع منعقد ہو گیا۔

شرکائے اجتماع نماز و عبادت کے کوچے میں نئے نئے وارد ہو رہے تھے۔ یا صحیح ترین الفاظ میں ان کی اکثریت نوآموز تھی۔ اِس معلّم نے اُن کے ساتھ خالص عملی طریق کار اختیار کیا۔ یہ کوشش نہیں کی کہ انہیں عبارات پڑھ پڑھ کر سنائے یا نظری احکام و مسائل کی رٹ اُن کے سامنے لگائے۔ بلکہ وہ انہیں سیدھا پانی کی ٹونٹیوں کی طرف لے گیا۔ اور انہیں ایک قطار میں بٹھا دیا۔ اور خود اُن کے درمیان رہنما بن کر کھڑا ہو گیا۔ اور انہیں وضو کے ایک ایک جزء کا طریقہ سکھایا۔ جب ان لوگوں نے اپنا وضو مکمل کر لیا تو دوسرے گروپ اور اس کے بعد تیسرے گروپ کے ساتھ بھی اُس نے یہی طریقہ اختیار کیا۔ اس عملی تعلیم سے تمام لوگ وضو کے افعال و آداب میں اچھی طرح پختہ ہو گئے۔ پھر اُن کے سامنے وضو کے روحانی جسمانی اور دنیوی فضائل بیان کرنے لگا۔ اور احادیث میں وضو کا جو اجر و ثواب بیان کیا گیا ہے حاضرین کے اندر اُس کے حصول کا شوق ابھارنے لگا۔ مثلاً نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ

Marfat.com

ارشاد مبارک کہ:-

من توضاء فاحسن الوضوء خرجت خطایاہ من جسدہ حتی تخرج من تحت اظفارہ -

"جو شخص حسن و خوبی کے ساتھ وضو کرتا ہے اُس کے جسم سے تمام گناہ اُتر جاتے ہیں حتیٰ کہ ناخنوں کے نیچے سے بھی گناہ صاف ہو جاتے ہیں۔"

یا یہ ارشاد مبارک کہ:-

مامن احد یتوضاء فیحسن الوضوء ویصلی رکعتین یقبل بقلبہ ووجھہ علیھما الاوجبت لہ الجنۃ -

"جو شخص بھی وضو کرتا ہے، اور اُسے خوب سنوار کر کرتا ہے، اور پھر دو رکعت ادا کرتا ہے، اور اپنے دل کو اور رُخ کو ان میں یکسو رکھتا ہے اُس کے لیے جنّت لازم ہو جاتی ہے۔"

اس طرح کی احادیث کی بدولت یہ معلّم اپنے زیرِ تربیت بھائیوں کے اندر مستحبات اور مستحسن کام کرنے کا ولولہ ابھارتا اور ان کے شوق و ذوق کو ہوا دیتا۔

معلّم پھر انہیں نماز کی طرف لاتا، نماز کے ایک ایک رُکن کی ان کے سامنے تشریح کرتا۔ اور اُن سے درخواست کرتا کہ اب وہ اُس کے سامنے عملاً نماز ادا کریں۔ پھر انہیں نماز کے ماثورہ فضائل و برکات سے آگاہ کرتا۔ ترکِ نماز کا خوف دلاتا۔ اِن سب کاموں کے دَوران ایک ایک کر کے اُن کے ساتھ سُورۃ الفاتحہ کو زبانی دُہراتا، اور انہیں پہلے سے جتنی چھوٹی چھوٹی سورتیں یاد تھیں اُن میں سے ایک ایک سورت اُن سے سُنتا اور اس کی تصحیح کرتا۔ ان نوگرفتاروں کے ساتھ اُس کی گفتگو صرف ان کیفیات و واردات کو بیان کرنے تک محدود ہوتی جو خوف و رجاء

Marfat.com

سے لبریز ہوتی ہیں۔ وہ فروعی اور جزوی مسائل کی باریکیوں میں نہ جاتا اور نہ مُبہم اصطلاحات کا سہارا لیتا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ حاضرین کے دل احکامِ اسلام کے لیے گداز ہو گئے اور اُن کے ذہنوں میں ہر مسئلہ خوب واضح اور روشن ہو گیا۔ اس طرح احکام کا خالصتہً فقہی پہلوان کے لیے خشک و بے لطف نہ رہا۔

عقیدہ پر توجہ

معلّم اپنی ہر گفتگو کے دوران اور ہر نشست میں اسلام کے صحیح عقیدہ کو بھی چھیڑتا رہتا، اور اُسے برابر نشو و نما دیتا رہتا اور مضبوط کرنے کی کوشش کرتا اور قرآن کریم کی آیات، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث، صلحاء کی سیرتیں اور اہلِ ایمان و ایقان کی سرگزشتیں بیان کر کے اُن کے قلوب و اذہان میں اُسے ثبت کرنے کی تدبیریں کرتا۔ اس باب میں بھی وہ فلسفیانہ نظریات اور منطقی قیاسات سے تعرض نہ کرتا۔ بلکہ وہ کائنات کے اندر ذاتِ باری کی عظمت و کبریائی اور مخلوق کے اندر صفاتِ خدا کی جلوہ آرائی کی طرف نگاہوں کو مبذول کرتا، آخرت کی یاد دلاتا۔ ان تمام حقائق کو وہ وعظ و تذکیر کے اسلوب میں اسی حد تک بیان کرتا جس سے ان حقائق کے بارے میں قرآن کریم کی جلالتِ شان اور شوکت و عظمت اجاگر ہو۔ مزید برآں وہ کسی فاسد اور غلط عقیدہ کو اس وقت تک پاش پاش نہ کرتا جب تک وہ پہلے ذہنوں میں صحیح اور صالح عقیدہ تعمیر نہ کر لیتا۔ تعمیر کے بعد انہدام جتنا آسان تر ہے تعمیر سے پہلے اتنا ہی دشوار تر۔ یہ نہایت باریک نکتہ ہے۔ جو اکثر مُصلحین اور مبلّغین کے فہم و ادراک سے غائب رہتا ہے۔

الحاج مصطفٰی کے زاویہ میں

ایک دوسرا زاویہ بھی ہماری پناہ گاہ تھا۔ اس زاویہ کو حاجی مصطفٰی نے فی سبیل اللہ تعمیر کر دیا

Marfat.com

تھا۔ وہاں بھی جویانِ علم کی ایک جماعت جمع ہوتی اور اخوت و پاکیزہ نفسی کی فضا میں آیاتِ الٰہی اور حکمتِ خداوندی کا مطالعہ کرتی۔

زیادہ عرصہ نہ گزرنے پایا کہ ہمارے اس درس و اجتماع کی خبر دُور دُور تک پھیل گئی۔ یہ درس مغرب اور عشاء کے درمیان میں ہوتا۔ اس درس کے بعد راقم قہوہ خانوں کے اندر جاری کردہ درسوں کے لیے نکل جاتا۔ اب ان درسوں کے اندر ہر رنگ کے لوگ کثرت سے آنے لگے۔ ان میں خلافیات کے مشتاق، جدل پسند اور سابقہ فتنوں کی لکیر پیٹنے والے بھی تھے۔

ایک رات میں نے حاضرین کے اندر ایک انوکھی اسپرٹ محسوس کی۔ تفرقہ پسندی کی اسپرٹ اور اچھل پڑنے کی کیفیت۔ میں نے دیکھا کہ سامعین الگ الگ بیٹے ہوتے ہیں حتیٰ کہ نشستوں کے اندر بھی امتیازات قائم ہو چکے ہیں۔ میں نے درس کی ابتداء ہی کی تھی کہ یکایک مجھ سے یہ سوال پوچھا گیا:

"وسیلے کے بارے میں جناب کی کیا رائے ہے؟"

میں نے کہا: "میرا خیال ہے کہ آپ مجھ سے صرف اسی ایک مسئلے کے بارے میں سوال نہیں کر رہے ہیں۔ بلکہ آپ یہ بھی پوچھیں گے کہ اذان کے بعد درود و سلام پڑھنا چاہیئے یا نہیں۔ جمعہ کے روز سورۂ کہف کی تلاوت جائز ہے یا نہیں۔ تشہد کے اندر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک کے ساتھ "سیّدنا" کا لفظ پڑھا جائے یا نہیں۔ نبی صلّی اللہ علیہ وسلم کے والدین کس کیفیت میں ہیں۔ اور اب اُن کا کس جگہ ٹھکانا ہے۔ قرآن خوانی کا ثواب مُردے کو پہنچتا ہے یا نہیں۔ صوفیاء اور اہلِ طریقت کی موجودہ مجالس معصیت ہیں یا تقرب الی اللہ کا ذریعہ۔" میں نے وہ تمام اختلافی مسائل گنوانے شروع کر دیئے جو سابقہ فتنہ میں مابہ النزاع بنے اور جن پر ان لوگوں کے اندر شدید سر پھٹول ہو چکی تھی۔

Marfat.com

سائل میری تقریر سُن کر انگشت بدنداں ہوگیا۔ اور کہنے لگا :" جی ہاں، میں ان تمام باتوں کا جواب معلوم کرنا چاہتا ہوں ۔"

میں نے عرض کیا :" میرے بھائی میں عالم نہیں ہوں۔ میں ایک مدرّس (درس و وعظ سے دلچسپی رکھنے والا شہری) ہوں۔ مجھے کچھ قرآن کریم کی آیات حفظ ہیں۔ چند احادیث شریفہ ازبر ہیں اور کتابوں کا مطالعہ کرکے میں نے کچھ دینی احکام و مسائل کا ذخیرہ جمع کر رکھا ہے۔ اور رضا کارانہ طور پر لوگوں کو دینی درس دیتا رہتا ہوں۔ اگر ان حدود سے مجھے آپ باہر لے جائیں تو مجھے نازک پوزیشن میں مبتلا کردیں گے۔ اور جو شخص یہ کہہ دے کہ لاادری (میں کچھ نہیں جانتا) تو یہ بھی اُس کا ایک فتویٰ ہے۔ اگر آپ کو میری باتیں بھلی لگیں اور ان کے اندر آپ کو خیر کا کوئی پہلو نظر آئے تو براہِ کرم انہیں سماعت فرمائیں۔ اور اگر معلومات میں مزید اضافہ چاہتے ہیں تو میرے سوا دوسرے علماء و فضلاء کی طرف رجوع کریں۔ جس مسئلے کے بارے میں آپ کو ضرورت درپیش ہے اس پر وہ آپ کو فتوے دے دیں گے۔ میرا مبلغِ علم تو اتنا ہی ہے جو میں نے آپ کے سامنے رکھ دیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر متنفس کو اتنی ہی تکلیف دیتا ہے جو اس کی وسعت میں ہوتی ہے۔ سائل میری تدبیر کی گرفت میں آگیا اور اس سے کوئی جواب نہ بن پڑا۔ یوں میں نے اس نرالے اسلوب ——— سادہ و پُرکار اسلوب ——— کی مدد سے اُسے فتنہ آرائی سے روک دیا۔

تمام حاضرین نہ سہی مگر اکثر حاضرین میری اس گلوخلاصی پر مطمئن ہو گئے۔ لیکن میں نے بھی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیا۔ حاضرین کی طرف متوجہ ہو کر میں نے عرض کیا :

محترم برادران ! مجھے خوب معلوم ہے کہ جناب سائل اور آپ حضرات میں سے اکثر افراد اس سوال کے پردے میں دراصل یہ جاننا چاہتے ہیں

Marfat.com

کہ یہ نیا مبلغ کس پارٹی سے تعلق رکھتا ہے۔ کیا شیخ موسیٰ کی پارٹی کا آدمی ہے یا شیخ عبدالسمیع کی حزب سے وابستگی رکھتا ہے۔ یہ تحقیق آپ کے لیے قطعاً مفید نہیں ہے۔ اس فتنہ آرائی اور پارٹی بازی میں آپ لوگ پورے آٹھ سال صرف کر چکے ہیں۔ اب اسی پر کفایت کریں۔ ان مسائل کے اندر مسلمان صدیوں سے باہمی اختلاف کرتے چلے آرہے ہیں۔ اور اب تک ان کے اندر اختلاف قائم ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کو ہماری باہمی محبت اور وحدت پسند ہے اور اختلاف اور تفرقہ اندازی ناپسند۔ میں امید رکھتا ہوں کہ آپ لوگ اللہ سے عہد کریں گے کہ ان بحثوں کو ترک کر دیں گے اور یہ کوشش کریں گے کہ دین کے اصول و قواعد سیکھیں۔ دین کے اخلاق پر کاربند ہوں، اور عمومی فضائل کو حرزِ جان بنائیں اور متفق علیہ تعلیمات پر عمل کریں۔ فرائض دینیہ کو ادا کریں، خوردہ گیری اور موشگافی سے دست بردار ہو جائیں تاکہ دلوں کی دنیا آئینہ رنگ صاف و شفاف ہو جائے۔ اور ہم سب کا مطمح نظر معرفت حق ہو نہ کہ محض مسلک کی حمایت۔ اگر ہمارے اندر یہ ذوق اُبھر آیا تو ہم ان تمام مسائل پر باہم محبت و اعتماد کی فضا میں اور اتحاد و اخلاص کے جلو میں اظہارِ خیال کرتے رہیں گے۔ میں اُمید رکھتا ہوں کہ آپ لوگوں کو میری رائے قبول ہو گی اور اس پر قائم رہنے کے لیے ہمارے درمیان ایک پختہ عہد استوار ہو جائے گا۔"

میری درد بھری اپیل کارگر ثابت ہوئی۔ اس محفل سے ہم اس حالت سے رخصت ہوئے کہ ہم یہ باہم عہد کر چکے تھے کہ ہمارا مقصودِ نظر تعاون اور دینِ حنیف کی خدمت

Marfat.com

ہوگا۔ ہم دین کے لیے یکمشت ہوکر کام کریں گے۔ اختلافی امور کو نظر انداز کریں گے۔ اور ان امور میں ہر شخص اپنی اپنی رائے پر قائم رہے گا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا فیصلہ صادر فرما دے جو اٹل ہے۔ اس کے بعد زاویے کا درس بتوفیق ایزدی اختلافی فضا سے محفوظ و مامون جاری وساری رہا۔ اب میں ہر موضوع کے اندر اہلِ ایمان کی باہمی اخوت و مودّت کے پہلوؤں کو مدارِ گفتگو بناتا تاکہ دلوں کے اندر حقوق اخوت کو زیادہ سے زیادہ نقش کردوں۔ بعض ایسے اختلافی گوشوں کو بھی منتخب کر لیتا جو ان کے درمیان محلّ نزاع نہ تھے اور جو سب کے لیے موجبِ احترام و عقیدت تھے۔ ان گوشوں کو میں اس لیے چھیڑتا کہ انہیں سلف صالحین رحمہم اللہ کی مسامحت و رواداری کی دلیل میں پیش کردوں اور یہ بتا سکوں کہ اختلافی آراء کا احترام اور ان میں ہمارا باہم رواداری اختیار کرنا واجب ہے۔

## ایک مثال

مجھے یاد ہے کہ میں نے ایک مرتبہ اس موضوع پر اُن کے سامنے ایک عملی مثال بھی بیان کی۔ میں نے اُن سے پوچھا کہ آپ لوگوں میں سے کون صاحب حنفی المسلک ہیں؟

ایک شخص اُٹھ کر میرے پاس آگیا۔

پھر میں نے پوچھا: شافعی المسلک کون ہے؟

ایک اور صاحب یہ سُن کر آگے بڑھے۔

میں نے ان سے کہا کہ: "یہ دونوں ابھی میری امامت میں نماز پڑھیں گے۔ اے حنفی! قرأت فاتحہ کے بارے میں تو کیا مسلک اختیار کرے گا؟

حنفی نے کہا: میں خاموش رہوں گا اور فاتحہ نہیں پڑھوں گا۔"

شافعی سے میں نے دریافت کیا: "تم کون سا طریقہ اختیار کروگے؟"

Marfat.com

اُس نے جواب دیا: "میں لازماً فاتحہ پڑھوں گا۔"

اِس پر میں نے کہا: "جب ہم نماز سے فارغ ہوں گے تو اے شافعی بتا کہ تیرے بھائی حنفی کے بارے میں تیری کیا رائے ہو گی؟"

اُس نے کہا: "اُس کی نماز باطل ہو گئی۔ کیونکہ اُس نے امام کے پیچھے فاتحہ نہیں پڑھی۔ اور فاتحہ ارکانِ نماز میں سے ایک رکن ہے۔"

میں نے حنفی کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ حنفی صاحب شافعی بھائی کے عمل کے بارے میں تو کیا رائے رکھتا ہے؟

اُس نے جواب دیا: "اس نے مکروہ تحریمی کا ارتکاب کیا۔ مقتدی کا امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔"

میں نے دونوں سے مخاطب ہو کر کہا: "کیا تم ایک دوسرے کے فعل کو منکر سمجھ کر اُسے مٹانے کی کوشش کرو گے؟"

دونوں نے یک زبان ہو کر جواب دیا: "ہرگز نہیں!"

میں نے دیگر سامعین سے پوچھا کہ تم سب لوگ ان پر نکیر کرو گے؟

سب نے نفی میں جواب دیا۔

میں نے کہا: سبحان اللہ۔ اس معاملے میں تو تم سکوت کے لیے گنجائش نکال لو گے حالانکہ یہ نماز کے باطل ہونے یا صحیح ہونے کا معاملہ ہے۔ مگر تم کسی نمازی کے ساتھ اس بارے میں رواداری کا پہلو اختیار کرنے کے لیے تیار نہیں ہو کہ اُس نے تشہد میں "اللھم صلی علی محمد" کیوں پڑھا ہے یا "اللھم صلی علی سیدنا محمد" کیوں پڑھا ہے۔ اور اتنی سی بات کو تم لوگ اختلافی تصفیہ بنا لو گے اور ایک ہنگامۂ رستاخیز برپا کر

Marfat.com

دو گے !! ـــــــــ میرا یہ طریقِ دعوت خاصا مؤثر رہا۔ لوگ اپنے باہمی رویّے پر نظرِ ثانی کرنے لگے۔ اور اُن کے اندر یہ خیال راسخ ہو گیا کہ اللہ کا دین بہت کشادہ اور آسان ہے اور اس میں کسی ایک فرد یا گروہ کی اجارہ داری نہیں ہے۔ ہر چیز کا مرجع اللہ کی ذات اور اس کا رسول ہے۔ یا پھر مسلمین کی جماعت اور امام کی طرف رجوع کیا جائے گا اگر فی الواقع ان کی کوئی جماعت اور ان کا کوئی امام موجود ہو۔

## اسماعیلیہ کا معاشرہ

اسماعیلیہ کے اندر اپنے تدریسی سال کے نصف اوّل کا اکثر حصّہ میں نے اسی رنگ ڈھنگ میں گزارا۔ یعنی ۱۹۲۷ء کے بقیہ ماہ اور ۱۹۲۸ء کا اوائل اسی طرز میں بسر کیا۔ اس پورے عرصہ میں میرا یہ ہدف تھا کہ میں یہاں کے لوگوں کی اور شہر کے حالات کا باریک بینی اور دقتِ نظر کے ساتھ مطالعہ کروں اور اُن محرکات و عوامل کا کھوج لگاؤں جو اس معاشرے پر اثر انداز ہیں۔ چنانچہ میرا حاصلِ مطالعہ یہ ہے کہ یہاں چار عناصر کی کارفرمائی ہے۔ ایک علماء، دوسرے مشائخ طریقت تیسرے اعیانِ شہر اور چوتھے کلب۔

رہے علماء، تو میں نے ان کے ساتھ دوستی اور پورے احترام و توقیر کی روش اختیار کی۔ اور میں نے ہمیشہ یہ کوشش کی کہ درس یا تقریر یا خطبہ میں میں کسی عالمِ دین سے پیش قدمی نہیں کروں گا۔ چنانچہ اگر میں درس دے رہا ہوتا اور کوئی مولوی صاحب تشریف فرما ہو جاتے میں فوراً درس سے دست بردار ہو جاتا اور مولوی صاحب کو حاضرین کی خدمت میں پیش کر دیتا۔ میری اس روش نے علماء کے دلوں پر اچھا اثر قائم کیا اور انہوں نے ہمیشہ میرے حق میں کلمۂ خیر ہی کہا۔

ان دنوں ایک بڑا دلچسپ لطیفہ پیش آیا۔ ایک قدیم ازہری شیخ جنہوں نے ازہر

Marfat.com

شریف میں ازہر کے نظام قدیم کے تحت کئی سال گزارے تھے ——— اور وہ بحث و مباحثہ کے بڑے شائق تھے۔ اور ہمیشہ واعظین، علماء اور اصحابِ درس کو نامانوس مسائل چھیڑ کر تنگ کرتے رہتے تھے اور ایسے ایسے موضوعات و مطالب کو زیر بحث لاتے جو کتابوں کے قدیم حواشی اور دقیق و عمیق تاویلات سے ماخوذ ہوتے۔

ایک روز انہوں نے مجھے بھی اُلجھانا چاہا۔ مَیں لوگوں کے سامنے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قصّہ بیان کر رہا تھا۔ شیخ موصوف نے مجھ سے حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے والد کا نام دریافت کیا۔ مَیں مسکرایا اور اُن سے عرض کیا: مولانا شیخ عبد السّلام ——— اللہ تعالیٰ ان پر رحمت نازل فرمائے ——— روایات میں ہے کہ اس کا نام تارَخ ہے۔ اور آزر حضرت ابراہیم کے چچا کا نام ہے۔ قرآن کہتا ہے کہ آزر ان کا باپ تھا۔ اور اگر آزر کو چچا بھی تسلیم کر لیا جائے تو اس میں کوئی مانع نہیں ہے۔ اِس لیے کہ لُغتِ عرب میں چچا کو والد کہہ دیا جاتا ہے۔ بعض مفسّرین کہتے ہیں کہ آذر بُت کا نام ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے والد یا چچا کا نام نہیں ہے۔ اور آیت بتقدیرِ محذوف یوں ہو گی کہ اذ قال ابراھیم لابیہ "اتترک" آزر، اتتخذ اصناما آلھۃ (جب ابراہیم نے اپنے باپ سے کہا ترک کر دے آزر صنم کو، کیا تو بتوں کو خدا بنائے رکھے گا)۔ مَیں نے لفظِ تارخ کو رؔ کے زیر کے ساتھ پڑھا۔ یہ بیان ایجاز و اختصار کے باوجود میرے جیسے لوگوں کے لیے چونکہ تسلّی بخش تھا اس لیے شیخ نے یہ پسند نہ کیا کہ یہ معرکہ یُوں ہی سکون کے ساتھ گزر جائے۔ فرمانے لگے:

"حضرت ابراہیمؑ کے والد کا نام "تارُخ" رؔ کی پیش کے ساتھ ہے۔ آپ نے زیر پڑھی ہے۔"

Marfat.com

مَیں نے کہا: "چلیے پیش کے ساتھ ہی ہوگا۔ یہ بہرحال عجمی نام ہے۔ اس کا درست تلفظ اس زبان کے جاننے پر موقوف ہے۔ اصل مدّعا عبرت و نصیحت ہے۔" شیخ رحمہ اللہ ہر درس کے اندر میرے ساتھ اسی طرح کی چٹکیاں لیتے رہتے۔ منشا یہ تھا کہ عام سامعین اِن لاحاصل مجادلوں سے اُکتا کر بھاگ جائیں اور یہ خیبر خالی معرکہ آرائی دو مولویوں پر چھوڑ دیں۔ مَیں نے شیخ کے علاج کی ایک تدبیر سوچی۔ انہیں اپنے مکان پر دعوت دی۔ اور اُن کی خوب پذیرائی کی۔ اور فقہ اور تصوّف پر دو کتابیں ان کی خدمت میں ہدیۃً پیش کیں۔ اور اُنہیں اطمینان دلایا کہ جو کتابیں وہ پسند فرمائیں مَیں انہیں ہدیۃً پیش کرنے کے لیے تیار ہوں۔ حضرت شیخ اس پیشکش سے بے حد مسرور ہوئے۔ درس میں پابندی سے آتے رہے اور خوب توجہ و انہماک سے سُنتے رہے۔ اور لوگوں کو بھی درس میں شریک ہونے کی اصرار و تاکید کے ساتھ دعوت دینے لگے۔ مَیں نے دل میں کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس قدر درست فرمایا ہے کہ: "تہادوا تحابّوا (باہم ہدیوں کا تبادلہ کرو اس سے محبّت پیدا ہوگی)۔ کچھ دیر تک تو یہ طریقِ کار خوب کامیاب رہا۔ مگر انسانی نفس برابر قلابازیاں کھاتا رہتا ہے۔!

مشائخ اور پیرانِ طریقت کو لیجیے۔ اس شہر میں جس کے باشندے بڑے نیک دل ہیں، مشائخ اور پیرانِ طریقت کی گہما گہمی تھی۔ اور باہر سے بھی بکثرت مشائخ کا یہاں پھیرا رہتا تھا۔ شیخ حسن عبد اللہ المسلمی، شیخ عبود الشاذلی، اور شیخ عبد الوہاب الدندراوی وغیرہم کی مجلسیں میرے حافظے میں محفوظ ہیں۔ اِسی زمانے کی بات ہے کہ شیخ عبد الرحمان سعد اسماعیلیہ کے دَورے پر آئے۔ موصوف، شیخ حصافی کے خلفاء میں سے تھے اور ہمارے پیر بھائی۔ ان کا طریقہ یہ تھا کہ وہ پہلے درس دیتے اور وعظ فرماتے

Marfat.com

اور اس کے بعد محفلِ ذکر کی سرپرستی فرماتے۔ وہ مسجد میں تشریف لائے۔ میں انہیں نہیں پہچانتا تھا اور نہ وہ مجھے جانتے تھے۔ انہوں نے مسجد میں پہلے درس و وعظ کیا۔ اور پھر لوگوں کو ذکر میں شریک ہونے کی دعوت دی۔ میں نے دیکھا کہ یہ ذکر طریقۂ حصافیہ کے اسلوب کے مطابق ہے۔ چنانچہ میں نے موصوف سے اپنا تعارف کرایا۔ لیکن سچی بات یہ ہے کہ میں دعوت کو ایک مخصوص طریقے کے طور پر پھیلانے کا قطعاً کوئی جذبہ نہ رکھتا تھا۔ اس کے متعدد اسباب تھے۔ سب سے اہم سبب یہ تھا کہ میں دوسرے سلسلوں کے ہمنواؤں کے ساتھ رقابت دخصومت کو جنم نہیں دینا چاہتا تھا، اور نہیں چاہتا تھا کہ ہماری دعوت مسلمانوں کے چند مخصوص افراد کے اندر محصور رہے یا اسلام کے اصلاحی مشن کے صرف ایک گوشے پر مرکوز رہے۔ بلکہ میں نے پوری جدوجہد کی کہ میری دعوت عمومی رنگ سے آراستہ رہے۔ اس کا محور علم و آگہی ہو، تربیت و تزکیہ ہو اور جہاد و عمل ہو۔ اور یہ تینوں امور اسلامی دعوت کے بڑے بڑے ستون ہیں —— اور جو شخص اس کے بعد کسی مخصوص نوعیت کی تربیت میں ترقی کرنا چاہتا ہو وہ اپنی پسند پر عمل پیرا ہو سکتا ہے ——

لیکن اپنے اس نصب العین کے باوجود میں نے حصافی سلسلہ کے ایک اہم رہنما شیخ عبدالرحمٰن سعد کی پذیرائی کی اور اُن کا پُرتپاک استقبال کیا اور سلسلہ حصافیہ سے دلچسپی رکھنے والوں کو اُن سے اخذ و استفادہ کرنے اور اُن کے وعظ سننے کی تلقین کرتا رہا۔ کچھ عرصہ قیام کے بعد شیخ عبدالرحمٰن واپس چلے گئے۔

انہی ایام میں میرا تعارف سید محمد الحافظ تیجانی سے ہوا۔ جو اسماعیلیہ خاص طور پر اس غرض سے آئے تھے کہ لوگوں کو بہائیوں کی دسیسہ کاریوں اور مکارانہ چالوں سے ہوشیار کریں۔ کیونکہ اُن دنوں اسماعیلیہ کے نواح میں بہائی دعوت بڑی تند دمد کے ساتھ پھیل رہی

Marfat.com

تھی اور بہائی مبلّغین کمر کس کر میدان میں اُترے ہوئے تھے۔ سید محمد الحافظ نے عوام الناس کو بہائیوں سے خبردار کرنے، بہائیوں کی فریب کاریوں کا پردہ چاک کرنے اور ان کے افکار باطلہ کا پول کھولنے میں بڑے قابلِ قدر کارنامے سرانجام دیئے۔ ان کے علم وفضل، دین پسندی اور غیرتِ اسلامی کو دیکھ کر مَیں بڑا متاثر ہوا۔ لوگ سلسلۂ نیجانیہ پر غلوّ اور مبالغہ آرائی اور شریعت کی خلاف ورزی کے جو اعتراضات عائد کرتے ہیں، اس سلسلے میں مَیں نے اُن سے طول طویل بحثیں کیں، اور انہی باتوں میں کئی کئی راتیں جاگ کر کاٹیں۔ موصوف اہل فرقہ کے اُن افکار کو جن میں تاویل کی گنجائش ہوتی تاویل سے کام لیتے اور جو اسلام کے صاف وشفاف عقیدے سے متصادم ہوتے ان کی نفی کرتے اور اُن سے سختی کے ساتھ برا ءت کا اظہار کرتے۔ الغرض اِن اکثر مشائخ اور پیرانِ کرام کے ساتھ، جو وقتاً فوقتاً اسماعیلیہ وارد ہوتے رہتے تھے، میرا رویّہ یہ تھا کہ مَیں آدابِ طریقت کے مطابق اُن کے سامنے زانوئے ادب طے کرتا اور طریقت ہی کی زبان میں اُن سے ہمکلام ہوتا۔ اور پھر جب اُن سے خلوت آراء ہوتا تو ہر ایک کو مسلمانوں کی دُکھ بھری داستان سُناتا کہ کس طرح مسلمان دین کی مبادیات سے بھی بے خبر ہو چکے ہیں، ان کا شیرازہ پراگندگی کی نذر ہو چکا ہے، انہیں اپنے دینی اور دنیوی مفادات کا ہوش بھی نہیں رہا ہے۔ ان کا دین بھی عظیم الشّان خطرات کی زد میں ہے۔ کیونکہ اباحیت والحاد کی یلغار اُن کے اصل مراکز سے ٹکرا رہی ہے، اور ان کی دنیا بھی تباہی سے دوچار ہے کیونکہ غیر ملکی حملہ آور اُن کے ملک کی دولت پر غالب وقابض ہوتے جا رہے ہیں۔ اسماعیلیہ کی مغربی سمت میں برطانوی فوج کا کیمپ اور مشرقی جانب کینال سویز کمپنی کے دفاتر میرے واویلے کی جیتی جاگتی مثال ہیں۔ مَیں اِن پیرانِ طریقت کو یاد دلاتا کہ آپ کے پیرو کار

آپ پر پُورا پُورا اعتماد کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنی تکمیل آپ کے ہاتھ میں دے رکھی ہے۔ لہٰذا اُن کی طرف سے آپ کے کندھوں پر یہ سخت ذمہ داری عائد ہو چکی ہے کہ آپ انہیں راہِ خدا کی نشان دہی کریں اور خیر و فلاح کی جانب ان کی رہنمائی کریں۔ پھر میں اِن حضرات سے آخر میں یہ مطالبہ بھی کرتا کہ آپ لوگ اپنی تمام تر مساعی اس بات پر صَرف کریں کہ مریدوں کے ذہن علم و آگہی کی روشنی سے منوّر ہوں، اور وہ اسلام کی صحیح تربیت سے مزیّن ہوں، اور اسلام کی برتری اور اسلامی شان و شوکت کی بحالی کے لیے یک جان و یک زبان ہو جائیں۔

شیخ عبدالوہاب الدّنذ راوی رحمہ اللہ کی ملاقات بھی مجھے ابھی تک یاد ہے میں نے انہیں تقریباً اپنا ہی جیسا ہم عمر نوجوان پایا۔ کوئی بیس یا اکیس برس کی عمر ہو گی۔ راست بازی اور نیکوکاری ان کے اندر نظر آئی۔ میں ان کی مجلس میں بڑے ادب و احترام کے ساتھ بیٹھا رہا۔ جب مجلس عام ختم ہوئی تو میں نے درخواست کی کہ میں پرائیویٹ کمرے کے اندر اُن سے خلوت میں ملنا چاہتا ہوں۔ چنانچہ جب میں کمرے میں داخل ہوا تو میں نے اپنی رومی ٹوپی سر سے اُتار کر کُرسی پر رکھ دی اور ٹوپی پر جو عمامہ باندھ رکھا تھا اُسے بھی اُتار کر ٹوپی کے ساتھ رکھ دیا۔ موصوف کو میرے اس فعل پر اچنبھا ہوا کیونکہ اس سے پہلے انہیں ایسی صورتِ حال سے سابقہ پیش نہ آیا تھا۔ میں نے اُن سے کہا: برادرم، میری اِس کاروائی کو ہدفِ تنقید نہ بناؤ۔ میں نے یہ کام اس لیے کیا ہے تاکہ میں اُس ظاہری فرق کو ختم کر دوں جو میرے اور آپ کے درمیان پایا جاتا ہے، تاکہ میں صرف ایک مسلمان نوجوان سے ہم کلام ہو سکوں جس کا نام عبدالوہاب الدّنذ راوی ہے۔ لیجیے شیخ عبدالوہاب تو انہیں ہم مجلسِ عام میں چھوڑ آئے ہیں۔ برادرم، آپ عمر کی بیسویں بہاریں ہیں۔ اور بحمد اللہ آپ

Marfat.com

سرتاپا شباب، زندگی اور جذبہ ہیں۔ یہ انسانی اجتماعات آپ کے سامنے ہیں۔ ان انسانی گروہوں کو اللہ تعالیٰ نے آپ کے گرد جمع کر دیا ہے۔ یہ راتیں ذکر و مناجات میں گزار دیتے ہیں۔ اور اس کے علاوہ اور کچھ نہیں کرتے۔ ان میں سے اکثر کی حالت دوسرے مسلمانوں کی حالت سے مختلف نہیں ہے۔ وہی دین سے ناواقفیت، وہی اسلام کی عزت و عظمت کے احساس سے بیگانگی۔ کیا یہ صورتِ حال آپ کو پسند ہے؟"

موصوف نے برجستہ جواب میں کہا: "مَیں کیا کروں؟"۔

مَیں نے عرض کیا: " ان کے اندر علم و آگہی پیدا کریں، انہیں منظم کریں اور ان کا محاسبہ کریں۔ سلف صالحین کی سیرت و کردار کی انہیں تربیت دیں، اور اسلام کے نامور مجاہدوں کی تاریخ انہیں بتائیں۔"

الغرض ان موضوعات پر ہمارے درمیان دیر تک بات چیت ہوتی رہی۔ شیخ عبدالوہاب نے ان باتوں سے بڑا گہرا اثر لیا، اور ہم دونوں نے عملی جدّوجہد کا عہد کیا۔ یعنی ہم دونوں دینی بھائی بن کر اسلام کی ہمہ پہلو خدمت کریں گے، اسلام کی دعوت لوگوں کے دلوں میں نقش کریں گے۔ ہم میں سے ہر ایک اپنے اپنے میدان میں اور ماحول میں یہ فرض سرانجام دے گا۔ مَیں یہ شہادت دے سکتا ہوں کہ موصوف اس کے بعد جب بھی اسماعیلیہ آتے سب سے پہلے مجھ سے ملتے اور مجھے اطمینان دلاتے کہ وہ اپنے عہد پر بدستور قائم اور کاربند ہیں۔ اپنی وفات تک وہ اسی وطیرے کے پابند رہے اللہ تعالیٰ ان پر رحمتیں نازل فرمائے اور اس وفاشعاری کا انہیں نیک صلہ عطا فرمائے۔

### معززین شہر کے ساتھ

اسماعیلیہ کے اعیان و معززین اس زمانے میں دو قسم کے افکار کی نمائندگی کر رہے تھے۔

Marfat.com

اس کی تہ میں دراصل وہی مذہبی اختلاف تھا جو بعض مسائل میں علماء کے اختلاف کی وجہ سے رونما ہو چکا تھا ـــــ مگر درحقیقت اس اختلاف کو ہوا دینے میں شخصی اور خاندانی امور کا بہت بڑا دخل تھا۔ اور یہ بات مصری معاشرے میں بالعموم پائی جاتی ہے۔ شہر سے باہر کا اگر کوئی ملازم یہاں آجاتا تو اس کے لیے ناگزیر ہوتا تھا کہ وہ اعیانِ شہر سے رابطہ استوار کرے، اور ان کے گھروں میں آمد و رفت رکھے۔ چنانچہ سرکاری ملازم جو اعیانِ شہر سے میل جول رکھتے تھے تقریباً دو کیمپوں میں تقسیم ہو چکے تھے۔ ہر شخص اعیانِ شہر کے دونوں کیمپوں میں سے کسی ایک کیمپ کے ساتھ اپنا رشتہ استوار کر چکا تھا۔ لیکن میرا احساس یہ تھا کہ دعوت کا عمومی مزاج ـــــ جب کہ یہ دعوت اخوت کی دعوت ہے اور مودّت و الفت سے اس کا خمیر تیار ہوا ہے ـــــ مجھ پر لازم ٹھیراتا ہے کہ میں بیک وقت دونوں فریقوں سے مربوط رہوں۔ اور ان سے میرا رابطہ بالکل واضح اور عیاں ہونا چاہیئے۔ چنانچہ میں جب دونوں فریقوں کے زعماء میں سے کسی کے مکان پر جاتا تو میں یہ طے کر لیتا کہ میں یہاں اس کے حریف اور مدِّمقابل کے بارے میں کچھ نہ کچھ ضرور کہوں گا۔ اور یہ تاثر دوں گا کہ وہ آپ کے حق میں خیر و فلاح کے سوا قطعاً کوئی جذبہ نہیں رکھتے۔ اور ہمیشہ نیک نامی کے ساتھ یاد کرتے رہتے ہیں۔ اور اب دونوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ ہر اُس کام میں باہمی تعاون کریں جس میں اُن کے شہر کی بہبود و فلاح ہے۔ اور خود اسلام بھی تعاون علی الخیر کا حکم دیتا ہے۔ الغرض میں ان محفلوں میں اسی نوعیت کے مسائل چھیڑے رہتا جس سے دلوں میں تقارب پیدا ہو۔ اور اگر میں کسی دوسرے شخص کو بھی ایک فریق کے مکان پر دوسرے فریق کی تنقیص و عیب جوئی کرتے ہوئے سُن لیتا تو میں فوراً اُسے ٹوک دیتا اور اُسے توجہ دلاتا کہ بھلائی اس میں ہے کہ آپ اتحاد و

Marfat.com

یگانگت کے سفیر بنیں اور کوئی ایسی بات اِدھر سے اُدھر منتقل نہ کریں جو اِس کارِ خیر کے لیے مددگار نہ ہو۔ اور غیبت و بدگوئی میں ملوّث ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ غیبت گناہ کبیرہ ہے ——— میری یہ باتیں یقیناً دوسرے فریق کی طرف بھی پہنچا دی جاتی تھیں ——— جیسا کہ ایک چھوٹے پیمانے کے شہر میں یہ بیماری بالعموم پائی جاتی ہے۔ ——— اور فریق ثانی کے لیے خوشی اور مسرّت کا موجب ہوتیں۔ اِس اسلوبِ کار کی بدولت میں بیک وقت دونوں فریقوں کی دوستی اور احترام حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔ اور پھر جب بعد میں "اخوان المسلمون" کی باقاعدہ تنظیم وجود میں آئی تو اخوان کی دعوت پر مختلف الخیال طبقات کے مجتمع ہو جانے میں میرے اس اسلوب کا بہت بڑا دخل تھا۔

## کلبوں کی دُنیا

اس زمانے میں اسماعیلیہ کے اندر ایک لیبر کلب تھا جسے انجمن امداد باہمی نے قائم کیا تھا۔ اور مزدوروں کے حلقے میں یہ کلب اپنا مشن بحسن و خوبی انجام دے رہا تھا۔ اِس کلب کے اندر تعلیم یافتہ نوجوانوں کا ایک چیدہ گروہ بھی تھا جس کے اندر بھلائی کی بات سُننے اور سیکھنے کی آمادگی پائی جاتی تھی۔ انجمن انسداد مسکرات کی ایک برانچ بھی قائم تھی جس میں مسکرات سے متعلق لیکچر اور مذاکرات ہوتے رہتے تھے۔ میں نے اس موقع سے پُورا پُورا فائدہ اٹھایا اور دونوں اداروں کے ساتھ راہ و رسم پیدا کر لی۔ اور مذہب، معاشرت اور تاریخ کے موضوعات پر لیکچروں کا سلسلہ شروع کر دیا۔ میرے یہ لیکچر بہت سے تعلیم یافتہ افراد کے دلوں کو آئندہ دعوت کے لیے تیار کرنے کا کارگر ذریعہ ثابت ہوتے۔

Marfat.com

## قاہرہ سے رابطہ

گو اسماعیلیہ کے اندر میری تمام تر توجہ فکری دعوت کو راسخ کرنے اور اُس کے لیے ذہن و قلب ہموار کرنے پر مرکوز تھی مگر بایں ہمہ میں قاہرہ کے اندر اُن دنوں اُٹھنے والی نحیف سی اسلامی لہر اور اس کے رجحانات و مقاصد سے بھی غافل نہ تھا۔ مجلہ الفتح کے ساتھ میرا مکمل رابطہ قائم تھا، اور اسماعیلیہ کے اندر میں الفتح کی دعوت کو پوری جدّوجہد کے ساتھ پھیلا رہا تھا اور زیادہ سے زیادہ اُس کے خریدار پیدا کر رہا تھا۔ کیونکہ یہ مجلّہ روشنی کی وہ پہلی کرن تھی جس کی ضوء میں اِسلامی تحریک کے علمبردار آغازِ سفر کرنے والے تھے۔

## جمعیت شبان المسلمین

نوجوانوں کے اس گروپ کے ساتھ بھی میرا رشتہ برابر استوار تھا جن کے ساتھ قاہرہ میں تعارف ہو چکا تھا اور جن کے ساتھ یہ عہد ہو چکا تھا کہ ہم سب مِل جُل کر اسلام کی ہمہ گیر دعوت کا کام کریں گے۔

مجھے اس وقت کس قدر شدید فرحت ہوئی جب میں نے ایک صبح اخبارات کے اندر یہ خبر پڑھی کہ "شبان المسلمین" کے نام سے ایک جمعیت قائم کرنے کے لیے پہلا اجتماع منعقد ہو چکا ہے، اور مرحوم عبدالحمید بک سعید کو اس کا صدر منتخب کر لیا گیا ہے۔ یہ سب کچھ اُن اہلِ ایمان نوجوان بھائیوں کی کوششوں کا نتیجہ تھا جن کا ذکر میں اُوپر کر آیا ہوں۔ مجھے یاد ہے کہ میں نے خبر پڑھتے ہی عبدالحمید بک سعید کو ایک خط لکھا جس میں میں نے اعلان کر دیا کہ میں بھی اس جمعیت میں شریک ہوں۔ چنانچہ میں بڑی پابندی کے ساتھ جمعیت کو مقررہ اعانت بھیجتا رہا اور اُس کی رفتارِ کار کا مسلسل جائزہ لیتا رہا اور جو انقلابات و حوادث اُسے پیش

Marfat.com

تے رہے ان کا پورے انہماک سے مطالعہ کرتا رہا۔ قاہرہ کے اندر میری پہلی اہم تقریر شبان المسلمین[1] کی جمعیت کے کلب کے اندر ہوئی۔ میرا گمان یہ ہے کہ اس تقریر کا عنوان تھا:
"دو تہذیبوں کا موازنہ" میں ہمیشہ —— اور اب بھی —— جمعیت شبان المسلمین کے بانیوں اور کارکنوں کی زریں اسلامی خدمات کی قدر دانی کرتا رہا ہوں۔ ان میں سے چند حضرات کے نام ابھی تک مجھے یاد ہیں مثلاً ڈاکٹر یحیی الدردیری، استاذ محمود علی فضلی، استاذ محمد الغمراوی، سید محب الدین الخطیب وغیرہم۔ اللہ تعالیٰ ان سب حضرات کو اسلام اور مسلمانوں کی طرف سے نیک جزا عطا فرمائے۔

## ایک دلچسپ واقعہ

ایک طرفہ صورت پیش آئی۔ اسماعیلیہ میں ہمیں اُترے ہوئے چالیس روز ہو گئے تھے۔ چھوٹے درجے کے ہوٹلوں میں (جنہیں ہم "بنسیونات" کہا کرتے تھے) مزید قیام رکھنا ہمارے لیے خوشگوار نہ رہا۔ ہم نے ایک پرائیویٹ مکان کرائے پر لے لیا۔ اتفاق ایسا ہوا کہ ہمیں مکان کی سب سے آخری منزل میں جگہ ملی۔ اس مکان کی درمیانی منزل پوری کی پوری مصری عیسائیوں کے ایک گروپ نے لے رکھی تھی اور وہاں انہوں نے اپنا ایک کلب اور ایک کلیسا قائم کر لیا۔ اور سب سے نچلی منزل مکمل طور پر یہودیوں کی ایک جماعت نے کرایہ پر لے لی۔ انہوں نے بھی وہاں کچھ حصہ کلب اور صومعہ کے لیے مخصوص کر لیا۔ ہم بالاترین منزل پر رہتے تھے۔ ہم وہاں باقاعدہ نماز قائم کرتے اور اس غرض کے لیے ہم نے بھی ایک

---

[1] جمعیت الشبان المسلمین ابھی تک مصر میں قائم ہے۔ فوجی انقلاب کے بعد اسے نیم سرکاری ادارہ کی حیثیت دیدی گئی۔ اس کے موجودہ صدر ابراہیم الطحاوی حکومت کے نمائندے سمجھے جاتے ہیں۔ (مترجم)

Marfat.com

جگہ مسجد کے لیے مخصوص کر لی۔ گویا یہ مکان تینوں مذاہب کی نمائندگی کر رہا تھا۔ صومعہ کی کلید بردار بڑھیا امّ شالوم کبھی نہیں بھلائی جا سکتی۔ یہ بڑھیا ہر سبت (ہفتہ) کی رات ہم سے درخواست کرتی کہ ہم اُس کی بتیاں روشن کر دیں اور گیس کا چولہا جلانے میں اُس کا ہاتھ بٹائیں (کیونکہ یہودی سبت کی رات کو کوئی کام کرنا جائز نہیں سمجھتے)۔ ہم اُسے چھیڑتے رہتے اور کہتے:

"کب تک یہ ڈھکوسلے اور مکر و فریب کا کاروبار چلاتے رہو گے۔ اللہ تعالیٰ کے آگے یہ مکر و فریب نہیں چلتے

اگر اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے سبت کے دن روشنی اور آگ دونوں چیزیں حرام قرار دے دی ہیں جیسا کہ تم دعویٰ کرتے ہو تو کیا روشنی اور آگ سے استفادہ بھی حرام ٹھہرایا ہے یا نہیں؟" بڑھیا ہماری بات سُن کر معذرت پیش کر دیتی۔ اور یوں ہمارا مجادلہ بعافیت ختم ہو جاتا۔

عکسِ اسماعیلیہ

اسماعیلیہ دل و دماغ پر عجیب و غریب کیفیت پیدا کرتا تھا۔ اسماعیلیہ کے مغرب میں یہ انگریزی فوج کی چھاؤنی واقع ہے جو اپنے رُعب داب۔ اور شان و شوکت کی دھاک بٹھا رہی ہے۔ اور ہر غیور اور محبِّ وطن شخص کے دل میں اندوہ و غم کے جذبات بھڑکا رہی ہے۔ اور اُسے مجبور کر رہی ہے کہ وہ اس مبغوض استعمار کی تاریخ بار بار یاد کرتا رہے۔ اُسے یہ یاد رہے کہ اس استعمار نے مصر پر کیا کیا ہولناک مصائب توڑے، مادّی اور علمی طور پر اُسے کیسے کیسے سنہرے مواقع سے محروم کیا۔ مصر کی ترقی و تعمیر کی راہ میں وہ کس طرح روڑا بنا ہوا ہے اور ساٹھ سال سے عربوں کی وحدت اور مسلمانوں کے اتحاد میں کیونکر مانع ہو رہا ہے۔

یہ خوشنما اور پُرشکوہ دفتر ——— سویز کینال کی کمپنی کا انتظامی دفتر ——— اپنی پوری سطوت و شوکت اور حُسن و جمال کے ساتھ موجود ہے۔ اس میں مصری آ کر چاکری

Marfat.com

کرتے ہیں اور یہ دفتر اُن کے ساتھ وہی سلوک کرتا ہے جو مظلوم غلام کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ مگر غیر ملکیوں کی یہاں بڑی تکریم و توقیر ہوتی ہے اور انہیں حکمرانوں اور اہل کاروں کا مرتبہ دیا جاتا ہے۔ یہ دفتر شہر کے تمام عوامی امور کا واحد نگران اور اجارہ دار ہے۔ روشنی، پانی، صفائی اور وہ تمام معاملات جو بلدیاتی کونسلروں کے ہاتھ میں ہوتے ہیں کمپنی نے اپنے ہاتھ میں لے رکھے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ تمام راستے اور سڑکیں جو اسماعیلیہ ——— ایک روایتی مصری شہر ——— کی طرف آتی ہیں کمپنی کے قبضے میں ہیں۔ کوئی شخص کمپنی کے پروانۂ راہداری کے بغیر یہاں داخل نہیں ہوسکتا اور نہ اس کی اجازت کے بغیر یہاں سے باہر جاسکتا ہے۔

یہ وسیع و عریض کوٹھیاں ہیں جو پوری افرنگی کالونی میں پھیلی ہوتی ہیں۔ ان میں کمپنی کے غیر ملکی ملازم مقیم ہیں۔ ان کے بالمقابل عرب مزدوروں کے مکانات ہیں، پست اور تنگ و تاریک۔ تمام بڑی بڑی شاہراہوں پر جتنی تختیاں نصب ہیں وہ اسی معاشی استعمار کی زبان میں لکھی ہوئی ہیں جو عربوں کے سر پر دندنا رہا ہے۔ یہاں تک کہ شارع مسجد کا نام بھی یوں لکھا ہوا ہے: RUE DE LE MOSQUE - ان تختیوں کے ذریعہ غیر ملکی ناموں کو یہاں دوام بخشنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ مثلاً نگرلی، البرٹ، اوجینے.... وغیرہ وغیرہ۔

یہ تمام واردات و حقائق مِل جُل کر دل پر اثر انداز ہو رہے تھے۔ علی الخصوص ان کی اثر اندازی اُس وقت اور شدید ہو جاتی جب کوئی شخص اسماعیلیہ کے گھنے باغات اور اس کے نغمہ ریز گلستانوں میں یا التمساح جھیل کے خوبصورت ساحل پر یا صحراء کے قدرتی جنگلات کے وسط میں بیٹھ کر ان تمام امور پر گریبان میں منہ ڈالے غور کرتا۔

Marfat.com

بے شک اسماعیلیہ کے ماحول نے راقم کے دل و دماغ پر ایسے بکثرت اثرات و واردات نقش کر دیئے ۔ دعوت کی تشکیل اور داعی کی ساخت و پرداخت میں ان اثرات و واردات کا بہت بڑا دخل تھا۔

## الاخوان المسلمون

جہاں تک مجھے یاد ہے یہ ذوالقعدہ ۱۳۴۷ھ مطابق مارچ ۱۹۲۸ء کی بات ہے کہ مندرجہ ذیل چھ احباب گھر پر مجھے ملنے کے لیے آئے: حافظ عبدالحمید، احمد الحصری، فؤاد ابراہیم، عبدالرحمان حسب اللہ، اسماعیل عز، اور زکی المغربی۔ یہ حضرات میرے ان درسوں اور تقریروں سے متاثر تھے جو میں اسماعیلیہ میں وقتاً فوقتاً کرتا رہتا تھا۔ ان لوگوں نے مجھ سے دعوت کی گفتگو چھیڑ دی۔ اس وقت ان کی آواز میں گرج، آنکھوں میں چمک اور چہروں پر ایمان و عزم کی روشنی دمک رہی تھی۔ کہنے لگے:

"ہم نے آپ کی تقریریں سُنی ہیں، انہیں دل کی گہرائیوں میں نقش کیا ہے اور ان کا ہم پر غیر معمولی اثر ہوا ہے۔ لیکن ہم یہ نہیں جانتے کہ اسلام کی عزت اور مسلمانوں کی بہبود کا عملی طریقہ کیا ہے۔ موجودہ طرزِ حیات سے ہم بیزار ہیں۔ یہ ذلت اور قید کی زندگی ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ اس ملک کے اندر عربوں اور مسلمانوں کا کوئی مقام و مرتبہ اور عزت و وقار نہیں ہے۔ وہ بس غیر ملکیوں کے ذریعہ دار مزدوروں کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ہمارے پاس صرف یہ خونِ گرم ہے جو رگوں میں غیرت و خودی کی حرارت لیے دوڑ رہا ہے۔ یہ جانیں ہیں جو ایمان و شرف کے احساس سے لبریز ہیں۔ یہ چند درہم ہمارے ہاتھ میں ہیں جو ہم اپنے بچوں کا پیٹ کاٹ کر لائے ہیں۔ جس طرح آپ کام کا راستہ

Marfat.com

سمجھ سکتے ہیں ہم نہیں سمجھ سکتے۔ جس طرح آپ وطن، دین اور ملت کی خدمت کی
سبیل جانتے ہیں ہم نہیں جان سکتے۔ ہم اس وقت جو خواہش لے کر یہاں آئے
ہیں وہ یہ ہے کہ جو کچھ ہماری ملکیت میں ہے وہ آپ کو پیش کر دیں تاکہ ہم اللہ
کے حضور اپنی ذمہ داری سے بری ہو سکیں۔ ہمیں کیا کرنا چاہیئے اس کی ذمہ داری
آپ پر ہے۔ جو گروہ اخلاص کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ساتھ یہ عہد باندھتا ہے
کہ وہ اس کے دین کے لیے زندہ رہے گا اور دین کی راہ میں مرے گا، اور اُسے
صرف اللہ کی رضا درکار ہو گی ——— ایسا گروہ اس امر کا مستحق ہے کہ
وہ کامیاب و کامران ہو خواہ اس کی تعداد کم ہو اور اس کے وسائل ہیچ
ہوں۔"

اس مخلصانہ صدا نے میرے دل پر گہرا اثر ڈالا۔ جو بوجھ مجھ پر لادا گیا اُس سے فرار کی راہ اختیار نہ کر سکا۔ یہ وہی بوجھ ہے جس کی مَیں خود دعوت پیش کر رہا ہوں، اور جس کے لیے مَیں تگ و دو کر رہا ہوں، اور جس کے گرد لوگوں کو جمع کرنے کے لیے کوشش کر رہا ہوں۔ مَیں نے تاثر و انفعال کے جذبات میں ڈوبتے ہوئے انہیں کہا:

"اللہ تعالیٰ آپ کی مساعی کو قبول فرمائے، اور ان نیک ارادوں
میں برکت بخشے اور ہم سب کو عمل صالح کی توفیق ارزاں فرمائے جس سے
اُس کی رضا بھی حاصل ہو اور خلقِ خدا کو بھی فائدہ پہنچے۔ ہمارا فرض محنت و
کوشش ہے۔ کامیابی اللہ کے ذمّے ہے۔ آیئے ہم اللہ سے عہد کریں کہ
ہم اسلام کی دعوت کے سپاہی بنیں گے، اسی دعوت کے اندر وطن کی زندگی
اور قوم کی عُمر خِردی ہے۔"

Marfat.com

چنانچہ عہد و بیعت وقوع پذیر ہوئی۔ ہم نے یہ حلف اٹھایا کہ ہم باہم بھائی (اخوان) بن کر جئیں گے، اسلام کے لیے کام کریں گے اور اسلام کی راہ میں جہاد ہمارا شعار ہوگا۔

ایک دوست نے اُٹھ کر کہا: ہم اپنے آپ کو کس نام سے پکاریں؟ کیا ہم کوئی انجمن ہوں گے یا کلب؟ یا سلسلہ یا کوئی ایسوسی ایشن۔ تاکہ ہم کوئی رسمی حیثیت اختیار کر سکیں؟

مَیں نے کہا: ان میں ہم کچھ بھی نہ ہوں گے۔ مظاہر پرستی اور رسمیات سے ہم دُور ہی اچھے۔ ہمارے اس اجتماع و اتحاد کی بنیاد ہونی چاہیئے: ایک مخصوص نظریہ و عقیدہ، مخصوص اخلاقی تصوّرات اور مخصوص منہاج کار۔ اسلام کی خدمت کے لیے ہم آپس میں رشتۂ اخوت سے وابستہ ہیں۔ لہٰذا ہم مسلمان بھائی ہیں اور ہمارا نام ہے:

"الاخوان المسلمون"

یہ نام یکایک زبانوں پر جاری ہو گیا۔ اور پھر یہ ضرب المثل بن گیا۔ یُوں ان چھ افراد کے اتحاد سے اخوان المسلمون کی پہلی جماعت تشکیل ہوئی۔ مذکورہ مقاصد کی خاطر، اس سادہ سی تقریب میں، اور اس ناگہانی اور اتفاقی اصطلاح کے تحت۔

### مدرسہ تہذیب و تربیت

پھر ہم نے یہ مشورہ کیا کہ ہم اجتماع کہاں منعقد کیا کریں، اور اجتماع کا پروگرام کیا ہوا کرے۔ آخر کار ہم اس بات پر متفق ہو گئے کہ ہم شیخ علی الشریف کے مکتب میں شارع فاروق پر ۶۰ قرش ماہانہ کا ایک درویشانہ کمرہ کرائے پر لے لیں۔ اس میں ہم اپنی ضروری اشیاء بھی رکھیں، اور اپنے خصوصی اجتماعات بھی منعقد کریں۔ اس شرط پر کہ ہمیں یہ حق ہوگا کہ جب طلبہ گھروں کو چلے جایا کریں تو ہم عصر سے لے کر رات تک مکتب کے سامان سے استفادہ کر سکیں۔ اس

Marfat.com

جگہ کا نام الاخوان المسلمون کا مدرسۃ التہذیب رکھا جائے گا۔ اس کا نصاب اسلامیات کی تعلیم ہوگا جس میں بنیادی مضمون قرآن مجید کی صحیح قراءت ہوگی۔ اس مدرسہ سے تعلق رکھنے والا یا دوسرے لفظوں میں اس دعوت سے وابستگی رکھنے والا اخ احکام تجوید کے مطابق قرآن کریم کی تلاوت کرے گا۔ پھر چند آیات اور سورتوں کے زبانی حفظ کی کوشش ہوگی اور ان آیات اور سورتوں کی مناسب و موزوں تفسیر بیان کی جائے گی۔ چند احادیث بھی حفظ کرائی جائیں گی اور ان کی تشریح کی جائے گی۔ عقائد و عبادات کی تصحیح، اسلامی قوانین اور اسلام کے اجتماعی آداب کے فلسفہ و حکمت کی تشریح، اسلامی تاریخ، سیرت رسول اللہ اور سلف صالحین کی سیرت کی آسان انداز میں تدریس ہوگی جس کا مقصد عملی اور روحانی پہلوؤں کو اجاگر کرنا ہوگا۔ نیز باصلاحیت افراد کو خطابت و تبلیغ کی تربیت دی جائے گی۔ اور اس غرض کے لیے انہیں نظم و نثر کے ضروری حصّوں کو زبانی یاد کرایا جائے گا۔ یہ تمام امور مدرسہ کے نصاب میں شامل ہوں گے۔ نیز عملی مشق کے طور پر اخوانِ مدرسہ کو پہلے اپنے ہی ماحول میں تدریس و تقریر کی تکلیف دی جائے گی اور پھر آہستہ آہستہ انہیں وسیع تر ماحول میں اس خدمت پر مامور کیا جائے گا۔ اس مخصوص نصابِ تعلیم کے گرد اخوان المسلمون کا پہلا گروپ مدرسۃ التہذیب سے وابستہ ہوا جو ۱۹۲۷ — ۱۹۲۸ء کے تعلیمی سال کے اختتام پر ستّر افراد کے لگ بھگ کی تعداد کو پہنچ گیا۔

## آثارِ تربیت

مگر ہمارے لیے یہ تعلیمی پروگرام ہی سب کچھ نہ تھا۔ بلکہ عملی تربیت کے اثرات جوان حضرات کے دلوں میں باہمی میل ملاپ، عملی تصرفات، متبادل محبّت و مؤدّت، امورِ زندگی میں کُلّی تعاون اور سرکارِ خیر کے لیے ان کی قلبی آمادگی کے سبب پیدا ہو رہے تھے اس جماعت

Marfat.com

کی تعمیر وساخت میں سب سے مضبوط اور قوی عامل تھے ۔ مجھے یاد ہے کہ میں ایک مرتبہ اخ سعید ابوالسعود رحمہ اللہ کے ہاں گیا ۔ موصوف بساطی کی دکان کرتے تھے ۔ اخ مصطفیٰ یوسف ان سے خوشبودار تیل کی ایک بوتل خریدتے ہیں ۔ خریدار اس کے دس قرش دینا چاہتا ہے مگر فروخت کنندہ ۸ قرش سے زیادہ لینے سے انکار کر دیتا ہے ۔ دونوں میں کوئی شخص اپنے موقف سے ہٹنے کے لیے تیار نہیں ہے ۔ اس منظر نے میرے دل پر بہت اثر ڈالا ۔ میں نے معاملہ میں دخل دیا ۔ اور قیمت خرید کا بل مانگا ۔ چنانچہ اس میں میں نے دیکھا کہ اصل قیمت جس میں اخ سعید ابوالسعودؒ نے یہ تیل خریدا ہے وہ " درجن ۶ و قرش " ہے ۔ اور اسی قیمت پر وہ اپنے بھائی کے ہاتھ بیچنا چاہتا ہے ۔ میں نے سعید ابوالسعود سے کہا کہ اگر آپ اپنے دوست سے کوئی نفع نہ لیں اور آپ کا دشمن آپ سے کوئی چیز نہ خریدے تو بتائیے آپ کھائیں گے کہاں سے ؟ وہ کہنے لگے :

میرے اور میرے بھائی کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے ۔ میری خوشی اسی میں ہے کہ وہ میری اس پیشکش کو قبول کر لے ۔

میں نے اخ مصطفےٰ یوسف سے کہا : تم اپنے بھائی کی اس پیشکش کو قبول کیوں نہیں کر لیتے ؟ کہنے لگے : " اگر میں کسی اور دوکاندار سے یہی مال دس قرش میں خریدتا ہوں تو میرا بھائی اس قیمت کا زیادہ مستحق ہے ۔ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ وہ اس سے بھی زیادہ قبول کرنے کے لیے تیار ہیں تو میں اور بھی اضافہ کر دیتا " ۔

بہرحال میں نے دخل دیا اور ۹ قرش پر معاملہ ختم ہوا ۔

حقیقت یہ ہے کہ بات ایک قرش یا دو قرشوں کی نہیں ہے ۔ بلکہ یہ اُس نفسیاتی کیفیت کی بات ہے جو اگر انسانوں کے اندر عام ہو جائے اور وہ اس کا احساس کرنے لگیں اور اُن کے ذہن د

Marfat.com

قلب پر چھا جائے تو اس کی برکت سے انفرادی، اجتماعی اور عالمی مشکلات حل ہو جائیں۔ اور انسان امن و سعادت کی زندگی بسر کرنے لگیں۔

ان اخوان کے علم میں یہ بات آئی کہ ان کا ایک رفیق بے روزگار ہے۔ چنانچہ ان میں سے دس سے زیادہ رفقاء اُس کے پاس آئے پھر ایک نے الگ الگ اُس کے کان میں کچھ کہا اور اپنی جمع شدہ پونجی کا ایک حصّہ پیش کیا۔ تاکہ کچھ سرمایہ جمع ہو جائے اور اُن کا بے روزگار بھائی اس سے کوئی کاروبار کر سکے۔ مَیں نے بعض کی پیشکش پر اکتفا کیا۔ اور باقی کو شکریہ کے ساتھ معذرت کر دی۔ چنانچہ وہ افسوس و اندوہ کے جذبات کے ساتھ واپس ہوئے کیونکہ وہ امداد کے اجر و ثواب سے محروم ہو گئے تھے۔

## جماعت کے اوّلین بانیوں کے کردار کی چند مثالیں

برادران تمام معاملات و تصرفات میں احکام اسلام کی پابندی اور اپنے تمام اقوال و افعال میں خواہ اپنے ساتھیوں سے متعلق ہوں یا دوسرے انسانوں سے، اسلامی اخلاق و احساسات کا مظاہرہ کرنے میں ایک عمدہ مثال اور پاکیزہ نمونہ بن چکے تھے۔

کینال کمپنی کے چیف انجینئر اور سکیسون ڈیپارٹمنٹ کے انچارج مسٹر سولنٹ نے اخ حافظ کو بلوایا اور اُن سے اپنی رہائش گاہ پر بخاری کے بعض آلات کی مرمّت کروانا چاہی۔ مسٹر سولنٹ نے اُن سے مزدوری دریافت کی، اخ حافظ نے ۱۳۰ قرش مزدوری بتائی۔

مسٹر سولنٹ نے فوراً عربی میں کہا: "تم لٹیرے ہو۔"

اخ حافظ نے اپنے آپ پر قابو پاتے ہوئے بڑے اطمینان کے ساتھ اُسے کہا: "کیونکر"

مسٹر سولنٹ نے کہا: اس لیے کہ تم اپنے حق سے زیادہ مانگ رہے ہو۔"

اخ حافظ نے کہا: مَیں آپ سے کچھ نہیں لوں گا۔ آپ اپنے ماتحت انجینئروں میں سے

Marfat.com

کسی سے دریافت کرلیں۔ اگر اُس کی رائے ہو کہ میں نے مناسب مقدار سے زیادہ اُجرت طلب کی ہے تو میں بطورِ سزا یہ کام مفت کر دوں گا۔ اور اگر اُس کا خیال ہو کہ میرا مطالبہ صحیح ہے تو میں اس زیادتی پر آپ سے مسامحت سے کام لوں گا۔

مسٹر سولنٹ نے بالفعل ایک انجینئر کو بلوایا اور اُس سے اُجرت دریافت کی۔ اُس نے اندازے سے کہا کہ یہ کام دو سو قرش میں ہو گا۔ چنانچہ مسٹر سولنٹ نے ارخ حافظ سے کہا کہ:

"چلو کام شروع کر دو۔"

حافظ نے کہا: "میں شروع کر دوں گا۔ لیکن تم نے میری توہین کی ہے۔ لہٰذا تمہیں پہلے معذرت کرنی چاہیئے۔ اور اپنے الفاظ واپس لینے چاہئیں۔"

یہ فرانسیسی افسر غصّے سے لال پیلا ہو گیا۔ اور فرانسیسیوں کی مشہور گرمیٔ طبع اُس پر غالب آگئی۔ اور قرآنی آیت اخذتہ العزۃ بالاثم کا مصداق بن گیا۔ اور کہنے لگا: "تو چاہتا ہے کہ میں تجھ سے معذرت کروں۔ تو کون ہوتا ہے؟ اگر خود شاہ فؤاد بھی آجائے تو میں اس سے معذرت نہ کروں۔"

حافظ نے بڑے دھیمے انداز میں اُس سے کہا: "مسٹر سولنٹ، آپ یہ دوسری غلطی کر رہے ہیں۔ آپ شاہ فؤاد کے ملک میں ہیں۔ آداب مہمانی اور احسان شناسی دونوں کا تقاضا ہے کہ آپ ایسی بات ہرگز منہ سے نہ نکالیں۔ اور میں آپ کو ہرگز یہ اجازت نہ دوں گا کہ آپ ادب و احترام کو بالائے طاق رکھ کر شاہ فؤاد کا ذکر کریں۔"

مسٹر سولنٹ حافظ سے منہ پھیر کر وسیع ہال کے اندر چہل قدمی کرنے لگا۔ اس کے دونوں ہاتھ پتلون کی جیبوں میں تھے۔ حافظ نے اپنے آلات نیچے رکھ دیئے اور ایک کرسی پر بیٹھ گئے اور ایک میز پر ٹیک لگالی۔ کچھ دیر تک فضا میں سکوت طاری رہا۔ صرف غضب ناک اور

Marfat.com

حیران و ششدر مسٹر سولنٹ کے پاؤں کی آہٹ سنائی دیتی۔

تھوڑی دیر کے بعد مسٹر سولنٹ حافظ کی جانب بڑھا اور کہنے لگا: "فرض کرو میں تم سے معذرت نہیں کرتا۔ تم میرا کیا کر لوگے؟

حافظ نے کہا: معاملہ آسان ہے پہلے تمہارے قنصل اور تمہارے سفیر کے نام ایک رپورٹ لکھوں گا۔ پھر پیرس میں سویز کمپنی کی اعلیٰ انتظامی کونسل کے دفتر کو اس سے مطلع کردوں گا۔ پھر فرانس کے مقامی اخبارات اور دوسرے غیر ملکی اخبارات کو اس سلسلے میں خطوط لکھوں گا۔ اور پھر انتظامی کونسل کا جو رکن بھی یہاں آئے گا اُس کی جستجو کروں گا اور اس تک یہ شکایت پہنچاؤں گا۔ اور اگر بایں ہمہ مجھے اپنا حق وصول نہ ہوا تو پھر میرا آخری حربہ یہ ہوسکتا ہے کہ سڑک کے بیچوں بیچ علیٰ رؤوس الاشہاد آپ کی توہین کرڈالوں۔ اور شاید اس طرح میں وہ مقصد حاصل کرلوں جس کا میں نے مصمم ارادہ کر رکھا ہے۔ آپ یہ خیال مت کریں کہ میں مصری حکومت سے آپ کی شکایت کروں گا جسے تم لوگوں نے غیر ملکی اور ظالمانہ ٹھیکوں کی زنجیروں میں کس رکھا ہے۔ مجھے اس وقت تک ہرگز چین نہ آئے گا جب تک میں کسی نہ کسی ذریعہ سے اپنا وقار بحال نہ کرلوں۔"

مسٹر سولنٹ کہنے لگا: "یوں معلوم ہوتا ہے کہ میں کسی نجار سے نہیں بلکہ افسرِ اعلیٰ سے ہم کلام ہوں۔ کیا تمہیں یہ خبر نہیں ہے کہ میں سویز کمپنی کا چیف انجینئر ہوں؟ لہٰذا تم یہ کیسے تصوّر کرسکتے ہو کہ میں تم سے معافی مانگوں گا؟"

حافظ نے جواب دیا: "اور کیا آپ کو یہ خبر نہیں ہے کہ سویز کمپنی میرے وطن کے اندر ہے نہ کہ آپ کے وطن کے اندر، اور یہ کہ سویز کمپنی پر تمہارا قبضہ عارضی ہے اور آخرکار یہ ختم ہو جائے گا اور پھر اس کی ملکیت ہماری طرف لوٹ آئے گی۔ پھر آپ اور آپ جیسے دوسرے

Marfat.com

لوگ ہمارے ملازم ہوں گے۔ لہٰذا آپ یہ کیسے تصوّر کر سکتے ہیں کہ میں اپنے حق سے دست بردار ہو جاؤں۔"

اس گفتگو کے بعد مسٹر سولنٹ نے دوبارہ چہل قدمی شروع کر دی۔ کچھ مدت کے بعد پھر وہ حافظ کی طرف لوٹ آیا۔ اس وقت اُس کا چہرہ عرق انفعال کے قطروں سے لبریز تھا۔ اُس نے نہایت قوّت کے ساتھ کئی مرتبہ اپنا ہاتھ میز پر مارا، اور کہنے لگا: "حافظ! میں تجھ سے معذرت چاہتا ہوں، اور اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں۔" چنانچہ آخ حافظ سکون و اطمینان کے ساتھ اٹھ کھڑا ہو گیا اور مسٹر سولنٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنا کام شروع کر دیا۔ اور اُسے تھوڑے ہی وقت میں پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا۔

کام مکمل ہو جانے کے بعد مسٹر سولنٹ نے آخ حافظ کو ۱۵۰ قرش پیش کیے۔ حافظ نے ان میں سے ۱۳۰ لے لیے اور باقی ۲۰ قرش واپس لوٹا دیئے۔ مسٹر سولنٹ نے اُن سے کہا کہ یہ ۲۰ بھی آپ لے لیں۔ یہ آپ کی "بخشیش" ہے۔

حافظ نے فوراً کہا: "ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔ میں اپنے حق سے زیادہ لے کر "لٹیرا" نہیں بننا چاہتا۔

مسٹر سولنٹ یہ جواب سُن کر ششدر رہ گیا۔ اور کہنے لگا: "مجھے حیرت ہے کہ تمام عرب کاریگر آپ جیسے کیوں نہ ہو پائے؟ کیا تم "محمڈن فیملی" ہو؟"

حافظ نے کہا: "مسٹر سولنٹ، ہر مسلمان محمڈن فیملی ہے۔ مگر وجہ یہ ہے کہ ان میں بہت سے لوگوں نے "صاحب لوگوں" کے ساتھ اپنی معاشرت وابستہ کر رکھی ہے۔ اور وہ ان کی نقالی کرنے لگے ہیں۔ اور اس طرح ان کے اخلاق و عادات خراب ہو گئے ہیں۔"

مسٹر سولنٹ نے اس بات کا کوئی جواب نہ دیا۔ اُس نے مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھایا اور

Marfat.com

کہنے لگا: متشکر، متشکر، کتر خیرک (شکریہ، شکریہ، تمہارا بھلا ہو) ۔ یہ جواب رخصت ہو جانے کی اجازت تھا۔

اخ حسن مرسی ایک صاحب بہادر مانیو کے پاس کام کرتے تھے۔ اور ریڈیو کے بکسوں کے نہایت اعلیٰ نمونے تیار کرتے تھے۔ اُن دنوں ریڈیو کا ایک بکس تقریباً ایک پونڈ میں تیار ہوتا تھا۔ مانیو کا ایک ہم وطن دوست مانیو کے پاس آیا اور چپکے سے اخ حسن سے یہ سودا بازی کرنا چاہی کہ اخ حسن اُس کے لیے چند بکس آدھی قیمت پر تیار کر دے۔ اس شرط پر کہ مانیو کو ان بکسوں کی تیاری کی قطعاً اطلاع نہ دی جائے۔ یوں نصف پونڈ فی بکس اخ حسن کی جیب میں رہ جائے گا۔ اور بابو صاحب کو یہ فائدہ ہو گا کہ اُسے آدھی قیمت پر یہ بکس مل جائیں گے۔ مانیو اخ حسن پر غیر معمولی اعتماد رکھتا تھا۔ اُس نے اپنی ورکشاپ کا تمام خام مال اور آلات اخ حسن کے سپرد کر رکھے تھے۔ مانیو کے اس دوست نے اِسی اعتماد سے ناجائز فائدہ اٹھانا چاہا۔ لیکن اخ حسن نے اُسے اس سودے بازی کے جواب میں نہایت تند و تیز اخلاقی درس دے دیا۔ اُسے کہا:

"اسلام، بلکہ دنیا کا ہر مذہب، سرے سے خیانت کو حرام ٹھیراتا ہے۔ کیا اُس شخص کے ساتھ میں ارتکاب خیانت کروں جس نے میری ذات پر غیر معمولی اعتماد کر رکھا ہے۔ مجھے حیرت ہے کہ آپ اُس کے دوست، اُس کے ہم قوم اور ہم مذہب ہو کر بھی اُس کے حق میں ایسی خیانت کی سوچتے ہیں۔ اور پھر مجھے بھی اس کے ارتکاب پر اُکساتے ہیں۔ بابو صاحب، اس غلط خیال پر آپ کو شرم آنی چاہیئے۔ اور آپ یقین رکھیں کہ میں آپ کی اس حرکت سے مانیو صاحب کو ہرگز مطلع نہ کروں گا تاکہ آپ دونوں کی دوستی کو خراب

کر دینے کا موجب نہ ہوں۔ مگر اس شرط پر کہ آپ مجھ سے یہ سچا عہد کریں کہ آپ آئندہ ایسی حرکت نہیں کریں گے۔"

یہ بابو بھی کوڑھ مغز تھا۔ کہنے لگا کہ "میں خود مانیو کو یہ کہوں گا کہ آپ کے کاریگر نے مجھے ایسی پیشکش کی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ مانیو میری تصدیق کرے گا اور میری بات پر کلّی اعتماد کرے گا۔ اور نتیجۃً تمہیں اس ورکشاپ سے بیک بینی و دو گوش نکال باہر کرے گا۔ اور یہ عزّت و احترام جو تُو نے اُس کے دل میں حاصل کر رکھا ہے سب ختم ہو جائے گا۔ لہٰذا تمہارے لیے بھلا اسی میں ہے کہ میری بات کو قبول کر لو اور جو میں چاہتا ہوں اُسے کر ڈالو۔"

اخ حسن کو طیش آ گیا۔ اُس نے کہا: تُو جو چاہتا ہے کر لے ان شاء اللہ تو رُو سیاہ ہو کر رہے گا۔"

اُس شخص نے فی الواقع مانیو سے وہی کہہ دیا جس کی اُس نے اخ حسن کو دھمکی دی تھی۔ مانیو نے معاملے کی تحقیق شروع کر دی۔ چنانچہ حق پرستی کی روشنی نے باطل کی تاریکیوں کو کافور کر دیا۔ اخ حسن نے مانیو کو حقیقتِ حال سے پوری طرح آگاہ کر دیا۔ مانیو نے اخ حسن کے بیان پر کسی قسم کا کوئی شبہ نہ کیا۔ اور آخر کار اپنے خائن دوست کو دھکے دے کر گھر سے نکال دیا اور اُس سے تعلقات منقطع کر لیے۔ اور امانت داری کے صلے میں اخ حسن کی تنخواہ میں اضافہ کر دیا۔

عبدالعزیز غلام نبی بھی ہمارے ایک رفیق تھے۔ یہ اصلاً ہندوستان کے تھے۔ اور انگریزی چھاؤنی میں درزی کا کام کرتے تھے۔ ایک بڑے افسر کی بیوی نے بعض کاموں کے لیے انہیں اپنے بنگلے پر بلایا اور خلوت میں اُسے طرح طرح کے ہتھکنڈوں سے بدکاری پر ورغلانے لگی۔ مگر وہ اُسے پہلے وعظ و نصیحت سے سمجھاتے رہے اور پھر اُسے زجر و توبیخ

Marfat.com

بھی کرنے لگے۔ مگر میم صاحب کبھی عبدالعزیز کو یہ دھمکی دیتی کہ اگر تم نہ مانے تو میں صاحب سے اُلٹی تمہاری دراز دستی کی شکایت کردوں گی۔ اور کبھی اُس کی طرف پستول کا رُخ کر دیتی۔ مگر عبدالعزیز اپنے مؤقف سے سرِمو نہ سرکا۔ اور اُسے کہنے لگا "میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں (انی اخاف اللہ رب العالمین)" دونوں کے نزاع نے ایک دلچسپ بلکہ کسی حد تک مضحکہ انگیز منظر پیدا کر دیا۔ ایک طرف یہ ناہنجار عورت بڑے اعتماد و وثوق کے ساتھ عبدالعزیز کو اس وہم میں ڈالتی ہے کہ اُس نے عبدالعزیز کے قتل کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اور اس کا جواز یہ تراشا ہے کہ عبدالعزیز نے اُس پر حملہ کیا ہے اور بُری نیت کے ساتھ اُس سے دست دراز ہوا ہے۔ وہ عورت بالفعل عبدالعزیز کو نشانہ بنا کر پستول تان لیتی ہے۔ اور عبدالعزیز بھی اس یقین کے ساتھ کہ اب اُس کی زندگی کا خاتمہ ہوا چاہتا ہے آنکھیں مُوند لیتا ہے اور چیخ چیخ کر "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" پڑھنا شروع کر دیتا ہے۔ اِس کی چیخوں سے عورت کا دل دہل جاتا ہے۔ اور پستول اُس کے ہاتھ سے نیچے گر جاتا ہے اور اُس کے ہاتھوں کے طوطے اُڑ جاتے ہیں۔ اور وہ بوکھلا کر اپنے دونوں ہاتھوں سے عبدالعزیز کو باہر دھکیل دیتی ہے۔ عبدالعزیز بنگلے سے باہر نکلتے ہی سیدھا دارالاخوان المسلمون کی طرف دوڑ کر آجاتا ہے۔ اور اپنا تمام ماجرا آکر بیان کرتا ہے۔

اس رنگ ڈھنگ کے تھے دَورِ اوّل کے اخوان۔ اخلاقی پاکیزگی اور روحانی بلندی کے بارے میں اُن کے بے شمار واقعات پیش کیے جا سکتے ہیں۔ اسی اخلاص و للّٰہیت کی بدولت اللہ تعالیٰ نے اس دعوت کے اندر جس نے ایسے منوّر قلوب اور مصفّا نفوس پیدا کر دیئے بڑی برکت و تاثیر بھر دی۔ اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد برحق ہے کہ:

Marfat.com

مثل كلمة طيبة كشجرة طيبة أصلها ثابت وفرعها فی السماء تؤتی اکلها کل حین باذن ربها۔ ویضرب اللہ الامثال للناس لعلھم یتذکرون۔

"پاکیزہ کلمے کی مثال پاکیزہ درخت کی ہے۔ جس کی جڑ گہری اور پائیدار ہے اور جس کی شاخیں آسمان کی پہنائیوں میں ہیں۔ وہ اپنے رب کے حکم سے ہر وقت اپنا پھل دیتا رہتا ہے۔ اللہ انسانوں کے لیے ایسی مثالیں بیان کرتا ہے تاکہ وہ نصیحت اخذ کریں۔"

چھٹیوں کا زمانہ آگیا۔ یہ زمانہ میں نے کچھ قاہرہ میں اور کچھ محمودیہ میں بسر کیا۔ اسی زمانے کی بات ہے کہ محمودیہ کی جمعیتِ حصافیہ نے نظم اور اغراض و مقاصد کے لحاظ سے بالکل اُسی طرح کی نئی صورت اختیار کر لی جو اسماعیلیہ کے اندر ہماری دعوت اختیار کر چکی تھی۔ یعنی "الاخوان المسلمون" کے طرز کی تشکیل و تنظیم۔ چھٹیاں گزر جانے کے بعد میں اسماعیلیہ لوٹ آیا۔ میرا دوسرا تعلیمی سال بے شمار لطائف و نکات اور شخصی اور دعوتی واقعات سے پُر ہے۔

## حجاز جانے کا پروگرام

پورے عرصے میں جمعیت الشبان المسلمین کے ساتھ میرے روابط برابر قائم رہے۔ میں بھی اپنی طرف سے جمعیت کو بکثرت رپورٹیں اور تبصرے اور جائزے بھیجتا رہتا تھا۔ اور جمعیت کے ذمہ دار حضرات بھی اس روحانی رشتے کا پورا پورا احساس رکھتے تھے جو قاہرہ سے دُوری کے باوجود ہمیں ایک دوسرے سے باہم پیوست کیے ہوتے تھا۔ ملک عبدالعزیز ابن سعود کے مشیر شیخ حافظ وہبہ قاہرہ تشریف لائے اور انہوں نے

Marfat.com

وزارتِ تعلیم کی طرف سے کچھ مدرسین حجاز لے جانا چاہیے جو حجاز کے نئے نئے قائم ہونے والے مدارس میں تعلیم کے فرائض انجام دیں۔ مصری حکومت نے ابھی تک سعودی حکومت کو تسلیم نہیں کیا تھا[1]۔ یہ انگریز کی سیاست تھی جو ہمیشہ دو بھائیوں کے اندر تفریق کے اصولوں پر قائم ہوتی تھی۔ مصری قوم اس غیر طبعی صورتِ حال کے خلاف تھی۔ تعلیم یافتہ طبقہ حجاز کی نشاۃِ ثانیہ کے اندر اپنی امنگوں کی چمک اور اپنی خواہشات کی تعبیر دیکھ رہا تھا۔ حافظ وہبہ نے جمعیت الشبان المسلمین کے ساتھ رابطہ قائم کیا۔ اور مدرسین کے انتخاب میں جمعیت سے مدد طلب کی۔ چنانچہ سیّد محب الدین الخطیب مجھ سے ملے اور اس موضوع پر مجھ سے گفتگو کی۔ میں نے اصولی طور پر اُن کی رائے سے اتفاق کا اظہار کیا۔ اس کے بعد جمعیت الشبان المسلمین کے سیکرٹری استاذ محمود علی فضلی نے ۱۲ر اکتوبر ۱۹۲۸ء کو مجھے لکھا:

عزیزم البنّا صاحب، سلام و تحیات پیش کرتا ہوں۔ مجھے امید ہے آپ بعافیت ہوں گے۔ استاذ محب الدین الخطیب آپ سے حجاز میں تدریس کے لیے گفتگو کر چکے ہیں۔ عبد الحمید بک سعید نے ہمیں یہ پیغام بھیجا ہے کہ ہم آپ کو مطلع کریں کہ آپ وزیر تعلیم کے نام مدرسہ کی وساطت سے ایک درخواست لکھیں جس میں اس خواہش کا اظہار کریں کہ آپ مکہ معظمہ کے مدرسہ

---

[1] سلطان عبد العزیز نے حجاز پر شریفِ مکہ کی حکومت ختم کر کے حجاز کو اپنی قلم رو میں شامل کر لیا تھا۔ مصری حکومت نے عبد العزیز ابنِ سعود سے اختلافات کی وجہ سے ایک عرصہ تک اس کے قبضۂ حجاز کو تسلیم نہیں کیا تھا۔

Marfat.com

المعہد السعودی میں جانا چاہتے ہیں۔ اس شرط پر کہ وزارتِ تعلیم مصر کے اندر ان کے حقوق ملازمت محفوظ رکھے۔ اور واپس آنے پر آپ کو وہ تمام الاؤنس دیئے جائیں جو آپ کے باقی ہم پیشہ ساتھیوں کو دیئے جائیں گے۔ مجھے اُمید ہے کہ آپ اس مضمون کی درخواست جلد از جلد ارسال فرمادیں گے تاکہ اُسے کونسل آف وزراء کے اجلاس میں پیش کیا جاسکے۔ وختنا ما تقبلوا فائق تحیاتی۔"

اس کے بعد مجھے ایک اور چٹھی ۶ر نومبر ۱۹۲۸ء کو ملی جس میں جمعیت الشبان المسلمین کے نگران اعلیٰ ڈاکٹر یحییٰ الدردیری نے ابتدائی کلمات کے بعد لکھا: ہمیں اُمید ہے کہ آپ براہ کرم آئندہ جمعرات کو سات بجے شام اخبار کے دفتر میں تشریف لائیں گے۔ اور فضیلت مآب حافظ وہبہ مشیر شاہ ابنِ سعود سے ملاقات کریں گے تاکہ اُن کے ساتھ سفر کا پروگرام طے کرلیں اور مکہ کے المعہد السعودی میں تدریس کے لیے ملازمت کی شرائط طے کرلیں۔ ہم آپ کی تشریف آوری کا انتظار کریں گے۔ تفضلوا بقبول وافر تحیاتی واسمی اعتباراتی۔"

مقررہ وقت پر ہماری ملاقات ہوگئی۔ اہم ترین شرط جو میں نے حافظ وہبہ کے سامنے رکھی یہ تھی کہ مجھے ملازم نہ سمجھا جائے جس کا کام ہدایات وصول کرنا اور انہیں نافذ کرنا ہو بلکہ ایک خاص نظریئے کا علمبردار سمجھا جائے جو یہ کوشش کرے گا کہ اُس کا نظریہ ایک ایسی نوخیز مملکت کے اندر خوشگوار فضا سے ہمکنار ہو جو اسلام اور مسلمانوں کی ایک اُمیدگاہ ہے' جس کا شعار کتاب اللہ اور سنّتِ رسولؐ کی اتباع اور سلف صالحین کے رویّے کی جستجو ہے۔ رہے دوسرے امور مثلاً معاوضہ کیا ہوگا اور مادّی ترجیحات اور سہولتیں کیا حاصل ہوں گی اس موضوع کو ہم نے سرے سے چھیڑا ہی نہیں۔ حافظ وہبہ نے میرے اس جذبہ پر اپنی مسرّت کا اظہار کیا اور مجھ سے وعدہ کیا کہ وہ مصر کے وزیر خارجہ سے ملیں گے اور

Marfat.com

اُن سے اس بارے میں کوئی سمجھوتہ کر کے مجھے مطلع کریں گے۔ مَیں اس کے بعد اسماعیلیہ لوٹ آیا۔ حافظ وہبہ نے ۱۲ر نومبر ۱۹۲۸ء کو مجھے لکھا:

عزیزم استاذ حسن البنّا۔ تحیات و احترام قبول ہو۔ مَیں آج ہز ایکسی لینسی وزیرِ خارجہ سے ملا ہوں۔ آپ کے مسئلہ کے بارے میں مَیں نے اُن سے گفتگو کی ہے۔ انہوں نے مجھے بتایا ہے کہ وہ پسند کریں گے کہ آپ اُن سے ملاقات کر لیں تاکہ وہ آپ کو وزیرِ تعلیم کے نام ایک چٹھی دے دیں۔ وزیرِ تعلیم آپ سے اور اُن دوسرے ملازمین سے جو حجاز جانا چاہتے ہیں پورا پورا تعاون کرنے کے لیے تیار ہیں۔ وتقبلوا فائق احترامی۔"

مَیں اسماعیلیہ سے قاہرہ آیا اور حافظ وہبہ کی معیت میں وزیرِ خارجہ سے ملا۔ وزیرِ خارجہ نے وزیرِ تعلیم سے جو ان دنوں غالباً احمد پاشا لطفی تھے رابطہ قائم کیا مگر وہ موجود نہ تھے۔ مَیں اسماعیلیہ واپس آ گیا۔ حافظ وہبہ نے برابر اپنی کوششیں جاری رکھیں لیکن انہیں کامیابی نہیں ہوئی۔ یہی رکاوٹ اس راستے میں حائل رہی کہ مصری حکومت نے ابھی حکومتِ حجاز کو تسلیم نہیں کیا ہے۔ مَیں نے حافظ وہبہ کو ایک خط لکھا جس میں ان سے یہ دریافت کیا کہ ان کی کوشش کہاں تک پہنچی ہے۔

انہوں نے جواب دیا: "السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ اعلیٰ ترین جذباتِ احترام و تکریم پیش کرنے کے بعد گزارش ہے کہ آپ کا گرامی نامہ مسرّت افزا ہوا۔ مجھے شدید افسوس ہے کہ وزیرِ تعلیم نے ہماری درخواست کو مسترد کر دیا ہے۔ حالانکہ وزیرِ خارجہ اور خود وزیرِ تعلیم جناب عبدالحمید بک سعید کو درخواست قبول کر لینے کی یقین دہانی کرا چکے تھے۔ بہرحال مَیں اپنی مساعی جاری رکھوں گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضاجوئی کی توفیق دے۔ آپ نے میرے بارے میں جن پاکیزہ احساسات اور کریمانہ جذبات کا اظہار کیا ان کا میں تہ دل

Marfat.com

سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ وتقبل فائق احترامی۔"

قدرتاً حافظ وہبہ[1] کی یہ مساعی بے نتیجہ رہیں۔ میں اسماعیلیہ ہی کے اندر رہا۔ اور اس مشن کے لیے میرے ایک محترم رفیق استاذ ابراہیم شوری[2] کی خدمات حاصل کی گئیں۔ انہوں نے یہ مشن بوجہ احسن سرانجام دیا۔ اس دلچسپ جائزے سے ہم یہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ پہلے ہم کیا تھے اور اب ہم میں کیا تبدیلی آچکی ہے۔ کیونکہ اب حکومتِ مصر فراخدلانہ طور پر تمام دنیائے عرب و اسلام کے اندر اپنے وفود اور مدرسین بھیج رہی ہے اور ان ممالک کے ساتھ ہمارا ثقافتی تعاون اطمینان بخش حد تک ترقی پذیر ہے۔ والحمدللہ۔

### وعظ و تبلیغ کا منصوبہ

دعوتِ اسلامی کے فروغ و ترقی کا ایک مظہر یہ بھی تھا کہ خود ازہر شریف نے شیخ الازہر

---

[1] حافظ وہبہ سعودی عرب کے نہایت زیرک سیاست دان تھے۔ پہلے یہ سلطان عبدالعزیز ابن سعود کے مشیر رہے۔ اور پھر انگلستان میں سعودی عرب کے سفیر مقرر ہوئے۔ سعودی عرب کی جدید تاریخ پر انہوں نے ایک بے نظیر کتاب تالیف کی ہے جس کا نام ہے "جزیرۃ العرب فی القرن العشرین"۔ خاکسار ۱۹۶۷ء میں ریاض میں امیر عبداللہ بن عبدالرحمان کے قصر میں اُن سے مل چکا ہے۔ اب اُن کا انتقال ہو چکا ہے۔ (مترجم)

[2] ابراہیم شوری اس وقت رابطۂ عالمِ اسلامی مکہ مکرمہ میں شعبۂ ثقافت اسلامیہ والسنہ میں ہیں۔ عرصہ دراز سے سعودی عرب میں مقیم ہیں۔ رابطہ کے ماہانہ آرگن کے چیف ایڈیٹر بھی رہ چکے ہیں۔ صاحبِ علم و فضل ہیں۔

Marfat.com

استاذ المراغی[1] رحمہ اللہ کے پہلے دَورِ مشیخت میں بعض غیور اصحاب کی مساعی کی بدولت عوام کے اندر دینی تعلیمات اور دینی ثقافت کی اشاعت کا منصوبہ بنایا۔ چنانچہ ازہر کے اندر شعبہ وعظ و تبلیغ قائم کیا گیا جس کی سربراہی اور انتظام ایک غیور عالم شیخ عبد ربہ مفتاح رحمہ اللہ کو سونپا گیا۔ یہ چیز خود ہماری قدیم آرزوؤں کی آئینہ دار تھی۔ اس زمانے میں میرا اپنے نوجوان رفقائے دعوت کے ساتھ اور ازہر کے ذمہ دار علماء کے ساتھ اس موضوع پر تبادلۂ خیال ہوتا رہتا تھا۔ دعوت و تبلیغ کا فرض سرانجام دینے کے لیے شروع میں جن لوگوں کے نام قرعۂ فال نکلا اُن میں اخ عزیز شیخ حامد عسکریہ رحمہ اللہ بھی تھے۔ یہ اللہ کی توفیق خاص اور حکمتِ بالغہ تھی کہ اُن کی تعیناتی اسماعیلیہ میں ہو گئی۔ اسماعیلیہ میں ہم میدانِ دعوت میں یکجا ہو گئے۔ دعوت کے سلسلے میں موصوف رحمہ اللہ ہمارے لیے بہترین مددگار ثابت ہوئے۔

## اسماعیلیہ میں اخوان کا مرکز اور مسجد

اخوان کے ایک خصوصی اجتماع میں یہ بحث چھڑ گئی کہ اسماعیلیہ کے اصل باشندوں کے اندر اپنی دعوت کو خصوصی طور پر زیادہ سے زیادہ فروغ دینا نہایت ضروری ہے۔ اس وجہ سے بھی یہ ضروری ہے کہ یہاں جو اصحاب کارِ دعوت سرانجام دے رہے ہیں

---

[1] جناب احمد مصطفیٰ المراغی مرحوم ازھر کے شیخ رہ چکے ہیں۔ عصر حاضر کے نہایت وسیع النظر علماء میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ "تفسیر المراغی" کے نام سے انہوں نے قرآن کریم کی ایک تفسیر تحریر کی ہے جو زبان و بیان کے لحاظ سے دَورِ حاضر کی مقبول ترین تفسیروں میں سے ہے۔

وفات ۱۹۳۰ء۔

Marfat.com

وہ سرکاری ملازم ہیں اور وہ ہمیشہ اِدھر اُدھر تبدیلیوں کا نشانہ بنتے رہتے ہیں۔ چنانچہ ایک صاحب نے جماعت کا اپنا ایک مرکز تعمیر کرنے کی تجویز پیش کی۔ دوسرے صاحب نے اس میں یہ ترمیم پیش کی کہ مرکز کے ساتھ ایک مسجد بھی ہونی چاہیئے۔ ایک اس لیے کہ شہر کے اندر مسجدوں کی قلت ہے اور دوسرے اس لیے کہ اس طرح عمارتِ مرکز کی تعمیر میں عامۃ المسلمین بھی ہماری مدد کریں گے۔ اس اجتماع میں حاضرین کی تعداد بیس سے زیادہ نہ تھی۔ سب لوگ اس تجویز کے حق میں جوش و خروش کا اظہار کر رہے تھے۔ میں چپ چاپ ان کی باتیں سنتا رہا۔ پھر مجھ سے پوچھنے لگے کہ اس بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟ میں نے عرض کیا: جہاں تک نظریے اور اصول کا تعلق ہے تو یہ تجویز بہت خوب ہے۔ لیکن اسے روبعمل لانے کے لیے چند شرائط کی ضرورت ہے۔ پہلی یہ ہے کہ اس کام کی نیت خالصتہً اللہ تعالیٰ کے لیے ہو۔ اور دوسری یہ ہے کہ نفس کو مشقت اور صبر و عزیمت برداشت کرنے پر آمادہ کیا جائے۔ پھر اس بات کو پردۂ اخفا میں رکھا جائے اور اس کے لیے خاموشی سے لگاتار محنت کی جائے۔ بذل و سخاوت کی ابتداء ہم اپنی ذات سے کریں۔ اگر آپ لوگوں کا یہ جذبہ صادق ہے تو اس کی علامت یہ ہے کہ آپ لوگ خود اپنے اندر پہلے پچاس پونڈ بطور عطیہ جمع کریں۔ یہ رقم اسی اجلاس میں باہم تقسیم کر لیں۔ اور پھر ہر شخص اپنے حصے کی رقم ایک ہفتے کے اندر اندر آفندی ابوالسعود کے ہاں جمع کرا دے۔ اور آپ حضرات اس اسکیم کا کسی شخص سے ذکر نہ کریں۔ اور کسی محفل خاص یا محفل عام میں اس کا چرچا زبان پر نہ لائیں۔ آئندہ ہفتے ہم اسی رات کو دوبارہ جمع ہوں گے۔ اگر آپ لوگوں نے اپنا فنڈ مکمل کر لیا اور کتمان سے بھی کام لیا تو یقین رکھیں کہ آپ کی اسکیم بمشیتِ الٰہی پایۂ تکمیل تک پہنچ کر رہے گی۔ چنانچہ مقررہ رات کو ہم دوبارہ اکٹھے ہوتے اور ہم نے آفندی ابوالسعود کو پورے پچاس پونڈ جمع کرا

Marfat.com

دیئے۔ یہ آغاز ایک نیک فال تھا اور سنجیدہ سعی و جہد کا غماز تھا۔

## قربانی کی ایک مثال

میں نے دیکھا کہ اخ اسطی علی ابوالعلاء ہمارے شبینہ اجتماع میں مقررہ وقت سے نصف گھنٹہ دیر سے پہنچتا ہے۔ میں نے اُن سے اس مسلسل تاخیر کی وجہ دریافت کی۔ انہوں نے بعض عذرات پیش کیے جو اس تاخیر کا جواز نہیں بن سکتے تھے۔ چھان کرید کے بعد مجھے معلوم ہؤا کہ انہوں نے فنڈ میں ڈیڑھ سو قرش دینے کا وعدہ کیا ہے۔ چونکہ اُن کے پاس یہ رقم نہ تھی اس لیے انہیں مجبوراً اپنی سائیکل فروخت کرنا پڑی ہے۔ اب وہ اپنے دفتر سے ۶ نمبر بس کے ذریعے آتے ہیں جو شہر سے ۶ کیلومیٹر دُور انہیں چھوڑ دیتی ہے۔ اور وہ وہاں سے یہ مسافت پیدل طے کرتے ہیں۔ سائیکل کی قیمت انہوں نے دارالاخوان کے تعمیر فنڈ میں جمع کرادی ہے۔ اخوان کے دلوں پر اپنے بھائی کے اس اقدام کا بہت اثر ہؤا۔ چنانچہ انہوں نے ایک نئی سائیکل خریدنے کے لیے چندہ جمع کیا۔ اور یہ نئی سائیکل انہیں ان کی مخلصانہ قربانی اور پاکیزہ جذبہ کی قدردانی کے طور پر ہدیۃً پیش کر دی گئی۔

## مسجد کے لیے قطعۂ زمین کا عطیہ

اب ہم نے چاہا کہ عامۃ النّاس کو حقیقتِ حال سے روشناس کرادیں اور انہیں پرکھیں۔ چنانچہ ہم نے ایک ایسے قطعۂ اراضی کی تلاش شروع کر دی جسے ہم دام دے کر خرید لیں یا اس کا مالک اس کارِ خیر کے لیے بطور عطیہ پیش کر دے۔ تلاش کے دوران ہمیں معلوم ہؤا کہ حاجی عبدالکریم ——— اللہ ان پر رحمتیں نازل فرمائے ——— کے پاس ایسا ایک ٹکڑا موجود ہے جو ہمارے مقصد کے لیے نہایت مناسب و موزوں ہے۔ حاجی صاحب مرحوم بڑے نیک اور مخیّر انسان تھے۔ ہمیں یہ اطلاع بھی ملی کہ وہ خود اس ٹکڑے پر ایک

Marfat.com

مسجد تعمیر کرنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ ہم نے اس سلسلے میں اُن سے بات چیت کی۔ وہ بڑے مسرور ہوئے اور انہوں نے ہماری خواہش منظور کرلی۔ اور ان کے ساتھ ہم نے ابتدائی معاہدہ تحریر کرلیا جس کی رُو سے وہ اِس ٹکڑے سے دست بردار ہوگئے ـــــــ

ہم نے اس مہم کو اپنی پہلی کامیابی گردانا۔

## کانٹے اور روڑے

دعوتِ حق کو ہر دَور اور ہر مُلک کے اندر ایسے مخالفین اور معاندین سے سابقہ پیش آ رہا ہے جو اُس کے راستے میں رُکاوٹیں ڈالتے رہتے ہیں۔ اور اُس کی ناکامی کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگاتے رہے ہیں۔ لیکن آخر کار کامیابی حق کے قدم چومتی ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی سُنّت ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

ولن تجد لسنة الله تبديلا۔ (الفتح آیت ۲۳)

"تم اللہ کی سنّت میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔"

ولن تجد لسنة الله تحويلا۔ (فاطر آیت ۴۳)

"تم اللہ کی سنّت میں کوئی تغیّر نہ پاؤ گے۔"

وكذلك جعلنا لكل نبي عدوا من المجرمين وكفى بربك هاديا ونصيرا۔ (الفرقان ۳۱)

"ہم نے اسی طرح مجرموں کو ہر نبی کا دشمن بنایا ہے اور تمہارے لیے تمہارا رب ہی رہنمائی اور مدد کو کافی ہے۔"

وكذلك جعلنا لكل نبي عدوا شياطين الانس والجن يوحي

Marfat.com

بعضھم الی بعض زخرف القول غرورا۔ ولوشاء ربك
مافعلوھم فذرھم ومایفترون۔ (الانعام ۱۱۲)

"اور اسی طرح ہم نے شیطان انسانوں اور شیطان جنوں کو ہر نبی کا دشمن بنایا ہے جو ایک دوسرے پر خوش آئند باتیں دھوکے اور فریب سے القاء کرتے ہیں۔ اگر تمہارا رب چاہتا کہ وہ ایسا نہ کریں تو وہ ہرگز ایسا نہ کرتے۔ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دو کہ اپنی افتراء پردازیاں کرتے رہیں۔"

وما ارسلنا من قبلك من رسول ولا نبی الا اذا تمنی
القی الشیطٰن فی امنیتہ فینسخ اللہ مایلقی الشیطٰن
ثم یحکم اللہ آیاتہ واللہ علیم حکیم۔ (الحج ۵۲)

"اے محمد ہم نے تم سے پہلے جو رسول اور نبی بھی بھیجا ہے اس کے ساتھ یہ ضرور ہوا ہے کہ جب اُس نے تمنا کی تو شیطان اُس کی تمنا میں خلل انداز ہو گیا۔ اس طرح شیطان جو کچھ بھی خلل اندازی کرتا ہے اللہ اُسے مٹا دیتا ہے اور آیات کو پختہ کر دیتا ہے۔ اللہ علیم اور حکیم ہے۔"

اسماعیلیہ کے اندر بھی دعوتِ اسلامی کا نصیبہ ایسا ہی رہا۔ جوں ہی اس دعوت سے لوگوں کی شیفتگی سامنے آئی اور لوگ اس کے گرد جمع ہونے شروع ہوئے اور اس کے کارکنوں کو احترام دعوت کی نظروں سے دیکھا جانے لگا، بعض مفاد پرستوں کے سینوں پر حسد اور کینہ کے سانپ لوٹنے لگے۔ اور انہوں نے دعوت اور اہلِ دعوت کے بارے میں لوگوں کے ذہنوں میں طرح طرح کے شکوک پیدا کرنے شروع کر دیئے۔ کبھی وہ یہ کہتے کہ یہ لوگ ـــــ اخوان المسلمون ـــــ "پانچواں فرقہ" بن رہے ہیں۔ کبھی

Marfat.com

یہ کہتے کہ یہ چند سرپھرے اور آوارہ مزاج نوجوانوں کا گروہ ہے جنہیں کوئی کام بنانا نہیں آتا اور نہ یہ کسی منصوبے کے قائل ہیں۔ اور کبھی یہ الزام دیا جاتا کہ یہ لوگ طالع آزما اور ٹھگ ہیں، لوگوں کا مال ناجائز طریقے سے کھاتے ہیں۔ یہ اور اسی نوعیت کے اور الزام ہم پہ چسپاں کیے جانے لگے۔ اور جب ان لوگوں کو یہ پتہ چلا کہ شیخ علی عبدالکریم نے ہمیں مسجد کے لیے ایک قطعۂ زمین دے دیا ہے تو یہ لوگ ان کے پیچھے پنجے جھاڑ کر پڑ گئے اور ان کی جان ضیق میں ڈال دی، اور اُن کے ذہن کو طرح طرح کی چغل خوریوں اور دسیسہ کاریوں سے بھر ڈالا۔ شیخ موصوف ایک سیدھے اور صاف دل انسان تھے اور وہ ان کی باتوں سے متاثر ہو رہے تھے۔ چنانچہ صورتِ حال سخت فتنہ خیز ہو گئی۔ اور آخر یہ فتنہ یُوں فرو ہوا کہ میں نے زمین سے دست برداری کے کاغذات بڑی خوش دلی اور اطمینانِ قلب کے ساتھ انہیں واپس کر دیئے۔ کیونکہ میں اس گہرے احساس سے پوری طرح لبریز تھا کہ ہمارا منصوبہ اللہ کی مدد و نصرت سے کامیاب ہو کر رہے گا۔ مگر بدخواہوں کو ایک موقع ہاتھ آ گیا اور انہوں نے ہمارے منصوبے کی ناکامی کا پروپگنڈا شروع کر دیا۔ ہم نے بھی اس موقع سے فائدہ اٹھایا اور اپنی جانب لوگوں کی توجہ دیکھ کر صورتِ حال سے استفادہ شروع کر دیا۔ اور اُن سے مل کر ذہنوں سے شکوک و شبہات دُور کرنے لگے۔ اصل حقائق ان کے سامنے واضح کیے اور دلیل و حجت کے ذریعہ سے انہیں اپنی دعوت کا قائل کرنے لگے۔ اور پھر انہی لوگوں سے عطیات بھی فراہم ہونے لگے۔

اللہ تعالیٰ اخ حامد عسکریہ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور جنّت میں ان کی منزل کشادہ فرمائے وہ اس میدان میں گوئے سبقت لے گئے۔ اور انہوں نے اس مہم میں اپنا اتنا وقت اور کوشش صرف کی کہ اس کی صحیح قدر دانی صرف اللہ تعالیٰ ہی کر سکتا ہے۔ موصوف نے

Marfat.com

اکثر راتیں عشاء سے لے کر فجر تک جاگ کر گزاریں۔ لوگوں کے گھروں میں جاتے، دوکانوں کا طواف کرتے اور ان کی چوپالوں تک پہنچتے۔ اور بارہا ایسا ہوا کہ وہ اس مہم میں اتنے مگن ہوئے کہ ان پر خود فراموشی کا عالم طاری ہو گیا اور وہ رمضان المبارک کی سحری کھانے سے محروم رہ گئے۔ میں ایک اور زندہ دل اور نیک نہاد انسان کا بھی ذکر خیر کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔ یہ شیخ محمد حسین خلوط ہیں۔ انہوں نے بھی اپنے مال سے اور اپنے عملی تعاون سے ہماری اسکیم کی بھرپور مدد کی۔ اور پانچ سو پونڈ کا عطیہ پیش کیا۔ ابھی وہ ہمارے مالیات کے سیکرٹری نہیں بنے تھے۔ اُن کے اِس فعل نے دوسرے انسانوں کے دلوں میں بھی اعتماد اور اطمینان کا جذبہ پیدا کر دیا۔ اور وہ اس اسکیم کی اس وقت تک پُشت پناہی کرتے رہے جب تک اسے اللہ تعالیٰ نے خیر و عافیت سے پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچایا۔

اس کے بعد ہم نے ایک اور قطعۂ ارض کی تلاش شروع کر دی۔ عرب محلّہ کے بالکل آخری کنارے پر ہمیں ایک ٹکڑا ملا۔ چنانچہ ہم نے اُسے خرید لیا اور بیعنامہ پر دو نیک انسانوں کے دستخط ہو گئے۔ ایک شیخ محمد حسین خلوط ——— اللہ ان پر رحمتیں نازل فرمائے ——— اور دوسرے حاجی حسین الصولی۔ اللہ تعالیٰ انہیں سرخرو رکھے اور ان کی عمر میں برکت عطا فرمائے۔ ان کے دستخطوں کی تفویض جمعیت کی طرف سے کر دی گئی تھی۔ ہماری جمعیت اُس وقت حکومت کے انجمن سازی کے قواعد کے تحت تشکیل دی جا چکی تھی۔ اس کے اغراض و مقاصد اور دستور وضع کر لیا گیا تھا۔ ایک انتظامیہ اور ایک جنرل کونسل بھی قائم کر دی گئی تھی۔

## شیخ حامد عسکریہ کی شبراخیت میں منتقلی

مفاد پرست ٹولے کی معاندانہ کاروائیاں آخر ختم ہو گئیں۔ اور ان کے ختم ہو جانے کی وجہ

Marfat.com

یہ ہوئی کہ ان لوگوں نے ادارہ وعظ و تبلیغ کو گمنام شکایات بھیجیں جس کے نتیجے میں اخ حامد عسکریہ رحمہ اللہ کو شبراخیت منتقل کر دیا گیا۔ ایک لحاظ سے یہ منتقلی دعوت کے لیے خیر و برکت کا موجب ثابت ہوئی۔ شبراخیت میں بھی تنظیم کی ایک شاخ کھول دی گئی۔ اور اس شاخ نے اتنی ترقی کی کہ اس کی طرف سے ایک حفظِ قرآن کا مدرسہ جاری کیا گیا ایک عظیم الشان مسجد بنائی گئی اور ایک پُرشکوہ بلڈنگ تعمیر کی گئی جسے مدرسہ اور مسجد کے نام وقف کر دیا گیا۔ خدا شیخ قاسم جودہ کو دامنِ رحمت میں لے، یہ شبراخیت کے ایک خدا پرست اور وجیہ انسان تھے۔ اس پروجیکٹ کو بروئے کار لانے میں وہ شیخ حامد عسکریہ کا سہارا اور دایاں بازو تھے۔ اس زمانے میں شیخ حامد عسکریہ کا اسماعیلیہ کو چھوڑ جانا اسماعیلیہ کے اخوان کے لیے ایک صدمۂ جانکاہ تھا۔ مگر بعد میں اس کی حکمت و برکت سب پر عیاں ہو گئی۔

میں وہ دن ہرگز نہیں بھول سکتا ـــــ وہ نہایت سخت گرم اور جان لیوا دن ہم نے اس دن کا پچھلا پہر اپنے مکان کے سامنے ـــــ جو عرش میں واقع تھا ـــــ بیٹھ کر گزارا۔ بڑی ٹھنڈی چھاؤں میں ہم بیٹھے تھے، ہلکی ہلکی ہوا چل رہی تھی۔ اور مختلف موضوعات پر گفتگو ہوتی رہی۔ ہم آرزوؤں کے محلات تعمیر کرتے رہے اور انتہائی روحانی سکون کی حالت میں بڑے اعتماد و یقین کے ساتھ ہم ان آرزوؤں کو بروئے کار لانے کی ٹھانتے رہے۔ اس محفل نے میرے اندر ایک دبے ہوئے احساس کو متحرک کر دیا۔ میں نے شیخ حامد عسکریہ سے کہا: جیسی روحانی تسکین اور قلبی جلاء میں اب محسوس کر رہا ہوں ایسی کیفیت پہلے کبھی نہیں محسوس ہوتی۔ اور میرے دل میں یہ ضرب المثل چٹکی لے رہی ہے کہ: عند صفو اللیالی یحدث الکدر (جب راتیں خوشگوار ہو جاتی ہیں تو انہیں مکدّر کرنے والی چیز پیدا ہو جاتی ہیں)۔ میں اس خیال کی تہ کو نہیں سمجھ پا رہا جو اس وقت میری روحانی تسکین کے

Marfat.com

چشمۂ صافی کو بار بار گدلا کر رہا ہے۔ شیخ حامد عسکریہ مجھے تسلی دینے لگے۔ اور اسی دوران ہم دارالاخوان کی جانب چلے گئے۔ وہاں کیا دیکھتے ہیں کہ حامد عسکریہ کی تبدیلی کی چٹھی پڑی ہے۔ ہم سب ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے۔ اور ہم میں سے ہر ایک دوسرے کو یہ کہنے لگا کہ: جو کچھ ہوا درست ہوا۔ اِس نقل و حرکت سے بے شک دعوت کو فائدہ پہنچے گا۔ مومن جہاں بھی ہو خیر کا سفیر ہوتا ہے۔

مجھے یہ بھی یاد ہے کہ اس واقعہ سے پہلے اسماعیلیہ میں ادارۂ وعظ و تبلیغ کے انسپکٹر شیخ عبد ربہ مفتاح ہم سے ملنے تشریف لائے اور ہمارے ساتھ انھوں نے اُسی مکان میں شب باشی کی جو عرلیش میں واقع تھا اور جس میں ہم سب اکٹھے سکونت پذیر تھے۔ شیخ عبد ربہ نے دیکھا کہ تقریباً ہر راخ کے پاس اس مکان کی کنجی ہے۔ اور صبح کے وقت ان میں اکثر لوگ ہمارے لیے ناشتہ لے کر آتے۔ کیونکہ ہمارے پاس کھانا پکانے کا کوئی انتظام نہ تھا۔ محبت والفت کے یہ مظاہرے شیخ موصوف کے دل پر بڑا اثر کرتے رہے۔ وہ انتہائی تاثر کی کیفیت میں یہ پوچھنے لگے:

"آپ نے ان لوگوں کے ساتھ کیا کر رکھا ہے۔ انہیں کیسے یک جان دو قالب بنا دیا ہے۔ ان کے دلوں کے اندر محبت والفت کے ان اعلیٰ روحانی جذبات کا سحر کس طرح پھونک دیا ہے؟"

میں نے اُن سے عرض کیا: "ہم نے تو کچھ بھی نہیں کیا۔ اور نہ ہمارے کسی کارنامے کو اس میں کوئی دخل ہے۔ بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کے اس قول برحق کا مصداق ہیں کہ:

لو انفقت ما فی الارض جمیعا ما الفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم۔ (الانفال ۶۳)

Marfat.com

"اے نبی اگر زمین کے سارے خزانے بھی تو خرچ کر دیتا تو ان کے دلوں میں محبت نہ پیدا کر سکتا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے اندر محبت پیدا کر دی"۔

گرمیوں کی چھٹیاں آ گئیں۔ اور کچھ قاہرہ میں گزریں اور کچھ محمودیہ میں۔ جب پڑھائی شروع ہوئی تو میں اسماعیلیہ لوٹ آیا۔ اور میں نے دیکھا کہ مسجد کی اسکیم کے بارے میں جو ابھی شرمندۂ تکمیل نہ ہوئی تھی، پھر طرح طرح کی سخن طرازیاں کی جا رہی ہیں، اور ہر جگہ اس موضوع کو نقلِ محفل بنایا جا رہا ہے۔ یہ پھبتی بھی کسی جا رہی ہے کہ "مسجد کی اسکیم پورے آرام کے ساتھ چھٹیاں گزار رہی ہے"۔ میں نے یہ کلمات سُنے اور ان پر کوئی دھیان نہ دیا اور نہ ان کا جواب دینے کی کوشش کی۔ میں ایک اصول سے واقف ہوں۔ اس اصول نے کارِ دعوت میں مجھے بہت نفع پہنچایا ہے۔ وہ یہ ہے کہ:

> افواہوں اور اکاذیب کا سدِّباب جواب دینے یا جوابی افواہوں سے نہیں ہو سکتا بلکہ ایک ایسا مثبت اور مفید اقدام اُن کا از خود خاتمہ کر دیتا ہے جو لوگوں کی نگاہیں اپنی طرف کھینچ لے اور ان کی زبانیں اُس کا چرچا کرنے لگیں۔ یوں ایک "نئی افواہ" ——— جو حق اور حقیقت ہو گی ——— پرانی افواہ ——— جو باطل اور جھوٹ ہو گی ——— کی جگہ لے لے گی۔

اسی اصول کے تحت ہمارے لیے ضروری تھا کہ ہم کام کا آغاز کر دیں۔ چنانچہ میں نے اخوان کے ساتھ مل کر فوراً عملی اقدام کر ڈالا۔ اور پتھروں کی دو گاڑیاں ہم نے خرید لیں۔ اور جس روز وہ پہنچ گئیں ہم سب نے اس بات پر اتفاق کر لیا کہ ان پتھروں کو بندرگاہ سے لے کر مسجد تک ہم خود اپنے ہاتھوں سے ڈھوئیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

Marfat.com

یہ دن اخوان کے حق میں بڑا عظیم ثابت ہوا۔ عامۃ الناس کی زبانوں پر اس واقعہ کا چرچا شروع ہو گیا۔ اور انہیں یقین ہو گیا کہ مسجد کی اسکیم سنجیدگی سے شروع ہو چکی ہے اور یہ کوئی بچگانہ حرکت نہیں ہے۔ چنانچہ لوگوں کے حوصلے متحرک ہو گئے اور لوگوں نے اپنے بقیہ عطیات دینے شروع کر دیئے۔ ہم نے سنگِ بنیاد رکھنے کا اعلان کر دیا۔ مجھے یاد پڑتا ہے کہ ہم نے اس غرض کے لیے ۵ محرم ۱۳۴۸ھ کا دن مقرر کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ محمد افندی سلیمان کو جزائے خیر دے۔ ہم نے زمین کا ٹکڑا ان سے خریدا تھا۔ انہوں نے مسجد اسکیم میں حصّہ لیتے ہوئے پلاٹ کے نہایت مناسب دام لیے۔ اور اخوان کو اُس پر قبضہ کرانے کے لیے پوری سہولتیں فراہم کیں۔ یہ تمام امور اللہ تعالیٰ کی توفیق خاص کے مظہر تھے۔ اور بے شک توفیقِ الٰہی اس اسکیم کے سلسلے میں قدم قدم پر ہمارے شاملِ حال رہی ہے۔

## سنگِ بنیاد

مسجد اور مدرسہ ——— جس کا نام ہم نے "دار الاخوان" رکھا تھا ——— کے سنگِ بنیاد رکھنے کی مقررہ تاریخ قریب آ گئی۔ اخوان نے اجتماع کیا اور اس میں یہ طے کیا کہ خاکسار سنگِ بنیاد رکھے گا۔ مَیں نے انہیں سمجھایا کہ میرے سامنے آنے سے اسکیم کو کوئی مادّی یا معنوی فائدہ نہیں پہنچے گا۔ بہتر یہ ہے کہ ہم اس تقریب کو بھی اسکیم کے فائدے کے لیے استعمال کریں۔ چنانچہ سب لوگ بڑے بڑے سرکاری ملازمین اور شہر کی معزز شخصیتوں کے ناموں کا جائزہ لینے لگے۔ ایک طُرفہ صورت یہ پیش آئی کہ اگر میں کسی بڑے سرکاری ملازم کا نام پیش کر دیتا تو بعض اخوان اُس پر تبصرہ کر دیتے کہ: نہ وہ کوئی نیک ہے کہ اُس سے برکت ہی کی امید ہو اور نہ وہ سرمایہ دار ہے کہ اُس سے مالی منفعت ہی حاصل ہو ———

Marfat.com

یہ فقرہ اخوان کے ہاں ایک ضرب المثل بن گیا۔ اخوان مجھ سے پوچھنے لگے کہ آخر آپ کی کیا رائے ہے؟ میں نے عرض کیا کہ شیخ زملوط کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے۔ وہ نیک نہاد شیخ جس نے شروع شروع میں تمہارا ساتھ دیا تھا۔ اور اپنی وجاہت اور سرمائے سے تمہیں فائدہ پہنچایا تھا۔ وہ ایک خدا پرست اور راست رو آدمی ہے۔ مال و دولت بھی اُس کے پاس ہے۔ اس سے تمہیں برکت بھی ملے گی اور پیسہ بھی۔ سب نے بیک زبان ہو کر کہا: خوب انتخاب ہے۔ چنانچہ سنگِ بنیاد رکھنے کے لیے اُن پر سب کا اتفاق ہو گیا۔

مقررہ تاریخ کو اخوان نے ایک عظیم الشان پنڈال لگایا اور ہر طبقے کے لوگوں کو مدعو کیا گیا۔ یوں ایک طربناک منظر پیدا ہو گیا اور یہ اجتماع خالص عوامی شکل اختیار کر گیا۔ شیخ محمد حسین زملوط رحمۃ اللہ علیہ بنفسِ نفیس آگے بڑھے اور انہوں نے دستِ مبارک سے سنگِ بنیاد رکھ دیا۔ اخوان نے اس واقعہ سے نیک شگون لیا۔ اور انہوں نے اعلان کر دیا کہ اس سال رمضان المبارک گزرنے سے پہلے پہلے بحکمِ خداوندی یہ مسجد پایۂ تکمیل کو پہنچ جائے گی۔

## شبراخیت میں ایک شاخ کا قیام

شیخ حامد عسکریہ رحمہ اللہ نے شبراخیت میں فروغِ دعوت کے لیے خوب محنت کی۔ انہیں شبراخیت میں منتقل ہوئے چند ماہ ہی گزرے تھے کہ وہاں اخوان المسلمون کی شاخ کی تاسیس عمل میں آگئی۔ جب محرم الحرام کا مہینہ آیا اور ہجرت نبوی کی یاد میں تقریبات شروع ہوئیں تو ہم نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا اور انہی دنوں کے اندر ہم نے شبراخیت کی شاخ کا افتتاح کرنے کا پروگرام طے کر لیا۔ ہم اسماعیلیہ کے اخوان نے ایک گاڑی کا انتظام کر لیا جس کی ڈرائیونگ اخ حسن آفندی مصطفیٰ نے کی۔

Marfat.com

ہم نے اللہ بزرگ و برتر پر بھروسہ کرتے ہوئے محمودیہ کی طرف شدّ رحال کیا۔ رات محمودیہ کے اخوان کے ساتھ بسر کی اور صبح ہم سب شبراخیت پہنچ گئے۔ محمودیہ کے اخوان ایک دوسری گاڑی میں ہمارے ساتھ آئے اور ہم نے شاخ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور پھر فوراً اسماعیلیہ لوٹ آئے۔ یہ سفر ہم نے دس گھنٹوں میں طے کر لیا تھا۔ اور اتنی ہی دیر واپس لوٹنے میں لگی۔ ہماری رفتار خاصی تیز تھی۔

جیسے اللہ رکھے .......

مجھے یاد ہے کہ راستے میں جب ہم صبح دو بجے کے قریب زفتی پہنچ گئے تو ہمیں معلوم ہوا کہ دریا کا پُل بند کر دیا گیا ہے۔ اب ہمارے لیے اس کے سوا کوئی چارۂ کار نہ تھا کہ ہم دھنورہ بیراج سے گزریں۔ یہ راستہ بڑے پیچ و تاب اور نشیب و فراز کا تھا جن کا ہمارے ڈرائیور کو کوئی علم نہ تھا اور نہ ایسے راستوں میں چلنے کا اُسے تجربہ حاصل تھا۔ عربی مہینے کی دس تاریخ تھی۔ چاند اپنی روشنی پانی پر پھینک رہا تھا۔ اور یوں نظر آتا تھا کہ گویا زمین ہموار ہے۔ دھنورہ کا پُل ہم نے عبور کر لیا یا ہمیں ایسا خیال ہوا کہ ہم پُل عبور کر آئے ہیں۔ ڈرائیور گاڑی چلانے میں منہمک تھا۔ ہم بھی بے کھٹک بیٹھے رہے۔ مگر اچانک ڈرائیور نے گاڑی کھڑی کر دی اور ہم سب خوفزدہ ہو گئے۔ جب ہم نے بنظرِ غائر دیکھا تو معلوم ہوا کہ ہم جہاں پہنچ چکے ہیں وہ ایک لمبی زبان ہے جو پانی کے اندر چلی گئی ہے۔ اور اس کا عرض گاڑی کے پہیوں کے عرض سے زیادہ نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ اگر ہم گاڑی سے اُترنے کی کوشش کریں تو سیدھے پانی میں جائیں گے اور اگر ہم گاڑی کو سرکاتے ہیں تو خدشہ ہے کہ ڈرائیور کا ہاتھ دائیں یا بائیں مُڑ جائے اور گاڑی پانی میں لُڑھک جائے۔ اور مزید برآں تعجب کی بات یہ ہے کہ گاڑی کا اگلا حصہ اتنا آگے ہو چکا تھا کہ اُس کے اور بقیہ خشک حصے

Marfat.com

کے درمیان صرف ایک گز کا فاصلہ رہ گیا تھا۔

بعض اخوان نے اضطراب کا اظہار کیا اور اپنی جگہ سے ہلنے کی کوشش کی مگر صورتِ حال بہت احتیاط کی متقاضی تھی اور اس امر کی شدید ضرورت تھی کہ قطعاً حرکت نہ کی جائے تاکہ گاڑی کو پوری طرح ٹھہراؤ ہو اور ہمارے اعصاب میں بھی سکون پیدا ہو۔ اور پھر ہم سوچیں کہ کیا کرنا چاہیئے۔ میں یہ منظر دیکھ کر ہنس پڑا اور میں نے ناظم طعام سے کہا کہ آپ نے جو چائے بچا رکھی ہے وہ کہاں ہے؟ وہ کہنے لگا: کس لیے؟ میں نے کہا: "اب ہم چائے کا دَور چلاتے ہیں"۔ وہ کہنے لگا: "اس نازک گھڑی کے موقع پر آپ کو مذاق کی سوجھی ہے؟" یہ صاحب اخ محمود افندی جعفری تھے۔ بڑے ظریف الطبع، شیریں زباں، فراخ دل اور اور بامروّت انسان۔ میں نے اُن سے کہا: محمود صاحب، میں اس وقت بالکل سنجیدگی کے ساتھ آپ سے کہہ رہا ہوں چائے پلایئے۔ چنانچہ انہوں نے تعمیلِ حکم کی اور تھرماس میں سے چائے ڈال کر دینا شروع کر دی اور ہم اُسے بڑے مزے سے پیتے رہے حالانکہ ہم عین موت کے دروازے پر تھے۔ مگر جسے اللہ رکھے اُسے کون چکھے۔ جب ہم لوگ اور ڈرائیور اور گاڑی سب ہر لحاظ سے بے حس و حرکت ہو گئے تو اخ حسن یوسف نے جو ہمارے قائد اور ہمارے چابکدست ڈرائیور تھے پیچھے کی طرف سرکنے لگے۔ سرکنے کی رفتار کچھوے کی رفتار سے زیادہ نہ تھی۔ وہ سراپا احتیاط اور ضبطِ اعصاب تھے۔ تقریباً نصف گھنٹہ تک ہماری یہی حالت رہی۔ اس کے بعد ہم مناسب چوڑائی پر آئے اور آخر کار شاہراہ مستقیم پہ پہنچ گئے۔ یوں اللہ تعالیٰ نے ان ہولناک ساعتوں سے ہمیں نجات دے دی۔ مزید تعجب کی بات یہ ہے کہ جب ہم چھ بجے صبح کے قریب اسماعیلیہ پہنچتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ گاڑی کے اندر پٹرول بالکل ختم ہو چکا تھا اور یہ خدا جانے کس بل بوتے پہ چلتی رہی۔ اسے بھی حُسنِ اتفاق ہی کہا جا سکتا ہے کہ پٹرول

Marfat.com

ختم ہونے کا علم اس وقت ہوا جب ہم منزل پر پہنچ گئے۔ اللہ تعالیٰ کے احسان وکرم اور لطف وعنایت کا ہزار شکر وسپاس ہے۔ ان ربی لطیف لما یشاء۔

## خفیہ پولیس

یہ بھی مجھے یاد ہے کہ اس سفر میں ہم ایک مقام دیرب نجم کے قریب آکر رک گئے تھے۔ ہمارے سامنے کئی ملتے جُلتے کچے راستے تھے۔ اور ہماری سمجھ میں نہ آتا تھا کہ ہم کس راستے پر چلیں۔ ہم ادھر اُدھر دیکھے تاکہ ہمیں کوئی آدمی مل جاتے اور ہم اُس سے راستہ دریافت کریں۔ مگر ہمیں کھیتوں میں یا راستوں پر کوئی شخص نہ ملا۔ آخر کار ہمارے ایک ساتھی کارپورل محمد شلش کو جو ان دنوں روض الفرج کی برانچ میں ہوتے تھے اور انہیں شوق تھا کہ اِس سفر میں ہماری رفاقت کریں یاد آیا کہ ان کے پاس پولیس کا وسل ہے۔ چنانچہ انہوں نے اسے نکالا اور بجایا۔ دیکھتے ہی دیکھتے ہر طرف سے سپاہی دوڑے آئے۔ ایک سپاہی آگے بڑھ کر اپنی رائفل کے ساتھ عسکری آداب بجالایا۔ اور پوچھنے لگا: "آپ کون ہیں حضور؟" شلش نے جواب دیا: "انٹیلی جنس" اس کے بعد اُس کے کان میں کچھ کہا اور پھر اُس سے پوچھا کہ راستہ کدھر ہے؟ سپاہی نے بڑے ادب و احترام کے ساتھ ہمیں راستہ بتایا۔ چنانچہ ہم اپنی صحیح سمت پر آگئے۔ مَیں نے آخر شلش سے کہا: "تم نے جھوٹ کیوں بولا؟" شلش مسکرا کر کہنے لگا: مَیں نے جھوٹ نہیں بولا۔ ہم حق اور خیر اور دین کی ٹوہ لگانے والے ہیں۔ اگر مَیں اُس سے کچھ اور کہتا تو وہ اس کے سوا ہرگز راضی نہ ہوتا کہ ہم اُس کے ساتھ تھانیدار کے پاس جائیں۔ اور تھانیدار نہ معلوم ہمارے ساتھ کیا سلوک کرتا۔ ہو سکتا ہے ہمیں صبح تک اُس کے پاس رُکنا پڑتا اور ہمارے پاس وقت بالکل نہیں تھا۔ یہ عجیب لطیفہ رہا اور خلاصی کی صورت عجیب تر۔

Marfat.com

## حکومت کی مخالفت کا الزام

مسجد کی تعمیر میں ہم نے کامیابی کے ساتھ پیش قدمی کی۔ عمارت اُٹھا دی گئی۔ اور وہ اختتام کے قریب پہنچ گئی۔ ساتھ ہی ہمارے خلاف فتنہ پردازیوں اور دسیسہ کاریوں کا سلسلہ بھی شدت اختیار کر گیا۔ ہر طرف سے مفاد پرست لوگ اُٹھ کھڑے ہوتے اور اس مفید کام کی تکمیل میں آڑے آنے لگے۔ اس کے سوا نہیں کوئی حربہ نہ ملا کہ وہ ہمارے خلاف ریشہ دوانی کریں، چغل خوری کریں اور گمنام درخواستیں لکھ کر اسماعیلیہ کی پولیس، ڈپٹی کمشنر اور دوسرے اعلیٰ احکام کو بھیجیں۔ جب اُن کی یہ ساری کوششیں بے سُود ثابت ہوئیں تو ان لوگوں نے ایک محضر نامہ تیار کیا جس پر اسماعیلیہ کے کچھ باشندوں کے دستخط کرائے گئے اور اُسے براہِ راست وزیر اعظم کو بھیج دیا۔ ان دنوں صدقی پاشا مصر کے وزیر اعظم تھے۔ اس محضر نامے میں عجیب و غریب باتیں بیان کی گئیں۔ مثلاً یہ کہا گیا کہ یہ ٹیچر ——— حسن البناؒ ——— کمیونسٹ ہے۔ ماسکو کے ساتھ اس کا رابطہ ہے۔ اور وہاں سے مالی امداد حاصل کرتا ہے۔ وہ ان دنوں ایک مسجد اور ایک مرکز تعمیر کر رہا ہے۔ اپنی جماعت اور تبلیغی سرگرمیوں پر بھی سرمایہ خرچ کر رہا ہے۔ لوگوں سے کوئی مالی اعانت حاصل نہیں کرتا لہٰذا اُسے یہ تمام سرمایہ کہاں سے مِل رہا ہے؟ اس زمانے میں کمیونزم کی بدعت مصر کے اندر "جدید فیشن" کے طور پر داخل ہو رہی تھی اور خود صدقی پاشا بھی اُس کی بڑی سختی کے ساتھ سرکوبی کر رہا تھا۔ محضر نامے میں یہ بھی کہا گیا کہ یہ معلم وفد پارٹی کا حامی ہے اور موجودہ حکومت یعنی صدقی پاشا کی حکومت کے خلاف سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ اور یہ کہتا پھرتا ہے کہ موجودہ صورت میں جو انتخابات ہوئے ہیں یہ غلط ہیں اور ۱۹۳۰ء کا دستور بھی غلط ہے۔ چنانچہ یہ شخص موجودہ حکومت کے خلاف پروپگنڈا کرنے کے لیے بحیرہ

Marfat.com

بھی گیا ہے اور وہاں اس نے مزدوروں کے کلب میں اکتوبر ۱۹۳۰ء میں ایک تقریر کی ہے جس کا موضوع تھا" ابو بکر صدیقؓ "۔ اس نے اس تقریر میں کہا ہے کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ کا انتخاب براہ راست عمل میں آیا تھا۔ اور ان کا انتخاب دو مرحلوں پر مشتمل نہ تھا۔ لہٰذا دو مرحلوں کا انتخاب باطل اور ناجائز ہے۔ محضر نامے میں یہ بھی کہا گیا کہ یہ شخص ہمارے آقائے نعمت ہز میجسٹی شاہ فوآد کا ذکر ایسے الفاظ میں کرتا ہے جن کو یہاں بیان کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔ اس نے اکتوبر ہی کے مہینے میں حضرت عمر بن عبدالعزیز کے موضوع پر بھی ایک تقریر کی ہے اور اس میں کہا ہے کہ:

"حضرت عمر بن عبدالعزیز نے بیت المال سے کبھی ایک پیسہ تک نہیں لیا تھا۔ لیکن اس دور کے ملوک ناجائز و باطل طریقوں سے رعایا کے اموال لُوٹ رہے ہیں۔"

انہی دنوں کی بات ہے کہ استاذ عقاد کو حوالۂ زنداں کیا گیا تھا کیونکہ انہوں نے بادشاہ کی ذات پر نکتہ چینی کی تھی[1]۔ اور اسی الزام میں بالظاہر پرائمری اسکول کے چار مدرّس بھی برطرف کیے گئے تھے۔ یہ بھی کہا گیا ــــ اور یہ بات کہتے وقت محضر نامہ تحریر کرنے والے

---

[1] عباس محمود العقاد مصر کے نامور ادیب، مؤرخ اور فلسفی تھے۔ شاہ فؤاد الاول نے انہیں گرفتار تو کر لیا مگر تھوڑے عرصہ بعد یہ کہہ کر انہیں رہا کر دیا کہ تاریخ شاہ فؤاد کے بارے میں یہ رائے قائم کرے گی کہ اُس نے ایک ادیب اور صاحب قلم انسان کو حوالۂ زنداں کر دیا۔ العقاد کی عبقریات جو سیرتِ رسولؐ اور سیرتِ خلفائے راشدین اور دیگر نامور صحابہ اور صحابیات پر مشتمل ہیں، اسلامی تاریخ کا نہایت عمدہ سرمایہ ہیں۔

(مترجم)

Marfat.com

اپنا پہلا فقرہ بھول گئے ——— کہ یہ معلم اہالیان شہر سے چندہ جمع کرتا ہے تاکہ اُسے مدرسوں اور مسجدوں کی اسکیموں پر صرف کرے۔ مگر کسی کو یہ معلوم نہیں ہے کہ یہ تمام جمع شدہ چندہ کہاں صرف کر دیا جاتا ہے۔ حالانکہ مالی قانون کی رُو سے سرکاری ملازمین کے لیے چندہ جمع کرنا ممنوع ہے۔ یہ شخص عین حکومت کی ناک کے نیچے اس قانون کی صریح خلاف ورزی کر رہا ہے ——— اس طرح کے بہت سے الزامات جن کی تعداد ۲۱ تک پہنچ گئی تھی محضر نامے میں درج کر دیے گئے۔ اور یہ تمام الزامات سراسر غلط اور من گھڑت تھے۔ مجھے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا مطلب کہ:

یا اھل الکتاب لم تلبسون الحق بالباطل وتکتمون الحق وانتم تعلمون

"اے اہل کتاب تم حق کو باطل کے ساتھ کیوں ملا جلا دیتے ہو اور حق کو چھپا دیتے ہو حالانکہ تم ہر بات کو جانتے ہو۔"

ایسے ہی محضر نامے کی بدولت سمجھ میں آیا۔ میں نے فی الواقع دو تقریریں جن کی طرف محضر نامے میں اشارہ کیا گیا ہے کی تھیں۔ ان کا موضوع بھی وہی تھا جو محضر نامے میں بتایا گیا ہے اور جگہ اور تاریخ بھی وہی تھی جس کی محضر نامہ لکھنے والوں نے تشخیص کی ہے۔ لیکن محضر نامے کے اندر ان تقریروں کو جس طرح مخصوص صورتِ حال پر منطبق کیا گیا ہے اُس کی میں نے کوئی کوشش نہ کی تھی۔ استنتاج کی یہ شکل فریب دہی اور فتنہ پردازی میں گہری دستگاہ کا ایک نمونہ ہے اور وہی شخص اس کا راز داں ہو سکتا ہے جسے باطل کو حق کے ساتھ آمیزش کرنے کی خوب مشق حاصل ہو۔ (للہ فی خلقہ شؤون (اللہ نے کیا طرح طرح کی مخلوق پیدا کی ہے)۔

Marfat.com

## الزام کی تحقیق

ایک روز ہنگام صبح میں اپنی کلاس کی طرف پہلا یا دوسرا پیریڈ پڑھانے کے لیے جا رہا تھا۔ مَیں نے دیکھا کہ مدرسہ کے پرنسپل جوان دنوں استاذ احمد عبد الہادی السابق تھے اپنے کمرے کے دروازے میں کھڑے ہوئے مجھے انوکھی نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں۔ مَیں نے ان کے قریب ہو کر کہا:

السلام علیکم ورحمۃ اللہ، صبح بخیر، پرنسپل صاحب۔

وہ مسکرانے لگے اور کہنے لگے: وعلیکم السلام، صبح بخیر۔

ان کے جواب کا لہجہ ایسا تھا کہ مجھے اندازہ ہُوا کہ اس کے پس پردہ کوئی بات ہے۔ مَیں نے کہا: "اِن شاء اللہ خیریت ہے؟"

انہوں نے کہا: "خیریت ہے خیریت۔"

مَیں نے پھر کہا: "دال میں کچھ کالا کالا ہے۔"

فرمانے لگے: "قصّہ کریمنل کورٹ کا ہے یا استاذ حسن! کریمنل کورٹ یا حبیب، ہم سب اسی لپیٹ میں ہیں۔"

مَیں نے عرض کیا: "خوب یہ کریمنل کورٹ میں طلبی کیسے؟

پرنسپل صاحب کہنے لگے: "ایک چھٹی وزیر اعظم کی طرف سے وزیر تعلیم کے نام آئی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ آپ کمیونسٹ ہیں اور موجودہ نظام کے مخالف ہیں، شاہ کے بھی خلاف ہیں، سب دنیا کے خلاف ہیں۔"

مَیں نے کہا: 'بس اتنی سی بات ہے۔ الحمد للہ رب العالمین۔ خدا کی قسم، پاشا صاحب، اگر ہم بے گناہ ہیں تو آپ کو اللہ تعالےٰ کا یہ ارشاد آویزۂ گوش بنا لینا چاہیئے کہ:

Marfat.com

ان اللہ یدافع عن الذین امنوا۔ ان اللہ لا یحب کل خوان کفور۔ (الحج ۳۸)

"بے شک اللہ تعالٰے ایمان والوں کا دفاع کرتا ہے۔ بے شک اللہ کسی خائن اور کافر کو پسند نہیں کرتا۔"

اور اگر ہمارا یہ جہاد اور یہ دعوتِ دین لوگوں کو فریب دینے کے لیے ہے تو یقین کیجیے کہ کریمنل کورٹ اور جہنم بھی اُن لوگوں کے لیے قلیل سزا ہیں جو دنیا کی خاطر دین کے لبادے میں لوگوں کو دھوکا دیتے ہیں۔ لہٰذا آپ کچھ پروا نہ کریں۔ اور یہ معاملہ اللہ پر چھوڑ دیں۔

وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون (الشعراء ۲۲۷)

"اور ظالم عنقریب جان لیں گے کہ وہ کس پہلو لیٹیں گے۔"

مَیں آپ کو قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اس کا نتیجہ سوائے بھلائی کے اور کچھ نہ ہو گا۔ اجازت چاہتا ہوں میرے پیریڈ کا کچھ وقت گزر گیا ہے۔ یہ ایک ضابطے کی خلاف ورزی ہے اور مَیں خلاف ورزی کو پسند نہیں کرتا۔"

چنانچہ میں نے پرنسپل صاحب کو وہیں چھوڑا اور خود کلاس روم کی طرف چلا گیا۔ پرنسپل صاحب میرے جوابات پر انگشت بدنداں تھے مگر مَیں سراپا اطمینان وخود اعتمادی تھا۔ اور مَیں سمجھتا تھا کہ یہ حرکت بچگانہ کھیل کے سوا کچھ نہیں ہے اور ایسی حرکتوں کا جو نتیجہ برآمد ہوا کرتا ہے اس کا بھی وہی نتیجہ نکلے گا یعنی معاملہ نظر انداز کر دیا جائے گا اور اسے ردّی کی ٹوکری کے حوالے کر دیا جائے گا۔

پرنسپل صاحب کو یہ حکم تھا کہ وزیر اعظم کی چٹھی میں جن باتوں کا ذکر کیا گیا ہے وہ

Marfat.com

اُن سب کی خوب چھان بین کریں - اور چھان بین کے لیے ہر طرح کے وسائل اختیار کریں - میری اُن کاپیوں کی پڑتال کریں جن پر مَیں اسباق تیار کرتا ہوں، اُن موضوعات کا جائزہ لیں جو مَیں طلبہ کو یاد کرنے کے لیے یا مطالعہ اور انشا پردازی کے لیے پڑھاتا ہوں، جمعیت کے نصب العین، طریق کار اور اثرات وغیرہ کا کھوج لگائیں - اور ان امور کے بارے میں اپنی واضح رائے بیان کریں - چنانچہ پرنسپل صاحب کے لیے اس کے سوا اور کوئی چارۂ کار نہ رہا کہ وہ اس مہم میں جس چیز کو بھی مفید سمجھتے ہوں اُس سے مدد حاصل کریں - انہوں نے اپنی تفتیش میں مقامی عدالت کے جج، پراسیکیوٹنگ افسر، انسپکٹر پولیس اور ڈپٹی انسپکٹر پولیس کا تعاون و اشتراک بھی حاصل کر لیا، اور ان مناصب کے جو افسران دوسری جگہ تبدیل کیے جا چکے تھے اُن سے خط و کتابت کے ذریعہ معلومات فراہم کیں - ان تمام معلومات کو انہوں نے جمع کیا اور جمعیت کا دستور اور اغراض و مقاصد ان کے ساتھ منسلک کر دیئے اور جمعیت کی سرگرمیوں کے بارے میں ایک جامع رپورٹ بھی شامل کر دی - طلبہ کی کاپیوں کی پڑتال کی تو ان کے اندر انشا پردازی کا سب سے پہلا مضمون شاہ فواد رحمہ اللہ کے دورۂ سویز پر تھا - یہ دَورہ انہوں نے پورٹ سعید سے لے کر سویز تک کیا تھا - مضمون کے اندر شاہ فواد کی تعریف کی گئی تھی اور اُن کے اچھے کارنامے گنوائے گئے تھے - پرنسپل صاحب نے اپنی رپورٹ میں اس مضمون کو من و عن نقل کر لیا - اور جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے ایک طالب علم کی کاپی بھی ساتھ لف کر دی تھی - اس مضمون کے ساتھ انہوں نے غیر معمولی دلچسپی لی - کیونکہ ان پر بھی یہ الزام عائد تھا کہ وہ وفد پارٹی کے حامی ہیں - اور سرکاری چٹھی میں اس بات کو ہدفِ اعتراض ٹھیرایا گیا تھا - اور اب انہوں نے دیکھا کہ یہ موقع ہے کہ وہ حق کی مدافعت کے ساتھ

Marfat.com

ساتھ اپنی ذات کا دفاع بھی کر لیں ۔

## ایک شہادت

ایک واقعۂ عجیب یہ پیش آیا کہ اُن دنوں اسماعیلیہ میں پولیس کے اعلیٰ افسر کپتان حسن الشریف النبایوسی تھے ۔ وہ جب رپورٹ قلمبند کرتے تھے تو سرکاری چھٹی کے اندر جو افترا پردازی اور دروغ گوئی کی گئی تھی اُسے دیکھ کر سخت چیں بجبیں ہوتے ۔ ایک دن ان کے پاس سویز کمپنی کے غیر مصری کلرکوں میں سے کوئی صاحب ان کو ملنے آئے ۔ اور اُن سے پوچھنے لگے کہ آپ کے چہرے سے پریشانی اور دل گرفتگی کے آثار کیوں عیاں ہیں ۔ کپتان صاحب نے حقیقتِ حال بیان کی جسے سُن کر وہ صاحب ششدر رہ گئے ، اور کہنے لگے :

"یہ سب فضول باتیں ہیں ۔ مَیں نے خود دیکھا ہے کہ جس روز شاہ فواد اسماعیلیہ سے گزرے تھے تو شیخ حسن البنّا مزدوروں سے کہہ رہے تھے کہ تمہیں لازماً اسٹیشن جانا چاہیئے اور وہاں شاہ فواد کا خیر مقدم کرنا چاہیئے تاکہ اس شہر کے اندر رہنے والے غیر ملکی لوگ یہ سمجھ لیں کہ ہم اپنے بادشاہ کا احترام کرتے ہیں اور اُسے پسند کرتے ہیں ۔ اس کے نتیجے میں ان لوگوں کے دلوں میں خود ہمارا احترام بڑھیگا ۔ اُن صاحب نے یہ بھی کہا کہ مَیں اپنی یہ عینی شہادت فرانسیسی زبان میں لکھ کر دینے کے لیئے تیار ہوں ۔"

چنانچہ میرا خیال ہے کہ ان صاحب نے اپنی گواہی لکھ کر دے دی تھی اور اس تحریر کو فائل میں شامل کر دیا گیا تھا ۔ غالباً ان صاحب کا نام موسیو نوفین کروز تھا ۔ اور یہ ابھی تک اسماعیلیہ کے اندر موجود ہیں ۔

Marfat.com

ایک اور عجیب تر بات ہوئی کہ اِسی سلسلے میں پولیس کے ایک اور افسر کی رپورٹ میں یہ کہا گیا کہ :

"اکثر وہ لوگ جنہیں پولیس کے تعزیری وسائل نفع نہیں پہنچاتے اور انہیں جُرم کے ارتکاب سے باز نہیں رکھ سکتے ایسے لوگوں کے لیے ایسے روحانی وسائل بہت کامیاب رہے ہیں جو الاخوان کی جماعت اختیار کرتی ہے۔ چنانچہ اخوان کی روحانی تربیت کی بدولت بہت سے خطا کار لوگ راست بازی اور استقامت کا نمونہ بن گئے ہیں۔ لہٰذا وہ ——— یعنی پولیس افسر ——— یہ تجویز کرتا ہے کہ حکومت الاخوان کی حوصلہ افزائی کرے اور اس کی شاخوں کو ملک کے اندر پھیلانے کا کام کرے: تاکہ ان کے ذریعہ سے امنِ عامہ کے قیام اور اصلاحِ عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت سرانجام دی جا سکے۔"

## اِنسپکٹر جنرل ایجوکیشن نے اخوان کی رکنیت اختیار کر لی

تحقیقات پر مشتمل بھاری بھرکم فائل اسماعیلیہ کے ابتدائی اسکول سے تیار ہو کر وزارتِ تعلیم کے پاس گئی۔ میری یادداشت کے مطابق ان دنوں وزارتِ تعلیم کا قلمدان علی ماہر کے پاس تھا۔ کچھ دنوں کے بعد یکایک اسماعیلیہ کے پرائمری تعلیم کے انسپکٹر جنرل علی بک کیلانی ہمارے اسکول میں پہنچ گئے۔ دوسرے پیریڈ میں وہ میری کلاس میں آ گئے۔ ان کے ساتھ پرنسپل صاحب بھی تھے۔ اور کافی دیر تک میرا سبق غور و خوض سے سنتے رہے۔ اور پھر مسکرا کر پرنسپل صاحب سے کہنے لگے:

"بس یہی ہے استاذ حسن ؟"

پرنسپل صاحب کہنے لگے: "جی ہاں، بس یہی ہے استاذ حسن۔"

Marfat.com

مجھے بھی یہ سُن کر ہنسی آگئی اور مَیں نے کہا: "جی ہاں، یہی شخص پُراسرار کاروبار کرتا ہے۔"

اس کے بعد وہ دونوں حضرات چلے گئے۔ مَیں نے اپنا سبق مکمل کر لیا اور کمرے سے باہر نکل آیا۔ انسپکٹر جنرل پرنسپل صاحب کے کمرے میں تشریف فرما تھے مَیں نے انہیں جا کر سلام کیا۔ اُن سے معلوم ہوا کہ وہ آج رات اسمٰعیلیہ کے اندر گزاریں گے۔ مجھے کہنے لگے:

"استاذ صاحب، تمہاری اس چٹھی نے تو ہمارے ہاتھوں کے طوطے اُڑا رکھے تھے۔ وزیرِ اعظم نے اس چٹھی کو وزیرِ تعلیم کی طرف بھیجا اور انہوں نے میری طرف بھیج دیا۔ لیکن مَیں نے کہا کہ "میرا ایک ایسے شخص سے کیا تعلق جو کمیونسٹ ہے، انارکسٹ ہے، لاکھوں افراد کو جمع کر لیتا ہے۔ اور ہزاروں افراد اُس کے پیرو ہیں ——— جیسا کہ محضر نامے کے اندر بیان کیا گیا ہے ——— چنانچہ مَیں نے اس چٹھی کو اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل عبدالرحیم بک عثمانی کے حوالے کر دیا۔ وہ میرے پاس آئے اور مجھے کہنے لگے: "اگر یہ ٹیچر اسی نوعیت کا ہے تو ہم اُس کے ساتھ کیا معاملہ کر سکتے ہیں؟ یہ تو ایک شدید خطرے کی بات ہے۔ اور ہو سکتا ہے ہماری تحقیقات کے پس پردہ کچھ اور خفیہ پہلو ہوں۔"

چنانچہ ہم اس محضر نامے کے جھوٹا ہونے کے امکانات کا جائزہ لے رہے تھے اور اس کے اندر جو تناقض پایا جاتا تھا وہ اس امکان کی جانب اشارے کر رہا تھا۔ اسی دوران ہمیں یہ سوجھی کہ سب سے بہتر اور محفوظ طریقہ یہ ہے کہ یہ کام پرنسپل صاحب کے حوالے کر دیا جائے۔ چنانچہ پرنسپل صاحب کی طرف سے جو رپورٹیں موصول ہوئی ہیں وہ نہایت جامع اور اطمینان بخش ہیں۔ لیکن مجھے اس آدمی کو دیکھنے کا شوق پیدا ہوا جس نے اس قدر عظیم ہنگامہ بپا کر دیا ہے۔ مَیں تو آپ سے ذاتی ملاقات کے لیے آیا ہوں۔ اسے تفتیشی دورہ یا کوئی سرکاری کاروائی نہ

Marfat.com

سمجھ لینا۔ میں صرف آپ کو ایک نظر دیکھ لینا چاہتا تھا۔"

میں نے انسپکٹر جنرل صاحب کے اس رویے کا شکریہ ادا کیا اور موقع مناسب سمجھ کر میں نے اُن سے کہا:

"یا سیدی، آپ نے جو کچھ فرمایا ہے درست ہے۔ اور آپ کی اس ملاقات اور کرم نوازی کی تکمیل کے طور پر میرا آپ پر یہ حق عائد ہو جاتا ہے کہ آپ مسجد اور مدرسہ کی تعمیرات بھی دیکھ لیں تاکہ آپ اپنی آنکھوں سے ہماری دعوت اور ہماری جماعت کے کچھ اثرات مشاہدہ کر سکیں۔"

انسپکٹر جنرل صاحب نے وعدہ کیا کہ وہ پچھلے پہر وہاں آئیں گے۔ چنانچہ اخوان نے اپنے آپ کو تیار کیا۔ اور عمارت کے وسط میں ایک سادہ نوعیت کی دعوتِ چائے کا انتظام کر دیا۔ اخوان کے مقررین اور زجل گو مستعد ہو گئے۔ انسپکٹر جنرل موصوف نے وعدہ وفا کیا اور وقت مقررہ پر تشریف لے آئے۔ اُن کا خیال تھا کہ یہ محض ایک تقریب ملاقات ہو گی۔ مگر وہ یہ دیکھ کر دنگ رہ گئے کہ چائے کی پارٹی کا اہتمام کیا جا چکا ہے۔ میں نے اس مختصر سے وقت کے اندر شہر کے اعیان اور بڑے بڑے ملازمین مدعو کر رکھے تھے۔ اور مفاد پرست لوگوں اور محضر نامے میں حصہ لینے والوں کو بھی بتاکید دعوت دے رکھی تھی تاکہ وہ بھی آ جائیں اور اپنی آنکھوں سے اپنی فتنہ پردازی کی ناکامی کا مشاہدہ کر لیں۔ چنانچہ محفل جم گئی اور مقررین نے یکے بعد دیگرے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مہمان یہ سب کچھ دیکھ کر آئینہ حیرت بنا رہا۔ اور خاص طور پر اُس نے یہ دیکھا کہ فلاں مقرر بڑھئی ہے، فلاں مالی ہے اور فلاں دھوبی وغیرہ وغیرہ وہ بول اُٹھا کہ:

"خوب! میں نے یہ ایک عجیب ترین مدرسہ دیکھا ہے۔"

جب تقریریں ختم ہو گئیں تو اس سے رہا نہ گیا اور وہ کھڑا ہو گیا اور اُس نے اخوان کا

Marfat.com

بیج لے کر اپنے کوٹ پر لگا لیا ـــــ اُن دنوں اخوان کا بیج سبز رنگ کا تمغہ ہوتا تھا جس پر "الاخوان المسلمون" لکھا ہوا تھا۔ یہ بیج لگا کر خود اُس نے بھی اخوان کے اندر شمولیت کا اعلان کر دیا۔ اور پھر نہایت عمدہ الفاظ میں حاضرین کو ستائش و تحسین کا نذرانہ پیش کیا۔

اُن کی مختصر تقریر کا یہ جملہ مجھے ابھی تک یاد ہے:

"اس مدرسہ اور اس جماعت کے سربراہ کی تعریف میں مَیں اس کے سوا کچھ نہیں کہہ سکتا کہ یہ مدرسہ ایک نرالا مدرسہ ہے اور اس جماعت کا سربراہ ایک حیران کن شخص ہے۔ مَیں اسی گھڑی سے اخوان المسلمون کا رکن بن رہا ہوں بشرطیکہ تم لوگ مجھے بطور رکن قبول کر لو۔ محکمہ تعلیم کے اندر میرے صرف چند ماہ باقی رہ گئے ہیں۔ پھر مَیں ریٹائر ہو جاؤں گا۔ اور مَیں آپ سے عہد کرتا ہوں کہ مَیں اپنی پوری توانائی اور پورا وقت بشرطِ زندگی اِس دعوت کی خدمت کے لیے وقف کر دوں گا۔"

یوں معلوم ہوتا ہے کہ انسپکٹر جنرل صاحب نے اپنی اجل کے قُرب کو محسوس کر لیا تھا۔ چنانچہ جُوں ہی انہیں ریٹائرمنٹ ملی وہ اُس کے تھوڑی مدّت بعد مُلکِ عدم کو سدھار گئے۔ ہم سب نے انہیں اپنا ہی ایک رفیق محسوب کیا اور قافلۂ دعوت میں انہیں شمار کیا۔ جہاد بالنیّتہ کی حالت میں اُن کی موت واقع ہوئی۔ اللہ تعالےٰ ان پر رحمتوں کی وسیع بارش فرمائے۔

## مذہبی تفرقہ اندازی کا الزام

ہمارے خلاف جو عرضداشتیں اعلیٰ احکام کو بھیجی گئیں اُن میں ایک عرضی ایک "عیسائی" کے دستخطوں سے بھیجی گئی۔ اور اس میں یہ شکایت کی گئی کہ یہ متعصب مدرّس ـــــ حسن البنّا

جو ایک فرقہ پرست جمعیت جس کا نام "الاخوان المسلمون" ہے کا سربراہ ہے، اپنی کلاس میں دونوں فرقوں یعنی مسلمانوں اور عیسائیوں کے لڑکوں کے مابین تفریق پیدا کر رہا ہے۔ عیسائی طلبہ کی دیدہ و دانستہ توہین کرتا ہے اور اُن کو نظر انداز کیے رکھتا ہے اور ان کی تعلیم کی طرف قطعی طور پر دھیان نہیں دیتا۔ جب کہ مسلمان طلباء کو ہر لحاظ سے ترجیح دیتا ہے۔ اور سوالات، اور عام ہدایات اور دیکھ بھال میں کُلّی طور پر اُنہی کو منظور نظر بنائے رکھتا ہے۔ اگر محکمہ تعلیم نے اس صورت حال کی تلافی نہ کی اور اس مدرس کو یہاں سے تبدیل نہ کیا تو اس کا رویہ فتنۂ عظیم برپا کر دے گا[1]۔ یہ عرضی جب تحقیقات کے لیے پرنسپل صاحب کی طرف منتقل کی گئی تو سارے شہر کے اندر اس کی خبر پھیل گئی اور اسماعیلیہ کے اندر رہنے والے عیسائی ہموطنوں کے اندر ایک کھلبلی مچ گئی اور انہوں نے اس افترا پردازی کی شدت کے ساتھ مذمت کی۔ ان کا ایک بہت بڑا وفد جس کی قیادت آرتھوڈکس چرچ کا نگران اعلیٰ کر رہا تھا، اسکول آیا اور اُس نے عیسائیوں کے نام پر ایسی حرکت پر سخت احتجاج کیا۔ چنانچہ کلیسا کی ایسوسی ایشن کے صدر فاضل ہم وطن جرجس سوریل افندی، قبطی رفاہی انجمن کے صدر فاضل ہم وطن جوزف افندی، ایک بڑے سرکاری ملازم فاضل ہم وطن فہمی افندی عطیہ اور ان کے ساتھ عیسائی فرقہ کے نمایاں اور ذمہ دار اصحاب جن میں مرد اور عورتیں شامل تھیں سب نے تحریری طور پر افترا پردازی کرنیوالے عیسائی کے خلاف اپنا احتجاج پرنسپل صاحب کو پیش کیا۔ اسی طرح کلیسا کی طرف سے کلیسا کی مُہر اور کلیسا کے نگران اعلیٰ فاضل فادر کے دستخطوں سے متعدد عرضداشتیں اور خطوط تحریر کیے گئے۔ ان سب تحریروں کو پرنسپل صاحب نے اپنی رپورٹ کے ساتھ منسلک کر دیا اور اپنی مُہر لگانے کے بعد یہ جملہ تحریر کر دیا:

[1] ان دنوں مصر کے اندر مسلمانوں اور عیسائیوں (قبطیوں) کے باہمی اختلافات کو ہوا دینا کس قدر شدید فتنے کا موجب بن سکتا تھا اس کا اندازہ کرنے کے لیے ملاحظہ ہو صفحات ۲۳-۲۴-۲۵۔ مقدمہ مترجم۔

Marfat.com

"وزارتِ تعلیم سے ہماری درخواست ہے کہ وہ ایسی گمنام چٹھیوں کا بوجھ ہم پر نہ لادا کرے اور اپنے وسائل کی مدد سے ہی ان کی تحقیقات کیا کرے۔ کیونکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ یہ تمام عرضداشتیں سازشی کاروائیاں ہیں اور ان کے پیچھے کوئی جذبۂ خیر پنہاں نہیں ہے۔"

## اخوان کی مسجد کا افتتاح

تمام رکاوٹوں کے باوجود مشیتِ ایزدی کے تحت ہماری مسجد پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی۔ اور اس سال رمضان المبارک ——— میری یادداشت کی بنا پر یہ ۱۳۴۸ھ کا رمضان تھا ——— کی آمد سے پہلے ہی مسجد اقامتِ صلوٰۃ کے لیے تیار ہو چکی تھی۔ چنانچہ ۱۷ رمضان المبارک کو عشاء کی نماز سے مسجد کا افتتاح ہوا۔ اس تاریخ کے انتخاب میں یہ نیک شگون کام کر رہا تھا کہ یہ غزوۂ بدر کی رات ہے۔ اور قرآن کریم کے نزول کی رات ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے ماخوذ ہے:

واعلموا انما غنمتم من شئ فان لله خمسه وللرسول ولذی القربی والیتمٰی والمساکین وابن السبیل ان کنتم امنتم بالله وما انزلنا علی عبدنا یوم الفرقان یوم التقی الجمعان۔ (الانفال ۴۱)

"تم جان لو کہ تمہیں جو مالِ غنیمت میں ملا ہے تو اس کا پانچواں حصہ اللہ کے لیے ہے اور رسول کے لیے ہے اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے اگر تم ایمان لائے ہو اللہ پر اور اس چیز پر جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کی ہے۔ فرقان کے روز، اور دو گروہوں کی مڈبھیڑ کے دن۔"

Marfat.com

اس آیت سے ثابت ہوا کہ یہ دن یوم الفرقان (فرقان یعنی قرآن کا دن) ہے اور یہی دن غزوۂ بدر میں دو گروہوں کی مڈبھیڑ کا دن ہے۔ واللہ اعلم۔ ابن اسحاق کا یہی مسلک ہے۔

افتتاح ایک عظیم الشّان محفل سے ہوا۔ اس محفل میں اسماعیلیہ کے علاوہ شبرا نخیت کے اخوان بھی مدعو تھے۔ اخوان نے بالاتفاق فیصلہ کیا کہ مسجد میں پہلی نماز کی امامت میں کراؤں اس فیصلے پر انہوں نے شدید اصرار کیا۔ نیز اُن کا یہ اصرار بھی تھا کہ افتتاح بھی میرے ہی ہاتھ سے ہو تا کہ غیر مستحق لالچیوں کی امیدیں اچھی طرح خاک میں ملادی جائیں۔ لیکن استاذ احمد السکری نے جو ان دنوں محمودیہ کے اخوان کے صدر تھے حاضرین کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔ وہ یکایک آگے بڑھے اور انہوں نے دروازے پر لگے ہوئے فیتے کو کاٹ دیا اور مسجد کے افتتاح کا اعلان کر دیا۔ اور گھات میں بیٹھے ہوئے طالع آزماؤں کی امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ اُن کے لیے یہ واقعہ ایک ضرب کاری تھا۔ وہ اس کے مستحق بھی تھے۔ میں نے بھی حاضرین کی حیرت میں اضافہ کر دیا۔ کیونکہ میں نے استاذ حامد عسکریہ کو محراب کی جانب بڑھا دیا تا کہ وہ اس مسجد میں پہلی فرض نماز کی امامت کریں۔ اس مسجد کی تعمیر اور اس منصوبہ کی تکمیل کا سہرا اُنہی کے سر تھا۔ اور ان کو امام بنا کر ہم نے گویا ان کے احسانات کا اعتراف کیا۔ بہر حال افتتاح کی مہم بھی سرانجام پا گئی۔

اِس مسجد کا منصوبہ شہر کے لیے خیر و برکت کا پیغام لے کر آیا اس کے بعد شہر میں اور مساجد کے قیام کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اسماعیلیہ اور عرایشیہ کے نیک نہاد باشندوں میں سے الحاج یوسف ادریس فراج کے اندر بھی شوق و جذبہ نے چٹکی لی اور انہوں نے شہر کے دوسرے کنارے میں ایک مسجد تعمیر کر دی۔ یہ علاقہ مسجد کا انتہائی ضرورت مند تھا۔ بلکہ اُن کا عزم و ہمّت یہاں تک بڑھا

Marfat.com

کہ وہ اخوان کی مسجد کی مسابقت کرنے لگے۔ و فی ذلک فلیتنافس المتنافسون۔ چنانچہ دونوں مسجدیں ایک ہی تاریخ میں پایۂ تکمیل کو پہنچیں۔ مسجد الحاج یوسف رحمۃ اللہ کے افتتاح کے لیے ہمیں بھی دعوت دی گئی۔ بلکہ الحاج یوسف کا اصرار تھا کہ ہم اپنی مسجد سے پہلے ان کی مسجد کا افتتاح کریں۔ حسن اتفاق سے افتتاح کے دن جمعۃ المبارک تھا۔ ہم نے نماز جمعہ مسجد الحاج یوسف میں ادا کی اور اُسی روز عشاء کی نماز مسجد اخوان میں گزاری۔ یوں ایک ہی دن میں دو فتوحات حاصل ہوئیں۔

اسماعیلیہ کے ایک اور نیک سرشت انسان الحاج محمد جاد اللہ رحمہ اللہ کے اندر بھی شوق نے انگڑائی لی اور وہ بھی ایک اور محلّے کے اندر اپنے نام سے ایک تیسری مسجد بنانے کے لیے کمربستہ ہو گئے۔ یہ محلہ بھی عبادت گاہ کا منتظر تھا۔ چنانچہ یہ مسجد بھی بخیر و خوبی اللہ نے مکمل کر دی۔ الحاج مصطفٰے صاحب عرا بیشیہ کے اندر پہلے ہی ایک مسجد بنا چکے تھے۔ مگر اب وہ اُٹھے اور انہوں نے اسی مسجد کی توسیع کا آغاز کر دیا۔ اور بہت بڑا رقبہ اُس میں شامل کر دیا اور بھی کئی لحاظ سے اُس کی خوبیوں میں اضافہ کر دیا۔ گویا مسجد اخوان نے اسماعیلیہ شہر کے اندر ایسے پاکیزہ منصوبوں کی ایک فہرست کو جنم دے دیا۔

**وزیراعظم صدقی پاشا کا دورۂ سینا**

اسی زمانے میں مصر کے وزیراعظم صدقی پاشا سینا کے دورے پر نکلے۔ اس دورے کے لیے اُنھیں اسماعیلیہ ہی سے گزر کر جانا تھا۔ اس خبر کو سُن کر حکومت کی مشینری میں ہلچل مچ گئی۔ اور وزیراعظم کے استقبال کے لیے تیاریاں ہونے لگیں۔ لوگوں کا انبوہِ کثیر ان سے ملنے کے لیے اسٹیشن پر جمع ہو گیا۔ چنانچہ ایک مرتبہ ڈپٹی کمشنر اسٹیشن پر آیا اور اس کے بعد مجسٹریٹ آیا۔ یہ لوگ سوچنے لگے کہ استقبالیہ تقریب میں تقریر کے لیے کسے منتخب کریں۔ معلوم نہیں کس

Marfat.com

خبیث نے میرا نام انہیں بتا دیا۔ چنانچہ وہ لوگ یہ کہنے لگے کہ فلاں صاحب جو حکومت کے ملازمین میں سے ہیں استقبالیہ میں تقریر کریں گے۔ مجھے دفتر میں بلایا گیا۔ مجسٹریٹ صابر یک طنطاوی نے اس بارے میں مجھ سے گفتگو کی۔ پولیس افسران اور دوسرے سرکاری حکّام نے بھی اُس کی تائید کی۔ مجھے سخت غصّہ آیا۔ میں نے ان سے کہا کہ ابھی ملازمت سے استعفیٰ پیش کرتا ہوں۔ اگر تمہارا یہ خیال ہے کہ سرکاری ملازم ایک کٹھ پتلی ہے، اُسے جیسے چاہا نچایا جائے، تو تمہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ میری قیمت میرے اپنے ہاتھ میں ہے نہ کہ وزارت تعلیم کے ہاتھ میں۔ میں اپنے آپ کو اس پوزیشن میں رکھنا کبھی گوارا نہ کروں گا۔ میں اس امر سے بھی خوب باخبر ہوں کہ میرے اور وزارت تعلیم کے مابین جو معاہدہ ہوا ہے وہ اس سے زیادہ کچھ نہیں ہے کہ میں تعلیم و تربیت کے میدان میں زیادہ سے زیادہ بہتر کام کروں۔ اس معاہدے میں یہ کہیں تحریر نہیں ہے کہ وزرائے اعظم کی خدمت میں مدحیہ قصائد بھی پیش کیے جائیں۔ اس نوعیت کی ایک لمبی گفتگو ان لوگوں کے ساتھ ہوئی۔ میرے شدید انکار کے سامنے اُن کے لیے اس کے سوا اور کوئی چارۂ کار نہ رہا کہ یہ خدمت سرانجام دینے کے لیے کسی اور نمایاں شخصیت کا انتخاب کریں۔

## کینال سویز کمپنی کی سخاوت

مسجد کی تکمیل سے چند روز پہلے یہ حالت تھی کہ جو کچھ سرمایہ جمع تھا وہ ختم ہوا چاہتا تھا۔ حالانکہ ہمارے سامنے مسجد کی اسکیم کے بعد مدرسہ اور مرکز کا منصوبہ باقی تھا۔ مدرسہ اور مرکز مسجد کا تکملہ تھے۔ بلکہ یہ دراصل پورا منصوبہ ایک ہی تھا۔ اتفاق ایسا ہوا کہ سویز کمپنی کا ڈائرکٹر بیرون ڈی بنوا وہاں سے گزرا۔ اس کی معیت میں اس کا سیکرٹری موسیو بلوم بھی تھا۔ بیرون نے مسجد کی عمارت دیکھی۔ اور لوگوں سے اس کے بارے میں پوچھ گچھ

Marfat.com

کی اور مختصر طور پر اس کی معلومات حاصل کیں۔ میں اسکول میں تھا کہ میرے پاس کمپنی کا ایک ملازم آیا اور مجھے دعوت دی کہ میں کمپنی کے دفتر میں مسٹر بیرون سے ملوں۔ چنانچہ میں اُس کے پاس گیا۔ اُس نے ترجمان کے ذریعے مجھ سے بات چیت کی اور کہا کہ میں نے مسجد کی عمارت دیکھی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ آپ کی مدد کروں اور کچھ چندہ پیش کروں۔ اس غرض کے لیے اُسے مسجد کے منصوبے کا نقشہ اور دیگر تفصیلات درکار ہیں۔ میں نے ڈائرکٹر صاحب کا شکریہ ادا کیا اور واپس آ گیا۔ اور اس کی خواہش کے مطابق اُسے نقشہ اور متعلقہ تفصیلات بھیج دیں۔ اس بات کو کئی ماہ گزر گئے۔ میں مسٹر بیرون اور اُس کا وعدہ قریب قریب فراموش کر چکا تھا۔ ایک روز یکایک مسٹر بیرون کی طرف سے پھر دعوت نامہ آیا۔ میں اُس کے پاس گیا۔ اُس نے میرا بڑا خیر مقدم کیا اور پھر بتایا کہ کمپنی نے آپ کے منصوبے کے لیے مبلغ پانچ سو مصری پونڈ کی منظوری دے دی ہے۔ میں نے اس پیشکش پر مسٹر بیرون کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اُسے سمجھایا کہ یہ رقم بہت تھوڑی ہے۔ کمپنی کی طرف سے اس حقیر رقم کی توقع نہ تھی۔ کیونکہ کمپنی کے خرچ پر ایک طرف ایک مثالی چرچ بنوایا جا رہا ہے جس کے مصارف ۵ لاکھ مصری پونڈ بتائے گئے ہیں دوسری طرف مسجد کے لیے صرف پانچ سو مصری پونڈ دیئے جا رہے ہیں۔ مسٹر بیرون نے میرے نقطۂ نظر پر صاد کہا اور میری ہمنوائی کی لیکن اُس نے کہا افسوس ہے کہ کمپنی کی طرف سے یہی فیصلہ ہوا ہے۔ مجھ سے درخواست کی کہ میں اس رقم کو قبول کر لوں اور وہ مزید رقم کے لیے کچھ کوشش کر سکا تو اس میں ہرگز کوتاہی نہیں کرے گا۔ میں نے دوبارہ شکریہ ادا کیا اور کہا کہ رقم کی وصولی میرا اختیار نہیں ہے۔ یہ ہمارے ناظم مالیات شیخ محمد حسین زملوط کے فرائض میں سے ہے۔ جس نے تنہا اپنی طرف سے اتنا عطیہ دے دیا تھا

Marfat.com

جتنا کمپنی پیش کر رہی ہے۔ میں انہیں اطلاع کر دوں گا وہ آپ سے یہ رقم وصول کر لیں گے۔ چنانچہ وہ رقم انہوں نے وصول کر لی۔ اس کے بعد مسٹر بیرون ہی نے مزید کوئی کوشش کی اور نہ ہم نے اُن سے کوئی تقاضا کیا۔

**غلط مذہب**

یہ خبر جب طالع آزما عناصر تک پہنچی تو وہ آپے سے باہر ہو گئے۔ اور اب یہ افواہیں فضا میں پھیلنے لگیں کہ "اخوان المسلمون غیر مسلموں کے سرمائے سے مسجد بنا رہے ہیں" اور ان افواہوں کو مزید ہوا دینے کیلئے ہر طرف سے باطل فتوے صادر ہونے شروع ہو گئے۔ کہ اس مسجد میں جو غیر مسلموں کے مال سے بنائی جا رہی ہے نماز کیسے جائز ہو سکتی ہے۔ ہم عوام النّاس کو سمجھانے بجھانے لگے کہ یہ باتیں فضول اور خرافات ہیں۔ کمپنی کا سرمایہ ہمارا ہے نہ کہ غیر مسلموں کا۔ سویز ہماری ہے۔ سمندر ہمارا ہے۔ زمین ہماری ہے۔ یہ غیر مسلم غاصب اور لٹیرے ہیں۔ ہماری غفلت کی وجہ سے ہم پر مسلّط ہو گئے ہیں۔ چنانچہ بمشیتِ ایزدی مسجد مکمّل ہو گئی اور "غیر مسلموں کا سرمایہ" مسجد کے کسی حصّہ پر نہ لگا۔ بلکہ یہ رقم اخوان المسلمون کے مرکز پر صرف کی گئی۔ وکان اللّٰہ علی کل شیٔ قدیرا۔ اس تدبیر سے طالع آزماؤں کا برپا کیا ہوا ہنگامہ اور فتنہ پھر فرو ہو گیا۔ کج نظر مولویوں کی یہی شان ہوتی ہے۔ وللّٰہ فی خلقہ شؤون۔

**اسلامی درس گاہ حراء**

اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت کی بدولت مسجد کی عمارت کے اوپر مدرسہ کی عمارت قائم کر دی گئی۔ اُن دنوں تعلیم اور معلّم کے باب میں ہمیں جو مثالی نمونے پڑھائے گئے تھے ہیں اُن سے نیا نیا واقف ہوا تھا۔ چنانچہ بتوہادن، استانز، یہ جدورف اور فزدن کے

Marfat.com

اسکولوں کے بانی بستالوتزنے کی تصویر، جرنشم اور کیلہر کے موجد فرویل کی تصویر اور فن تعلیم میں ہربرٹ اور منٹسوری کے نظریات واسالیب وغیرہ یہ سب تصویریں ذہن کے اندر ابھی تازہ تھیں۔ لیکن ان نظریات اور اسالیب کو ہم نے ایک نئے سانچے میں ڈھال لیا۔ یہ سانچہ ان اسلامی رُجحانات سے ماخوذ تھا جو بچپن کی اسلامی تربیت کی بدولت ذہن میں منقش ہو چکے تھے۔ اور اب تحریکِ اسلامی نے ان نقوش کو مزید اُجاگر کر دیا تھا۔ چنانچہ جونہی مدرسہ کی عمارت مکمل ہوئی ہم نے اس کے لیے ایک اسلامی نام تجویز کیا: "اسلامی درسگاہ حراء"۔ طلبہ کے لیے ہم نے ایک مخصوص یونیفارم مقرر کر دیا۔ ملکی کپڑے کا بنا ہوا جلباب (لمبا کرتہ) اور کوٹ۔ اور قومی صنعت کی تیار شدہ سفید ٹوپی اور جوتا۔ اس کے اوقات تعلیم بھی دوسرے مدارس سے سراسر مختلف تھے۔ اور بڑی حد تک اوقاتِ نماز کے تابع تھے۔ مدرسہ علی الصبح لگ جاتا اور تعلیم کا پہلا دَور نمازِ ظہر سے پیشتر ختم ہو جاتا۔ تمام طلبہ مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز ادا کرتے۔ اور کھانے کے بعد عصر سے کچھ دیر پہلے واپس آجاتے تاکہ نمازِ عصر بھی جماعت کے ساتھ پڑھیں۔

نصابِ تعلیم بھی تین اقسام پر مشتمل تھا: پہلی قسم ازہر کے مدارس ابتدائیہ کے نصاب کے مطابق تھی اور طالب علم ازہر اور دینی درس گاہ کے لیے تیار کیا جاتا تھا۔ دوسری قسم میں دن کے پہلے حصّے میں ازہر کے مدارس ابتدائیہ کا نصاب تھا اور دن کے آخری حصّے میں صنعت کاری کی تعلیم ہوتی تھی۔ دوسری قسم بھی جو دن کے پہلے حصّے میں پڑھائی جاتی تھی ازہر کے مدارس ابتدائیہ کے ماتحت تھی۔ اور دوپہر کے کھانے کے بعد یہی طلبہ شہر میں اخوان المسلمون کے کارخانوں اور ورکشاپوں میں برائے ٹریننگ چلے جاتے تھے۔ ان کارخانوں کے مالک اخوانیوں نے یہ ذمّہ داری لے رکھی تھی کہ وہ ان طلبہ کو صنعتی

Marfat.com

تعلیم دیں گے۔ یہ تعلیم درس گاہ حراء کی نگرانی میں ایک مخصوص نظام کے تحت ہوتی تھی۔ تیسری قسم گورنمنٹ کے پرائمری اسکول کے مطابق تھی۔ اور اس میں طلبہ کو ثانوی تعلیم اور پھر اعلیٰ تعلیم کے لیے تیار کیا جاتا تھا۔ طلبہ پر مدرسہ کی جو فیسیں عائد کی گئیں وہ بھی نہایت مناسب اور موزوں تھیں۔ اور ان میں طالب علم کی ہمّت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالا گیا تھا۔ نیز طلبہ کے سرپرستوں کے حالات کا لحاظ کرتے ہوئے بلا فیس طلبہ کا تناسب بھی بڑھا دیا گیا تھا۔ مدرسہ کے لیے اعلیٰ تعلیم یافتہ اور فنِ تعلیم کے ماہر اساتذہ کا ایک چیدہ گروہ فراہم کیا گیا۔

"اسلامی درس گاہ حراء" کی طرف خلقِ خدا کا بہت رجوع ہو گیا۔ اس میں اسالیب تدریس بھی نئے اختیار کیے گئے تھے جو جدید ترین تعلیمی نظریات سے ہم آہنگ تھے۔ بہت سے اسباق ایسے ہوتے جو طلبہ کو اسماعیلیہ کے خوشنما پارکوں اور اسماعیلیہ کے ترنم ریز باغات کی چھاؤں میں دیے جاتے تھے۔ حروف تہجی اور مبادیات حساب کو مٹی، پتھر اور کاغذی تراشوں کے محسوس پیکروں میں سکھایا جاتا۔ طلبہ کو مکمّل آزادی تھی کہ اُن کے دل میں جو کچھ ہو، وہ تھک چکے ہوں یا کوئی بوجھ محسوس کرتے ہوں یا کسی سوال سے دوچار ہوں برملا اساتذہ سے اُس کا ذکر کر دیں۔ شاگرد اور استاذ اور مدرسہ اور گھر کے درمیان تعلقات باہمی تعاون اور یکسانیت اور محبّت پر استوار تھے۔ اسماعیلیہ کے بہت سے نوجوان آج بھی اس درس گاہ کی خوبیوں سے رطب اللسان ہیں۔ اور اس درس گاہ میں طلبہ اور اساتذہ کے مابین باہمی رحمت و شفقت کے جو مظاہر کار فرما رہے ہیں آج بھی اُن کی لذت دلوں میں محسوس کرتے ہیں۔

میرے اسماعیلیہ کو خیرباد کہہ دینے کے بعد یہ درس گاہ اپنی مثالی حیثیت سے

Marfat.com

ہٹ کر ایک پرائمری اسکول کی شکل اختیار کر گئی۔ وزارتِ تعلیم کی طرف سے اس کی کوئی حوصلہ افزائی نہ کی گئی۔ بلکہ اس کی مخالفت میں محکمہ تعلیم نے سب سے بڑا کردار ادا کیا۔ الحمد للہ الذی یحمد علی کل حال۔ اسی مخالفت کے نتیجے میں یہ مثالی تعلیم گاہ ایک معمولی ابتدائی اسکول بن کر رہ گئی۔ پہلی صورت میں کامیابی کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ دراصل ایسے انسانوں کی نایابی تھی جو اپنے آپ کو ملازمت کے متلاشی سمجھنے کے بجائے ایک مشن کے علمبردار سمجھیں۔

مَیں تعلیمی ایام کے دوران جب کبھی اپنے ٹائم ٹیبل میں کوئی پیریڈ خالی دیکھتا سیدھا درسگاہ حرا، کی جانب چلا جاتا اور وہاں اساتذہ کی موجودگی میں طلبہ کو لیکچر دیتا۔ خود اساتذہ کو بھی اُن کے اسباق کے دوران یا اسباق ختم ہو جانے کے بعد طویل وعریض ہدایات اور مشورے دیتا۔ اکثر اساتذہ کے ساتھ اسباق کی تیاری میں شریک ہو جاتا۔ طلبہ کے ساتھ باغات میں چلا جاتا، کبھی تنہا، کبھی بعض اساتذہ کی مصاحبت میں یا درس گاہ کے منتظمین کی معیت میں۔ اور تقریباً مغرب تک یعنی دو گھنٹے سے بھی زیادہ طلبہ کے ساتھ وقت گزارتا۔ تفریح کا سماں ہوتا۔ اور میری طرف سے طلبہ کو کھلی اجازت ہوتی کہ وہ جو چاہیں مجھ سے پوچھیں، جدھر گھومنا چاہیں گھومیں، جو کچھ کھیلنا چاہیں کھیلیں اور جس طرح چاہیں باہم مزاح اور خوش گپّی کریں۔ خود مَیں بھی ان تمام باتوں میں اُن کے ساتھ شامل ہوتا۔ یہاں تک کہ ان نوخیز انسانوں کی کوئی بات اُن کے اندرونی معاملات یا گھریلو زندگی میں سے مجھ سے مخفی نہ رہتی۔ وہ بھی یہ محسوس کرتے اور مَیں بھی اسی احساس سے لبریز ہوتا کہ مَیں اُن کے لیے بمنزلہ والدین یا بمنزلہ برادرِ بزرگ۔ یہ احساسات مَیں خود اُن کے اندر اُجاگر کرتا تھا۔ اور اساتذہ کو بھی یہ بتانے کی کوشش کرتا کہ انہیں بھی ایسا ہونا چاہیئے۔ انہیں یہ محسوس کرنا چاہیئے کہ وہ ایک پیغام کے علمبردار ہیں، ایک نظریئے کے داعی ہیں اور ایک نسل کے بانی اور مربّی ہیں۔ ان میں

Marfat.com

سے اکثر کے اندر بالفعل یہ ذوق پروان چڑھ رہا تھا۔ اور اکثر ایسے بھی تھے جن کے لیے یہ سب باتیں صدا بصحرا ہوتی تھیں۔ ہمارا معاشرہ ایسے لوگوں کا شدید محتاج ہے جو جان و دل سے معاشرے کی خدمت کریں نہ کہ جبد و پیکیہ سے، اپنے ضمیر کے تقاضے کے تحت کام کریں نہ کہ دوسروں کی نگرانی کے خوف سے۔ دل اللہ کے ہاتھ میں ہیں وہ جیسے چاہتا ہے انہیں پھیرتا رہتا ہے۔

## شیخ محمد سعید العرفی

اسلامی درس گاہ حراء کے ذکر کے سلسلہ میں مجھے یہ بھی یاد آیا کہ درس گاہ کا یہ نام ہمارے ایک عالم و فاضل اور مجاہد بھائی شیخ محمد سعید العرفی کا تجویز کردہ تھا۔ موصوف شام کے علاقے دیر الزور کے عالم تھے اور شام کے ایوان نمائندگان میں دیر الزور کے ممبر تھے۔ فرانس کے ظلم و استبداد کے خلاف برسرِ پیکار رہے ہیں۔ فرانسیسیوں نے ان کی تمام املاک اور ان کی لائبریری ضبط کر لی تھی۔ اور ان کو جلاوطنی کا حکم دے رکھا تھا چنانچہ وہ مصر آگئے۔ اور قاہرہ میں انہوں نے محلہ القلعہ، گڑھی سیدہ عائشہ ابن یونس سٹریٹ کے اندر ایک معمولی سا کمرہ کرایہ پر لے لیا اور اس کا نام قصرِ عالی رکھ دیا۔ ان سے ہمارا بھی کسی طرح تعارف ہو گیا۔ چنانچہ ہمیں ان کے اندر دینی صداقت کے ساتھ ساتھ ایمان و یقین کی قوت، معقولات و منقولات میں وسعتِ نظر، اور شجاعت و بسالت اور عالی ہمتی نظر آئی۔ وہ عالم بھی تھے اور طبیب بھی، فوجی افسر بھی اور عابد شب زندہ دار بھی۔ انہوں نے اپنے وطن کے جلیل القدر مشائخ سے علم حاصل کیا اور پھر ترکی فوج میں بھرتی ہو گئے۔ اور افسر کے عہدہ تک ترقی پائی، فوج کے میڈیکل یونٹ کے ساتھ اُن کے مراسم ہو گئے اور انہوں نے علمِ طب سیکھ لیا۔ بہترین نشانہ باز تھے۔ دس راؤنڈ

Marfat.com

کے اندر دس نشانے لگاتے۔ اس پر مستزاد یہ کہ وہ ایک ادیب اور مؤرخ تھے۔ نظم و نثر کے حافظ تھے۔ شیریں زبان تھے۔ ظریف الطبع اور نکتہ سنج تھے۔ حاضر جوابی میں مثال نہ رکھتے تھے۔ عبادت گزاری اور تقشف میں صوفیٔ پاک نفس تھے۔ فکر و نظر نہایت فلسفیانہ۔ ہم نے ان کی صحبتوں سے بہت استفادہ کیا۔ جب وہ اسماعیلیہ آئے تو کئی روز انہوں نے ہمارے ساتھ گزارے جو زندگی کے خوش ترین اور سنہری ایام تھے۔ موصوف کو معلوم ہو گیا کہ ہم ایک مدرسہ قائم کرنا چاہتے ہیں اور اس کے نام کے بارے میں غور و فکر کر رہے ہیں چنانچہ وہ کہنے لگے: اسماعیلیہ تحریک کا مرکز ہے۔ اور یہ پہلی درس گاہ ہے جو تحریک کی طرف سے قائم کی جا رہی ہے۔ تحریک کی دعوت وہی ہے جو قرآن کی دعوت ہے۔ قرآن سب سے پہلے حرا کے اندر نازل ہوا ہے لہٰذا اس مدرسہ کا نام بھی "درس گاہ حراء" رکھ دو۔ شیخ کی تجویز منظور ہوئی اور یہی نام رکھا گیا۔

شیخ عرفی رات کو زیادہ سے زیادہ چار گھنٹے سوتے تھے۔ فجر سے پیشتر ہی جاگ جاتے، اور ہمارے دروازے کھٹکھٹاتے اور یہ صدا دیتے: "ہوش میں آؤ، ہوش میں آؤ، زندگی کے بعد ایک لمبی نیند مل جاتی گی۔ ہمیں اٹھ کھڑا ہونا چاہیئے، خدا کے حضور سربسجدہ ہو جانا چاہیئے، اس کی حمد بجا لائیں اور اس کے انعامات کا شکر ادا کریں۔"

شیخ عرفی فرماتے: "میرے بھائی اسماء والقاب سے نوازو۔"

میں عرض کرتا: "سیدی کس کو اسماء والقاب سے نوازوں؟"

فرماتے: "اپنے بھائیوں، رفیقوں اور ارادت مندوں کو اسماء والقاب سے نوازو۔ فلاں رفیق کو کہو کہ تیرے اندر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خصوصیات پائی جاتی ہیں، فلاں سے کہو تو عمر رضی اللہ عنہ سے مشابہت رکھتا ہے۔ یہ باتیں ان لوگوں کے اندر غیرت و حمیت

Marfat.com

کو انگیخنہ کریں گی اور انہیں مثالی کردار اور صالح اسوہ کی جانب اُکسائیں گی۔

مَیں عرض کرتا کہ اس طرح لوگ ہمیں اپنی تند و تیز زبانوں کا نشانہ بنائیں گے۔

شیخ کہتے: "تمہیں لوگوں سے کیا واسطہ۔ تم اللہ کے بن کر رہو۔ اور جس بات میں بہتری ہو اُسے کرتے جاؤ۔ اپنے اداروں کو اس طرح کے نام دو: درس گاہ حراء برائے طلبہ۔ امہات المومنین اسکول برائے طالبات، خندق کلب وغیرہ وغیرہ۔ اس طرح تاریخ کی یہ مبارک یادیں دلوں کے اندر گھر کرتی جائیں گی۔"

مجھ سے ہمیشہ یہ فرماتے: سُنو، اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ تم اپنی تحریک میں ایسے لوگوں کو بھی شامل کرتے جاؤ جو طاعت و عبادت میں کوتاہی کرتے ہیں، یا معمولی گناہوں کی جانب مائل رہتے ہیں بشرطیکہ تم اُن کے اندر خوفِ خدا محسوس کرو، نظم جماعت کا احترام اور اطاعت شعاری پاؤ۔ ایسے لوگ بہت جلد تائب ہو جائیں گے۔ دعوت ایک شفاخانہ ہوتی ہے جس میں علاج کے لیے ڈاکٹر اور شفایابی کی نیت سے مریض آتا ہے۔ ان لوگوں پر اپنا دروازہ ہرگز نہ بند کیجیے۔ بلکہ ان کو جس وسیلے سے بھی اپنی جانب کھینچ سکتے ہیں کھینچیے۔ یہی تحریک کا اوّلین مشن ہے۔ البتہ دو قسم کے لوگ ایسے ہیں جن سے سخت اجتناب کی ضرورت ہے۔ انہیں تحریک کے اندر گھُسنے کا ہرگز موقع نہ دیں۔ ایک وہ ملحد جس کا کوئی عقیدہ اور نظریہ نہیں ہے۔ خواہ وہ اپنی راست بازی کا کتنا ہی مظاہرہ کرے۔ اس کے اصلاح یاب ہونے کی کوئی اُمید نہیں ہے۔ وہ اصل عقیدہ کی رُو سے ہی کوسوں دُور ہے۔ ایسے آدمی سے آپ کس بات کی اُمید رکھ سکتے ہیں؟۔ اور دوسرا وہ زاہد و پارسا شخص جو نظم کا احترام نہیں کرتا اور اطاعت کے مفہوم سے آگاہ نہیں ہے۔ ایسا شخص انفرادی طور پر تو مفید ہو سکتا ہے، اور انفرادی طور پر اس کا کام نتیجہ خیز

Marfat.com

بھی ثابت ہو سکتا ہے لیکن جماعت کے اندر آنے گا تو جماعت کے دلوں میں خرابی پیدا کر دے گا۔ اپنے تقویٰ کے ذریعہ جماعت کو اپنا فریفتہ بنائے گا مگر نظم جماعت کی خلاف ورزی کر کے جماعت میں تفرقہ و انتشار کو جنم دے گا۔ اگر آپ جماعت میں شامل کیے بغیر ایسے آدمی سے استفادہ کر سکیں تو ضرور کریں۔ اپنی صفوں کے اندر اُسے لائیں گے تو نظم و ضبط بگاڑ اور اضطراب کی نذر ہو جائے گا۔ لوگ جب کسی کو نظم سے باہر نکلا ہوا دیکھیں گے تو یہ نہیں کہیں گے کہ فلاں شخص جماعت سے نکل گیا بلکہ یہ کہیں گے کہ یہ جماعت کج رَو ہے۔ لہٰذا آپ ایسے آدمی سے کلیتہً اجتناب کریں۔

یہ بھی فرمایا کرتے کہ عالم دین خیالی دھاگوں سے بندھا ہوتا ہے۔ صرف ایمان ہی مومنین کے سامنے حقائق کا انکشاف کرتا ہے۔ اگر ایمان مضبوط ہو گا تو اہلِ ایمان کمزور و ناتواں ہو کر بھی کامیاب ہو جائیں گے۔ اور جن لوگوں کا ایمان مضبوط نہ ہو گا وہ پوری استعداد و طاقت کے باوجود شکست کھا جائیں گے۔ گویا زندگی کی جنگاہ میں تحریک کے کارکنوں کے لیے ایمان ہی مضبوط ترین اسلحہ ہے۔

فرماتے: میں تجربہ کر چکا ہوں کہ ہر چیز پر دنیاوی اقبال بھی آتا ہے اور ادبار بھی۔ جب اقبال آتا ہے تو ہر چیز قدموں پر نچھاور ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ ایک بدکار ڈاکو بھی راہ چلتے میرے سامنے آئے گا تو سرِ تسلیم خم کرے گا۔ اور جب ادبار کی گھٹا چھا جاتی ہے تو ہر چیز مُنہ موڑ لیتی ہے۔ حتیٰ کہ میری سیدھی ہوئی سواری بھی سرکشی اور عصیان پر اُتر آئے گی۔ گو سرکشی اور عصیان اُس کی عادت نہ تھی۔ میں دو مرتبہ مصر آیا ہوں۔ پہلی مرتبہ جب میں آیا تو میں وہ محمد سعید العرفی تھا جو دیر الزور کی نمایاں شخصیت اور وہاں کا نامور عالم تھا۔ تمہارے شہر کے اعیان و عظماء نے اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر میرا اس قدر پرتپاک استقبال کیا کہ میں

Marfat.com

اپنے دل میں شرمندہ ہوتا رہا۔ اور دوسری دفعہ جب میں آیا تو میں تھا تو محمد سعید العرفی ہی۔ لیکن اب محمد سعید العرفی کو فرانسیسی استعمار کی طرف سے جلا وطنی کا حکم مل چکا تھا اور وہ مال و دولت اور جاہ و منزلت سے تہی دست ہو چکا تھا۔ اس وقت میں نے اسٹیشن پر ایک شخص بھی ایسا نہ پایا جو میرے لیے انتظار میں کھڑا ہو یا جو بڑھ کر میری خیریت دریافت کرے۔ اس وقت بھی میں شرم کے مارے پانی پانی ہو گیا۔ حالانکہ دوسری مرتبہ میں مواسات و غم خواری کا سخت حاجت مند تھا۔ اور پہلی حالت کی نسبت تپاک و خیر مقدم کا زیادہ حقدار تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اخوان المسلمون کے ساتھ میری شناسائی کی بدولت میرے لیے بہترین ثواب، عظیم ترین نعم البدل اور افضل ترین دلجوئی و مواسات کا انتظام فرما دیا۔

شیخ محمد سعید العرفی بڑے غیور، بے نیاز، دریا دل، عفیف النفس انسان تھے۔ جتنا عرصہ مصر میں قیام پذیر رہے وہ اپنے ہاتھ کی کمائی پر گزر اوقات کرتے رہے۔ کتابوں کی تصحیح کر کے کچھ نہ کچھ آمدنی پیدا کر لیتے تھے۔ کسی شخص سے انہوں نے کبھی مدد یا عطیہ نہیں لیا۔ اپنی ذات پر خرچ کرنے کے بعد اُن کے پاس جو کچھ بچ رہتا تھا وہ اخوان المسلمون اور زائرین کی نذر کر دیا کرتے تھے۔ عرصہ دراز کے بعد وہ شام واپس تشریف لے گئے۔ اور پھر دیر الزور کے حلقے سے پارلیمنٹ کے ممبر منتخب ہو گئے۔ اور اس حیثیت سے وہ تیسری مرتبہ شامی پارلیمنٹ کے ارکان پر مشتمل ایک وفد کے ہمراہ مصر تشریف لائے اور مسئلہ فلسطین پر ایک پارلیمانی کانفرنس میں انہوں نے شرکت کی۔ مجھے یاد ہے کہ انہوں نے اپنا سامان ہوٹل انٹرکانٹی نینٹل میں ڈالا اور کچھ دیر کے بعد اخوان کے مرکز میں آ گئے۔ سرکاری کام کے دوران تو وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ مشغول رہتے اور جو وقت باقی بچتا وہ ہمارے ساتھ گزارتے۔ میرا خیال ہے کہ موصوف

Marfat.com

اب قضاء کے منصب پر فائز ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں ہر حال میں کامیاب فرمائے، اور اُن کی ذات کو مسلمانوں کے لیے نافع بنائے اور ہمیں خیر و عافیت کی حالت میں اُن سے دوبارہ ملائے۔

## اسماعیلیہ سے باہر ابوصویر میں دعوت کا آغاز

اسماعیلیہ کے پڑوس میں انگریزی چھاؤنی سے آگے ابوصویر کا اسٹیشن واقع ہے۔ یہ جگہ اسماعیلیہ سے ۱۵ کیلومیٹر کے لگ بھگ دُور ہے۔ یہاں ان مزدوروں کی بہت بڑی تعداد رہائش رکھتی ہے جو ابوصویر کے کیمپوں اور ائر ٹریننگ اسکول میں کام کرتے ہیں۔ ان کے ساتھ تاجروں اور کاشتکاروں کی ایک تعداد بھی بستی ہے۔ مَیں نے ابوصویر کا دورہ کیا۔ اور مجھے خیال ہوا کہ یہاں جماعت کی ایک شاخ کھولنی چاہیئے۔ اس غرض سے مَیں نے لوگوں کے چہروں کو تاڑنا شروع کیا۔ قہوہ خانوں میں، سڑکوں میں اور دکانوں میں مَیں لوگوں کو بھانپتا رہا۔ بالآخر شیخ محمد العجرودی رحمہ اللہ کی دکان پر پہنچ گیا۔ یہ صاحب بڑے پُر وقار، باہیبت اور کشادہ ظرف انسان تھے۔ ان میں راست روی بھی تھی اور زبان و بیان کی مہارت بھی۔ مَیں نے انہیں دکانداری کرتے اور گاہکوں سے گفتگو کرتے ہوئے دیکھا۔ چنانچہ مجھے اُن کے اندر خیر کے آثار نظر آئے۔ مَیں نے اُنہیں سلام کیا، اور اُن کے پاس بیٹھ گیا۔ کچھ اور لوگ بھی ان کے ساتھ دکان میں بیٹھے ہوتے تھے۔ مَیں نے ان سے اپنا تعارف کرایا اور وہ مقصد بھی بیان کر دیا جس کے لیے مَیں ابوصویر آیا تھا۔ مَیں نے بتا دیا کہ مجھے آپ کے اندر خیر و صلاح کے آثار نظر آئے ہیں اور آپ ہماری دعوت کا بوجھ اٹھا سکتے ہیں۔ مَیں نے اپنی گفتگو کے اندر ان صاحب کی اور ان کے چند ساتھیوں کی توجہ جماعت کے بنیادی نکات کی طرف مبذول کرائی۔ یعنی یہ کہ اسلام کے مقاصد کس قدر عظیم و برتر ہیں،

Marfat.com

اسلام کے احکام و قوانین کس قدر پاکیزہ ہیں۔ مگر ہمارے معاشرے کے اندر کس حد تک بگاڑ، شر اور بدی پھیل چکی ہے۔ یہ اس بات کا نتیجہ ہے کہ ہم اسلام کے احکام کو پسِ پشت ڈال چکے ہیں اور اب یہ ہمارا فرض ہے کہ ایک ایسی تحریک برپا ہو جو ان حالات کی اصلاح کرے ورنہ ہم سب گناہ گار ہوں گے۔ اس لیے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور نصیحت و ہدایت فرض ہے اور انفرادی طریقے سے اس فرض کی ادائیگی کافی نہ ہو گی۔ بلکہ ایسی رائے عامہ پیدا کی جائے جو اس دعوت کی پشت پناہی کرے۔ نیک نفس لوگوں کی ایک جماعت ہر بستی میں منظم کی جائے جو اس دعوت پر ایمان رکھتی ہو اور اس کے گرد جمع ہو جائے۔ اس جماعت کو ہم "الاخوان المسلمون" کا نام دے سکتے ہیں۔

دکان دار اور اس کے ساتھی خوب کان لگا کر میری باتیں سنتے رہے۔ شروع میں وہ صرف یہی سمجھ سکے کہ شاید میں کسی خیراتی انجمن کی دعوت دے رہا ہوں یا میں صرف یہ تقریر ہی کرنا چاہتا تھا جو ان کے سامنے کر دی گئی۔ دکاندار نے بطور مہربانی مجھے دوپہر کے کھانے کی دعوت پیش کی۔ اور قہوہ بھی میرے لیے منگوایا۔ میں نے کھانے کی دعوت سے معذرت کر دی اور پھر اٹھ کر چلنے لگا۔ مگر اس نے بشدت اصرار کیا کہ میں مسجد کے اندر تقریر کروں یا سمندر کے کنارے ایک چھوٹی سی مسجد کے اندر جہاں لوگ جمع ہو جاتے ہیں مجلس وعظ منعقد کروں۔ میں نے یہ پسند کیا کہ میں قہوہ خانے میں درس دوں گا۔ چنانچہ میری تجویز منظور کر لی گئی۔ لوگ قہوہ خانے میں جمع ہو گئے۔ اور میری تقریر کو بڑے غور سے سنتے رہے۔ اور جو کچھ انہوں نے دیکھا اور سنا اس پر انہیں شدید حیرت تھی۔ وہ انگشت بدنداں تھے کہ ایک وجیہ نوجوان مدرس یوں قہوہ خانوں کے اندر لوگوں کو دینی درس دیتا ہے۔ حالانکہ وہ کسی مسجد کا امام نہیں ہے۔ نہ وہ کوئی پیر اور شیخ طریقت ہے۔ میری گزارشات ان کے لیے بڑی اثر آفرین ہوئیں اور

Marfat.com

انہوں نے تاکید کی کہ میں دوبارہ یہاں آؤں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

پے در پے دوروں کے بعد معاملہ یہاں تک ترقی کر گیا کہ ایک روز ہم احمد افندی دسوقی کے مکان پر جمع ہوئے اور ابوصویر میں الاخوان المسلمون کی شاخ قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔ یہ چھوٹی سی بستی چھوٹی ہونے کے باوجود باہمی رقابتوں اور کینہ توزیوں سے خالی نہ تھی۔ میں یہاں اقامت پذیر نہ تھا اور احمد افندی دسوقی جنہیں شاخ کا صدر چن لیا گیا تھا کوئی صاحب علم نہ تھے بلکہ تاجر تھے اور تجارت میں مصروف رہتے تھے، وہ مقامی رقابتوں، جھگڑوں اور قیل وقال کا سامنا نہ کر سکتے تھے۔ معاملات کو حل کیے بغیر یونہی چھوڑ دیتے تھے جس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ جماعت تتر بتر ہو جاتی یا ہونے کے قریب ہو جاتی۔ اور جب میں پھر دورے پر آتا تو دوبارہ اجتماعیت بحال ہو جاتی۔ آخر کار کچھ اخوان نے جو فہم دعوت سے آشنا ہوتے جاتے تھے اور دعوت اُن کے دلوں میں سرایت کر رہی تھی اور اسماعیلیہ بھی ان کا آنا جانا ہوتا تھا مجھے بتایا کہ تحریک کا بوجھ اور دعوت کی ذمہ داری اٹھانے کے لیے سب سے بہتر کوئی ہو سکتا ہے تو وہ استاذ عبداللہ بدوی ہے جو ابوصویر کے مدرسہ اولیہ کے ہیڈ ماسٹر ہیں۔ اوّلاً اس لیے کہ صاحب علم وفضل ہیں اور ہمیشہ لوگوں کو وعظ ودرس دیتے رہتے ہیں۔ ابوصویر کی چھوٹی مسجد میں، بلکہ ہر مکان پر ان کے درس وتدریس کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ اور ثانیاً اس لیے کہ وہ یہاں نمایاں مرتبہ ومقام رکھتے ہیں۔ یہاں کے تمام باشندے اُن سے محبت کرتے ہیں۔ وہ لوگوں سے میل ملاپ رکھتے ہیں۔ ہر شخص اُن کی تعظیم وتکریم کرتا ہے اور ان سے تعلق خاطر رکھتا ہے۔ ثالثاً ان کے پاس وقت بھی ہے۔ مدرسہ کی چھٹی کے بعد اُن کے پاس جو فراغت ہوتی ہے وہ فراغت تاجروں اور کاریگروں کو میسر نہیں ہوتی۔ اخوان کی یہ رائے مجھے بہت پسند آئی۔ میں ابوصویر گیا اور شیخ عبداللہ بدوی سے ملا۔

Marfat.com

اور میں نے انہیں وہی کچھ پایا جو لوگ اُن کے بارے میں کہتے تھے۔ بلکہ اس سے بھی برتر۔ الحمد للہ رب العالمین۔ مجھے یہ دیکھ کر بھی خوشی ہوئی کہ وہ بڑے باخبر آدمی ہیں۔ اُن کے دروس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ بڑی مضبوط شخصیت کے حامل ہیں۔ فکر نہایت صحت مندانہ اور متوازن ہے۔ میں نے اپنی ضرورت اُن کے سامنے بیان کی۔ انہوں نے اس ذمہ داری کو قبول کرنے میں بہت تأمل کیا۔ مگر میرے اصرار کے بعد وہ اس شرط پر رضامند ہو گئے کہ انہیں یہ آزادی ہونی چاہیئے کہ وہ شاخ کی تشکیل اُن اساتذہ سے کریں جو ان کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ اور وہ تمام اساتذہ اُن سے محبت کرتے ہیں اور اُن سے بڑے اخلاص و احترام سے پیش آتے ہیں۔ اور اس شاخ میں وہ ایسے دوسرے مقامی باشندے بھی داخل کریں گے جن کے اندر انہیں فہم و فراست نظر آئے گی۔ چنانچہ میں نے اُن کا مطالبہ قبول کر لیا۔ انہوں نے اس کام کو بڑی محنت سے شروع کر دیا اور اس کے لیے وہ خوب کمر بستہ ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے بھی انہیں کامیابی بخشی۔ اور ان کی قیادت میں اس بستی کے اندر ہماری نہایت مضبوط شاخ وجود میں آگئی۔

## ابوصویر میں اخوان کی مسجد

اس وقت تک ابوصویر میں ایک ہی مسجد تھی۔ مسجد الحرون۔ یہ نمازیوں کے لیے تنگ تھی۔ نہر اسماعیلیہ کے کنارے بھی ایک چھوٹی سی مسجد تھی۔ وہ بھی جمعہ کے اجتماع کے لیے کافی نہ تھی۔ ایک تیسری نامکمل مسجد تھی جسے شیخ ابراہیم ابو حریش نامی ایک صاحب نے بنوایا تھا۔ یہ صاحب بستی سے دُور رہتے تھے۔ اور مسجد کے ساتھ ان کا کوئی لگاؤ نہ تھا۔ اس لیے مسجد ایسی حالت میں نہ تھی کہ وہاں شعائر و عبادات قائم کیے جا سکیں۔ شیخ عبداللہ بدوی نے اس مسجد پر قبضہ کی ٹھانی، اور اسے الاخوان المسلمون کا مرکز بنانے کا فیصلہ کیا۔ چنانچہ انہوں نے شیخ ابراہیم سے بات چیت کی اور ان کی رضامندی حاصل کر لی۔ مسجد کی مرمت کا کام شروع کر دیا گیا۔

Marfat.com

اور آج وہ ایک عظیم الشان مسجد بن چکی ہے۔ اخوان کا ایک کلب بھی اُس کے ساتھ ملحق ہے۔ ان کے اجتماعات اسی مسجد میں ہوتے ہیں۔ مسجد کے سامنے ایک کشادہ میدان ہے جہاں اخوانی اسکاؤٹس کو تربیت دی جاتی ہے۔ اور گرمیوں کی چھٹیوں میں وہاں تقریروں اور درسوں کا غلغلہ رہتا ہے۔ چنانچہ یہ مسجد ایک نہایت نافع ادارہ بن چکی ہے جہاں سے رشد و ہدایت کی شعاعیں پھوٹتی ہیں۔ اس بقعہ مبارکہ میں ہم نے تحریک کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ شیخ عبد الازہری کو ہم نے یہاں کچھ عرصہ کے لیے بھیجا۔ شیخ عبد الازہری ان طلبہ میں سے تھے جنہوں نے ازہر کی زندگی کو نہایت عمدہ طریقے سے گزارا تھا۔ انہوں نے ہاں قرآن مجید بطریقِ احسن حفظ کر لیا تھا۔ یہ اسماعیلیہ آ گئے اور اخوان المسلمون میں شامل ہو گئے۔ اور اخوان کے مرکز میں کلرک کے طور پہ ملازم ہو گئے۔ قرآن کے قاری تھے۔ اور نماز اور خطابت کی ذمّہ داری خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکتے تھے۔ ہم نے تجویز کیا کہ ابوصویر کے مرکز میں امامت و خطابت اور وعظ اور دفتری نظم، یہ تمام کام ان کے سپرد کر دیئے جائیں۔ معاوضہ انہیں اسماعیلیہ سے بھیجا جائے گا۔ کیونکہ اسماعیلیہ ہی تحریک کا گہوارہ اور مطلع ہے۔ اور ابوصویر کی شاخ ابھی نوخیز ہے۔ اور لوگ ہر اس شخص سے بدک جائیں گے جو اُن سے آتے ہی بڑی مقدار میں مالی امداد طلب کرے گا۔ دعوت و تحریک کے بارے میں یہی سُنّتِ الٰہی ہے کہ مالی مطالبات سے پرہیز کیا جائے۔ اصحابِ دعوت لوگوں سے کوئی معاوضہ یا اجر نہ مانگیں۔ اور اگر وہ مانگیں گے تو لوگ بُخل دکھائیں گے۔ اور پھر دعوت کے لیے اُن کے سینے تنگ ہو جائیں گے۔ البتہ جب اُن کے دلوں میں ایمان اچھی طرح راسخ ہو جائے تو پھر وہ رضا کارانہ طور پر خوشی خوشی نہ صرف اپنا مال خرچ کرتے ہیں بلکہ اپنی جانیں تک نچھاور کرنے لگتے ہیں۔ ابوصویر میں شیخ عبد اللہ بدوی کی قیادت میں

Marfat.com

دعوت کے آغاز کے لیے شیخ عبدالازہری کا وجود دعوت کی جڑیں گہری کرنے میں بہت ممد ثابت ہوا۔ اور یہ بات ہمارے لیے بھی یک گونہ اطمینان کا باعث بنی۔

## پورٹ سعید میں دعوت کا آغاز

اسماعیلیہ میں احمد افندی مصری ایک نوجوان تھا۔ اُس کی عمر ۱۷ یا ۱۸ برس تھی۔ پورٹ سعید کا رہنے والا تھا۔ اپنے کچھ کاموں کے سلسلے میں عارضی طور پر اسماعیلیہ میں مقیم تھا۔ اسماعیلیہ میں اُس نے طویل عرصہ گزارا۔ اس دوران وہ الاخوان کے مرکز میں آمد و رفت رکھتا رہا اور وہاں جو تقریریں کی جاتیں یا ہدایات جاری کی جاتیں انہیں وہ سنتا رہتا۔ تھوڑی ہی مدت کے بعد اُس نے باقاعدہ بیعت کر لی اور جماعت میں شمولیت اختیار کر لی اور اخوان کے اس گروہ میں شامل ہو گیا جو دعوت کے لیے مخلص ترین تھا اور دعوت کے فہم و ادراک میں پیش پیش تھا۔ اسماعیلیہ میں اُس کا مشن ختم ہو گیا اور وہ اپنے اصل وطن پورٹ سعید واپس چلا گیا۔ اپنے ساتھ دعوت کی روشنی بھی لے گیا۔ بے شک دعوت کی مثال اس پاکیزہ و صالح بیج کی ہے جو جہاں بھی بویا جائے گا بارآور ہو گا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ومثل کلمۃ طیبۃ کشجرۃ طیبۃ اصلھا ثابت وفرعھا فی السماء تؤتی اکلھا کل حین باذن ربھا۔ (ابراہیم ۳۱)

پورٹ سعید میں اخ احمد افندی مصری کے نیک نہاد احباب اور وہاں کے پاکیزہ نفس نوجوانوں کا ایک گروہ اُن کے گرد جمع ہو گیا۔ اور وہ لوگ دعوت سے غیر معمولی طور پر متاثر ہو گئے۔ اخ احمد کی پُرشکوہ شخصیت، گہرا ایمان، کریمانہ اخلاق اور راہ دعوت میں بیش بہا قربانیاں اس بات کا اولین محرک تھا کہ اُن کے دوست جو دعوت کو سمجھ چکے تھے اور دعوت پر ایمان لا چکے تھے اُن کی قیادت پر متفق ہو گئے اور انہیں اپنا محور تسلیم کر لیا۔

Marfat.com

اخوان کی شاخ پورٹ سعید میں قائم ہو گئی۔ شاخ کا اجتماع پورٹ سعید کے اندر جگہ جگہ پھیلے ہوئے زاویوں اور تکیوں میں سے کسی زاویہ اور تکیہ میں ہو جاتا۔ مغرب کی نماز یا عشاء کی نماز کے بعد لوگ جمع ہوتے۔ وہ اس نئی دعوت کے حالات اور تقاضوں پر مذاکرات کرتے۔ اخ حسن افندی نے مجھ سے مطالبہ کیا کہ میں پورٹ سعید میں ان نئے حضرات سے آ کر ملوں۔ میں اس دعوت نامے پر بہت مسرور ہوا۔ اور اپنی اوّلین فرصت میں میں نے ان لوگوں سے جا کر ملاقات کی۔ ایک معمولی درجے کے زاویے کے اندر بیٹھ کر میں نے پورٹ سعید کے نوجوانوں کی ابتدائی جماعت سے اس امر پر بیعت لی کہ وہ دعوت کے راستے میں جہاد جاری رکھیں گے یہاں تک کہ دو نتیجوں میں سے ایک نتیجہ برآمد ہو جائے: اللہ تعالیٰ اس دعوت کو غلبہ عطا فرمائے یا ہم اسی راہ میں ملیا میٹ ہو جائیں۔

بعد میں اخوان کو خیال ہوا کہ وہ اپنے لیے ایک مخصوص جگہ کا بندوبست کریں۔ اس خیال کو انہوں نے عملی جامہ پہنا دیا۔ اور شارع المنیا میں ایک معمولی سی جگہ کرائے پر لے لی جہاں اپنی برانچ قائم کر لی۔ یہی جگہ پورٹ سعید میں دارالاخوان کے نام سے معروف ہوئی۔ جو عطیات جماعت کے لوگوں سے وصول ہوتے تھے وہ ایک مستقل اور جداگانہ دفتر کی ضروریات پوری نہ کر سکتے تھے۔ اور اخوان کا یہ طے شدہ ضابطہ تھا کہ وہ لوگوں سے مالی اعانت طلب نہیں کرتے تھے۔ بلکہ یہ انتظار کرتے تھے کہ لوگ ان کی دعوت کو دامنِ دل میں جگہ دیں اور اس کی راہ میں از خود ان کے اندر مالی قربانی کا احساس پیدا ہو۔ اخوان جویائے قلوب تھے جویائے جیوب نہ تھے۔ چنانچہ اسماعیلیہ نے جو تحریک کا گہوارہ تھا یہاں کے مصارف میں ایک حصّہ کا ذمہ لے لیا اور پورٹ سعید کے فاضل اخوان اپنے عطیات سے جو ضرورت پوری نہ کر سکتے تھے وہ ضرورت اسماعیلیہ پوری کر دیتا تھا۔

Marfat.com

پورٹ سعید میں جب اخوان کے حالات میں استقرار و ثبات پیدا ہو گیا تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ اب وہ اپنی دعوت کو کھلم کھلا لوگوں تک پہنچائیں گے اور پورٹ سعید کے عوامی حلقوں کے سامنے اُسے پیش کریں گے۔ میری یادداشت کے مطابق انہوں نے ماہ محرم ۱۳۴۹ھ کے موقع سے فائدہ اٹھایا اور ایک اجتماعِ عام کا اعلان کر دیا۔ یہ اجتماع انہوں نے اپنے نئے مرکز کے سامنے شامیانوں کے اندر منعقد کیا۔ اجتماع میں اسماعیلیہ اور پورٹ سعید کے اخوانی رہنماؤں نے تقریریں کیں۔ موضوع تھا ہجرتِ نبویؐ۔ پورٹ سعید کے اندر علم اور اہلِ علم کے ساتھ محبت کی فضا پائی جاتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت و سوانح کے بیان اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت و عشق کے لیے جو محفل بھی منعقد کی جائے لوگ اس میں شوق و ذوق سے حصہ لیتے ہیں۔ لوگ اخوان کی دعوت سے سراسر نا واقف تھے۔ اور خود اہلِ دعوت سے بھی پوری طرح متعارف نہ تھے۔ لیکن بایں ہمہ اس محفل میں جوق در جوق آئے۔ اخوان کا یہ پہلا اجتماع تھا۔ یہ اجتماع نہایت پُر لطف اور خوشگوار بن گیا اور حاضرین کی تعداد بھی بہت ہو گئی۔ اجتماع کے روز اچانک میری طبیعت خراب ہو گئی۔ اور میں گلے کی شدید سوزش میں مبتلا ہو گیا۔ اسماعیلیہ سے پورٹ سعید تک میں نے ضعف کی وجہ سے لیٹ کر سفر کیا۔ ڈاکٹر محمود بک صادق رحمہ اللہ نے ——— جو اسکول کے ڈائرکٹر تھے ——— میری حالت دیکھ کر کہا: اگر آپ نے آج دن کو سفر کیا۔ اور رات کو تقریر کی تو آپ اپنی جان پر ظلم ڈھائیں گے۔ تقریر تو آپ کسی صورت بھی نہیں کر سکیں گے۔ اس کے باوجود میں نے سفر کا عزمِ صمیم کر لیا۔ ٹرین سے اُتر کر میں سیدھا دار الاخوان پہنچا۔ خستگی کی وجہ سے مغرب کی نماز میں نے بیٹھ کر ادا کی۔ نماز کے بعد مجھ پر ایک عجیب نفسیاتی کیفیت طاری ہو گئی۔ میں نے سوچا کہ پورٹ سعید کے اخوان اپنی اس محفل پہ کس قدر شاداں و فرحاں نظر آ رہے ہیں۔ اور کیا کیا

Marfat.com

امیدیں اس محفل پر انہوں نے لگا رکھی ہیں۔ اور کس طرح اپنا پیٹ کاٹ کر انہوں نے اس کے مصارف جمع کیے ہیں، اور لوگوں کو شرکت کی دعوت دینے کے لیے انہوں نے کس طرح جانفشانی دکھائی ہے۔ اس سب کچھ کے بعد کیا اس کا انجام یہ ہے کہ اصل مقرر تقریر کرنے سے معذرت کر رہا ہے ؟!

مَیں نے جب ان پہلوؤں کا تصوّر کیا تو مَیں وفورِ جذبات سے رو پڑا۔ اور ایک گہرے تاثر میں ڈوب کر عجیب محویت و استغراق کے عالم میں نمازِ عشاء تک اللہ تعالیٰ سے صحت و طاقت کے لیے گریہ زاری کرتا رہا۔ چنانچہ اسی دَوران میں نے اپنے اندر یکایک کچھ تازگی محسوس کی۔ اور عشاء کی نماز کھڑے ہو کر پڑھ لی۔ اجتماع کا وقت ہو گیا۔ قرآن کریم کی تلاوت سے کارروائی کا آغاز ہو گیا۔ مَیں تقریر کے لیے کھڑا ہوا۔ جب مَیں نے آغاز کیا تو یہ حالت تھی کہ اپنی بات خود مجھے بھی سُنائی نہ دے رہی تھی۔ مگر یکایک ایک حیرت انگیز طاقت میرے اندر سرایت کر گئی۔ گویا مجھے مکمل شفا مل چکی تھی۔ اور میری آواز عجیب و غریب حد تک صاف اور واضح اور گرجدار ہو چکی تھی۔ شامیانے کے اندر بیٹھنے والے بھی سُن رہے تھے اور باہر والے بھی ——— اُن دنوں لاؤڈ اسپیکر کے استعمال کا رواج شروع نہ ہوا تھا۔ آواز اتنی سُریلی ہو چکی تھی کہ خود مجھے اپنی ذات پر اب رشک آ رہا تھا۔ اس طرح یہ محفل بہتر طور پر اختتام پذیر ہو گئی۔ میری یہ تقریر تقریباً دو گھنٹے سے بھی زیادہ دیر تک جاری رہی۔ یہ اللہ کا فضل و احسان اور کرم و لطف ہے کہ گو اس مرض کا دَورہ مجھے ہر سال لاحق ہوا کرتا تھا مگر اس مبارک رات کے بعد مجھے زندگی میں پھر کبھی یہ مرض نہیں ہوا اِلّا یہ کہ جب سخت جاڑا ہوا اور غیر معمولی محنت و مشقت کا سامنا ہو۔ یہ صحت مند تبدیلی میرے اعتقاد میں پورٹ سعید کے اخوان کے اخلاص و برکت کا نتیجہ ہے کہ انہیں دعوت کے ساتھ سچا عشق ہے اور اُسے لوگوں تک پہنچانے کے لیے وہ مرتبہ فنا

Marfat.com

تک پہنچ چکے ہیں۔

پورٹ سعید متواتر دعوت کے میدان میں پیش قدمی پر پیش قدمی اور کامیابی پر کامیابی حاصل کر رہا ہے۔ اب اخوان کی وہاں چار مضبوط شاخیں کھل چکی ہیں۔ اور ایک کھیلوں کا میدان ان کے پاس ہے۔ اور اس سرحدی شہر کے چیدہ نوجوانوں میں سے صادق الایمان مجاہدین اور فعّال و سرگرم اصحاب کی بہت بڑی تعداد حلقہ بگوشِ دعوت ہو چکی ہے۔

## البحر الصغیر میں دعوت کی اشاعت

پورٹ سعید کے ایک تحریکی اجتماع میں بحر صغیر کے علاقہ الجمالیہ کے باشندوں کا ایک وفد شریک ہوا۔ وفد میں اخ محمود افندی عبداللطیف، الجمالیہ کے ایک نوجوان بھی تھے۔ اخ عمر غنام دقہلیہ کی سنگر کمپنی کے ایجنٹ بھی تھے۔ ان کی یہ شرکت کسی پروگرام کے تحت نہ تھی۔ اجتماع کی کشش پر وہ آ گئے۔ اور اجتماع کی عام تقریر انہوں نے سُنی۔ اجتماع کے بعد وہ رُک گئے۔ اور تحریک کے مقاصد اور بنیادی نکات پر بحث و مباحثہ کرنے لگے۔ اور پھر وہ اس عزم کے ساتھ واپس لوٹے کہ وہ اپنے علاقے بحر صغیر میں بھی اس کارِ عظیم کو سرانجام دینے کی ذمہ داری اٹھائیں گے۔ چنانچہ زیادہ مدّت نہ گزری کہ ان کی طرف سے ہمیں پے در پے خطوط ملنے شروع ہو گئے۔ اور آخر کار بحر صغیر کے علاقہ المنزلۃ میں اخوان کی ایک شاخ کھُل گئی۔ اس کے صدر استاذ جلیل شیخ مصطفیٰ الطیر منتخب ہوئے۔ شیخ موصوف ازہر کے فارغ ہیں۔ اور آج کل قاہرہ کے اسلامک انسٹی ٹیوٹ میں معلّم ہیں۔ اس کے بعد الجمالیہ میں آل عبداللطیف کے مکان پر ایک اور شاخ قائم ہو گئی۔ ایک تیسری شاخ جو جدیدۃ المنزلۃ کے نام سے مشہور ہے آل طویلہ کے مکان پر کھول دی گئی۔ الغرض وطنِ عزیز کے اس محبوب حصّے میں بھی قافلۂ دعوت پورے جوش و خروش سے رواں دواں ہو گیا۔

Marfat.com

اسماعیلیہ میں میں نے اپنے آخری ایام میں پورٹ سعید کے راستے سے بحر صغیر میں اخوان کی شاخوں کا دورہ کیا تھا۔ یہ دورہ بڑی خیر و برکت کا باعث ہوا۔ اس سے دلوں کے اندر کامیابی کی عظیم الشّان اُمید اُبھر آئی۔ ایک لطیفہ یہ ہوا کہ میں مطریہ گیا۔ وہاں المنزلہ کے ممتاز لوگوں کی ایک جماعت میرے استقبال کے لیے موجود تھی۔ اور جب لوگ مجھ سے ملتے تو ان کے ہونٹوں پہ ایک معنی خیز مسکراہٹ پھیل جاتی۔ جب ہم المنزلہ پہنچ گئے اور دارالاخوان میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ دارالاخوان استقبال کے لیے آنے والے علماء وفضلاء اور اعیان و معززین سے کھچا کھچ بھرا ہوا ہے۔ اہل علم و اصحاب جاہ کے علاوہ عام باشندوں کا جم غفیر بھی موجود تھا۔ وہاں بھی مجھے دیکھ کر لوگ ایک معنی خیز مسکراہٹ کا مظاہرہ کرتے۔ میں نے شیخ مصطفیٰ الطیر سے تنہائی میں پوچھا کہ یہ لوگ کیوں مسکراتے ہیں؟ شیخ نے کہا: اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ ان لوگوں کے تصوّر کے بالکل برعکس نکلے ہیں۔ وہ اس امر کے منتظر تھے کہ حسن البنّا نام کے ایک بارُعب، عظیم الجثّہ، سن رسیدہ اور پُرشکوہ چہرے والے مولانا سے ملیں گے۔ مگر وہ کیا دیکھتے ہیں کہ یہ تو ایک چھوکرا ہے جس کی عمر بمشکل ۲۵ سال ہے۔ پھر شیخ مصطفیٰ الطیر نے یہ بتانے کے بعد کہا کہ اب ہمیں چاہیئے کہ لوگوں کا اطمینان و اعتماد بحال کریں۔ اور اُن کو قائل کرنے کے لیے آج رات جتنی زیادہ سے زیادہ کوشش سرانجام دی جاسکتی ہے، دیں۔

میں نے کہا: برادرم، توفیق اور کامیابی اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ صرف اللہ کی ذات ہی سے نصرت و تائید مل سکتی ہے۔ اگر وہ کسی بھلائی کا فیصلہ فرما لیتا ہے تو اُسے کر گزرتا ہے۔ انسان جسم کے دو چھوٹے سے حصّوں کا نام ہے: ایک زبان اور دوسرا دل۔ اور مومن کا دل رحمان کی اُنگلیوں میں سے دو اُنگلیوں کے درمیان ہے۔ وہ جیسے چاہتا ہے

Marfat.com

اُسے پیش آرہا ہے۔" میرے ساتھ اس سفر میں برادرِ جلیل حامد عسکریہ رحمہ اللہ تھے۔ میں نے کہا: ان کا وجود بابرکت ہے۔ اس کمی کو وہ پُورا کر دیں گے اور خدا نے چاہا تو صورتِ حال کو درست کریں گے۔

شام کو میں نے جلسہ میں خطاب کیا۔ جلسہ گاہ جو شامیانوں کے اندر تھی اس قدر کھچا کھچ بھری ہوئی تھی کہ حدِ نظر تک انسان ہی انسان دکھائی دے رہے تھے۔ تقریر کے اختتام پر بہت سے لوگ میرے پاس آئے اور انہوں نے واشگاف طور پر مجھ سے اپنے جذبات بیان کیے اور کہنے لگے کہ تقریر سے پہلے تک تو یہی خیال تھا کہ وہ ظاہر کے لحاظ سے ایک وجیہ شیخ کو دیکھیں گے، مگر اب انہوں نے ایک حقیقی شیخ دیکھا ہے۔ یہ تاثر اللہ کا ایک فضل ہے۔

بعد میں اس علاقے کے اندر ہمارے بارہا دَورے ہوتے رہے۔ جگہ جگہ جماعت کی شاخیں کھل گئیں جن کی نگرانی کے لیے اللہ تعالیٰ نے نیک انسانوں کا جمِ غفیر مہیا فرما دیا۔ مطریہ میں، میت خضیر میں، میت البصراط، میت سلسیل میں، برمبال القدیمہ میں، میت عاصم میں، کفر جدید میں ان تمام جگہوں پر ہماری شاخیں وجود میں آ گئیں۔ اس علاقے میں دو آبادیاں تو پوری کی پوری اخوان پر مشتمل ہیں: ایک المنزلہ اور دوسرا میت عاصم۔ جن نمایاں حضرات اور خاندانوں سے ہمارا تعارف ہوا۔ ان میں ڈاکٹر حلمی الجیار اور آل سویلم (برمبال) اور آل قداح (میت سلسیل) اور آل الہواری (کفر جدید) خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ ان سب حضرات نے ہماری دعوت کو پسند کیا، اس کی حوصلہ افزائی کی اور آج تک اس کی پشت پناہی کرتے چلے آ رہے ہیں۔ یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ ۱۹۳۲ء میں عیسائی مبلغین کی سرگرمیوں کے توڑ میں جو مہم جاری کی گئی تھی اُس کی پہلی

Marfat.com

چنگاری درحقیقت المنزلہ ہی میں بھڑکی تھی۔ اس کے بعد پورٹ سعید میں وہ مزید شعلہ بار ہو گئی اور پھر وہاں سے ملک کے متعدد حصّوں میں پھیل گئی۔ اس مہم کا نتیجہ یہ ہُوا کہ خود مسلمانوں کی طرف سے بھی پھر کئی یتیم خانے اور شفا خانے اور دوسرے خدمتِ خلق کے ادارے وجود میں آ گئے۔ یہ ادارے اب تک قائم ہیں۔

## سویز میں دعوت کی تاریخ

مَیں سویز کے مختصر دورے پر گیا۔ پیشِ نظر یہ تھا کہ استاذ سیّد محمد الحافظ التیجانی سے ملاقات کروں اور وہاں کے دیگر احباب اور مدّرسین کو بھی دیکھوں۔ اُن دنوں شرعی عدالت کے قاضی استاذ شیخ محمد ابوالسعود بھی وہاں ہی ہوتے تھے اور انہوں نے وہاں نہایت عمدہ ایک علمی اور عملی تحریک برپا کر رکھی تھی۔ اُن کی محفل میں اہلِ علم جمع ہوتے تھے جو باہم تبادلۂ خیال کرتے اور ذکر و فکر میں منہمک ہوتے اور لوگوں کو وعظ و نصیحت کا فرض بھی ادا کرتے رہتے۔ مَیں اُن کی محفل میں حاضر ہُوا۔ یہ محفل مسجد الغریب میں منعقد کی گئی تھی۔ مَیں نے بھی بعض ائمہ اور علماء سے اپنی دعوت کے بارے میں گفتگو کی۔ وکیل شرعی محمد الہادی عطیہ اور ان کے گہرے دوست محمد حسن السیّدؒ سے بھی راہ چلتے ملاقات ہو گئی۔ اور اُن سے بھی دعوت کے بارے میں ایک مختصر سی گفتگو رہی۔ مجھے اندازہ ہو گیا کہ دعوت کے لیے ان حضرات کے اندر اِس وقت بہت اچھی آمادگی پائی جاتی ہے۔ دوسری بار پھر مجھے سویز کے دورہ کی دعوت دی گئی۔ چنانچہ مَیں گیا اور مذکورہ دونوں حضرات اور ان کے ساتھ استاذ محمد طاہر منیرا، اخ شیخ عبدالحفیظ اور اخ شیخ عفیفی الشافعی عطوہ سے ملاقات ہوئی۔ اس ملاقات کا نتیجہ یہ ہُوا کہ اربعین کے اندر اخوان کی ایک شاخ قائم ہو گئی۔ جس کے صدر شیخ عفیفی الشافعی مقرر ہوئے۔ اس کے بعد دعوت کو برابر فروغ ملتا رہا یہاں تک کہ اس علاقے کے اندر ایک

Marfat.com

سے زائد شاخیں کھل گئیں۔ اور اخوان کا ایک عظیم الشان مرکز اور ایک عظیم الشان عمارت قائم ہو گئی۔ بحرِ احمر کے تمام قصبوں مثلاً غزدقہ، راس غارب، قصیر، سفاجہ وغیرہ میں شاخیں قائم ہو چکی ہیں اور یہ سب سویز کے مرکز کے تابع ہیں۔ ان علاقوں میں پاکباز و نیک نفس انسانوں کا ایک چیدہ گروہ دعوت کے گرد جمع ہو چکا ہے۔

مجھے سویز کی "شبِ بوریا" کبھی فراموش نہ ہو سکے گی۔ مرحوم حسن افندی، اللہ ان پر رحمت کی بارش کرے اور ان کے لیے جنت کو وسیع تر فرمائے، کے مکان کے سامنے ہم بوریا پر بیٹھے تھے۔ اور ایک نہایت پُر سکون علمی بحث رات کی خاموش فضا میں چھڑی ہوئی تھی۔ اور مختلف علوم و فنون کے بارے میں نہایت دقیق اور پیچیدہ سوالات زیرِ گفتگو آ رہے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ اخ شیخ عبدالحفیظ سورۂ ص کی ایک آیت کریمہ میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے اس قول کے بارے میں سخت اشکال میں مبتلا تھے۔

"قال رب اغفرلی وھب لی ملکا لا ینبغی لاحد من بعدی
انک انت الوھاب"

"سلیمان نے کہا: اے پروردگار مجھے معاف فرما اور مجھے ایسا مُلک عطا کر جو میرے بعد کسی اور کو مناسب نہ ہو۔ بے شک تو ہی عطا فرمانے والا ہے"

شیخ عبدالحفیظ کہنے لگے: اس آیت میں مغفرت کا سوال کیا گیا ہے جس میں قصور کا احساس جلوہ فرما ہے اور سلطنت کا سوال بھی کیا گیا ہے جس میں یہ احساس کارفرما ہے کہ گویا انہیں خدا کی رضا اور خوشنودی حاصل ہے۔ یہ دونوں احساسات کیسے اکٹھے وارد ہو سکتے ہیں اور ایک ہی شخص سے ایک ہی حالت میں کیسے صادر ہو سکتے ہیں؟"

اس اشکال کا میری طرف سے یہ جواب دیا گیا: حضرت سلیمان علیہ السلام نے کہا تھا کہ اس رات

Marfat.com

میں اپنی تمام بیویوں پر گردش کروں گا۔ ان میں سے ہر ایک کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو خدا کا عبادت گزار ہوگا اور سلطنت کے دائرے کو وسیع کرنے اور اسلامی اقتدار میں اضافہ کرنے کے لیے مددگار ہوگا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام اس گھڑی گویا صرف اسباب پر اکتفا کر رہے تھے۔ چنانچہ اُس رات صرف ایک عورت کو حمل ٹھیرا۔ اور اس کے ہاں بھی جو لڑکا پیدا ہوا وہ ناکارہ تھا۔ دایہ نے پیدائش کے بعد اُسے ناقص الجسم سمجھ کر حضرت سلیمان کی کرسی پر لا کر ڈال دیا۔ چنانچہ حضرت سلیمانؑ کو فوراً یاد آیا کہ انہوں نے سلطنت کی توسیع و استحکام کے لیے اولاد سے مدد حاصل کرنا چاہی تھی۔ حالانکہ سلطنت خداوند تعالیٰ کا ایک عطیہ تھی وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ حضرت سلیمان نے اپنے اس سابقہ احساس سے اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کی، اور پھر اللہ تعالیٰ سے تمام واسطوں کے بغیر سلطنت کی درخواست کی اور یہ فرمایا کہ صرف تُو ہی عطا کرنے والا ہے۔ ایسی سلطنت کا سوال کرنا دراصل اُس احساس سے برأت کی توثیق تھی جو ان کے لیے آزمائش کا موجب بن گیا تھا۔ خاکسار کا یہ جواب تمام حاضرین کو پسند آیا۔

یہ علمی و فکری بحث دیر تک جاری رہی اور اس کا اختتام ایک عجیب روحانی کیف پر ہوا۔ نسیم سحری کے دل آویز جھونکے شروع ہو گئے۔ اور ہر شخص اپنے پروردگار سے سرگوشیوں میں مصروف ہو گیا۔ کوئی زار زار رو رہا تھا، کوئی توبہ و انابت کے لیے سراپا تملق تھا اور کوئی دعا و استغفار میں محو تھا۔ اِسی حالت میں سپیدۂ سحر نمودار ہو گیا۔ ہم سب نے تجدید توبہ کی، عہد و میثاق کو مزید مستحکم کیا اور رشتۂ وفا سے وابستگی کو پختہ تر کیا اور پھر نماز صبح ادا کی۔ اور یہ اللہ کا فضل تھا کہ اس رات جن دوستوں نے پیمان بیعت باندھا تھا وہ اس پر قائم ہے۔

فمنهم من قضى نحبه ومنهم من ينتظر وما بدلوا تبديلا۔ (الاحزاب ۲۳)

Marfat.com

"ان میں سے کچھ اپنی نذر پوری کر چکے ہیں اور کچھ وقت آنے کے منتظر ہیں۔ اور انہوں نے اپنے عزم میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔"

"شجرِ حنا کی ٹہنی" بھی مجھے فراموش نہ ہو گی۔ ایک مرتبہ میں سویز کے دَورہ پر گیا۔ اور سویز کے اخوان میں سے ایک رفیق کے گھر اُترا۔ کمرے کے اندر میز پر فیروز آبادی کی سفر السعادۃ رکھی ہوئی تھی۔ میں نے اسے اٹھا کر کھولا ہی تھا کہ اس حدیث پر نظر پڑی کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم ثمرِ حنا کو پسند فرمایا کرتے تھے۔ آنجناب کی اقتداء میں میرے دل میں بھی ثمر حنا کی ٹہنی کا شوقِ شدید اُمڈ آیا۔ لیکن یہاں اُس کا حصول کیونکر ممکن تھا۔ میں اپنے شہر اور گھر سے دُور تھا۔ کچھ دیر کے بعد ہم اخوان کے مرکز چلے گئے۔ اور وہاں پہنچ کر میں نے حاضرین سے خطاب شروع کر دیا۔ میری پشت کھڑکی کی جانب تھی کھڑکی کے اندر اور اس کے اردگرد کچھ لڑکے کھڑے جھانک رہے تھے۔ ناگاہ ایک لڑکے نے شیخ ہادی عطیہ کو آواز دی۔ جب شیخ ہادی عطیہ اُس کے پاس گئے تو اس لڑکے نے شجر حناء کی ایک موٹی سی ٹہنی شیخ کو تھما دی اور میری طرف اشارہ کرتے ہوئے (جسے میں نے خود بھی دیکھ لیا) لڑکا شیخ کو کہنے لگا کہ یہ ٹہنی تقریر کرنے والے شیخ کو دے دی جائے۔ شیخ ہادی نے آکر وہ لکڑی مجھے پیش کر دی اور کہا کہ "یہ اربعین (جگہ کا نام) کے بچوں کا آپ کے لیے تحفہ ہے۔" میں نے مسکراتے ہوئے کہا: یہ اربعین کا تحفہ نہیں ہے بلکہ یہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور یاد کا ایک عنبریں جھونکا ہے۔ اس مبارک اتفاق پر میں سارا دن موجِ سُرور میں ڈوبا رہا۔

قاہرہ میں دعوت کی تاریخ

شارع الفلکی میں، الرشل اسکول کے اندر جمعیت دینیہ کی تاسیس عمل میں آئی۔ اس جمعیت کا کل سرمایہ اسکول کے دو طالب علم: عبدالرحمان الساعاتی اور محمود سعدی الحکیم، اور ان دونوں

Marfat.com

کے چند ہم جماعت ہیں - یہ لوگ نماز کے پابند ہیں، اسلام کی برکات کے معترف اور اسلامی تعلیمات کے محاسن سے آگاہ ہیں - اسکول کی چھوٹی سی مسجد ان لوگوں کے اجتماعات کا مرکز اور ان کی سرگرمیوں کا مظہر ہے - انہیں بارہا اپنے ساتھی طلبہ کی طرف سے استہزا اور تمسخر کا نشانہ بننا پڑتا ہے - وہ حیرت و استعجاب کے ساتھ ان کی جانب انگشت نمائی کرتے ہیں - بعض طلبہ جو ایسے مظاہر کو خاطر میں نہیں لاتے اور اسکول کے ملازمین ان کی مخالفت کرتے ہیں - لیکن یہ لوگ بڑی شرافت کے ساتھ صبر و تحمل کا دامن پکڑے ہوئے ہیں -

مذکورہ بالا دونوں صالح نوجوان اسکول سے فارغ ہو جاتے ہیں - اور خدا کا کرنا یہ ہوتا ہے کہ یہ دونوں ریلوے انجینئرنگ برانچ میں اکٹھے ملازم ہو جاتے ہیں - ان کے دل میں اسلام کے ساتھ گہرا عشق اور اسلام کی عاید کردہ ذمہ داری کا احساس اور کام کی تڑپ پائی جاتی ہے - دین حنیف کے راستے میں ہر گونہ جہاد کے لیے وہ آمادہ ہیں - ان دنوں اسلام کے لیے کام کرنے کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہوتا تھا کہ اسلامی جمعیتیں تشکیل دی جائیں - لہٰذا اُن کے اندر بھی یہ جذبہ اُبھرا کہ وہ ایک ایسی جمعیت قائم کریں جو اسلام کی دعوت پیش کرے اور اسلام کی سربلندی کے لیے جدّ و جہد کرے - چنانچہ اسی جذبے کے نتیجے میں جمعیت الحضارۃ الاسلامیۃ (جمعیت تہذیب اسلامی) وجود میں آ گئی - اور اُس نے آغاز سفر کر دیا - الردم محلّے کے اندر ایک کمرے کو جو نچلی منزل میں تھا اور جس کے آگے کشادہ صحن تھا - اُس نے اپنی سرگرمیوں کا مرکز اور اپنی جدّ و جہد کا اڈہ بنا لیا - کئی اور اصحاب علم و دانش بھی اس جمعیت میں شامل ہو گئے - یہ حضرات وہاں آ کر تقریریں کرتے اور عوام الناس کو پابندی سے وعظ و درس دیتے اور بڑے موثر اور کارگر پیرائے میں لوگوں کو اسلام کی طرف بلاتے - ان میں سرفہرست شیخ محمد احمد شریت (رحمۃ اللہ علیہ)، استاذ حامد شریت (جو اب محکمۂ تعلیم میں مدرس ہیں)، استاذ محمود البراوی (جو اب قاہرہ

Marfat.com

میں اخوان کے شعبہ اخبارات کے سربراہ ہیں)، شیخ محمد فرغلی[1] (یہ اب اسماعیلیہ میں اخوان کے سربراہ ہیں)، شیخ جمیل عقاد (شام کے صوبہ حلب کے رہنے والے) ہیں۔ اُن دنوں یہ سب حضرات چیدہ طلبہ اور ذہین و فطین نوجوان شمار ہوتے تھے۔

اسی دَوران جمعیت تہذیب اسلامی نے اسماعیلیہ کے اندر الاخوان المسلمون کی جدّوجہد کا جائزہ لیا اور اس بابرکت شہر کے اطراف میں اخوان کی جگہ جگہ شاخیں پھیلی ہوئی دیکھیں۔ چنانچہ جمعیت کے کارپرداز حضرات اس یقین سے سرشار ہوگئے کہ افتراق سے اتحاد بہتر ہے۔ اور دعوتی کوششوں میں تعاون و یکسوئی زیادہ اولیٰ اور نتیجہ خیز ہے۔ ان حضرات نے اسماعیلیہ کے اخوانی مرکز سے رابطہ قائم کیا۔ اور اتحاد کے موضوع پر مذاکرات شروع کر دیئے جن کے نتیجے میں بالآخر جمعیت تہذیب اسلامی کو اخوان المسلمون میں ضم کر دیا گیا۔ اور قاہرہ میں جمعیت تہذیب کے مرکز کو اخوان المسلمون کی شاخ میں تبدیل کر دیا گیا۔ اس کے بعد اخوان نے قاہرہ میں شارع سوق السلاح میں سلیم پاشا حجازی کی عمارت میں ایک نیا مرکز کرائے پر لے لیا۔ خود ہی اخوان نے اس کی مرمّت اور تزئین شروع کر دی۔ اور کوشش کی کہ اس نئے مرکز کو ایسی شکل و صورت میں تبدیل کر دیا جائے جو مصر کے دارالحکومت قاہرہ کے اندر دعوت و تحریک کے شایانِ شان ہو۔ قاہرہ میں اخوان کی مالی حالت اس امر کی اجازت نہ دیتی تھی کہ مرکز کو جدید تقاضوں کے مطابق ظاہری شکل و صورت دینے کے لیے گراں قدر مصارف کیے جائیں۔ چنانچہ اسماعیلیہ نے، جو اصل گہوارۂ دعوت تھا، قاہرہ کی مالی کفالت کا بوجھ اُس وقت تک

---

[1] ۱۹۵۴ء میں جن اخوانی رہنماؤں کو جمال عبدالناصر نے موت کی سزا دی تھی اُن میں سے ایک علامہ شیخ محمد فرغلی بھی تھے۔

Marfat.com

اٹھانے کا فیصلہ کر لیا جب تک وہاں شرکاء کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہو جاتا اور اہل ایمان مالی بوجھ میں حصہ دار نہیں بن جاتے۔

میرے اسماعیلیہ سے قاہرہ منتقل ہو جانے کے ساتھ ہی اخوان المسلمون کا مرکز بھی اکتوبر ۱۹۳۲ء کے اوائل میں منتقل ہو گیا۔

قاہرہ کے اخوان کا یہ واقعہ ہمیشہ بڑے فخر و استحسان کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے کہ قاہرہ میں ابھی تحریک کا پودا نو خیز تھا۔ اخوان مالی مدد کے شدید ضرورت مند تھے۔ اسماعیلیہ ہی انہیں ماہانہ مالی مدد بہم پہنچا رہا تھا۔ ان حالات میں اخوان کو ایک خطیر مالی پیشکش کی گئی اور ان سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ موجودہ حکومت کے حق میں پروپگنڈا کریں اور حکومت نے دستور کی تدوین اور انتخابات کے اجراء کا جو پروگرام بنا رکھا ہے اُس کی تشہیر کریں۔ یہ صدقی پاشا کی پہلی وزارت کا دور تھا۔ اخ عبدالرحمان الساعاتی[1] نے جو ان دنوں ایک معمولی درجے کے سرکاری ملازم تھے اس پیشکش کے جواب میں کہا:

> "ہمارے ہاتھ کاٹے جا سکتے ہیں مگر یہ ایسے کسی سرمائے کی طرف ہرگز نہیں بڑھ سکتے جس میں ہمارا کوئی حق نہ ہو اور جس کا مقصد اسلامی دعوت کو ذاتی مفادات اور خواہشاتِ نفس کے تابع کرنا ہو۔ اگر موجودہ سیاسی نظام پر ہم مطمئن ہوتے تو خود ہمارا اپنا یہ فرض ہے کہ اس کی خاطر ہم اپنی جان و مال سے جہاد کریں نہ کہ اپنی خدمات کا معاوضہ وصول کریں۔"

---

[1] عبدالرحمان الساعاتی امام حسن البنا شہید کے چھوٹے بھائی تھے۔ اور ان سے عمر میں ڈیڑھ سال چھوٹے تھے۔

Marfat.com

الغرض وہ تمام کوششیں ناکام ہوگئیں جو اخوان کو سرکاری مفادات کی ترویج و اشاعت کے لیے خریدنے کے سلسلے میں سرانجام دی گئیں۔ حالانکہ اُن دنوں اخوان چند نوجوان طلبہ اور سرکاری ملازمین سے زیادہ کچھ نہ تھے۔ یوں اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی روز دعوتِ اسلامی کو ایسی تمام آلائشوں سے محفوظ اور پاک رکھا جو جس تحریک میں داخل ہو جاتی ہیں اُسے برباد کر کے رکھ دیتی ہیں اور جس دل میں گزر کر لیتی ہیں اُسے خدا سے دُور کر دیتی ہیں۔ قاہرہ کی اسلامی دعوت اور اُس کے علمبرداروں پر اللہ کا یہ بڑا فضل و احسان تھا کہ وہ اس فتنے سے بِلو وہ بچ گئے۔ والحمد للہ رب العالمین۔

## مدرسہ امہات المومنین

"درس گاہ حراء" (جو لڑکوں کے لیے مخصوص تھی) جب پورے استقرار و استحکام کے ساتھ چل پڑی تو اخوان نے سوچا کہ اب لڑکیوں کے لیے بھی ایک مدرسہ قائم کرنا چاہیئے۔ اس مدرسے کا نام انہوں نے "مدرسہ امہات المومنین" تجویز کیا۔ اور اس کے لیے ایک عظیم الشان عمارت بھی کرائے پر حاصل کر لی۔ ایک اسلامی اور عصری نصابِ تعلیم اُس کے لیے مدوّن کر لیا گیا جو ایک طرف اسلامی آداب اور لڑکیوں، ماؤں اور بیویوں کے لیے اسلام کی پاکیزہ تعلیمات پر مشتمل تھا اور دوسری طرف نظری اور سائنسی علوم کے بارے میں زمانے کے تقاضوں کو پورا کرتا تھا۔ میری رائے یہ تھی کہ مدرسہ کی فضا کو پاکیزہ اور پُرامن رکھنے کے لیے بہتر یہ ہے کہ خود اسماعیلیہ ہی کی لڑکیوں میں سے تعلیم و تدریس کی مہارت رکھنے والی استانیوں کو منتخب کر لیا جاتے۔ چنانچہ اسی رائے پر عمل کیا گیا۔ مدرسہ کی پرنسپل شپ کے لیے استاذ احمد عبد الحمید کو تجویز کیا گیا جو بڑے پارسا، متدین اور پرہیزگار انسان تھے، اور تحریک کے ساتھ بھی گہری وابستگی رکھتے تھے۔

Marfat.com

## الاخوات المسلمات

"مدرسہ امہات المومنین" جن مقاصد کے لیے قائم کیا گیا تھا وہ کما حقہٗ پورے ہو رہے تھے کہ اُسے وزارتِ تعلیم نے اپنے انتظام میں لے لیا۔ مدرسہ کی تاسیس کے کچھ عرصہ بعد شعبہ الاخوات المسلمات کا قیام عمل میں آگیا۔ یہ شعبہ اخوان کی اپنی عورتوں اور لڑکیوں اور رشتہ دار خواتین پر مشتمل تھا۔ اور اس میں تدریس و تعلیم کا فریضہ مدرسہ کی استانیاں انجام دیتی تھیں۔ اس شعبے کو میں نے "فرقۃ الاخوات المسلمات" (مسلمان بہنوں کا گروپ) کا نام دیا۔ اور ان کے لیے مخصوص ضوابط وضع کر دیئے گئے جن میں اُن کے لیے لائحہ عمل کو طے کر دیا گیا اور اُن وسائل و ذرائع کی نشاندہی بھی کر دی گئی جو مسلمان خواتین کے اندر، خواہ ان کا تعلق اخوان سے ہو یا غیر اخوان سے، اسلام کی دعوت کو پھیلانے کے لیے اختیار کیے جا سکتے تھے۔

## اسکاؤٹس گروپ

نیز اخوان نے یہ بھی سوچا کہ جسمانی تربیت کی مشق بھی شروع کرنی چاہیئے۔ اس خیال کی بنیاد اسلامی جہاد کا تصور تھا۔ اخوان جہاد کے لیے نیت کو پختہ کرنے اور جہاد کے بارے میں اسلام کے حکم کو عملی جامہ پہنانے کے ذوق سے سرشار تھے۔ اور پھر وہ اس بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اس وعید سے بچنا چاہتے تھے کہ:

"من مات ولم يغز ولم ينو الغزو مات ميتة جاهلية۔"

"جو شخص اس حالت میں مرا کہ اُس نے نہ تو جہاد کیا اور نہ جہاد کرنے کی نیت ہی کی وہ جاہلیت کی موت مرا۔"

چنانچہ اخوان المسلمون نے اسکاؤٹنگ کے اصولوں پر ایک گروپ تشکیل دیا جس کا نام تھا

Marfat.com

فرقۃ الرحلات (ٹورسٹ اسکاؤٹس گروپ) یہ نظام اسماعیلیہ کے بعد اخوان کی دوسری تمام شاخوں اور مراکز تک پھیل گیا۔ اور آج کل اخوان کے اندر جو اسکاؤٹس گروپ ہیں ان کی بنیاد یہ فرقۃ الرحلات ہے[1]

## جباسات البلاح دعوت کی گود میں

جباسات کے کچھ مزدور اور محنت پیشہ افراد کو اسماعیلیہ کے اخوان سے ملنے کا موقع ملا۔ چنانچہ ان مزدوروں نے جباسات کے مزدور حلقوں تک اخوان کی دعوت اور نظریہ کو پہنچایا۔ مجھے جباسات کے دورے کی دعوت ملی۔ چنانچہ میں نے وہاں جا کر ان مزدور اخوان سے دعوت و تحریک کی وفاداری کی بیعت لی۔ اس دُور دراز مقام پر یہ بیعت ہی ایک فکری انقلاب کا پیش خیمہ بنی۔ زیادہ عرصہ نہ گزرا تھا کہ مزدوروں نے سوئز کمپنی سے یہ مطالبہ کر دیا کہ چونکہ مسلمان مزدوروں کی تعداد تین سو سے زیادہ ہے لہٰذا کمپنی ان کے لیے ایک مسجد تعمیر کرے۔ کمپنی نے مزدوروں کے مطالبہ کو تسلیم کر لیا اور ایک مسجد تعمیر کر دی گئی۔ کمپنی نے اسماعیلیہ کی جماعت سے ایک ایسا عالم دین بھیجنے کی فرمائش کی جو امامت اور درس کے فرائض سر انجام دے۔ چنانچہ برادر فاضل جناب شیخ محمد فرغلی کو اس مہم کے لیے منتخب کیا گیا۔ موصوف اُس وقت درس گاہ حراء میں مدرس تھے۔

شیخ فرغلی جباسات البلاح پہنچ گئے اور مسجد کی ذمہ داریاں انہوں نے سنبھال لیں۔ مسجد کے جوار ہی میں اُن کی رہائش کا انتظام کر دیا گیا۔ شیخ کی مضبوط اور اثر انگیز رُوح ان نیک نہاد مزدوروں کی روح سے خوب ہم آمیز و ہم آہنگ ہو گئی۔ چند ہفتے ہی گزرے کہ مزدوروں کے ذہنی، نفسیاتی اور معاشرتی معیار میں حیرت انگیز بلندی پیدا ہو گئی۔ انہوں

---

[1] اخوان نے نوجوانوں کو جہاد کی جو تربیت دی تھی اُسی کا یہ نتیجہ تھا کہ جب ۱۹۴۷ء میں اسرائیل وجود میں آیا تو دس ہزار اخوان مجاہدین جہاد کے لیے نکل کھڑے ہوئے اور انہوں نے یہودیوں کے چھکے چھڑا دیئے۔ (مترجم)

Marfat.com

نے اپنی اصل قدر و قیمت پہچان لی، زندگی کے بلند ترین مقصد سے انہیں آگاہی نصیب ہوگئی۔ اور انسانیت کے محاسن کا انہیں صحیح اندازہ ہوگیا۔ ان کے دلوں سے خوف و ذلّت کا احساس اور ضعف و ناتوانی کی کیفیت کافور ہوگئی۔ انہیں اس بات پر فخر و ناز ہونے لگا کہ وہ دولت ایمان سے بہرہ مند ہیں اور انہوں نے زندگی کے اندر اپنے اصل فرض یعنی دنیا میں حکومت الٰہی کے قیام کو پہچان لیا ہے۔ چنانچہ ایک طرف وہ اپنے مفوضہ کام میں بھی خوب محنت اور کاوش کرتے اور رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کی تعمیل کرتے کہ ان اللہ یحب اذا عمل احدکم عملا ان یتقنہ (اللہ کو یہ بات پسند ہے کہ تم میں سے جو شخص کوئی کام کرے تو اسے نہایت پختگی سے انجام دے) اور دوسری طرف جس چیز پر ان کا کوئی حق نہ ہوتا تھا اُس سے اپنے آپ کو بالاتر رکھتے۔ گھٹیا قسم کے لالچ انہیں تسخیر نہ کر سکتے اور نہ حقیر خواہشات انہیں اپنے دام میں لے سکتیں۔ ایک ملازم اپنے افسر کے سامنے یُوں کھڑا ہوتا کہ اس کا سر بلند ہے مگر دامنِ ادب ہاتھ سے نہیں چھوٹتا، حمیّت سے لبریز ہے مگر وقار و سنجیدگی کی حدّوں کو نہیں توڑتا۔ جب اس سے گفتگو کرتا ہے تو دلیل و حجّت ہم عناں ہوتے ہیں۔ سابقہ صورتِ حال کے برعکس کوئی نازیبا لفظ یا کرخت بات نہ خود زبان سے نکالتا ہے اور نہ افسر سے سُننا گوارا کرتا ہے۔ تحقیر و تذلیل کا کوئی انداز نہ اُسے اپنے لیے پسند ہے نہ اپنے افسر کے لیے۔ ان مزدوروں کو رشتۂ اخوت نے ایک جگہ جمع کر دیا۔ اور محبّت، محنت اور امانت داری ان کے اتحاد کی بنیاد بن گئی۔ معلوم ہوتا ہے کہ کمپنی کے افسران کو یہ نرالی سیاست پسند نہ آئی۔ اور وہ تاڑ گئے کہ اگر یہی لیل و نہار رہے تو اختیارات کی زمام ایک روز اس مولوی ـــــ شیخ فرغلی ـــــ کے ہاتھ آجائے گی۔ اور اس کے بعد کوئی طاقت اسے اور ان مزدوروں کو لگام نہ دے سکے گی۔

Marfat.com

## شیخ فرغلی اور غیر ملکی کمپنی کا تصادم

چنانچہ کمپنی کے افسران نے اس وہم کا شکار ہو کر یہ سوچنا شروع کر دیا کہ اس جرأت آزما شیخ کو کسی طرح ملازمت سے برطرف کر دیا جائے۔ ایک متعلقہ افسر کو شیخ کے پاس بھیجا گیا۔ اس افسر نے شیخ سے کہا:

"ڈائرکٹر صاحب نے مجھے اطلاع دی ہے کہ کمپنی کو آپ کی خدمات کی ضرورت نہیں رہی۔ اور اب کمپنی کی یہ تجویز ہے کہ آپ کی جگہ کسی اور ملازم کو مسجد کا کام سونپ دیا جائے۔ لیجئے ڈائرکٹر صاحب کے حکم بموجب آج تک کا آپ کا حساب حاضر ہے۔"

شیخ فرغلی نے نہایت تحمل و سکون سے اُسے جواب دیا کہ:

"موسیو فرانسو مجھے یہ گمان نہ تھا کہ میں جباسات البلاح کی کمپنی کا ملازم ہوں اگر مجھے یہ علم ہوتا تو میں سرے سے کمپنی کی ملازمت قبول نہ کرتا۔ میں تو یہ جانتا ہوں کہ میں اسماعیلیہ کے اخوان المسلمون کی طرف سے یہاں نمائندگی کر رہا ہوں۔ میں اپنا معاوضہ بھی اُن سے وصول کرتا ہوں جو آپ کی وساطت سے مجھے بھیجتے رہتے ہیں۔ میرا معاہدہ آپ کے ساتھ نہیں اخوان کے ساتھ ہے۔ میں آپ سے نہ کوئی تنخواہ لوں گا اور نہ حساب۔ اور مسجد کے اندر میں جو فرض سرانجام دے رہا ہوں میں اُسے ہرگز ترک نہ کروں گا۔ خواہ اس کے لیے طاقت ہی استعمال کی جائے۔ اِلّا یہ کہ جماعت الاخوان کے سربراہ جنہوں نے مجھے یہاں بھیجا ہے مجھے ترکِ عمل کا حکم دیں۔ وہ سامنے اسماعیلیہ ہے، وہاں وہ موجود ہیں۔ جائیے، اُن سے مل کر جو کچھ طے کرنا ہے کر لیجئے۔"

Marfat.com

شیخ فرغلی کا یہ جواب سُن کر افسر نے شیخ سے اجازت لی اور واپس لوٹ آیا۔ شیخ کا یہ رویہ دیکھ کر کمپنی کی انتظامیہ کے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے۔ چند روز تک تو کمپنی نے صبر سے کام لیا کہ شاید شیخ اُس سے اپنی تنخواہ کا تقاضا کرے۔ لیکن شیخ اسماعیلیہ میرے پاس آیا۔ میں نے بھی انہیں یہی تلقین کی کہ آپ اپنے موقف پر ڈٹے رہیں، اور اپنی جگہ کسی حالت میں بھی نہ چھوڑیں۔ آپ کی دلیل نہایت معقول اور مضبوط ہے۔ اور آپ کے پاس اُن کی کوئی چیز نہیں ہے۔ اب کمپنی نے مرکزی انتظامیہ کا سہارا لیا۔ اور اس کے ڈائرکٹر موسیو میبنو نے سویز کے گورنر سے رابطہ قائم کیا۔ اور گورنر نے اسماعیلیہ کے پولیس انسپکٹر کو حکم دیا کہ وہ فوراً پولیس کا ایک دستہ لے کر جماعات البلاح جائے اور صورتِ حال کو درست کرے۔ چنانچہ پولیس انسپکٹر سپاہیوں کو لے کر فوراً موقع پر پہنچ گیا اور ڈائرکٹر کے دفتر میں آ کر بیٹھ گیا۔ اور ایک فرستادہ شیخ کو طلب کرنے کے لیے بھیجا۔ شیخ مسجد میں پناہ لے چکا تھا۔ شیخ نے فرستادے کو جواب دیا کہ: "مجھے انسپکٹر پولیس یا ڈائرکٹر سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ میرا کام مسجد سے وابستہ ہے۔ اگر ان دونوں میں سے کسی کو ضرورت ہو تو وہ یہاں میرے پاس آ سکتا ہے"۔ چنانچہ انسپکٹر پولیس خود ہی شیخ کے پاس آیا۔ اور شیخ کو مجبور کرنے لگا کہ وہ ڈائرکٹر کا مطالبہ تسلیم کر لیں اور اپنا کام چھوڑ دیں اور اسماعیلیہ واپس چلے جائیں۔ شیخ نے اپنا سابقہ جواب دہرایا اور کہا کہ:

"آپ اسماعیلیہ سے مجھے برخاستگی کی دو حرفی تحریر لا کر دے دیں، میں فوراً چلا جاؤں گا۔ لیکن اگر آپ طاقت استعمال کرنا چاہتے ہیں تو آپ جو چاہے کر لیں میں یہاں سے ہرگز باہر نہ نکلوں گا۔ صرف میری لاش ہی باہر نکلے گی۔"

یہ خبر مزدوروں تک پہنچ گئی۔ انہوں نے آناً فاناً اپنا کام چھوڑ دیا اور ایک ہجوم کی شکل میں نعرے لگاتے ہوئے موقع پر پہنچ گئے۔ انسپکٹر پولیس اس جھگڑے کے انجام سے خوفزدہ ہو کر صورت

Marfat.com

حال کو علی حالہ چھوڑ کر اسماعیلیہ واپس چلا گیا۔ اور آکر مجھ سے ملا تاکہ اس مشکل کو حل کرنے کے لیے مفاہمت کی صورت نکالی جائے۔ مَیں نے اُس سے معذرت کی کہ مَیں اس معاملے پر غور و فکر کیے بغیر فوری کوئی رائے نہیں دے سکتا۔ مَیں پہلے جماعت کی مجلسِ عاملہ کا اجلاس بلاؤں گا۔ مجلسِ عاملہ اس مسئلے کا جائزہ لے گی اور پھر مَیں آپ کو کوئی جواب دوں گا۔" مجھے افسوس سے یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ اِسی دَوران مَیں قاہرہ گیا اور سویز کمپنی کی ایڈمنسٹریٹو کونسل کے واحد مصری ممبر سے اس مسئلے پر گفتگو کی مگر مَیں نے اُسے دیکھا کہ وہ مزدوروں کے مفاد سے یکسر اعراض برت رہا ہے، کمپنی اور اُس کے ڈائرکٹر کے خیالات کی سراپا جانب داری کر رہا ہے اور قومی غیرت جس کا نام ہے اُس سے وہ کلیتہً عاری ہے۔

اس کے بعد مَیں نے خود کمپنی کے ڈائرکٹر سے ملاقات کی اور مَیں نے پوچھا کہ وہ آخر کیوں شیخ فرغلی کے پیچھے پنجے جھاڑ کر پڑ گیا ہے۔ اس کے پاس اس کے سوا اور کوئی جواب نہ تھا کہ انہیں ایسا شخص چاہیئے جو ان کے مطالبے کے آگے سرِ تسلیم خم کرتا ہے۔ ڈائرکٹر کے یہ الفاظ مجھے ابھی تک اچھی طرح یاد ہیں کہ:

"مَیں بہت سے مسلمان لیڈروں کا دوست ہوں۔ مَیں نے الجزائر میں بھی بیس سال گزارے ہیں۔ لیکن مَیں نے ان مسلمانوں کے اندر شیخ جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا جو ہمارے اوپر یوں احکام نافذ کرتا ہو گویا کہ وہ کوئی فوجی جرنیل ہے۔"

مَیں نے اُس کے ساتھ بڑی بحث و تمحیص کی اور اُسے سمجھانے کی کوشش کی کہ اُس کا خیال بالکل غلط ہے۔ دراصل یہ کمپنیاں ہی مزدوروں کے ساتھ ظلم و ستم روا رکھتی ہیں، مزدوروں کے حقوق پامال کرتی ہیں، انہیں انسان تک نہیں سمجھتیں، ان کے ساتھ انتہائی تنگ نظری اور سختی کے ساتھ پیش آتی ہیں اور انہیں پوری اُجرت نہیں دیتی ہیں۔ ایک طرف یہ حال ہے اور دُوسری

Marfat.com

طرف ان کمپنیوں کے منافع میں بے پناہ اضافہ ہو رہا ہے۔ اس خرابی کا علاج نہایت ضروری ہے اور یہ علاج یوں ہو سکتا ہے کہ کمپنیوں کے نظام کو درست کیا جائے اور وہ معمولی منافع پر قناعت کو شعار بنائیں۔ بالآخر میں اور ڈائرکٹر اس بات پر متفق ہو گئے کہ شیخ فرغلی دو ماہ تک بدستور اپنے منصب پر رہیں گے۔ اور جب یہ مدت ختم ہو گی تو ڈائرکٹر اور ان کی کمپنی انہیں پورے اعزاز کے ساتھ رخصت کرے گی۔ اور کمپنی باقاعدہ اخوان المسلمون کو یہ درخواست کرے گی کہ وہ ان کی جگہ کسی اور مولوی صاحب کو نامزد کر دیں۔ اور نئے مولوی صاحب کو دوگنا معاوضہ دیا جائے گا اور ان کے لیے رہائش اور دوسری ضروریات کا خاطر خواہ انتظام کیا جائے گا۔ چنانچہ دو ماہ کا عرصہ گزرنے کے بعد شیخ فرغلی واپس آ گئے اور ان کی جگہ شیخ شافعی احمد نے لے لی۔ اس صحراتی علاقے کے اندر اسلامی دعوت کا کارواں خوش اسلوبی سے برابر آگے کی طرف قدم بڑھا رہا ہے۔ باسم اللہ مجریھا و مرسٰھا۔

## گھٹیا ہتھکنڈوں کے چند نمونے

رمضان المبارک میں میرا یہ معمول تھا کہ میں مسجد العباسی میں نماز فجر کے بعد اسلامی مسائل کا درس دیا کرتا تھا۔ یہ مسائل زیادہ تر روزہ، زکوٰۃ اور رمضان کی فضیلت کے بارے میں ہوتے تھے۔ رمضان المبارک کے ختم ہونے کا جب وقت قریب آیا تو میں نے نماز عید کے احکام و مسائل شروع کر دیئے۔ ان مسائل میں یہ بحث بھی آئی کہ سنت یہ ہے کہ نماز عید شہر کے باہر کھلے میدان میں ادا کی جائے؛ تمام لوگ مرد ہوں یا عورتیں باہر نکلیں اور اسلامی شوکت اور مسلمانوں کے اجتماع و اتحاد کا مظاہرہ کریں۔ تمام آئمہ اسلام اس بات پر متفق ہیں کہ باہر کھلی جگہ میں نماز عید پڑھنا افضل ہے۔ صرف امام شافعی اس سے اختلاف کرتے ہیں۔ ان کا فتویٰ یہ ہے کہ نماز عید مسجد میں زیادہ افضل ہے بشرطیکہ شہر کے اندر اتنی بڑی مسجد موجود ہو جس میں

Marfat.com

شہر کے تمام لوگ سما جائیں۔

میں جب ان مسائل کو بیان کر رہا تھا اور بدلائل اُن کی تشریح کر رہا تھا تو اسی دَوران حاضرین میں سے ایک صاحب نے یہ تجویز پیش کی کہ ہمیں چاہیئے کہ اس سُنّت کو زندہ کریں۔ اور باہر صحرا میں عید الفطر کی نماز ادا کریں۔ اور ویسے بھی اس زمانے میں اسماعیلیہ کے اندر کوئی بڑی مسجد نہ تھی بلکہ سب چھوٹی چھوٹی مسجدیں تھیں جن میں تمام اہالیان شہر تو کجا چند سو بھی نہ سما سکتے تھے۔ شہر کے اردگرد اتنا وسیع صحرا ہے کہ انگریزی فوج کی بہت بڑی کھیپ بھی اس میں سما گئی ہے۔ تمام حاضرین نے بڑی گرمجوشی سے اس تجویز کی حمایت کی اور مجھے بھی چاروناچاران کا ہمنوا ہونا پڑا۔ لیکن چونکہ میں بخوبی جانتا تھا کہ اس شہر کے اندر مذہبی مسائل کے معاملے میں آراء بہت جلد منقسم ہو جاتی ہیں۔ کیونکہ مذہب کے معاملے میں یہاں کے لوگ بڑے حسّاس اور جذباتی واقع ہوتے ہیں۔ نیز یہ شہر ابھی ابھی مذہبی جھگڑوں کے طوفان سے گزرا ہے۔ بنابریں میں نے یہ شرط عائد کی کہ جب تک ہم علماء سے نہ مشورہ کر لیں اور اس تجویز کو عملی جامہ پہنانے کے طریقِ کار پر ان کے ساتھ متفق نہ ہو جائیں کوئی قدم نہ اُٹھائیں گے۔ اگر علماء نے اظہارِ موافقت کیا تو بہتر، ورنہ لوگوں کا کسی خلافِ اولیٰ بات پر متفق ہو جانا اس سے بہتر ہے کہ وہ کسی اولیٰ فعل پر عمل کرنے کی صورت میں افتراق و انتشار کی نذر ہو جائیں۔

میں نے اس سلسلے میں ابھی قدم اٹھایا ہی تھا کہ یکایک میرے خلاف تحریک کے بدخواہوں کی طرف سے تند و تیز مہم شروع ہو گئی اور مجھ پر بڑے بڑے سنگین الزامات کی بوچھاڑ ہونے لگی مثلاً یہ خیال کہ باہر خلاء میں نماز عید گزاری جائے دین کے اندر بدعت کا آغاز ہے، مسجدوں کو اُجاڑنے کے مترادف ہے، اسلام سے جنگ ہے، ایک باطل فتویٰ ہے، اور وہ کون ہوتا ہے جو یہ کہے کہ سڑک مسجد سے افضل ہے۔ ماسمعنا بھذا فی آبائنا

Marfat.com

الاوّلین (یہ باتیں تو ہم نے اپنے باپ دادا کے زمانے میں کبھی نہیں سُنی تھیں)۔ یہ خبر بڑی برق رفتاری سے شہر کے اندر پھیل گئی۔ قہوہ خانوں، مسجدوں، پبلک اجتماعات، نجی محفلوں الغرض ہر جگہ لوگوں کی زبانوں پر اس کا چرچا ہونے لگا۔ یہ ایک ایسی خوفناک مہم تھی کہ توبہ ہی بھلی!۔ اور اتفاق یہ ہوا کہ یہ ماہِ رمضان کا آخری عشرہ تھا اور میں العباسی مسجد کے اندر مُعتکف تھا۔ لوگ ہر نماز کے بعد میرے اوپر ٹوٹ پڑتے اور مجھ سے دریافت کرتے کہ یہ کیا نئی بدعت ہے۔ اور میں اس بے بنیاد مہم کے سامنے انگشت بدنداں تھا۔ میں سیدھے سادے معصومانہ طریقے سے دین کے احکام بیان کر دیتا اور اس بارے میں فقہ کی کتابوں میں جو کچھ مذکور ہے اُسے لوگوں کے سامنے رکھ دیتا۔ جدل و تکرار سے پرہیز کرنا، اتحاد و اتفاق کی نصیحت کرنا اور خصومات سے گریز کی تلقین کرنا۔ لیکن یہ معاملہ اس حد تک بڑھ گیا کہ میرے ہاتھ سے اور خود علماء کے ہاتھ سے بھی نکل گیا۔ اور عوام الناس مشتعل تھے کہ وہ حق اور سنّت کی پیروی چاہتے ہیں۔ اور انہوں نے اعلان کر دیا کہ نمازِ عید شہر کے باہر ہوگی۔ بلکہ بالفعل انہوں نے نماز کے لیے جگہ بھی ہموار کر لی۔ اِدھر میں مجبور تھا کہ قاہرہ جاؤں اور عید اہلِ خانہ کے ساتھ مناؤں۔ چنانچہ میں عید کی رات قاہرہ آگیا۔ اسماعیلیہ میں لوگوں نے تمام معاملات خود ہی انجام دے لیے۔ مسجد العرائشہ کے امام شیخ محمد مدینؒ نے انہیں نمازِ عید پڑھائی۔ اس اسلامی مظاہرے پر لوگ بے انتہا مطمئن و مسرور ہوئے۔ ان کے قلوب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّتِ پاک کی برکت خوب سرایت کر گئی۔ میں جب عید کی رخصت گزار کر واپس آیا تو میں نے ہر فرد کے چہرے پر اس مسرّت و انبساط کے آثار دیکھے۔ یوں مفاد پرستوں کا اٹھایا ہوا طوفانِ بدتمیزی تھم گیا، سنّتِ مبارکہ جاری و ساری ہو گئی۔ اور آج تک اسماعیلیہ میں عیدین کی نماز پوری اسلامی شان و شوکت کے جلو میں شہر کے باہر ادا ہوتی ہے۔

Marfat.com

## قاضی شرع کے گھر میں بحث و مناظرہ کی ایک داستان

رمضان المبارک کی ایک رات کو میں اسماعیلیہ کے قاضی شرع کے مکان پر گیا۔ اس موقع پر وہاں انسپکٹر پولیس، سول جج، پرائمری اسکول کے ایک ہیڈ ماسٹر، محکمہ تعلیم کے ایک انسپکٹر اور ادباء و فضلاء اور وکلاء اور اعیانِ شہر کی ایک جماعت جمع ہوگئی۔ اور ایک پُر لطف نشست برپا ہوگئی۔ قاضی صاحب نے چائے منگوائی اور چاندی کی پیالیوں میں حاضرین کو پیش کی۔ جب میری باری آئی تو میں نے شیشے کی پیالی طلب کی۔ محترم قاضی صاحب نے مسکرا کر میری طرف دیکھا اور فرمایا کہ معلوم ہوتا ہے آپ چائے نہیں پینا چاہتے کیونکہ پیالی چاندی کی ہے۔ میں نے عرض کیا:

"بے شک درست ہے مزید برآں یہ کہ ہم اس وقت قاضی شرع کے گھر میں ہیں!"

قاضی صاحب فرمانے لگے: "یہ ایک اختلافی مسئلہ ہے اور اس میں طویل بحث منقول ہے۔ اور ہم دوسرے تمام احکام پر کہاں عمل کر پاتے ہیں کہ اب اس مسئلہ پر بھی شدت برتنے لگیں۔"

میں نے جواب میں کہا: محترم یہ مسئلہ اختلافی ہوگا۔ مگر چاندی کے برتنوں میں کھانے اور پینے کے بارے میں جو حکم ہے اُس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اِس بارے میں جو حدیث وارد ہے وہ متفق علیہ ہے اور اس میں ان برتنوں کے استعمال کے لیے شدید نہی کی گئی ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے:

لا تشربوا فی آنیة الذهب والفضة ولا تأكلوا فی صحافها

"سونے اور چاندی کے برتن میں ہرگز نہ پیو اور نہ ان کی رکابیوں میں کھاؤ۔"

نیز فرمایا:

Marfat.com

اَلَّذِی یشرب فی آنیۃ الذھب والفضۃ فانما یجرجر

فی بطنہ نار جھنم۔

"جو شخص سونے اور چاندی کے برتن میں پیتا ہے وہ اپنے پیٹ میں دوزخ

کی آگ بھرتا ہے۔"

اب واضح نص کی موجودگی میں قیاس واجتہاد کی گنجائش نہیں ہے۔ اور حکم نبوی کی تعمیل لازم ہے۔ کاش کیا اچھا ہوتا کہ آپ یہ فرماتے کہ تمام حاضرین شیشے کی پیالیوں میں قہوہ پیئیں۔ حاضرین میں سے کچھ لوگوں نے بحث میں دخل دیا اور یہ کہنا چاہا کہ چونکہ یہ مختلف فیہ مسئلہ ہے لہٰذا ان برتنوں میں قہوہ نوشی کا انکار ضروری نہیں ہے۔ سول جج صاحب بھی میدان میں کود پڑے۔ اور قاضی شرع سے فرمانے لگے: "محترم قاضی صاحب اس معاملے میں جب نص موجود ہے تو پھر نص ہی واجب الاحترام ہے۔ ہم اس امر کے پابند نہیں ہیں کہ یہ تلاش کریں کہ اس ممانعت میں کیا حکمت پنہاں ہے اور جب تک حکمت ہم پر عیاں نہ ہو ہم نص پر عمل ترک کیے رکھیں۔ پہلے ہم پر تعمیل حکم لازمی ہے اس کے بعد اگر اس حکم کے اندر پوشیدہ حکمت ہمیں معلوم ہو جائے تو فبہا اور اگر نہ معلوم ہو سکے تو یہ ہماری بصیرت کی کوتاہی اور نارسائی ہوگی۔ منصوص حکم کی تعمیل ہر حال میں لازم ہے۔" سول جج صاحب کی اس تقریر کے بعد میں نے موقع غنیمت سمجھا۔ اور ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی انگلی کی جانب اشارہ کرتے ہوئے ان سے بھی عرض کیا کہ آپ نے اس بحث کا تو فیصلہ کر دیا ہے۔ لہٰذا اب آپ یہ انگشتری بھی اتار دیں۔ یہ سونے کی بنی ہوئی ہے اور واضح نص کی رو سے اسے پہننا حرام ہے۔ سول جج صاحب مسکرا دیئے اور کہنے لگے: "استاذ صاحب میرے فیصلے نپولین کوڈ کے مطابق ہوتے ہیں اور قاضی صاحب کتاب وسنت کی رو سے فیصلے کرتے ہیں۔ لہٰذا ہم میں سے ہر ایک

Marfat.com

اپنی اپنی شریعت کا پابند ہے۔ لہٰذا مجھ سے تو آپ درگزر کریں۔ البتہ قاضی صاحب کو پکڑیں۔ میں نے کہا: "شریعتِ الٰہی کا حکم تمام مسلمانوں کے لیے وارد ہوا ہے۔ اور آپ بھی مسلمانوں کے ایک فرد ہیں۔ لہٰذا اس لحاظ سے یہ حکم آپ پر بھی لاگو ہوگا۔" سول جج صاحب نے انگشتری اُتار دی۔ یہ نشست فی الواقع نہایت پُرلطف اور خوشگوار رہی۔ اور عوام النّاس کے اندر بھی اس گفتگو کی بازگشت سُنی گئی جو ایسے معمولی موقف کو بھی امر بالمعروف، نہی عن المنکر اور للّٰہی نصیحت کا عظیم کارنامہ شمار کیا کرتے ہیں۔

واقعہ اسراء پر میری تقریر اور علماء کی شورش

ایک مرتبہ شبِ معراج کو میں نے اسراء اور معراج کے موضوع پر تقریر کی۔ میں نے اپنی تقریر میں یہ کہا کہ اسراء اور معراج کا سفر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ایک عظیم اعزاز ہے۔ اگر ہم یہ تصوّر کر لیں کہ رُوح کو جسم پر زبردست قدرت حاصل ہوتی ہے تو اس بنا پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی رُوح مبارک اس بابرکت رات کو اس درجہ قدرت و قوّت اور وسعت و عظمت کو پہنچ گئی کہ اُس نے آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد مبارک پر پُورا غلبہ حاصل کر لیا اور جسد کے تمام مادّی قوانین کو معطّل کر دیا اور اُسے کھانے، پینے اور بشری خواہشات اور اتصال اور مسافت کے اثرات سے بے نیاز کر دیا.....

یہ خیال کوئی امر محال نہیں ہے۔ بلکہ یہ معراج و اسراء کے معجزے کو اُن لوگوں کے لیے قریب الفہم کر دیتا ہے جو اس معجزے پر انگشت بدنداں ہوتے ہیں۔ میں نے یہ بھی کہا کہ امیر الشعراء شوقی رحمۃ اللہ نے اسی نکتے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ۔

یتساءلون وانت اکرم مرسل
بالروح ام بالهيكل الاسراء

Marfat.com

## بها سریت مُطهرین کلاهما
## رُوح و رُوحانیة وضیاء

"لوگ پوچھتے ہیں کہ آپ جو تمام رسولوں سے بزرگ تر ہیں کا سفر اسراء رُوح کے ذریعہ ہوا ہے یا جسد کے ذریعہ۔

بے شک دونوں کے ذریعہ آپ نے یہ سفر فرمایا۔ دونوں حد درجہ پاک و طاہر ہو چکے تھے۔ دونوں سراسر رُوح بھی تھے، رُوحانیت بھی اور ضیاء بھی۔"

محفل ختم ہو گئی اور تمام حاضرین میری اس تقریر پر بہت خوش و خرم تھے۔ لیکن اربابِ ہوس کو ایک اور موقع ہاتھ آ گیا اور انہوں نے یہ پھیلانا شروع کر دیا کہ الاخوان المسلمون اسراء اور معراج کے منکر ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں کہ یہ واقعہ کوئی معجزہ نہیں ہے۔ اور معراج صرف رُوحانی تھا جسمانی نہ تھا۔ اخوان المسلمون کا یہ عقیدہ اجماعِ اُمّت کے خلاف ہے کسی امام سے اس طرح کا عقیدہ منقول نہیں ہے وغیرہ وغیرہ۔ اخوان نے اس اعتراض کا جواب دینا چاہا۔ لیکن مَیں نے انہیں سختی کے ساتھ روک دیا۔ اور انہیں کہا کہ: ایسے حالات میں مثبت طریق کار منفی طریقِ کار سے ہزار درجہ مفید و مؤثر رہتا ہے۔ آپ لوگ عوام الناس کو صحیح خیال کی جانب موڑ دیں تاکہ وہ غلط خیال سے از خود دستبردار ہو جائیں۔ اخوان پوچھنے لگے: "تو پھر ہم کیا کریں؟" مَیں نے یہ تجویز پیش کی کہ آپ لوگ ایک اور تقریر کا اعلان کر دیں، جس کا موضوع ہو گا: "عظمتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم"۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ لوگ پروگرام کے مطابق جمع ہو گئے۔ مَیں نے اُن کے سامنے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و برتری کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ مثلاً تخلیقی لحاظ سے آپؐ کی عظمت، اخلاقی لحاظ سے آپؐ کی فوقیت، رُوحانی لحاظ

Marfat.com

سے آپؐ کی بزرگی اور عبادات کے لحاظ سے آپؐ کی برتری اور اوّلیت۔ نیز آپؐ کی رسالت کی عظمت بیان کی کہ یہ ہمہ گیر بھی ہے، دائمی بھی ہے، آخری بھی ہے، اور کامل و اکمل بھی۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا اور آخرت میں آپؐ کا جو مرتبہ و مقام ہے اُس کی بلندی اور عظمت بیان کی۔ چنانچہ لوگ جب یہ تقریر سُن کر اُٹھے تو اُن کی زبانوں پر اس تقریر کے سوا اور کسی بات کا چرچا نہ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے امرِ حق کو باطل پر دے مارا۔ اور باطل کا بھیجا نکال دیا۔ اور باطل دیکھتے ہی دیکھتے نیست و نابود ہو گیا[۱]

## البحر الصغیر میں دعوت

شیخ احمد المدنی ۱۹۳۰ء سے میت مرجا سلسیل (ایک مقام کا نام) میں اخوان کے نائب چلے آرہے ہیں۔ انہوں نے مجھے اپنے ایک خط میں خفگی کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ میں نے میت مرجا میں دعوتِ اخوان کی اشاعت اور اخوان کی ثابت قدمی اور استقامت پر کچھ نہیں لکھا[۲]۔ میت مرجا کے اخوان گروہ اوّل کے لوگوں میں سے ہیں اور اب تک اپنے عہدِ اوّلین پر استوار ہیں۔ شیخ احمد المدنی کو حق پہنچتا ہے کہ وہ میری اس چُوک پر خفگی کا اظہار کریں۔ ان کی خفگی پسندیدہ اور اچھے نتائج پیدا کرنے والی ہے۔ انہوں نے اور ان کے فاضل رفقاء نے اپنے قصبے (میت مرجا)

---

[۱] یہ نکتہ قرآن کریم کی اس آیت سے ماخوذ ہے کہ بل نقذف بالحق علی الباطل فیدمغہ فاذا ھو زاھق۔

[۲] یہ ڈائری حسن البنّا مرحوم جماعت کے رسائل میں بالاقساط لکھتے رہے ہیں۔ میت مرجا کے اخوان کو بھی اسی لیے شکایت پیدا ہوئی کہ ان رسائل میں جو قسطیں چھپ چکی ہیں ان میں میت مرجا کی جماعت کا ذکر نہیں ہے۔

Marfat.com

یں دعوت کی راہ میں جو جانفشانی اور کاوش کی ہے وہ نبرد آزما مجاہدین کی یاد دلاتی ہے۔ یہ حضرات راہِ حق پر آج تک ایک مخلص سپاہی اور صادق الایمان کارکن کی طرح ڈٹے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرماتے۔ مَیں نے اب تک جو کچھ دعوت کے سلسلے میں لکھا ہے وہ نہایت اختصار و ایجاز پر مبنی ہے۔ میرا مدّعا یہ ہے کہ میں اشارۃً یہ بتا دوں کہ گزشتہ دور میں دعوت کی رفتارِ کار کیا رہی ہے اور نئے مرحلوں میں قافلۂ دعوت کس رفتار سے جاری و ساری ہے۔ اخوان کو ان باتوں کے جاننے کا مدّت سے شوق تھا۔ گو میرے نزدیک صرف اتنا ضروری ہے کہ یہ جانا جائے کہ وہ اصول اور بنیادیں کیا ہیں جن سے دعوت کا شجر مبارک نمودار ہوا ہے۔ تاہم میں شیخ احمد المدنی اور اُن کے فاضل رفقار کی حق رسی کی خاطر اور ان حضرات کی اوّلیت و سابقیت کے اعتراف کے طور پر یہ گزارشات سپردِ قلم کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اور ان کو بھی حق پر ثابت قدم رکھے اور ہم سب کو سواء السبیل پر چلائے۔ مَیں اُن فاضل رفقار سے بھی معذرت چاہتا ہوں جن کی اس مبارک دعوت کے ساتھ وابستگی کی تفصیلات بیان کرنے کے لیے ان اوراق میں گنجائش نہیں رہی۔ ان کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ اللہ کے علم میں ہیں اور وہ انہیں اجر سے نوازے گا۔ واللہ خیر و ابقیٰ (اللہ ہی اچھا ہے اور باقی رہنے والا ہے)

## "حسن البنا کی پُوجا کی جاتی ہے" ــــ ایک الزام ــــ

ایک روز دو مخلص ترین اخوان بڑے دُکھ میں ڈوبے ہوئے ناگہاں میرے پاس آئے۔ اور کہنے لگے کہ شہر میں ہمارے خلاف ایک سخت افواہ پھیلی ہوئی ہے۔ اس طرح کی افواہوں کو برداشت کرنے کا یارا اب ہم میں نہیں رہا۔ آپ ہمیں اذن دیں کہ ہم ان لوگوں سے پُورا پورا انتقام لیں جو ہمارے اوپر غلط الزامات لگاتے ہیں۔ مَیں یہ سُن کر مُسکرا دیا اور اُن سے

Marfat.com

عرض کیا کہ یہ صورت خیر کا ایک پہلو رکھتی ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے:

لتبلون فی اموالکم وانفسکم ولتسمعن من الذین اوتوا الکتاب من قبلکم ومن الذین اشرکوا اذیً کثیرا وان تصبروا وتتقوا فان ذلک من عزم الامور۔

"مسلمانو! تمہیں جان اور مال دونوں کی آزمائشیں آکر رہیں گی، اور تم اہلِ کتاب اور مشرکین سے بہت سی تکلیف دہ باتیں سنو گے۔ اگر ان سب حالات میں تم صبر اور تقویٰ کی روش پر قائم رہو تو یہ بڑے حوصلہ کا کام ہے۔"

لہٰذا ہمیں صبر اور تقویٰ کا دامن ہرگز نہ چھوڑنا چاہیئے۔ یہ دعوت کی حقانیت کی دلیل ہے کہ لوگ اس کے خلاف جھوٹی افترا پردازی کریں اور طرح طرح کی من گھڑت باتیں پھیلائیں۔ آپ دونوں صاحب اس سے بے خبر نہیں ہیں کہ اسلام کی اوّلین تحریک کے بارے میں مخالفین کی طرف سے کیا کیا سخن سازیاں کی گئیں اور خود آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک پر کیسے کیسے کیچڑ اچھالی گئی۔ الغرض اس موضوع پر میں اُن کے سامنے مفصّل روشنی ڈالتا رہا۔ مگر وہ دونوں حضرات بڑی رنجیدگی اور کوفت کے ساتھ یہ کہنے لگے کہ یہ نئی الزام تراشی جو ہم سُن کر آئے ہیں اس پر تو ہم ہرگز خاموش نہیں رہ سکتے۔ یہ ایک نہایت ہی خوفناک الزام ہے اور اسے وہ لوگ پھیلا رہے ہیں جو خاصے جانے پہچانے ہیں اور لوگوں کے اندر اُن کا بڑا اثر و نفوذ ہے۔

میں نے پوچھا یہ الزام کیا ہے؟ وہ بتانے لگے کہ یہ لوگ ——— الزام تراشی کرنے والے ——— یہ کہہ رہے ہیں کہ "آپ اپنے درسوں اور وعظوں میں ہم کارکنوں کو یہ تلقین کرتے ہیں کہ ہم اللہ کو چھوڑ کر آپ کی عبادت کریں۔ چنانچہ اخوان المسلمون آپ کے ارشادات کے

Marfat.com

موجب یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ شیخ حسن البنّا نہ بشر ہے، نہ نبی یا ولی ہے اور نہ پیر ہے بلکہ وہ ایک خدا ہے جو لائق عبادت ہے۔" ہم لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہونے سے پہلے یہ کھوج لگا آئے ہیں کہ اس افواہ کا سرچشمہ کہاں ہے۔ ہمیں یہ معلوم ہوا ہے کہ جو شخص یہ افواہ یا بہتان پھیلا رہا ہے وہ ایک عالم دین ہے اور ایک مذہبی منصب پر فائز ہے۔ اور جو کچھ وہ کہہ رہا ہے لوگ اُسے سچ جان رہے ہیں۔ ہم نے صرف کھوج کرید پر اکتفا نہیں کیا بلکہ ہم ان مولوی صاحب کے پاس گئے ہیں اور اُن سے پوچھا ہے کہ آپ کو کس نے بتایا کہ اخوان المسلمون حسن البنا کو اپنا معبود قرار دیتے ہیں۔ انھوں نے کہا: "میں نے تمہارے استاذ (حسن البنّا) سے اپنے کانوں سے یہ بات سُنی ہے۔" ہم اُن کا یہ جواب سُن کر انگشت بدنداں رہ گئے۔ اور اُن سے بار بار یہی سوال کیا، مگر وہ جواب میں یہی کہتے رہے کہ میں نے خود اپنے کانوں سے آپ کو ایسا کہتے سُنا ہے۔ ظاہر ہے کہ ہم تو ہرگز ایسی بات کی تصدیق نہیں کر سکتے۔ لیکن ہم آپ کے پاس حقیقتِ حال دریافت کرنے کے لیے آئے ہیں۔ سچی بات ہے کہ ان لوگوں کی جرأت پر ہمیں سخت حیرت ہو رہی ہے۔ بایں ہمہ ہم چاہتے ہیں کہ اس افواہ کی بنیاد اور اس الزام کی اصلیت ہمیں معلوم ہو۔

ان کی یہ بات مجھ پر بجلی بن کر گری۔ میں ششدر رہ گیا کہ لوگ ایک دوسرے کے خلاف اس حد تک عجیب و غریب چالیں چل سکتے ہیں۔ اب میں سوچنے لگا کہ کس مجلس کے اندر میں اور یہ مولوی صاحب اکٹھے ہوئے ہیں۔ یا کون سی ایسی بات ہوئی ہے جو اس افترا پردازی کی کچھ نہ کچھ بنیاد فراہم کر سکتی ہے۔ لیکن مجھے کوئی ایسی مجلس یا بات یاد نہ آئی۔ چنانچہ میں فی الفور اُٹھ کھڑا ہوا۔ ان دونوں رفیقوں کو میں نے ساتھ لے لیا۔ اور اپنے فاضل مدرس اخوان میں سے دو اور حضرات کو بھی میں نے بلوا لیا جن کے بارے میں مجھے علم تھا کہ ان کا

Marfat.com

مولوی صاحب کے ساتھ گہرا تعلق اور اچھی دوستی اور ملاقات ہے۔ میں نے ان دونوں حضرات کو ساری کہانی سُنائی اور عرض کیا کہ "ہمیں اسی وقت مولوی صاحب کے پاس جانا چاہیئے۔ اور ہمیں خود جا کر اُن سے پوچھنا چاہیئے کہ جو افواہ وہ پھیلا رہے ہیں اُس کا ماخذ اور ثبوت کیا ہے۔ کیونکہ میں آپ سے صاف صاف کہتا ہوں کہ اپنے اِن دونوں بھائیوں کی بات کا اعتبار کر لینے کے بعد جو اُنہوں نے مولوی صاحب سے نقل کی ہے میرے لیے کوئی چارۂ کار نہیں رہا کہ تحقیق احوال کی جائے۔ یا تو مولوی صاحب فریب خوردہ ہیں اور یا یہ دونوں حضرات ان کی بات اچھی طرح نہیں سمجھ سکے۔ اور یہ الزام بھی ایسا ہے کہ اس میں تساہل برتنا یا اسے نظر انداز کر دینا مناسب نہیں ہے۔ آیئے ہم مولوی صاحب کی طرف چلیں۔ چنانچہ ہم پانچوں افراد ان کی طرف روانہ ہوئے۔ ان کے گھر پر دستک دی۔ اور کمرۂ انتظار میں جا کر بیٹھ گئے۔ مولوی صاحب اندر سے نکلے اور ہمیں السلام علیکم کہا۔ جب انہوں نے ہماری جمعیت کو دیکھا تو ان کا چہرہ زرد ہو گیا۔ ان کی آواز اور ان کی حرکات و سکنات میں لڑکھڑاہٹ پیدا ہو گئی۔ گویا انہوں نے محسوس کر لیا کہ کوئی افتاد اُن پر آ پڑی ہے۔ میں نے آؤ دیکھا نہ تاؤ سیدھا اُن سے کہا:

"استاذ صاحب، ان دونوں بھائیوں نے ابھی ابھی مجھ تک یہ بات پہنچائی ہے کہ آپ نے یُوں یُوں کہا ہے۔ اور آپ نے ان سے نہایت یقین و اعتماد کے ساتھ یہ بھی کہا ہے کہ یہ بات آپ نے اپنے کانوں سے میری زبان سے سُنی ہے۔ کیا ان دونوں صاحبوں نے آپ کی طرف سے جو کچھ نقل کیا ہے وہ صحیح ہے اور آپ نے یہ بات درست کہی ہے؟" مولوی صاحب نے کہا: "ہاں یہ درست ہے"۔ میں نے کہا: "لہٰذا ان دونوں حضرات کی پوزیشن تو صاف ہو گئی۔ انہوں نے ادائے امانت میں کوئی تقصیر نہیں کی۔ میں ان دونوں کی جانب متوجہ ہوا اور ان سے کہا: "اللہ تعالیٰ اس امانت داری پر آپ دونوں کو جزائے خیر عطا فرمائے"۔ اب میں نے

Marfat.com

دوبارہ رُدئے سُخن مولوی صاحب کی طرف کر لیا۔ اور عرض کیا: اُستاذ صاحب آپ نے کب مجھ سے ایسی بات سُنی تھی کہ میں معبود ہوں اور میرے پیروکاروں کو میری پرستش کرنی چاہیئے؟"
مولوی صاحب نے جواب دیا: "میرا خیال ہے کہ تقریباً ایک ماہ ہوا ہم مسجد کے چبوترے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ اتنے میں ایک مدرس جن کا نام محمد اللیثی افندی تھا آئے اور ہمارے ساتھ بیٹھ گئے۔ پھر اخوان آنے لگے اور وہ آپ کو بڑے عشق اور احترام کے ساتھ سلام کرنے لگے۔ یہ دیکھ کر محمد اللیثی افندی آپ سے کہنے لگا: "استاذ محترم اخوان کو آپ سے پرستش کی حد تک محبت ہو چکی ہے۔" آپ نے اُسے جواب دیا: اگر یہ محبت خالصۃً لوجہ اللہ ہے تو ایسی محبت کا کیا کہنا۔ ہم اللہ سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ ہمارے اندر زیادہ سے زیادہ ایسی محبت پیدا کرے۔ آپ نے امام شافعیؒ کے اس شعر کو بھی بطور مثال پیش کیا تھا:

ان کان رفضا حب آل محمّد — اگر آل محمد سے محبت رفض ہے تو
فلیشھد الثقلان انی رافض — جن و انس گواہ رہیں کہ میں رافضی ہوں

مَیں نے مولوی صاحب سے کہا: "ہاں یہ واقعہ مجھے یاد ہے۔" وہ کہنے لگے: "تو پھر کیا اس کا صاف مطلب یہ نہ ہوا کہ یہ لوگ آپ کی پُوجا کرتے ہیں؟" یہ لفظ اُن کی زبان سے نکلے ہی تھے کہ ایک اخوانی جو میرے ساتھ آیا تھا اور اُن کا دوست اور ہم پیشہ مدرس تھا، فوراً اٹھا اور اُن پر برس پڑا اور انہیں سب و شتم کرنے لگا۔ بلکہ اُن کے گھر کے اندر ہی ان کی پٹائی کے لیے لپکا۔ اور اُن سے مخاطب ہو کر کہنے لگا: استاذ! یہی کچھ تُو نے پڑھا ہے؟ یہ ہے تیرا مبلغ علم، یہ ہے تیری سخن فہمی کا حال، یہ ہے مجلسی گفتگوؤں میں تیری امانتداری، یہ ہیں لوگوں کی باتوں کو دوسروں تک نقل کرنے میں تیری صداقت شعاری کے حُدود اربعہ؟!

Marfat.com

ہم لوگ دونوں میں حائل ہو گئے اور بیچ بچاؤ کر دیا۔ میں مولوی صاحب کی طرف متوجہ ہوا اور اُن سے کہا: "استاذ صاحب، آپ نے یہ گفتگو تو نقل کر دی اور آپ کو حق پہنچتا ہے کہ آپ اس کے اندر جو چاہیں مفہوم پیدا کر لیں۔ لیکن آپ نے اپنے پاس سے یہ اضافہ کر دیا ہے کہ میں خود اخوان کو یہ حکم دیتا ہوں کہ وہ غیر اللہ کی عبادت کریں۔ (حاشا للہ۔ خدا کا دین اس قسم کی خرافات سے بہت بالا و برتر ہے) اور یہ کہ اخوان کا یہی عقیدہ ہے اور اسے آپ نے میری زبان سے سُنا ہے۔ آپ نے میری گفتگو کا یہ حصّہ حذف کر دیا ہے کہ میں نے محمد اللیثی آفندی کو ایسے الفاظ استعمال کرنے پر سختی کے ساتھ زجر و توبیخ کی تھی۔ اور ان سے کہا تھا کہ یہ اندازِ کلام غیر اسلامی ہے۔ یورپی لٹریچر اور مغرب کی آوارگیٔ فکر کی بدولت ہمارے اندر ایسے غیر محتاط اسالیب داخل ہو چکے ہیں۔ اور ہمارے زبان و قلم پر اندھی تقلید کے نتیجے میں جاری و ساری ہو گئے ہیں۔ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس قسم کی عبارات والفاظ سے اجتناب کرے۔ استاذ صاحب آپ نے کہانی تو یاد رکھی مگر میرے تبصرے اور تنقید کو فراموش کر دیا۔ بہر حال آپ کی ہم پر یہی عنایت کافی ہے۔ اب حقیقتِ حال روزِ روشن کی طرح واضح ہو چکی ہے۔" لیکن اخوان جو سب کے سب مولوی صاحب کے دوست اور ساتھی تھے، اتنی سرزنش پر اکتفاء نہ کر رہے تھے۔

انہوں نے مولوی صاحب کے لیے لازم قرار دیا کہ وہ اخوان کے کسی اجتماع عام میں اس معاملے کی صاف صاف وضاحت کریں۔ ورنہ وہ خوب جانتے ہیں کہ کیسے ان کو چھٹی کا دودھ یاد کرائیں گے۔ چنانچہ مولوی صاحب نے ان کی تجویز کو مان لیا اور وہ اپنے دوستوں کے حکم کے آگے جُھک گئے۔ اور اخوان کے پہلے ہفتہ وار اجتماع میں انہوں نے کھڑے ہو کر تمام قصّہ بیان کیا اور اعلان کیا کہ ان کا مدّعا صرف کہانی کو جُوں کا توں نقل کرنے کا تھا۔ وہ اخوان کے شکر گزار ہیں۔ ان کی دعوت عوام النّاس کے دلوں میں علی العموم اور نوجوانوں کے

Marfat.com

اندر علی الخصوص بہت اچھے اثرات پیدا کر رہی ہے ——— آمدہ بود بلائے ولے بخیر گزشت۔

## یمن کی ایک ذمّہ دار شخصیّت سے رابطہ

۱۳۴۸ھ میں قاہرہ کی انجمن شبان المسلمین نے ہجرت نبویؐ کی یاد میں ایک جامع محفل منعقد کی۔ اس محفل میں اہلِ علم و نظر حضرات کی کثیر تعداد نے تقریریں کیں۔ محفل میں مَیں نے بھی ایک مختصر تقریر کی۔ میری تقریر کا عنوان تھا: "ہجرتِ نبویؐ اور دعوتِ اسلامی"۔ انجمن شبان المسلمین کی طرف سے منتخب تقریروں پر مشتمل جو کتابچہ شائع کیا گیا تھا اس میں یہ تقریر بھی شامل کی گئی۔

اجتماع میں جو حضرات شریک ہوتے تھے ان میں یمن کے سیّد محمد زبارہ الحسن بھی تھے۔ یہ اُس وقت صنعاء میں قصر السعید کے گورنر تھے۔ تقریر کے بعد مجھ سے آکر ملے، اور ہم دیر تک مصر اور یمن کے حالات پر بحث کرتے رہے کہ کس طرح ان ملکوں میں الحاد اور اباحیت کی وبا پھوٹ رہی ہے اور کس طرح اس امر کی ضرورت ہے کہ پوری ہمت و جرأت کے ساتھ اس سیلابِ بلا کو روکا جانا چاہیئے۔ اس گفتگو کے بعد ہمارے درمیان دوستی کے رشتے نہایت مضبوط و مستحکم ہو گئے۔ اور موصوف نے مجھے پیش کش کی کہ مَیں یمن میں مدرّس کی حیثیت سے کام کروں۔ چنانچہ اس مسئلے پر ان کے درمیان اور امام یمنؒ اور سیف الاسلام محمد رحمہ اللہ کے درمیان

---

ؒ ان دنوں یمن کا امام حمید الدین یحییٰ تھا یحییٰ اُس کا نام تھا اور حمید الدین المتوکل علی اللہ خطاب تھا۔ ۱۲۳۶ھ تا ۱۳۶۷ھ اُس نے یمن پر حکومت کی۔ وہ استبداد و سخت گیری میں مشہور تھا۔ اُس کا لڑکا سیف الاسلام محمد بڑا متدین، معتدل مزاج اور اسلام کا درد رکھنے والا تھا۔ امام یحییٰ کی وفات کے بعد (باقی صفحہ ۳۵۸ پر)

Marfat.com

مراسلت بھی ہوتی رہی ۔ مؤخر الذکر بڑے اصلاح پسند تھے ۔ اور اصلاح کی بڑی رغبت اور خواہش رکھتے تھے ۔ اور ان کی آرزو تھی کہ یمن اصلاح کے راستے پر جلد از جلد گامزن ہو جائے ۔ میرے اور سیف الاسلام محمد رحمہ اللہ کے مابین بھی مسئلہ مذکور پر براہِ راست خط و کتابت ہوتی ۔ اور ہم غائبانہ طور پر ایک دوسرے سے متعارف ہوئے ۔ لیکن پیش آمدہ سرکاری رکاوٹوں کی وجہ سے یمن جانے کا ارادہ شرمندۂ تکمیل نہ ہو سکا ۔ اس لیے کہ اس دور میں مصر پر انگریزوں کی طرف سے جو سیاست مسلط کی جا چکی تھی اس کا تقاضا تھا کہ مصر کو کسی حال میں عرب ممالک کے ساتھ اپنا رشتہ استوار نہیں کرنا چاہیئے ۔

۔ سید محمد الدباره اسماعیلیہ تشریف لائے ۔ اور ہمارے ہاں تین روز قیام رکھا ۔ اور انہوں نے اخوان کے ادارے اور منصوبے مشاہدہ کیے ۔ سرا کی اسلامی درس گاہ دیکھی ، مدرسہ امہات المؤمنین کا معاینہ کیا ، اسکاؤٹس (فرقۃ الرحلات) کی کارکردگی ملاحظہ کی ۔ درسوں اور تقریروں میں اخوان کا مطالعہ کیا ، اخوان کے دل للّٰہی محبت ، اخوت اور اسلامی غیرت کے جن جذبات سے لبریز تھے اُن کا اندازہ کیا ۔ ان سب چیزوں کو دیکھ کر وہ بہت مسرور ہوئے ۔ ہمارا یہ رابطہ اب تک ان کے ساتھ قائم ہے ۔ وما کان للّٰہ دام واتصل (اللہ کے لیے جو کام ہو اُسے دوام اور تسلسل نصیب ہوتا ہے) ۔

## مال وجاہ کا فتنہ ۔

یہ دونوں چیزیں ہمیشہ جھگڑے کی بنیاد بنتی رہی ہیں ۔ اس دنیا کے اندر ہمیشہ ہی نزاع کی

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۵۷ سے) سیف الاسلام محمد کے بجائے سیف الاسلام احمد یمن کا امام مقرر ہوا ۔

Marfat.com

جڑا اور بس کی گانٹھ ثابت ہوتی ہیں۔ اسماعیلیہ کے اندر اخوان باہمی محبت، روحانی ہم آہنگی اور صفائے دل، جسے کوئی چیز مکدر نہیں کرتی تھی، کا پاکیزہ اور شفاف نمونہ رہے ہیں۔ خدا کی راہ میں انفاق، جوشِ عمل، قربانی، راہِ دعوت میں صعوبتوں کو برداشت کرنے میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش ان کا عام وطیرہ تھا۔ دعوت کی راہ میں جو موانع حائل ہوتے اُنہیں ہیچ سمجھتے۔ وہ اس آیت قرآنی کا صحیح مصداق ہیں کہ:

یحبون من هاجر الیهم ولا یجدون فی صدورهم حاجة مما اوتوا ویؤثرون علی انفسهم ولو کان بهم خصاصة

"یہ ان لوگوں سے محبت کرتے جو ہجرت کرکے ان کے پاس آتے ہیں۔ اور جو کچھ بھی ان کو دے دیا جائے اُس کی کوئی حاجت تک یہ اپنے دلوں میں محسوس نہیں کرتے اور اپنی ذات پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں خواہ اپنی جگہ خود محتاج ہوں۔"

جب یہ اسکول کھولے گئے، اور مختلف منصوبے جاری کیے گئے تو ان میں ایسے افراد ملازم رکھے گئے جو بے شک اعلیٰ سندوں کے حامل اور رسمی تعلیمی قابلیتوں سے متصف تھے۔ مگر روحانی نکھار اور دعوت اور اہلِ دعوت کی سی تربیت کا انہیں بہرۂ وافر نہ ملا تھا۔ اخوان کے معاشرے میں جو مقاصد و وسائل اور نظریات کے لحاظ سے ایک نہایت متحد اور ہم آہنگ معاشرہ تھا ایک بے جوڑ عنصر کا اضافہ ہو گیا۔ اس پر مستزاد یہ کہ یہ ملازمین جو اپنی رُوح و فکر میں اخوانی ماحول کے لیے نامانوس تھے تحریک کے عہدوں کے لالچ میں مبتلا ہو گئے اور بزعم خویش تحریک کے مال و متاع پر نظریں جمانے لگے۔ یہ تحریک کسی روز بھی مالدار نہ ہوئی تھی۔ اس کے مطالبات اور تقاضے ہمیشہ اس کے محدود وسائل کے رہینِ منت رہتے۔

Marfat.com

اس کا بیت المال ہمیشہ مفلس کا چراغ بنا رہتا۔ بایں ہمہ اللہ کی مشیئت سے تحریک کے تمام منصوبے اور ادارے اخوان کی جیبوں کی طفیل، جو تحریک کا اصل خزانہ عامرہ ہوتی تھیں اور تحریک ان جیبوں پر جیسے اور جب چاہے تصرف کرتی رہتی تھی، کامیابی سے ہمکنار رہتے تھے۔ چنانچہ اِن ملازمین ـــــ بیرونی اور غیر مانوس عنصر ـــــ کو یہ سوجھی کہ وہ اخوان کے اندر چغلی خوری اور بدگوئی کو رواج دیں اور ان کے اندر ریشہ دوانیاں اور سازشیں کریں۔ تاکہ وہ ان ہتھکنڈوں کی بدولت بزعم خویش تحریک کے تعلیمی اور رفاہی اداروں کے اندر ہی نہیں خود تحریک کے ڈھانچے میں بڑے بڑے مناصب پر براجمان ہوجائیں اور بدیں وسیلہ وہ جماعت کے تمام ذرائع آمدنی پر قابض ہوجائیں۔ جس شخص نے اس سازش کا بڑا حصّہ اپنے سر لیا، اس کی طرف دعوت دینے کی سرپرستی اختیار کی اور اسے بروئے کار لانے کے لیے پروگرام وضع کیا، وہ ایک عالم فقیہہ، ادیب طرّاز خطیب شیریں زبان اور متکلّم فصیح اللسان تھا۔ درس گاہ حراء میں انہیں مدّرس مقرر کیا گیا تھا۔ ان کی صلاحیتوں کی قدردانی کی گئی اور اجتماعات کمیٹی کی صدارت اور مسجد اخوان میں بعض درسوں کی صدارت انہیں سونپی گئی۔ ہر شخص انہیں احترام و عزّت کی نگاہ سے دیکھتا۔ ان کے دل میں یہ شوق انڈآیا کہ وہ اسماعیلیہ کی جماعت کے صدر بن جائیں۔ اور خصوصًا اس لیے کہ انہیں معلوم تھا کہ میں سرکاری ملازم ہوں اور ایک نہ ایک روز اس شہر سے جس میں میں تقریبًا چار سال گزار چکا ہوں۔ یہاں سے کسی دوسرے شہر تبدیل کر دیا جاؤں گا مگر وہ صاحب یہ بھول گئے کہ وہ خود بھی ملازم ہیں اور مجھ سے بڑھ کر وہ خود بھی ہر لحظہ تبدیلی اور سبکدوشی دونوں باتوں کی زد میں رہتے ہیں۔ اور پھر انہوں نے اپنی خواہش کو جامۂ عمل پہنانے کے لیے قدرتی راستہ بھی اختیار نہ کیا۔ قدرتی راستہ یہ تھا کہ وہ اخلاصِ عمل کا ثبوت دیتے اور فنا فی الدعوۃ ہونے کا

Marfat.com

مظاہرہ کرتے ۔ بلکہ انہوں نے ایچ پیچ کا راستہ اختیار کیا: دسیسہ کاری، تفرقہ اندازی اور چغل خوری کا مکروہ راستہ!! انہوں نے اخوان کی مجلس عاملہ کے بعض ارکان سے محبت کی پینگیں بڑھالیں جن کے بارے میں انہیں خیال تھا کہ اخوان کے اندر انہیں بڑا اثر و رسوخ حاصل ہے ۔ چنانچہ وہ مسلسل ان ارکان کے ساتھ رشتۂ مودت کو پختہ کرتے رہے ۔ ان کی کثرت سے ملاقاتیں کرنے لگے ۔ اور خود انہیں بھی ملاقات کی دعوت دیتے رہے ۔ ہم سب ان سرگرمیوں کو ایک پاکیزہ اور بے لوث فعل سمجھتے ۔ اور خود اخوان کی دعوت بھی بے داغ تھی ۔ بلکہ اخوان کی دعوت اس کے سوا اور کیا ہو سکتی تھی کہ منسلک اخوان کے مابین روحانی و اخلاقی روابط پختہ سے پختہ تر کیے جائیں ۔

## اخوانِ اسماعیلیہ کے لیے سربراہ کا تقرر

اخوان کو یہ خدشہ تھا کہ پیشتر اس کے کہ میں اُن میں سے کسی ایک کو جانشین بناؤں جو بارِ دعوت کو اٹھائے اسماعیلیہ سے کسی دوسری جگہ تبدیل نہ کر دیا جاؤں ۔ انہوں نے بڑی سنجیدگی کے ساتھ مجھے اس موضوع پر غور و فکر کی دعوت دی تاکہ وہ ایسی ناگہانی تبدیلی سے کسی ناگہانی افتاد سے دوچار نہ ہو جائیں ۔ مجھے بھی یہ بات بڑی وقیع نظر آئی ۔ اور ایک عرصہ تک میرے دل و دماغ پر چھائی رہی ۔ اور آخر کار میں نے اس ذمہ داری کے لیے اخوان میں سے ایک صاحب شیخ علی الجدادی کو تجویز کر دیا ۔ وہ اخلاقی اور دینی لحاظ سے اخوان میں سے بہتر شخص تھے ۔ علم و دانش میں بھی انہیں مناسب حصہ ملا تھا ، قرآن شریف کی تلاوت بڑے حسین انداز میں کرتے تھے ، بحث و مباحثہ میں خوش اسلوبی سے حصہ لیتے تھے ۔ درس و مطالعہ پر مداومت رکھتے تھے ۔ اور اس سب پر مستزاد یہ کہ وہ ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے دعوت کو قبول کرنے میں سبقت کی تھی اور بنا بریں وہ اخوان کے دلوں سے قریب تر

Marfat.com

اور ان کی نگاہ میں محبوب تر انسان تھے۔ میں نے اخوان کا اجتماع عام بُلایا۔ اور میں نے ان کے سامنے بعض احباب کا یہ خیال رکھا کہ اخوان کا کوئی سربراہ مقرر کیا جانا چاہیئے (جو مرشدِ عام کا نائب کہلائے) اور وہ میری اچانک تبدیلی یا کسی اور حادثے سے پہلے پہلے ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھا لے۔ تمام حاضرین نے اس خیال کا خیر مقدم کیا اور پھر میں نے تجویز کردہ شخص شیخ علی الجدادی کا نام اُن کے سامنے پیش کیا۔ انہوں نے اس انتخاب پر ہمہ گیر مسرّت اور شادمانی کا اظہار کیا اور بالاتفاق اس کی تائید کی۔ بلکہ بعض نے تو جوش میں آکر یہ تجویز بھی کیا کہ شیخ علی الجدادی اپنا کاروبار چھوڑ دیں اور انہیں اخوان کی مسجد کا امام مقرر کر دیا جائے۔ اور تحریک کے بیت المال سے ان کا ماہانہ معاوضہ مقرر کر دیا جائے۔ تاکہ موصوف خوش اسلوبی کے ساتھ دعوتی کام کو سرانجام دے سکیں۔ موصوف اس وقت نجاری کا کام کرتے تھے اور ان کی اپنی ذاتی دکان تھی۔ تمام حاضرین نے اس تجویز پر بھی موافقت کا اظہار کیا۔ خود میں نے بھی اس کی تحسین کی۔ کیونکہ میرا یہ نظریہ ہے کہ تحریکی کام کے لیے ہمہ وقتی کارکنوں کی فراہمی بڑی افادیت کی حامل ہے۔ شیخ علی الجدادی کے لیے برائے نام ماہانہ معاوضہ مقرر کر دیا گیا جس پر مردِ حق راضی ہو گیا۔ اس لیے کہ وہ ہمارے قافلے میں قربانی کے اصول پر شریک ہوئے تھے نہ کہ مادّی مفاد کی خاطر۔ اسماعیلیہ کے تمام اخوان کا الحمدللہ یہی وطیرہ ہے۔ ہماری ان مسرتوں کے چشمۂ صافی کو صرف ایک احساس گدلا کر جاتا تھا۔ وہ یہ کہ یہ صورتِ حال ہماری جدائی کا پیغام ہے۔ اور اس بات کی علامت ہے کہ یہ جدائی قریب تر ہوا چاہتی ہے۔

## تحریک کے خلاف پہلی داخلی سازش

شیخ مذکور نے ——— جو اخوان کی سربراہی کے امیدوار تھے ——— اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ اس نئے نظم کی بدولت اخوان کی سربراہی کے لیے جو اُمنگ ان کے دل میں اُبل

Marfat.com

رہی تھی اُس سے محروم کر دیئے گئے ہیں - اب نائب المرشد[ل] بالفعل منتخب کیے جا چکے ہیں تو کیا اُنہیں اب مہر بلب رہنا چاہیئے جب کہ وہ اس منصب کے لیے اپنی ذات کو اس "بڑھئی" سے زیادہ قابل، زیادہ عالم، زیادہ قادر اور زیادہ اہل سمجھتے ہیں؛ علم و صلاحیت کے اعتبار سے کہاں حضرت شیخ اور کہاں "میاں نجّار"۔ حضرت شیخ کے پاس ایک طرف ازہر کی العالیہ (ایم۔اے) کی ڈگری ہے اور دوسری طرف وہ بڑے پائے کے شعر کہتے ہیں، خطابت اور اظہارِ خیال میں اونچی دستگاہ رکھتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ کیسے دعوت کو فروغ دیا جا سکتا ہے اور لوگوں سے راہ و رسم کی جا سکتی ہے - لہٰذا (اس منصب کو ہاتھ میں لینے کے لیے) انہیں لازماً کوشش کرنی چاہیئے۔ کوئی ٹھوس کوشش اور باقاعدہ منصوبہ بندی کے ساتھ۔ وہ دانش مند اور گھاگ تو ہیں ہی۔ چنانچہ مولوی صاحب نے اپنے ان دوستوں کا سہارا لیا جن کے ساتھ وہ اپنے روابط پہلے سے مستحکم کر چکے تھے - بلکہ ان میں سے ایک صاحب کو انہوں نے اپنی خاص الخاص دوستی کے لیے مخصوص کر رکھا تھا - چنانچہ ان صاحب کو انہوں نے شیشے میں اتارنا شروع کر دیا۔ اور شب و روز ان کے دل میں وسوسہ اندازی میں لگ گئے اور انہیں قائل کرتے رہے کہ وہ اپنے بھائی نجّار سے زیادہ باصلاحیت ہیں اور منصبِ نیابت کے لیے وہ زیادہ موزوں ہیں۔ استاذ صاحب (یعنی راقم) نے میری حق تلفی کی ہے، اور میری قربانیوں کی قدر نہیں کی ہے - میں بڑی بڑی آزمائشیں جھیل چکا ہوں، تحریک کے لیے مال بھی بہت خرچ کرتا رہا ہوں، میری

---

[ل] اخوان کے سربراہ کا رسمی لقب مرشد عام ہے - یعنی مرکزی رہنما اور نگران - یہ لقب حسن البنا شہیدؒ کے لیے بھی اختیار کیا گیا اور اُن کے بعد موجودہ سربراہ حسن الہضیبی کے لیے بھی یہی لقب استعمال ہوا ہے - اور اب یہ ان کی رسمی اصطلاح بن چکا ہے -

Marfat.com

جدّ و جہد کی فہرست بھی طویل ہے ، میں استاذ کے ساتھ انتہائی مخلص رہا ہوں - میں نے اپنا سرمایہ، اپنی زندگی ، اپنے اہل وعیال اور اپنا مستقبل ہر چیز استاذ اور تحریک پر نچھاور کیے رکھی ہے - لیکن شیخ علی الجداوی نے ان سب کاموں میں سے کیا کام سرانجام دیا ہے ؟ کچھ بھی تو نہیں کیا - نہ اُس نے کوئی انفاق کیا ، نہ مجاہدہ کیا ، نہ اُس نے میرے جیسے اخلاص کا ثبوت فراہم کیا - بایں ہمہ استاذ اپنے وفادار اور تحریک کے مخلص ترین رفیق کو پسِ پُشت ڈال کر کیوں ایسے شخص کو تجویز کرتے ہیں جو اُس سے کم مخلص اور دون حیثیت ہو - یہ تو ظلم مبین ہے - علاوہ بریں جنرل کونسل کی میٹنگ بھی غیرقانونی طور پر منعقد ہوئی ہے - یہ میٹنگ اچانک بلائی گئی ہے اور اس کی دعوت اکثر ایسے ارکان کو نہیں پہنچی جو اگر شریک ہو جاتے تو احتمال تھا کہ اُن کی رائے کچھ اور رہتی - اِس طریقِ کار سے اِن لوگوں کا رائے دہی اور اظہارِ خیال کا حق پامال ہوا ہے -

یہ شیخ —— شیخ علی الجداوی —— مسجد کی امامت پر ماہانہ معاوضہ جو تین پونڈ مقرر کیا گیا ہے کیسے وصول کر سکتا ہے جب کہ جماعت مقروض ہے - اور ابھی اُس کے ذمے مسجد اور مدرسہ اور دیگر عمارات کے مصارف بھی باقی ہیں اور وہ تین سو پچاس پونڈ سے بھی زیادہ بنتے ہیں - اس کے مقابلے میں فضیلت مآب مولوی صاحب اس امر کے لیے تیار ہیں کہ امامت کے فرائض رضا کارانہ طور پر سرانجام دیں اور صرف مدرسہ کی آمدنی پر کفایت کریں - یا اگر انہیں معاوضہ لینے کی ضرورت بھی پیش آئے تو وہ بہت معمولی ہوگا اور ماہانہ پچاس قرش سے متجاوز نہ ہوگا -

اس طرح کی چکنی چپڑی باتیں جو قرآنی محاورے کے مطابق " باہر سے رحمت اور اندر سے عذاب " تھیں ، مولوی صاحب کرتے رہے - اور ان کا مقصد و مدّعا اس کے سوا

Marfat.com

کوئی نہ تھا کہ سابقہ فیصلے کے اندر ایک دراڑ پیدا کر دی جائے جو اس فیصلے کو کالعدم قرار دینے کا ایک ذریعہ بن جائے۔ شیخ کی اصل تگ و دو تو یہ تھی کہ نیابت و امامت کی مسند پر وہ متمکن ہو جائیں۔ اور ہمارا یہ نیک دل بھائی ——— شیخ کے دوست خاص ——— شیخ کے اغراض و مقاصد کے لیے ایک مرکب بنا ہوا تھا۔ وہ شیخ کے وساوس پر کان دھرتا رہا۔ یہاں تک کہ اس کا اندرون وساوس شیخ سے خوب بھر گیا۔ اور بے شک ابلیس کو ایسے دست اور معاون مل جاتے ہیں جو ابلیس سے بڑھ کر کارگر باتیں کرتے ہیں، اس سے زیادہ کاری ضرب لگاتے ہیں، اس سے زیادہ چابکدست ثابت ہوتے ہیں اور انسانی قلوب کے ساتھ اس سے زیادہ قرب پیدا کر لیتے ہیں۔ ونعوذ باللہ من کل وسواس خناس من الجنة والناس۔ اس نے شیخ کی بات اپنے بعض دوسرے اخوانی دوستوں کے کان میں پھونکی۔ اسے سن کر کچھ لوگوں نے تو ہمارے اس بھائی کو سمجھایا بجھایا۔ اور بعض دیگر اس کی باتوں سے متاثر ہوگئے اور اس کے "درد" میں شریک ہوگئے۔ اخوان کے اندر یہ بات پھیل گئی۔ مجھے بھی یہ بڑی محسوس ہوئی۔ مجھے معلوم ہوگیا کہ ہوا کس سمت سے چلی ہے۔ میں نے ان بھائی صاحب کو بلوایا اور ان کو سمجھایا بجھایا۔ مگر اس کے ذہن و فکر کے آخری گوشوں تک یہ خیال رچ بس چکا تھا اور شیخ کے افضل و اولیٰ ہونے کا نظریہ اُن پر ہر لحاظ سے چھایا ہوا تھا، اور اسے شیطان نے ان کی نظروں میں اس حد تک خوشنما بنا دیا تھا کہ وہ سمجھتے تھے کہ اس میں تحریک کا مفاد ہے اور وہ یہ سخت رویہ اپنی ذات کے لیے نہیں بلکہ مصلحت عمومی کی خاطر اختیار کیے ہوئے ہیں ——— درحقیقت یہی وہ روزن ہے جس سے شیطان ہمیشہ اہل ایمان کے دلوں میں راہ پا لیتا ہے اور ان کے ایمان کی صداقت اور قلوب کی پاکیزگی کو خراب کر دیتا ہے۔ تین اور اخوانی دوست بھی اُس کے حامی اور ہمنوا

Marfat.com

ہو گئے۔ ان کی حمایت کا پہلا محرک تو ان کی باہم دوستی تھی۔ اور دوسرا خود شیخ کی وسوسہ اندازی بھی اس میں شامل ہو گئی، اور تیسری وجہ یہ ہوئی کہ یہ لوگ شیخ علی الجدادی سے طبعی طور پر متنفر تھے اور وہ جس منصب پر پہنچ گئے تھے اُس پر حسد کرتے تھے۔ مگر اِن تمام محرکات کا ظاہری عنوان تھا: "تحریک کا مفاد اور فروغِ دعوت کی تڑپ"!!

## سازش کو ختم کرنے کے لیے میری مخلصانہ تگ و دو

مَیں نے طے کر لیا کہ اس فتنے کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکوں۔ اور ان حضرات کے لیے کوئی عذر باقی نہ رہنے دوں۔ اس لیے کہ مَیں ان کی رفاقت کا بڑا حریص تھا، ان کے بارے میں حُسنِ ظن رکھتا تھا، تحریک کے اندر ان کی سابقیت اور تحریک کے لیے ان کی خدمات اور قربانیوں کا قدردان تھا۔ مَیں سمجھتا تھا کہ ایسے کارکنوں کا حصول جو مے خانۂ دعوت سے خوب فیض یاب ہو چکے ہوں اور دعوت کی گود میں پل کر جوان ہو چکے ہوں نہایت کٹھن اور دشوار ہے۔ اور ایک نئی کاوش اور کوشش کا متقاضی ہے۔ اس کے لیے بڑی تربیت درکار ہوتی ہے جو وقت بھی چاہتی ہے اور محنت بھی۔ اور پھر کچھ اخوّت کی پاسداری اور اخوان کے ساتھ محبّت و شفقت کا تقاضا بھی ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جو تعریف فرمائی اُس میں ان حقائق و معانی کو کیا خوب واضح اور عیاں فرمایا ہے ارشاد ہوتا ہے: عزیز علیہ ما عنتّم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم (تم لوگوں کے پاس ایک رسول آیا ہے جو خود تم ہی میں سے ہے، تمہارا نقصان میں پڑنا اس پر شاق گزرتا ہے، تمہاری فلاح کا وہ حریص ہے، ایمان لانے والوں کے لیے وہ شفیق و رحیم ہے)۔ دعوت کے علمبرداروں کا فرض ہے کہ وہ ان اخلاقِ نبویہ کے جویا ہوں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اُن کے لیے اُسوۂ حسنہ ہو۔ اور اہلِ ایمان

Marfat.com

کو جو تکلیف و مشقت پہنچے وہ اُن پر گراں گزرے، وہ اپنے اندر باہمی اخوت اور صاف دلی کو قائم رکھنے کا زیادہ سے زیادہ لالچ کریں۔ اور باہم شفیق و رحیم بن کر رہیں۔

چنانچہ ان تمام پہلوؤں کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں نے یہ پسند نہیں کیا کہ مذکورہ اخوان کا سخت گیرانہ مواخذہ کروں یا انہیں سزا دینے میں عجلت دکھاؤں یا انہیں برطرف کر کے ان میں اور اخوان میں بُعد پیدا کر دوں۔ بلکہ میں نے وہ طریقہ اختیار کیا جو بہتر بھی تھا اور خوب تر بھی۔ میں نے انہیں اپنے ہاں جمع کیا۔ اور اُن سے پوچھا کہ وہ کیا چاہتے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا کہ "ہماری خواہش یہ ہے کہ آپ اپنے نائب کا منصب ان صاحب (شیخ علی الجدادی) کو نہ سونپیں۔" میں نے کہا: "خوب، آپ حضرات کی تو یہ خواہش ہے۔ لیکن آپ کے بھائی بندوں کی خواہش دوسری ہے۔ انہوں نے تو مذکورہ اخ کو منتخب کر لیا ہے اور نیابت کی ذمہ داری ان کے حوالے کر دی ہے۔ اگر میں آپ کی خواہش پوری کرتا ہوں تو اس سے آپ کے بھائیوں کی خواہش کی نفی ہوتی ہے۔" وہ کہنے لگے: ہرگز نہیں، وہ سب اجتماع میں حاضر نہیں تھے۔ اگر تمام حاضر ہو جاتے تو ان کی کچھ اور رائے ہوتی۔ اجتماع آناً فاناً بلایا گیا ہے۔ اور مقصود اجتماع بھی غیر واضح تھا۔ میں نے عرض کیا: "اگر ہم تمام اخوان کو از سرِ نو اجتماع کی دعوت دیں، اور غرض دعوت بھی واضح کر دیں اور ہر فرد کو یہ موقع دیں کہ وہ پوری آزادی سے اپنی رائے کا اظہار کرے تو کیا پھر آپ لوگ جماعت کی رائے تسلیم کر لیں گے؟" ان سب نے اثبات میں جواب دیا۔ میں نے کہا: "خوب! پھر یہ کوئی گھاٹے کی بات نہیں۔ آیئے ہم اسی اصول پر اللہ تعالیٰ سے عہد کریں۔ چنانچہ ہم نے اللہ تعالیٰ سے اس اصول کی پابندی کا عہد کیا۔ اور اجتماع کا وقت بھی طے کر لیا۔ اخوان کو دعوت نامے جاری کر دیئے گئے جن میں اجتماع کا منشا کھول دیا گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ مظاہرہ اخوان کے لیے بالکل نیا تھا اور جماعتی نظم کے لیے جو وحدت

Marfat.com

کاملہ اور مکمل ہم آہنگی کے سوا کسی چیز سے آشنا نہ تھا، یہ صورت غیر مانوس اور انوکھی تھی۔ ان میں سے ایک کی رائے سب کی رائے ہوتی تھی۔ اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول مبارک کا عملی مظہر تھے کہ تری المومنین فی توادھم وتراحمھم وتعاطفھم کمثل الجسد الواحد (اہلِ ایمان کو باہمی مودت، باہمی رحم دلی اور باہمی شفقت میں جسم واحد کی مانند دیکھو گے) اور المسلمون عدول بعضھم علی بعض یسعی بذمتھم ادناھم وھم ید علی من سواھم (مسلمان ایک دوسرے کے حق میں عادل ہوتے ہیں۔ اور ان کا ایک معمولی فرد بھی ان کی حفاظت کے لیے کوشاں رہتا ہے۔ اور وہ غیروں کے مقابلے میں یکمشت ہوتے ہیں)۔ مگر میں نے یہ صورت بھلائی کو ترجیح دیتے ہوئے اور انسداد فتنہ کی خاطر قبول کر لی۔ یہ لوگ زبان سے جو کچھ ظاہر کر رہے تھے میں اس سے بڑھ کر ان کے دلوں کو بھی پڑھ رہا تھا۔ چنانچہ میں نے شیخ علی الجدادی کو اشارہ کیا کہ اگر انتخاب کا نتیجہ آپ کے حق میں نکل آئے تو آپ ماہانہ معاوضہ سے دست برداری کا اعلان کر دیں اور یہ کہہ دیں کہ آپ مسجد کی خدمت بھی رضاکارانہ طور پر کریں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اخوان کا اجلاس منعقد ہوا۔ اور جب نائب کے انتخاب کا نتیجہ ظاہر ہوا تو کیا دیکھتے ہیں کہ ماسوائے ان چند حضرات کے باقی تمام اخوان نے شیخ علی الجدادی کے انتخاب میں حیرت انگیز اتفاق کا ثبوت دیا۔ اور پھر شیخ علی الجدادی نے ان لوگوں کے سامنے گہرے تاثر میں ڈوب کر مذکورہ بالا تجویز کا یکایک اعلان بھی کر دیا جس کا ان کے دلوں پر بڑا اثر ہوا۔ اور وہ شیخ علی کے اس مؤقف اور شیخ علی کے بارے میں اخوان کے مؤقف کو دیکھ کر آئینہ حیرت بن گئے ـــــــ ملاحظہ فرمایئے: چار اصحاب کو یہ اصرار ہے کہ وہ پانچ صد افراد سے بھی زیادہ لوگوں پر اپنی ذات کو مسلط کر دیں۔ اگر ان کی رائے نافذ نہ کی جاتے تو

Marfat.com

پانچ صد افراد غلط اور خطا کار۔ اس لیے کہ چار اصحاب کو یہ ضد ہے کہ وہ ——— اپنی نظر میں ——— برحق اور صائب ہیں۔ جماعتوں کے اندر یہ صورتِ حال بڑی نرالی اور وحشت انگیز ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام نے یہ انتہائی حکیمانہ وصیت کر دی ہے کہ جو افراد جماعت کی رائے سے بغاوت کریں ان کی پورے جزم کے ساتھ گرفت کی جائے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

"من اتاکم و امرکم جمیع یرید ان یشق عصاکم فاضربوہ بالسیف کائنًا من کان۔

"جو شخص تمہارے پاس آکر تمہارے اندر تفریق پیدا کرنا چاہتا ہے حالانکہ تم مجتمع ہو تو خواہ وہ کیسا ہی شخص ہو اُس کی گردن تلوار سے اُڑا دو۔"

مگر ہم مسلمان بہت بڑی حد تک اُن ڈھیلے ڈھالے نظاموں سے متاثر ہو چکے ہیں جو ڈیموکریسی اور آزادیِ فرد کی اصطلاحات کے پردے میں پیش کیے جا رہے ہیں۔ ڈیموکریسی اور آزادی کا کبھی یہ مطلب نہیں ہوتا کہ شیرازۂ وحدت کو پارہ پارہ کر دیا جائے اور دوسروں کے حقِ آزادی کے ساتھ کھیلا جائے۔

اخوان نے بلاشبہ جذبہ انگیز موقف کا مظاہرہ کیا۔ اجلاس کے بعد وہ مجھ پر ٹوٹ پڑے اور مجھے اپنے اموال میں سے اتنا حصہ پیش کرنے لگے کہ جس سے ان کے بھائی کے لیے معقول پونجی جمع ہو جاتی کیونکہ اس نے اپنا کاروبار بھی ترک کر دیا تھا اور اب نئی خدمت بھی رضا کارانہ طور پر سر انجام دینے کا اعلان کر دیا تھا۔ لیکن میں نے انہیں اطمینان دلاتے ہوئے آگاہ کیا کہ ہم اس معاملے میں انہیں اپنے حال پر نہ چھوڑیں گے۔ بلکہ مسجد کی دکانوں میں سے ایک دکان اُن کے لیے مخصوص کر دیں گے۔ تاکہ وہ وہاں کوئی تجارتی کاروبار

Marfat.com

کرلیں یا نجاری کی فیکٹری کھول لیں ۔ یوں وہ مسجد اور مدرسہ کے جوار ہی میں رہیں گے ۔ میں نے حاضرین کے لیے دعائے خیر کی ۔ اور یہ خیال کیا کہ اب یہ جھگڑا یہیں ختم ہو جائے گا۔

## دُوسری سازش

لیکن دلوں کی دنیا ایسی ہے کہ اگر ان کے کسی گوشے میں خواہشِ نفس جاگزیں ہو جائے تو وہ انہیں بھلائی سے اندھا اور سماعتِ حق سے بہرہ کر دیتی ہے ۔ یہاں بھی ایسی کیفیت در پیش آئی ۔ ہم اس اجلاس سے فارغ ہوئے ہی تھے کہ مخالف گروپ کے افراد اپنے شیخ کے پاس گئے اور جو کچھ وقوع پذیر ہوا اُس پر سوچ بچار کرنے لگے جو قدرتاً اُن کے حق میں نہ تھا ۔ سوچ بچار کے بعد انہیں یہ سُوجھا کہ وہ اب دعوت اور تحریک کو بدنام کریں اور اپنے مشن کو خیر خواہی اور ہمدردی کا عنوان دیں ۔ چنانچہ وہ یہ بات پھیلانے کے لیے نکل پڑے کہ استاذ حسن البناؒ کا اس وقت تحریک کے کام کو کسی ایک اخوانی فرد کے رحم وکرم پر چھوڑ دینا خواہ وہ کیسا ہی ہو دعوت کے لیے خطرناک ہے ۔ تحریک اس وقت تاجروں کی مقروض ہے ۔ مسجد اور مرکز کی تعمیر پر جو مصارف آئے ہیں اُن میں سے تین سو پچاس پونڈ کا قرض اس کے ذمے ہے ۔ اگر قرض خواہ تجار اور عوام الناس کو اس صورتِ حال کی خبر ہو گئی تو وہ فوراً اپنا اپنا قرض طلب کرنے کے لیے اُٹھ کھڑے ہوں گے اور بیشتر دیگر اصحاب تحریک کی معاونت سے ہاتھ اُٹھا لیں گے ۔ اور لوگوں کی زبانیں ہماری شہرت کو باطل طریقے سے داغدار کر دیں گی اور خاص طور پر جماعت کے پاس اس وقت کوڑی تک نہیں ہے ۔ کیا نیا نائب یہ سب بار اپنے کندھوں پر اٹھا سکتا ہے اور علی الخصوص ایسے حالات میں جب کہ استاذ حسن البناؒ جماعت کو اس بوجھ سے لدا ہوا چھوڑ کر یہاں سے منتقل ہو جائیں ۔ کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ منصب نیابت کے لیے کسی ایسے آدمی کو پسند کیا جائے جو باہمت اور

Marfat.com

باثروت لوگوں میں سے ہو تا کہ وہ تحریک کو آنے والے شر و فتنہ سے محفوظ رکھ سکے۔

مجھ تک بھی یہ خبر پہنچ گئی اور نہ صرف اخوان کے حلقوں میں پھیل گئی بلکہ عوام النّاس تک کو معلوم ہو گئی۔ لوگوں نے اپنی مجلسوں میں اس کا چرچا شروع کر دیا۔ مَیں نے حُسنِ ظن سے کام لیتے ہوئے تصویر کے اچھے پہلو کو ترجیح دی اور جھوٹی الزام تراشی میں ملوّث ہونے سے اجتناب کرتے ہوئے قائلین کے کلام کو فی الواقع خیر خواہی اور ہمدردی کے جذبے پر محمول کیا۔ اور پھر مَیں نے اس فتنے کو بھی اپنے مخصوص طریقے کے مطابق حل کرنے کی ٹھان لی۔ مَیں نے قرض خواہ تجّار کو بُلایا۔ وہ تین یا چار اصحاب تھے۔ اور اُن سے درخواست کی کہ ان مختلف قرضوں کو آپ میں سے کسی ایک صاحب کے نام یکجا کر دیا جائے۔ چنانچہ انہوں نے یہ بات قبول کر لی۔ اور جن ایک صاحب کے نام یہ قرض یکجا کر دیا گیا تھا اُن سے عرض کیا یہ قرض میری طرف سے طویل المیعاد قسطوں کی شکل میں ادا ہو گا۔ یعنی ہر ماہ آٹھ پونڈ ادا ہو سکیں گے۔ ان صاحب نے میری یہ پیشکش قبول کر لی۔ اور مَیں نے پوری رقم پر مشتمل اپنی طرف سے ذاتی چیک لکھ کر دے دیئے۔ اور اُن سے یہ اقرار نامہ لے لیا کہ جماعت کے ذمّے اُن کی کوئی رقم نہیں ہے۔ اور اُسے دیگر تجّار کے اقرار ناموں میں ضم کر دیا تاکہ جماعت کسی فرد کی ایک پائی کی بھی مقروض نہ رہے۔ اِس کارروائی کے بعد مَیں نے تمام اخوان کو مدعو کیا۔ ان میں یہ چار مخالف اصحاب بھی شامل تھے۔ مَیں نے یہ تمام کارروائی ان کے سامنے رکھ دی۔ یہ سُن کر ان چاروں کے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے۔ اور وہ طرح طرح کے عذرات کا سہارا لینے لگے۔ کبھی کہتے کہ آپ اپنے آپ کو اس قدر کیوں مشقت میں ڈالتے ہیں؟ کبھی کہتے، کیا یہ کوئی مروّت ہے کہ ہم تنہا آپ پر یہ بوجھ لدا رہنے دیں؟ کبھی یوں گویا ہوتے کہ: کیا عملِ خیر کا آپ کو یہ صلہ ملنا چاہیئے؟ کبھی کہتے:

Marfat.com

فرض کیجئے آپ کو کوئی ایسی افتاد آپڑتی ہے کہ آپ یہ قرض ادا نہیں کر سکتے تو پھر کیا علاج ہو گا؟
میں نے اُن سے کہا: جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے آپ مجھے میرے حال پر چھوڑ دیں۔
باقی رہا میرا قرض ادا نہ کر سکنے کا معاملہ سو میں نے قسطوں کو اس طرح مقرر کر دیا ہے کہ جس سے
ان شاء اللہ میرے لیے ان کی ادائیگی ممکن رہے گی۔ اور متعلقہ تاجر نے بھی اللہ تعالیٰ اُسے
جزائے خیر دے اس طریقۂ ادائیگی پر صاد کر دیا ہے۔ اور اس تفضیے کے اندر میں بھی مسلمانوں کے
ایک فرد کی حیثیت سے شریک ہوں۔ مجھ پر یہ فرض عاید ہوتا ہے کہ میں اپنے دین و ملت
کے راستے میں انفاق کر دوں۔ لہٰذا آپ حضرات میرے غم میں مبتلا نہ ہوں۔ ہمارے لیے
یہی بسا غنیمت ہے کہ ہمیں یہ نہ کہا جائے کہ ہم نادہند ہیں یا ہمارے اندر بھی فتنہ پردازی پائی
جاتی ہے۔ ہمارے لیے یہی کافی ہے کہ ہمارا یہ اتحاد جو تائید ایزدی سے حق اور ایمان کی بنیاد
پر استوار ہو چکا ہے قائم و دائم رہے۔ میری ان گزارشات کے بعد ان حضرات کے لیے
کچھ کرنے یا کہنے کی کوئی گنجائش نہ رہی۔ وہ صرف اتنا کر سکے کہ ان میں سے ایک صاحب نے
جو مالیات کے سیکرٹری تھے مالیات کا انتظام کسی دوسرے کے سپرد کر دینے کی خواہش ظاہر
کی جسے قبول کر لیا گیا۔ اور ہم نے مالیات کا انتظام ایک اور رفیق کے حوالے کر دیا۔ مجھے ابھی
تک یاد ہے کہ ان صاحب نے جب سیف نکالا تو ان کی کیفیت یہ تھی کہ گویا ان کو دل کا دورہ
پڑ چکا ہے۔ انہوں نے سیف کو مع کنجی اپنے جانشین کے سپرد کرتے ہوئے کہا: "لیجئے یہ
کنجی اب ان شاء اللہ بیت المال اُجڑا ہی رہے گا" میں نے ایک گہرے تاثر میں ڈوب
کر اُسے کہا: "برادرم ایسی بات نہیں ہے۔ یہ بفضل اللہ آباد ہی رہے گا" الغرض یہ تمام
حضرات واپس لوٹ گئے۔ اس کے بعد اخوان کا بیت المال جب تک اللہ کی مشیت رہی
آباد و پُر رونق رہا۔ اور فی الواقع وہ اللہ کے فضل و کرم کی طفیل بھرا ہی رہا۔ اللہ تعالیٰ اسماعیلیہ

Marfat.com

کے مخیرین کو جزائے خیر عطا فرماتا انہیں جونہی اس دانش کی اطلاع ملی اور یہ معلوم ہوا کہ میں نے پینتالیس مچلکے اپنی ذات کی طرف سے تحریر کر دیئے ہیں تو اسماعیلیہ کی معزز و موثر شخصیت شیخ محمد حسین زلوط رحمہ اللہ کی طرف سے انہیں اپنے گھر پر اجتماع کے لیے مدعو کیا گیا۔ چنانچہ مخیرین حضرات جمع ہوئے اور انہوں نے یہ رقم آپس میں بانٹ لی۔ اور فی الفور چار سو پونڈ کا عطیہ جمع کر دیا گیا جس سے یہ تمام مچلکے ادا کر دیئے گئے۔ اور جو باقی بچ گئے وہ جماعت کے بیت المال میں ڈال دیئے گئے۔ اخوان کی طرف سے بھی پے در پے عطیات آنے شروع ہو گئے جن سے ایک معقول پونجی فراہم ہو گئی۔ وللہ خزائن السموٰت والارض ولکن المنافقین لایعلمون (اللہ ہی کے لیے ہیں آسمانوں اور زمین کے خزانے۔ مگر منافقین اس حقیقت کو نہیں جانتے)۔

## سازشیوں کا پراسیکیوٹنگ کی طرف رجوع

اچنبھے کی بات ہے کہ یہ اخوان جو سرکشی پر تُل چکے تھے اجلاس میں یہ دیکھ چکے تھے کہ ان کے ساتھی اخوان انفاق فی سبیل اللہ میں کیسے مسابقت کرتے ہیں اور دعوت کے لیے مال تو الگ اگر جان بھی طلب کی جائے تو وہ بھی نچھاور کرنے سے دریغ نہیں کرتے۔ مگر یہ لوگ ان بہترین مظاہر سے اثر پذیر ہونے کے بجائے اُلٹا خصومت و عداوت میں اور زیادہ لپک گئے۔ اور یہ اعلیٰ انسانی نمونے ان کے اندر آتشِ غیظ و غضب مزید بھڑکانے کا سبب بن گئے۔ اور یہ بات محتاج دلیل نہیں کہ انسان کا نفس اگر محض حمیت کو، خواہ وہ غیر حق کے لیے ہو، اپنا مطمح نظر بنا لے تو اُسے اس مقصد کے سوا اور کوئی بات نہیں سوجھتی۔ اور اگر ٹیڑھے ترچھے ہتھکنڈے اُسے بار بار ہزیمت سے دوچار بھی کرتے رہیں تب بھی وہ ہرگز باز نہیں آئیگا یہاں تک کہ وہ مکمل ہزیمت کا منہ نہ دیکھ لے۔ اللہ کی مخلوق بھی کیا رنگا رنگ ہے۔ ان لوگوں

Marfat.com

کے سامنے اب صرف یہ ایک تدبیر رہ گئی تھی کہ وہ صاحب جنہیں مالیات کی نظامت سے الگ کر دیا گیا تھا وہ پراسیکیوٹر کے پاس گئے اور اپنے دستخطوں سے انہوں نے ایک عرضی دائر کی۔ ان صاحب کا یہ طریقہ میری نگاہ میں ایک خوبی ہے جو میرے لیے ناقابلِ فراموش ہے۔ انہوں نے جب کبھی مخالفت کی ہے علانیہ اور کھل کر کی ہے۔ یہ ان کی اخلاقی شجاعت اور مردانگی کی ایک دلیل ہے۔ بلکہ یہ تحریک ہی کا پیدا کردہ ایک کردار ہے گو اب غلط استعمال ہو رہا ہے۔ مجسٹریٹ کے نام اپنی عرضی میں وہ لکھتے ہیں:

"حسن افندی البنّا اسماعیلیہ میں اخوان المسلمون کا صدر اور پرائمری اسکول کا مدرس جماعت کے سرمائے کو برباد کر رہا ہے۔ تمام سرمایہ قاہرہ اپنے بھائی کو بھیج رہا ہے جس کے متعلق وہ کہتا ہے کہ وہ قاہرہ کی جماعت کا صدر ہے۔ پورٹ سعید اور ابو صویر بھی یہ سرمایہ بھیجا جا رہا ہے۔ حالانکہ یہ تمام سرمایہ اسماعیلیہ میں جمع کیا گیا ہے، اور باشندگان اسماعیلیہ کا دیا ہوا ہے۔ لہٰذا ضروری تھا کہ اسے اسماعیلیہ ہی میں صرف کیا جاتا۔ پبلک پراسیکیوٹر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ لوگوں کے اموال، ان کی عزتوں اور ان کی جانوں کی حفاظت کرے۔ اس لیے درخواست گزار یہ مطالبہ کرتا ہے کہ پبلک پراسیکیوٹر اس قضیے میں دخل دے اور ان مدّوں پر سرمایہ برباد کرنے سے روکا جائے۔"

پراسیکیوٹنگ افسر بڑے بیدار مغز اور باریک بین تھے۔ میری یادداشت کے مطابق غالباً وہ استاذ محمود مجاہد تھے جو آج کل جج لگے ہوئے ہیں۔ انہوں نے صاحبِ درخواست کو طلب کیا اور اُس سے بڑے دھیمے اور پُرلطف انداز میں بحث کی اور اُس سے دریافت کیا کہ:

کیا آپ جماعتِ اخوان کی مجلس عاملہ کے رکن ہیں؟

اُس نے جواب دیا: مَیں اس کا رکن تھا اور مالیات کا کام مَیں سرانجام دیتا تھا۔ مگر مَیں نے

Marfat.com

استعفادے دیا جسے قبول کر لیا گیا۔

افسر نے مزید پوچھا: کیا عرضی میں بیان کردہ شاخوں کے نام جو رقوم بھیجی جاتی ہیں، مجلسِ عاملہ اُن کی منظوری دے دیتی ہے؟

اُس نے کہا: جی ہاں۔

پراسیکیوٹر نے پھر یہ پوچھا: کیا آپ جنرل کونسل کے رکن ہیں؟

بولا: ”میں ہر ادارے کا رکن تھا۔ لیکن اب میں ان لوگوں کو دیکھنا پسند نہیں کرتا۔ اور اب اُن کے کسی شعبے کا اپنے آپ کو رکن نہیں سمجھتا۔“

سوال: کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اگر یہ تصرفات جنرل کونسل میں پیش کیے جائیں تو وہ ان کی منظوری دے دے گی اور حسن افندی کے فیصلوں سے اظہارِ موافقت کرے گی؟“

جواب: ”یا للعجب، اگر حسن افندی ان سے یہ کہے کہ یہ رقوم میں نے اپنی ذات پر خرچ کر لی ہیں تو وہ اس کی بھی خوشی خوشی منظوری دے دیں گے۔ حسن افندی نے ان پر جادو کر رکھا ہے۔ وہ جو کچھ کرتا ہے یہ آنکھیں بند کر کے اس پر صاد کر دیتے ہیں۔“

اس جرح کے بعد پراسیکیوٹر کہنے لگا: اگر مجلس عاملہ حسن افندی کی حامی ہے، جنرل کونسل بھی اس کی مؤید ہے اور آپ نہ اِس کے رکن ہیں اور نہ اُس کے۔ تو آپ اس پھڈے میں کیوں ٹانگ اڑاتے ہیں؟ پبلک پراسیکیوٹنگ کا اس قضیئے کے ساتھ کیا واسطہ؟ یہ لوگ ——— اخوان المسلمون ——— ایک جمعیت سے منسلک ہوئے۔ انہوں نے رقمیں پیش کیں جنہیں خرچ کرنے کے لیے ایک فرد یا چند افراد کو انہوں نے اپنا وکیل بنا دیا۔ اور اُس نے جس طریقے سے بھی یہ رقمیں صرف کیں انہیں منظوری دیدی گئی تو اب پراسیکیوٹنگ افسر کس بنیاد پر اس نظام کے اندر دخل اندازی کرے۔ یہ لوگ خود مختار ہیں۔ اپنے

Marfat.com

اموال کے بارے میں جو چاہیں کریں۔ دیکھ نوجوان! تو ایک مخلص انسان نظر آتا ہے۔ لیکن تو بڑی محنت غلطی کر رہا ہے۔ میری تجھے نصیحت ہے کہ تو جماعت میں واپس چلا جا۔ اور ان لوگوں کے ساتھ مل کر کام کر اور اِدھر اُدھر کی خیال آرائی کو ترک کر۔ اور اگر ان لوگوں کے حالات تجھے گوارا نہیں ہیں تو جا گھر میں بیٹھ اور اپنا کوئی اور دھندا کر۔ اور جو کچھ یہ لوگ کرتے ہیں انہیں کرنے دے۔ اگر تو اپنا بھلا چاہتا ہے تو یہی طرز تیرے لیے بہتر اور مناسب ہے ——— وہ نوجوان یہ باتیں سن کر واپس لوٹ گیا۔

شیخ حامد عسکریہ رحمہ اللہ کو یہ سب داستان معلوم ہو گئی۔ وہ شبراخیت سے اسماعیلیہ آتے۔ اور انہوں نے ثالث بن کر ان خود سر لوگوں کو جماعت کی صفوں میں واپس لانے کی کوشش کی مگر وہ راہِ عناد کو چھوڑنے پر آمادہ نہ ہوتے۔ شیخ حامد عسکریہ ایسے معاملات میں بڑی بصیرت و فہم سے بہرہ ور تھے۔ ان لوگوں سے ملنے کے بعد مجھے آ کر کہنے لگے:

ان کے اندر کوئی خیر باقی نہیں ہے۔ یہ لوگ دعوت کی رفعت و بلندی کے ادراک سے محروم ہو چکے ہیں۔ اور قیادت کی فرمانبرداری کے عقیدے سے بھی برگشتہ ہو چکے ہیں جو شخص ان دونوں پہلوؤں سے بے بہرہ ہو جائے ہماری صفوں کے اندر وہ کوئی کارِ خیر سرانجام نہیں دے سکتا۔ لہٰذا آپ ان کی مخالفت کو بھی باعث اجر و ثواب سمجھیں اور اپنے راستے پر کاربند رہیں۔ واللہ المستعان۔

حامد عسکریہ رحمہ اللہ نے اپنی رائے سے خارجین کو بے باکانہ آگاہ کر دیا اور خود شبراخیت لوٹ گئے۔ مجھے یہ فکر ہوئی کہ میں مجلس عاملہ کا اجلاس طلب کروں تاکہ ان لوگوں کو جماعت سے باقاعدہ خارج کر دیا جاتے۔ لیکن انہوں نے از خود پیشقدمی کی اور اپنے استعفے دفتر کو بھیج دیئے۔ مجلسِ عاملہ نے ان کی فی الفور منظوری دیدی اور جھگڑا ختم کر دیا گیا۔ ان پر عربی کی یہ مثل صادق آتی ہے کہ علی نفسہا جَنَتْ براقشُ (از خاست کہ بر ماست)

Marfat.com

## تحریک کے اندر پھوٹ ڈالنے کی کوشش

ان لوگوں پر یہ بڑا شاق گزرا کہ وہ اپنے آپ کو اب اخوان کے ماحول سے بہت دور دیکھ رہے تھے اور اخوان کے خلاف مکر و فریب کی کوئی تدبیر ان سے نہ بن آرہی تھی۔ لہٰذا انہوں نے اخوان کے خلاف افواہ سازی کا بازار گرم کر دیا۔ اور گمنام عرضیاں سرکاری افسران کے نام بھیجنا شروع کر دیں۔ کبھی وزارتِ تعلیم کو، کبھی پولیس کو، اور کبھی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو، اور آخر کار شہر کے اُن لوگوں سے گھلنے ملنے لگے جنہیں تحریک اخوان کا ستون سمجھتے تھے اور جھوٹی اور خانہ ساز کہانیاں انہیں جا جا کر سنانے لگے تاکہ انہیں تحریک سے برگشتہ کریں۔ اس مہم کا آغاز انہوں نے شیخ محمد حسین زملوط سے کیا۔ شیخ موصوف کے سامنے انہوں نے یہ فترا پردازی کی کہ "اخوان المسلمون بڑا خطرناک گروہ ہے۔ ان کی خفیہ سرگرمیاں اس نوعیت کی ہیں کہ اگر وہ آپ پر عیاں ہو جائیں تو آپ ان سے دور بھاگ جائیں اور اپنی جان بچانے کی فکر کریں۔ ہم ان کی یہ سرگرمیاں متعلقہ حکام کے علم میں لائیں گے۔ لیکن ان کو بتانے سے پیشتر ہم نے چاہا کہ آپ کو بھی باخبر کر دیں تاکہ آپ پہلے ہی احتیاطی تدابیر اختیار کر لیں اور ان سے اظہارِ لاتعلقی کر دیں۔ اور اپنے استعفا اور علیحدگی کا باقاعدہ اعلان کر دیں۔ جب آپ ہمیں اطمینان دلا دیں گے ہم سرکاری حکام کے سامنے ان کے راز منکشف کر دیں گے۔ اس طرح آپ پر کوئی افتاد نہیں پڑے گی۔"

شیخ محمد حسین زملوط نے ان سے کہا: جو کچھ آپ لوگ بیان کر رہے ہیں کیا اس کی صحت پر آپ کو پختہ یقین ہے؟ کہنے لگے: "جی ہاں پختہ یقین ہے۔ بلکہ ان خفیہ کاموں کے اندر ہم خود بھی عملاً ان کے ساتھ شریک رہے ہیں۔"

شیخ موصوف ایک دانش مند اور معاملہ فہم آدمی تھے، دولتِ ایمان سے بہرہ اندوز تھے، متدین تھے۔ صاف گوئی اور جرأت کا بھی بہرہ وافر پایا تھا۔ ان سے کہنے لگے: "تم لوگ

Marfat.com

اس وقت میری نگاہ میں دو حال سے خالی نہیں ہو۔ اگر تمہاری بات سچی اور درست ہے تو تم غدّار اور خائن ہو۔ اور اگر غلط کہہ رہے ہو تو کذّاب ہو۔ ایسی صورت میں تم مجھ سے کیسے یہ توقع رکھتے ہو کہ میں تمہاری تصدیق کروں اور تمہارا احترام کروں درآنحالیکہ تم خائن ہو یا جھوٹے۔ اُٹھ جاؤ یہاں سے۔ آئندہ کے لیے میں تمہیں یہاں نہ دیکھوں۔

مجھے وہ گھڑی ہرگز فراموش نہیں ہو سکتی جب شیخ محمد حسین زہلوط میرے پاس اسکول میں آئے۔ ان کا رنگ متغیّر تھا۔ غصّے اور کبیدگی کے آثار چہرے سے ہویدا تھے۔ انہوں نے اسکول کے پرنسپل سے اجازت لی اور مجھے کلاس سے ساتھ لے لیا۔ اور ہم دونوں خراماں خراماں شہر کے باہر نکل گئے۔ دوران گفتگو انہوں نے ارباب سازش سے جو کچھ سُنا تھا مجھ سے اُس کی چھان کُرید شروع کر دی۔ مجھے کہنے لگے: "میاں صاحب! ابھی فی الفور شہر لوٹ جاؤ۔ اور جو کچھ یہ حضرات کہہ رہے ہیں اگر وہ درست ہے تو فوراً اپنا بندوبست کر لو۔ اور کوشش کرو کہ تمہارے ان پوشیدہ کاموں کا کوئی پہلو —— اگر فی الواقع تمہاری کوئی پوشیدہ سرگرمیاں ہیں —— ہرگز بے نقاب نہ ہونے پائے۔ اور اگر کوئی راز منکشف ہو بھی جائے یا کسی چیز کے بارے میں تم سے پوچھ گچھ ہو تو صاف کہہ دینا کہ اس جماعت کے ساتھ میرا قطعاً کوئی رشتہ نہیں ہے۔ اس کا صدر محمد ابو حسین زہلوط ہے۔ میاں! تم ابھی جوانی کی منزل میں ہو۔ تمہارا ایک مستقبل ہے۔ نیز تم سرکاری ملازم ہو۔ حکومت تمہیں تنگ کر سکتی ہے۔ تم ہمارے شہر میں ایک مہمان ہو۔ تم نے یہ دعوت کا کام لوجہ اللہ کیا ہے۔ تم تو ہر لحاظ سے شکریے اور احسان مندی کے مستحق ہو۔" میں یہ سنتا رہا۔ اور اس مردِ مومن کی شہامت اور مردانگی سے بے حد متأثر ہوا۔ میں نے اُن سے عرض کیا: یا سیدی! آپ پورا اطمینان رکھیں۔ ہم جو کچھ کر رہے ہیں دن کی روشنی میں کر رہے ہیں۔ اگر یہ گروہ صادق القول ہوتا تو یہ مدت مدید سے ہماری مخبری کر چکا ہوتا۔

Marfat.com

اس گروہ اور تحریک کے درمیان جو اختلاف برپا ہو چکا ہے وہ نیا نہیں ہے۔ اصل قصّہ یہ ہے کہ ان لوگوں نے دیکھا ہے کہ آپ تحریک کو اپنی جاہ و منزلت کی بدولت اور اپنے مالی ذرائع سے مدد بہم پہنچاتے ہیں۔ آپ ایک نیک نفس شریف اور قابلِ احترام انسان ہیں۔ ان لوگوں نے یہ سوچا ہے کہ تحریک کو آپ کی شفقت اور وابستگی سے محروم کر دیں۔ اور تحریک کو عوام الناس کے سامنے ایک خوفناک تصویر بنا کر پیش کریں۔ میں آپ کا انتہائی ممنون ہوں کہ آپ نے اپنی ہمدردانہ پیشکش کا اظہار فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس سچّی ایمانداری اور مخلصانہ وفاشعاری کا اجرِ نیک عطا فرمائے۔

اس کے بعد اس مردِ درویش نے جو کچھ فرمایا وہ بھی میرے دل پر نقش ہے۔ کہنے لگے:
برادرم! خدا کی قسم میں نے اپنے چچا شیخ عبد کو بکثرت یہ کہتے سُنا ہے کہ "میری اللہ سے درخواست ہے کہ میں اُس وقت تک دنیا سے رخصت نہ ہوں جب تک اسلام کا غلبہ، ملّتِ اسلامی کی کامیابی اور احکامِ اسلام کی برتری نہ دیکھ لوں۔ وہ بے چارا دنیا سے رخصت ہو گیا مگر اُسے غلبۂ اسلام کا مشاہدہ نصیب نہ ہوا۔ خود مجھے بھی زندگی کے اندر اس کے سوا کسی چیز کی آرزو نہیں ہے کہ میں اسلام کے غلبہ و عروج کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لوں۔ اور میں ہمیشہ اللہ سے دُعا کرتا رہتا ہوں کہ یہ غلبہ و عروج دیکھ کر میری آنکھیں بند ہوں۔ لیکن مجھے محسوس ہوتا ہے کہ یہ منزل بہت دُور ہے۔ اس لیے کہ مسلمانوں کو ابھی تک قطرۂ خون گراں نظر آتا ہے۔ اور جب تک وہ قطرۂ خون کو گراں سمجھتے رہیں گے انہیں کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ عزّت و حریت کی قیمت صرف قطرۂ خون ہے۔ قرآن اسی حقیقت کو بیان کرتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور صحابہؓ کی زندگی اسی بات کی گواہی دیتی ہے۔ کیا یہی بات نہیں ہے؟

میں نے کہا: جی ہاں، بے شک آپ نے جو کچھ فرمایا برحق ہے۔ لیکن میں آپ کو یقین دلاتا

Marfat.com

ہوں کہ سچا ایمان ہی دراصل انسانی خون کو ارزاں یا گراں بنا سکتا ہے۔ اس لیے کہ ایمان کی راہ میں بہنے والے خون کا اجر اللہ کے ہاں بہت عظیم و جزیل ہے۔ اور میں دیکھ رہا ہوں کہ ایمان کے شعلے ایک خدا پرست گروہ کے دلوں میں بھڑکنے لگ گئے ہیں۔ اور ان شاء اللہ اس گروہ کے ہاتھوں خیر و سعادت اور نجات و فلاح کے عظیم کارنامے سر انجام پائیں گے۔ ان نوخیز اخوانیوں کو آپ ہر بھلائی کا عاشق پائیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز کرے اور آپ اسلام کے غلبہ و فروغ کو دیکھیں۔"

شیخ زملوط بولے: لیکن یہ گروہ انتہائی قلیل التعداد ہے۔

راقم نے عرض کیا: آئندہ یہ قلت کثرت سے بدل جائے گی۔ اور پھر برکت خود اسی قلت کے اندر مضمر ہے:

کم من فئة قليلة غلبت فئة كثيرة باذن الله والله مع الصّابرين۔

"بارہا ایسا ہوا ہے کہ ایک قلیل گروہ اللہ کے اذن سے ایک بڑے گروہ پر غالب آگیا ہے۔ اور اللہ صبر کرنے والوں کا ساتھی ہے۔"

اس پر شیخ موصوف فرمانے لگے: اللہ تمہیں اچھی خوشخبریوں سے نوازے۔ ہم اللہ سے یہی توقع رکھتے ہیں اور اسی کا سوال کرتے ہیں۔

بعد میں مجھے شیخ محمد حسین زملوط نے بتایا کہ پراسیکیوٹنگ افسر نے مجھ سے اُن عرضیوں کے بارے میں پوچھا تھا جو جماعت کی "خفیہ سرگرمیوں" کے بارے میں حکام کو بھیجی گئی تھیں۔ میں نے اُسے یہ نصیحت کر دی کہ ان گمنام عرضیوں کو ردّی کی ٹوکری کے حوالے کر دو۔ اگر یہ عرضیاں درست ہوتیں تو ان کے بھیجنے والے اپنا نام اور پتے کیوں مخفی رکھتے، بلکہ جرأت مندانہ

Marfat.com

طریقے سے حقیقتِ حال کا سامنا کرتے ——— اللہ تعالیٰ شیخ محمد حسین زبلوط کو اپنی رحمتوں سے نوازے اور انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

## مخالفانہ اشتہارات اور کتابچے

اِن چار یا پانچ مخالفین نے جماعت کو زک پہنچانے کا جب اور کوئی راستہ نہ دیکھا تو انہوں نے جھوٹ پر مبنی اشتہارات اور کتابچے اور بے سر و پا قصّے چھاپ کر پھیلانے کی تدبیر اختیار کر لی۔ ان اشتہارات اور کتابچوں میں وہ یہ افترا پردازی کرتے کہ: اِس تنظیم کے اندر آزادیٔ رائے مفقود ہے۔ یہ جماعت شورائی نظام سے ہٹ کر چل رہی ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ اور دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ لوگ اپنے دعاوی کو یہ کہہ کر خود ہی جھٹلا دیتے کہ اس کا ثبوت یہ ہے کہ ان کی مجلسِ عاملہ اور ان کی جنرل کونسل دونوں حسن البنّا کی کسی بات کی مخالفت نہیں کرتی ہیں، اور اس کی بالکل اندھا دھند اطاعت کرتی ہیں۔ مگر ظاہر ہے کہ اگر جنرل کونسل سے مشورہ لیا جاتا ہے اور مجلسِ عاملہ سے بھی مشورہ لے لیا جاتا ہے تو فقدان شوریٰ کیسے ثابت ہو گیا؟ اور شوریٰ اور آزادیٔ رائے کا یہ مطلب کیسے ہو گیا کہ لازماً مخالفت اور بغاوت کا راستہ اختیار کیا جاتے؟ پھر یہ کہتے: اسماعیلیہ کا پیسہ قاہرہ پر قربان کیا جا رہا ہے۔ اور استاذ یہ پیسہ اپنے بھائی کو قاہرہ بھیج رہا ہے۔ اسی طرح اسماعیلیہ کی دولت ابوصویر اور پورٹ سعید میں صرف کی جا رہی ہے۔" گویا اسلامی دعوت کے علمبرداروں کے لیے یہ ناجائز ہے کہ وہ کسی ایسے شخص کی مدد اور تعاون حاصل کریں جو اُن کا رشتہ دار ہے خواہ وہ اپنے ایمان اور قابلیت میں کتنا ممتاز ہو۔ بلکہ اسلامی دعوت کے حاملین پر یہ لازم ہے کہ اگر وہ تہمتوں سے مبرا رہنا چاہتے ہیں تو اپنے رشتہ داروں کو اپنے حلقے سے یک بینی و دوگوش نکال باہر کریں، خواہ ان کا وجود تحریک کے لیے کتنا ہی مفید ہو۔ مگر ان کا یہی جرم کیا کم ہے کہ وہ حاملین

Marfat.com

دعوت کے رشتہ دار اور بھائی بند ہیں۔ اور چاہے اس رشتہ داری نے اُن پر یہ ستم بھی ڈھائے ہوں کہ وہ زندگی کی دوڑ میں پیچھے دھکیل دیئے گئے اور دوسروں کو آگے بڑھا دیا گیا۔ مخالفین کبھی یہ کہنے لگتے: "مسجد کا حساب ابھی تک عوام الناس کو نہیں بتایا گیا ہے۔ ہمیں مسجد کی آمدنی کا علم نہیں ہے کہ کہاں تک ہوئی اور کیسے کیسے صرف کی گئی۔ اسکول کا ساز و سامان بھی ٹنڈر دیئے بغیر خریدا گیا ہے۔ اور غیر قانونی طریقے سے خریدا گیا ہے۔ عوام کو یہ حق ہے کہ وہ جماعت کے ذمّہ دار لوگوں کے اعمال کا محاسبہ کریں۔" یہ لوگ جو من گھڑت رپورٹ چھاپ رہے تھے مجھے اس کی اطلاع ہوئی۔ چنانچہ میں اس گروہ کا جو اصل کرتا دھرتا تھا اس کے گھر گیا۔ وہ ایک مردِ عاقل تھا۔ اس کی عمر اور سابقیت کے پیش نظر میں اُس کا احترام کرتا تھا۔ میں نے اُسے کہا: مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم نے ایسا ایسا پروگرام بنا رکھا ہے۔ کیا یہ صحیح ہے؟ اُس نے جواب دینے سے گریز کیا۔ میں نے زیرِ طبع رپورٹ کی بعض عبارتیں نکال کر اُسے دکھائیں۔ چنانچہ اسے چار و ناچار تسلیم کرنا پڑا کہ ہاں یہ رپورٹ زیرِ طباعت ہے۔

میں نے کہا: کوئی حرج نہیں۔ چچا صاحب آپ جو چاہیں کریں۔ میں اب آپ کے پاس اس لیے نہیں آیا کہ آپ کی منت سماجت کروں کہ اس رپورٹ کی اشاعت روک دیں یا جماعت کے خلاف مہم بازی سے دست بردار ہو جائیں۔ آپ اپنی رائے کے مالک ہیں جو چاہیں کریں۔ لیکن جیسا کہ میں جانتا ہوں اور ابھی تک میں یہی سمجھتا ہوں کہ آپ ایک سمجھ دار اور فہیم آدمی ہیں۔ تمام اعمال نتائج و عواقب کے مرہون ہوتے ہیں۔ مجرّد نعرہ اور انتقامی جوش کوڑی بھر فائدہ نہیں بخشتا۔ یہ رپورٹ چھاپ کر آپ لوگ کس نتیجے کی آس لگائے بیٹھے ہیں؟

Marfat.com

وہ کہنے لگا: ہم رائے عامہ کو بیدار اور اُسے اصل حقیقت سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں۔

مَیں نے عرض کیا: جس چیز کو آپ "حقیقت" سمجھتے ہیں اور جسے مَیں سراسر کذب اور باطل سمجھتا ہوں اس پر مَیں آپ سے قطعاً بحث نہیں کرنا چاہتا۔ لیکن میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ کیا آپ اس وہم میں مبتلا ہیں کہ ہم اس رپورٹ کا جواب دینے سے عاجز ہیں یا ہم رائے عامہ کو اس امر کا قائل نہیں کر سکتے کہ ہم سچّے اور آپ لوگ جھُوٹے ہیں۔ تمہارے پاس تو صرف کھوکھلے دعادی ہیں۔ اور ہمارے پاس تحریری ثبوت اور قانونی دستاویزات ہیں۔ اور چچا صاحب آپ خود تمام لوگوں سے زیادہ حقیقت حال کو جانتے ہیں۔ مسجد کا حساب خود آپ کے ہاتھ میں تھا۔ مدرسہ کے لیے جو ساز و سامان خرید اگیا اس میں بھی آپ شریک و دخیل رہے ہے۔ مسجد اور دیگر اداروں کے لیے اکثر و بیشتر اشیاء کی خریداری آپ کے ذریعہ سے ہوتی رہی ہے۔ لہٰذا جب آپ لوگ رائے عامہ کو بیدار اور باخبر کریں گے تو اس سے ہمیں فائدہ پہنچے گا نہ کہ آپ لوگوں کو۔ پھر ہمارے پاس نشر و اشاعت کے وہ ذرائع و وسائل بھی ہیں جو آپ کو میسّر نہیں ہیں۔ عوام کے ساتھ ہمارا رابطہ زیادہ قریب اور مضبوط ہے۔ ہم اس موضوع کو خطبات جمعہ میں بیان کر سکتے ہیں، تحریری طور پر پھیلا سکتے ہیں، پبلک گفتگوؤں میں واضح کر سکتے ہیں۔ اجتماعات اور جلسے منعقد کر سکتے ہیں۔ درسوں اور وعظوں کے دوران اس پر روشنی ڈال سکتے ہیں۔ مسجدوں میں، قہوہ خانوں میں، راستوں اور بازاروں میں اسے پھیلا سکتے ہیں۔ توضیح حقیقت کے لیے ہمارے پاس بکثرت زبانیں اور قلم ہیں۔ اور حق بات خود بھی روزِ روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے۔ میرے لیے اس قضیے میں صرف ایک بات تکلیف دہ ہے۔ وہ یہ ہے کہ مَیں کل تک تو آپ کو لوگوں کے سامنے اس

Marfat.com

طرح پیش کرتا تھا جس طرح بیٹا باپ کو احترام و توقیر کے ساتھ پیش کرتا ہے۔ اور ان چھوکردں کو میں اسلام پسند نوجوانوں کے نچوڑ کی حیثیت سے متعارف کراتا تھا۔ اب آپ لوگوں نے جو موقف اختیار کیا ہے وہ مجھے مجبور کرے گا کہ میں بادلِ نخواستہ آپ لوگوں پر طعن و تشنیع کروں اور دعوتِ حق اور تحریک کے خلاف آپ لوگوں پر کذب بیانی، بہتان تراشی، خیانت، غداری اور بے وفائی وغیرہ کلمات چسپاں کروں۔ بس اسی منظر کا تصور میرے دل کو لرزا رہا اور اسے سخت تکلیف پہنچا رہا ہے۔ گویہ اصول عام ہے کہ البادیٔ اظلم (ابتدا کرنے والا ظالم ہے)۔ اللہ تعالیٰ عرب شاعر پر رحم فرمائے۔ اس نے کہا تھا:

نفلق ھاما من رجال اعزة — ہم ایسے لوگوں کی بھی کھوپڑیاں اتار دیتے

علینا وھم کانوا أعق واظلما — ہیں جو ہمارے لیے بڑے عزیز ہوتے ہیں کیونکہ وہ نافرمانبردار اور ظالم بن گئے۔

اس رنج و تکلیف میں مزید اضافہ اس بات سے ہو جاتا ہے کہ ان تمام انتقامی کوششوں کا کوئی نتیجہ اور ان عرق ریزیوں کا کوئی ثمرہ برآمد نہ ہوگا۔ اس معرکے میں اعصاب سوزی اور ایک دوسرے کی عزت و آبرو پر دست درازی رائیگاں جائے گی۔ بہتری سراسر اسی میں ہے کہ اس جنگ سے آپ کنارہ کش ہو جائیں جس کا انجام آپ کے حق میں جیسا کچھ ہوگا اس سے آپ ناواقف نہیں۔ اگر محض انتقام کے ارادے ہیں تو یہ ایک خالی از خیر مشغلہ ہے۔ اور اگر نصیحت اور خیر خواہی پیشِ نظر ہے تو وہ تم کر چکے ہو۔ اور لوگ بھی جان گئے ہیں کہ تم کیا کہنا چاہتے ہو۔ بلکہ تمہارے لیے یہی بات کافی ہے کہ اللہ سب کچھ جانتا اور خبر رکھتا ہے۔ بہر حال اگر تمہاری تگ و دو اور مخالفت و مخاصمت اللہ کی رضا جوئی کے لیے ہے تو یقین جانو کہ اللہ تعالیٰ علیم بذات الصدور ہے۔"

Marfat.com

میری باتوں سے یہ صاحب متاثر ہو گئے۔ اور مجھ سے وعدہ کیا کہ وہ مذکورہ بالا رپورٹ کی اشاعت رکوا دیں گے اور اس کا مسودہ پریس سے واپس منگوالیں گے۔ میں اُن سے یہ وعدہ لے کر وہاں سے اُٹھ کر واپس آگیا۔

## ایک درس اور اس کے اثرات

مجھے یاد ہے کہ ان واقعات کے دوران میں نے عوام الناس کے سامنے ایک درس دیا جس کا موضوع تھا: "قلبی پاکیزگی کی فضیلت، سب انسانوں کے لیے بھلائی کی خواہش اور اختلاف کے موقع پر متحارب فریقوں میں مصالحت کرانا۔ درس دینے کے بعد میں گوشۂ خلوت میں جا بیٹھا اور پھر عالمِ تنہائی میں میرے اور دل کے مابین تند و تیز گفتگو ہوئی: اے حسن البنّا تم لوگوں کو تو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنی ذات کو بھول جاتے ہو؟ یہ کیا منافقانہ طرز ہے؟ اللہ تعالیٰ کو وہ شخص سب سے زیادہ محبوب ہے جو دلِ گداز اور زبانِ راست گو سے بہرہ مند ہے۔ اور اللہ کو وہ شخص سب سے زیادہ مبغوض ہے جو ضدی اور جھگڑالو ہے۔ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ:

الا ادلکم علی افضل من درجات الصلوٰۃ والصوم والصدقۃ؟ قالوا بلی یا رسول اللہ! قال: اصلاح ذات البین فان فساد ذات البین ھی الحالقۃ لا اقول تحلق الشعر ولکن تحلق الدّین۔

"کیا میں تم کو وہ کام نہ بتاؤں جو نماز، روزہ اور صدقہ سے کئی درجے افضل ہے۔ صحابہ نے عرض کیا: ہاں یا رسول اللہ ضرور ارشاد ہو۔ آنجنابؐ نے فرمایا: لوگوں کے درمیان صُلح کرانا۔ لوگوں کو باہم لڑانا ایسا فتنہ

Marfat.com

ہے جو مونڈکر رکھ دینے والا ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ سر کے بال مونڈ کر رکھ دیتا ہے ۔ بلکہ یہ خود دین ہی کا صفایا کر کے رکھ دیتا ہے ۔"

اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے :

واصلحوا بینھما والصلح خیر

"اور ان دونوں (میاں اور بیوی) کے درمیان صلح کرا دو ۔ اس لیے کہ صلح سراسر بھلائی ہے ۔"

بے شک اللہ اور اُس کے رسول دونوں نے سچ فرمایا ۔ مگر میں ہوں کہ دیگران را نصیحت اور خود را فضیحت ۔ یہ رویّہ ہرگز ہرگز درست نہیں ہے ۔ دل کی تطہیر اور نفس کی صفائی لازم ہے ۔ غیظ وغضب کے جذبات کی سرکوبی کرنی چاہیئے ۔ اور اپنی ذات کے لیے بدلہ لینے کے داعیہ کو بھسم کر دینا چاہیئے ۔ لہٰذا یہ ناگزیر ہے کہ پہلے میں عملی طور پر اس اصلاحی کام کو اپنی ذات پر آزماؤں ۔ گو میں نے کسی گناہ کا ارتکاب نہیں کیا اور نہ زیادتی کی ابتدا میری طرف سے ہوئی ہے لیکن بایں ہمہ یہ تجربہ ضروری ہے ۔ میں نے قلم تھام لیا اور مخالف گروہ کے سرخیل کے نام ایک خط تحریر کیا ۔ اس میں میں نے لکھا : میں ہر لحاظ سے اس بات پر تیار ہوں کہ ماضی کو سراسر فراموش کر دیا جائے ۔ اور مخالف گروہ کے افراد اگر چاہیں تو انہیں اخوان کی صفوں میں واپس لایا جا سکتا ہے ۔ اگر وہ میری اس پیشکش کو اصول رواداری کی بنیاد پر قبول کر لیں تو اللہ تعالیٰ ان کے عمل کو قبول فرماتے گا ۔ میں نے درگزر کر دی ہے ۔ انہیں بھی مسامحت سے کام لینا چاہیئے ۔ اور اگر وہ یہ باہمی صفائی احقاقِ حق کے اصول پر کرنا چاہتے ہیں تو میں اس طریقِ کار کو اختیار کرنے کے لیے بھی آمادہ ہوں ۔ اور ثالثوں کا حقِ انتخاب بھی انہیں تفویض کرتا ہوں ۔ جسے

Marfat.com

چاہیں منتخب کریں۔ ہم ثالث فرد یا ثالث افراد کے آگے اپنا مقدمہ رکھ دیں گے۔ اور ابھی سے یہ اعلان کرتا ہوں کہ جو بھی فیصلہ صادر ہوئیں اُس کے آگے سرِ تسلیم خم کر دوں گا ——— اس تمہید کے بعد میں نے خط میں اپنے اس مؤقف کی وجہ بھی بیان کر دی۔ میں نے لکھ دیا کہ ایک درس دینے کے بعد مجھ پر یہ اثرات طاری ہوتے ہیں۔ اور مجھے یہ خوف لاحق ہوتا ہے کہ کہیں میں بھی ان لوگوں میں شامل نہ ہو جاؤں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ:

لم تقولون مالا تفعلون۔ کبر مقتا عند اللہ ان تقولوا مالا تفعلون۔

"تم لوگ وہ باتیں کیوں کہتے ہو جو تم خود نہیں کرتے ہو۔ اللہ کے نزدیک یہ سخت ناپسندیدہ رویہ ہے کہ تم کہو وہ بات جو تم نہیں کرتے۔"

مرد نادان پر کلام نرم و نازک بے اثر

مگر یہ خط باوجود کہ اس کی ایک ایک سطر میں جذبۂ بے اختیار موجزن تھا ان لوگوں پر کوئی اثر نہ ڈال سکا۔ بلکہ میں نے تو یہاں تک اصرار کیا کہ یہ خط میں بنفسِ نفیس مخالفین کے سرخیل کے گھر لے کر جاؤں۔ اور اپنے ہاتھ سے اُسے تھماؤں۔ اخوان میرے اس فیصلے پر بڑے برافروختہ ہوئے اور مجھے ہر گونہ تدبیر سے اس خط سے روکا۔ لیکن میں اپنی رائے پر اڑا رہا۔ اور میں مُصر رہا کہ میں اس خط کو تنہا اُس کے گھر لے کر جاؤں گا۔ یہ بات اخوان کے لیے انتہائی موجبِ حیرت اور باعثِ استعجاب بن گئی۔ مگر سچّی بات ہے کہ میں اپنی اس "کمزوری" کے اندر جسے میں انتہائی قوّت سمجھتا تھا ——— اور ابھی تک سمجھتا ہوں ——— بے پناہ لذّت محسوس کر رہا تھا۔ اس لیے کہ یہ کمزوری احکامِ خداوندی کے تحت تھی۔

Marfat.com

## کلمۃ الحق

اس خط کے مخلصانہ الفاظ ان سنگدل لوگوں کے دلوں کے اندر راہ نہ پاسکے اور نہ اس مردِ عاقل کا یہ وعدہ بروئے کار آسکا کہ وہ مخالفانہ رپورٹ کو نہیں شائع ہونے دے گا۔ کیونکہ ان میں سے ایک شخص انتہائی خودسری پر اُتر آیا اور دوسرے ساتھیوں کی مخالفت کے باوجود اُس نے رپورٹ کو اپنے نام سے چھاپنے پر اصرار کیا۔ چنانچہ بالفعل یہ رپورٹ چھپ گئی اور اُسے لوگوں کے اندر خوب تقسیم کیا گیا۔ اور چھاپنے والا اُس کی بہت سی کاپیاں خود پورٹ سعید اور ابوصُوَیر لے کر گیا۔ یہاں اخوان کی شاخیں تھیں جو اسماعیلیہ سے زیادہ دُور نہ تھیں۔ یہ رپورٹ منصّہ ظہور پر آنے کے بعد اخوان کی انتظامیہ نے "کلمۃ الحق" کے عنوان سے اس کی تردید لکھی۔ یہ تردید جونہی چھپ کر سامنے آئی لوگوں نے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا۔ اور یہ رپورٹ اور اس کی تردید نے عوام الناس کی نگاہوں کو دعوت کی طرف مبذول کر دیا۔ اور اس کے بعد وہ ہر اُس چیز میں دلچسپی لینے لگے جو جماعت کی طرف منسوب ہوتی تھی۔ یوں یہ مخالفانہ تحریک وسیع پیمانے پر دعوت کی اشاعت و فروغ کا بہت بڑا محرک ثابت ہوئی۔ اور لوگوں کی کثیر تعداد اخوان میں شامل ہو گئی۔

## حقیقی عدالت کی طرف رجوع

ایک طُرفہ واقعہ یہ ہوا کہ مَیں نے مجلسِ عاملہ کے ارکان سے طے کیا تھا کہ مَیں اخوان کی یہ رائے دریافت کروں گا کہ کیا اس قضیئے کو اس بنیاد پر عدالت میں نہ لے جایا جائے کہ اخوان پر باقاعدہ مطبوعہ شکل میں قذف کا ارتکاب کیا گیا ہے۔ چنانچہ ایک روز ہم لوگ نمازِ عشاء کے بعد مسجد کے داخلی چبوترے میں جمع ہوئے۔ مَیں نے اجلاس کا افتتاح کیا۔ اور مَیں موضوعِ زیرِ بحث کی تشریح شروع کرنے والا ہی تھا کہ مسجد کے اندر جماعت ختم ہو جانے کے بعد بیٹھ رہنے والے

Marfat.com

نمازیوں میں سے ایک صاحب نے قرآن کریم کی تلاوت کا آغاز کردیا اور وہ یہ آیت پڑھنے لگ گیا:

وکذلک جعلنا لکل نبی عدوا شیاطین الانس والجن یوحی بعضھم الی بعض زخرف القول غرورا - ولوشاء ربک مافعلوہ فذرھم وما یفترون ولتصغی الیہ افئدۃ الذین لایومنون بالاخرۃ ولیرضوہ ولیقترفوا ماھم مقترفون - افغیر اللہ ابتغی حکما وھو الذی انزل الیکم الکتٰب مفصلا، والذین آتیناھم الکتاب یعلمون انہ منزل من ربک بالحق فلا تکونن من الممترین - وتمت کلمۃ ربک صدقا وعدلا لامبدل لکلمٰتہ وھو السمیع العلیم -

"اور ہم نے اسی طرح ہمیشہ شیطان انسانوں اور شیطان جنوں کو ہر نبی کا دشمن بنایا ہے جو ایک دوسرے پر خوش آئند دھوکے اور فریب کے طور پر القا کرتے ہیں۔ اگر تمہارے رب کی مشیّت یہ ہوتی کہ وہ ایسا نہ کریں تو وہ کبھی نہ کرتے۔ پس تم انہیں ان کے حال پر چھوڑ دو کہ اپنی افترا پردازیاں کرتے رہیں۔ تاکہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُن کے دل اس خوشنما دھوکے کی طرف مائل ہوں اور وہ اس سے راضی ہوجائیں اور ان بُرائیوں کا ارتکاب کریں جن کا وہ ارتکاب کرنا چاہتے ہیں۔ پھر جب حال یہ ہے تو کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور فیصلہ کرنے والا تلاش کروں۔ حالانکہ اُس نے پُوری تفصیل کے ساتھ تمہاری طرف کتاب نازل کردی ہے اور جن لوگوں کو ہم نے (تم سے پہلے) کتاب دی تھی وہ جانتے ہیں کہ یہ

Marfat.com

کتاب تمہارے رب کی طرف سے حق کے ساتھ نازل ہوئی ہے۔ لہٰذا تم شک کرنے والوں میں شامل نہ ہو۔ تمہارے رب کی بات سچائی اور انصاف کے اعتبار سے کامل ہے۔ کوئی اس کے فرامین کو تبدیل کرنے والا نہیں ہے۔ اور وہ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے۔"

ہم سب لوگ اس کی تلاوت پر جو وہ اپنے طور پر کر رہا تھا مگر اُس کی آواز خاصی بلند تھی ہمہ تن گوش ہو گئے۔ جب اُس نے مذکورہ بالا آیت ختم کر لی تو خاموش ہو گیا۔ اِدھر میں بھی ساکت وصامت بیٹھا رہا۔ اخوان نے کہا: ہم یہاں کیوں جمع ہوتے ہیں؟ میں نے کہا: آیت افغیر اللہ ابتغی حکما (کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور فیصلہ کرنے والا تلاش کروں) نے ہمارا فیصلہ کر دیا ہے۔ میں نے اجتماع کی غرض بہ تفصیل بیان کر دی۔ اور آخر میں اُن سے کہا کہ اب میں ایجنڈے میں سے اپنی اس تجویز کو واپس لیتا ہوں کہ ہم لوگ اپنا مقدمہ عدالت میں لے کر جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہی ہمارے لیے حکم کافی ہے۔ اُس نے جو فیصلہ دیا ہے وہ مبنی بر عدل ہے۔ اور وہ احکم الحاکمین ہے۔

## سازش کے محرک مولوی صاحب کا انجام

یہ سب کہانی پیش آتی رہی۔ اور وہ مولوی صاحب جو اسماعیلیہ کے اخوان کے سربراہ بننے کے آرزومند تھے اخوان کے مدرسوں میں ابھی بطور مدرس کام کر رہے تھے۔ اور دُور سے اس فتنے کی سرپرستی کر رہے تھے۔ اور خوب روباہی چالیں چل رہے تھے۔ لیکن وہ اس درجہ چوکنے اور محتاط تھے کہ جو بات بھی اُن کی جانب منسوب ہو جاتی اُس سے گلو خلاصی کرا لیتے۔ میں نے بھی اُن پر طعن وتخمین کی اساس پر گرفت نہ کرنا چاہی اس لیے کہ اس سے امر واقع میں کوئی فرق نہ آتا تھا۔ ان کے حامی اخوان خود فتنے میں ملوّث ہو چکے تھے اور ان کا کام تمام ہو

Marfat.com

چکا تھا۔ میں ہمیشہ یہ توقع رکھتا رہا کہ مولوی صاحب کو جو کہ دانش مند، صاحب علم اور لاجواب ادیب ہیں ان کی دانش اور علم اور ذوقِ ادب انہیں حق کے راستے پر لوٹا دیں گے، اور پھر وہ دوسروں کو دوبارہ واپس لانے کے لیے میرا ہاتھ بٹائیں گے، کہ ان کو اپنے حال پر مزید جمے رہنے میں مدد دیں گے۔ لیکن اے بسا آرزو کہ خاک شدہ۔ صاحب موصوف فتنہ و شر کو مسلسل غذا فراہم کرتے رہے۔ بغیر اس کے کہ اس کی ذمہ داری ان پر عائد ہو۔ یہاں تک کہ آتش فتنہ کے شعلے خوب بھڑک اٹھے اور معاملہ حد سے گزر گیا۔ مگر ایک مرتبہ وہ اتفاقاً رنگے ہاتھوں پکڑے گئے۔ وہ یوں کہ میں ایک رات مسلسل بے خوابی میں مبتلا رہا۔ اور فجر سے گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ پیشتر ہی نماز کے لیے مسجد عباسی کو روانہ ہو گیا۔ راستے میں مخالفین میں سے ایک شخص کے مکان سے میرا گزر ہوا۔ دیکھا کہ اس میں خوب روشنی ہو رہی ہے۔ کھڑکیاں کھلی ہوئی ہیں اور بحث و مباحثہ جاری ہے اور زور زور سے آوازیں اُٹھ رہی ہیں۔ میں اس طرف ملتفت ہوا تو کیا دیکھتا ہوں کہ مولوی صاحب تشریف فرما ہیں اور ان کے اردگرد مخالفین کی جماعت بیٹھی ہوئی ہے۔ اور مولوی صاحب انہیں دجل و فریب اور مخاصمت و نزاع کے گُر سمجھا رہے ہیں۔ میں یہ دیکھ کر آگے روانہ ہو گیا۔ صبح کو میں نے مولوی صاحب کو طلب کیا۔ اور بڑی لطافت کے ساتھ باتوں باتوں میں اُن سے دریافت کیا کہ امشب کہاں بسر کی ہے؟ انہوں نے جواب میں مجھے ایک طویل کہانی سنائی جس کا اختتام یہ تھا کہ انہوں نے اپنے مکان پر رات گزاری ہے۔ اُس کے بعد میں نے برپا شدہ فتنے اور اُس کے اثرات و نتائج کی طرف گفتگو کا رُخ موڑ دیا۔ اور یہ بھی اشارہ کیا کہ لوگ کہتے ہیں اور مختلف روایات نقل کرتے ہیں کہ اس فتنے کے اندر آپ کا بھی حصہ ہے۔ وہ فوراً اپنی برأت کا اظہار کرنے لگے اور اس "تہمت" کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

Marfat.com

اور یوں ظاہر کرنے لگے کہ گویا اس بارے میں وہ کوثر و تسنیم سے بھی پاکیزہ تر ہیں۔ بلکہ انہوں نے اپنی معصومیت پر طرح طرح کے دلائل و براہین کا انبار لگا دیا۔ میں سُن سُن کر انگشت بدنداں تھا کہ اس شخص کو ہیرا پھیری کی کس قدر قدرت و صلاحیت حاصل ہے۔ اور آخر میں تو اُس نے اپنی برأت و طہارت کی توثیق کے لیے اپنی بیوی کی طلاق کی قسم کھانے کی ٹھان لی۔ مگر اب مجھ سے نہ رہا گیا۔ اور میں نے جھنجھلا کر اس کا منہ پکڑ لیا اور چلّا کر کہا: خدا سے ڈر، اور حلف نہ اُٹھا۔" پھر میں نے دریافت کیا کہ رات کو فلاں گھڑی تم کس جگہ تھے۔ یہ سُنتے ہی اُس کے اوسان خطا ہو گئے اور وہ بھونچکا رہ گیا۔ اور کوشش کرنے لگا کہ کوئی جواب اختراع کرے مگر اُس کی زبان ٹھٹک گئی۔ میں نے اُسے مزید موقع نہ دیا اور اصل حقیقت اُس کے سامنے عیاں کر دی۔ اور اس کے ناقابلِ انکار ثبوت بھی بیان کر دیئے۔ میں نے اُسے صاف صاف کہہ دیا کہ یہ مجھے کسی شخص نے نہیں بتایا بلکہ میں نے اپنی آنکھوں سے تمہاری چالبازیوں کو دیکھا ہے۔ چنانچہ اب اُسے چار و ناچار اقبالِ جرم کرنا پڑا۔ اور کہنے لگا کہ میں بڑا شرمندہ ہوں۔ اور اپنے کیے پر نادم ہوں۔ آپ میرے ساتھ مہربانی اور رحم و کرم کا برتاؤ کریں۔

میں نے کہا: کوئی ڈر کی بات نہیں۔ اطمینان رکھیے کہ میں یہ سوچ بھی نہیں سکتا کہ تمہیں کوئی گزند پہنچاؤں۔ کیونکہ میرے لیے یہ تصوّر کرنا بھی محال ہے کہ کل تک میں تمہاری تعریف میں رطب اللسان تھا۔ تمہیں آگے بڑھاتا تھا اور خود تمہارے پیچھے نماز پڑھتا تھا۔ تمہارے درس میں حاضر ہوتا تھا اور لوگوں کو تمہارے درس میں شمولیت کی تلقین کرتا تھا۔ اور آج میں تمہاری مذمت کروں اور چوراہے میں تمہارے لتّے دھوؤں، اور تمہارا جو جُرم مجھ پر منکشف ہوا ہے اُسے بے نقاب کرتا پھروں۔ اس عجیب و غریب پوزیشن کا میں تصوّر تک نہیں کر سکتا۔ لیکن اب میں یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ تم میرے ساتھ دعوت

Marfat.com

اور عملی زندگی میں شریک کار بنے رہو۔ تمہارے سامنے دو راستے ہیں۔ ان میں سے ایک راستہ منتخب کر لو۔ یا تو تم اسماعیلیہ کے اندر رہو۔ میں تمہارے لیے بہ تائیدِ ایزدی کسی شغل کا بندوبست کر دوں گا، مگر وہ اخوان کے ماحول سے باہر ہو گا۔ اس صورت میں تم موجودہ ملازمت سے علیحدگی کے لیے کوئی معقول اور قابلِ قبول عذر بیان کر دینا۔ اور پھر دوسرا راستہ یہ ہے کہ تم اپنے شہر واپس لوٹ جاؤ۔ میں تمہیں وہاں تک پہنچا دوں گا۔ اور تمہاری راحت و آرام کا اُس وقت تک ذمہ دار ہوں گا جب تک تم اپنے مأمن میں نہیں پہنچ جاتے۔ اللہ ہم سب کا کارساز ہے۔ اور وہ ہمارا گواہ ہے۔ انہوں نے دوسری شرط قبول کر لی۔ مگر شرط یہ عائد کی کہ اُن کے ذمے جو قرض ہے میں اُسے ادا کر دوں۔ چنانچہ میں نے اُن کا قرض ادا کر دیا۔ اس کے بعد انہوں نے باقاعدہ اپنا استعفیٰ دائر کر دیا۔ اور مرکز اور مدرسہ کے ساتھ بیک وقت اُن کا رابطہ منقطع ہو گیا۔

## مولوی صاحب دیوانی عدالت میں

مگر جیسا کہ انہوں نے عہد کیا تھا وہ اپنے شہر کو واپس نہ لوٹے۔ ایک روز میں نے اچانک یہ اعلان سُنا کہ اسماعیلیہ کے اندر ان کی نظامت اور ادارت میں ایک نئے اسکول کا افتتاح کر دیا گیا ہے۔ اور جن پانچ افراد کے ساتھ اُن کا گٹھ جوڑ تھا اُن پر مشتمل ایک نگران کمیٹی قائم کر دی گئی ہے۔ اعلان میں اخوان المسلمون کی کوششوں اور اُن کے مدرسوں پر شدید نقد و جرح کی گئی ہے۔ میں نے دل میں کہا: بہت خوب، اصل ضرورت یہ تھی کہ وہ ہم سے الگ تھلگ رہیں۔ اور اس کے بعد جو چاہیں گل کھلائیں۔ لیکن ایک روز اچانک مجھے مقامی عدالت کی طرف سے یہ اطلاع ملی کہ مولوی صاحب نے اخوان المسلمون کے پاس جو عرصہ گذارا ہے اُس کا وہ معاوضہ طلب کر رہے ہیں۔ اُن کا یہ معاوضہ معمولی سی رقم تھی۔ مگر انہیں یہی

Marfat.com

شوق ہوا کہ وہ اس حقیر رقم کو عدالت کے ذریعہ ہم سے طلب کریں۔ حالانکہ میرے پاس ایسی دستاویزات تھیں جو اُن کے معاوضے سے کئی گنا زیادہ اُن پر قرض ثابت کرتی تھیں۔ بہرحال مَیں بذاتِ خود عدالت میں حاضر ہوا۔ مولوی صاحب نے اپنا دعویٰ پیش کیا۔ مَیں نے اُن کے دعوے کو تسلیم کر لیا۔ لیکن مَیں نے جج کے سامنے وہ تمام دستاویزات پیش کر دیں جو میرے پاس تھیں۔ جج نے ان دستاویزات کی قانونی حیثیت کو تسلیم کر لیا۔ اور مولوی صاحب کے دعویٰ کو خارج کر دیا اور مصارفِ مقدمہ اُن پر عاید کیے۔ جس مدرسے کے بارے میں بڑے طمطراق سے اعلان کیا گیا تھا اُسے بھی بقاء نصیب نہ ہو سکی۔ بلکہ کھلنے بھی نہ پایا تھا کہ اُس کی بساط لپیٹ گئی۔ خود مولوی صاحب بھی اسماعیلیہ میں نہ ٹھہر سکے۔ بلکہ وہاں سے کُوچ کر گئے۔

مَیں یہ طویل حکایت اپنی ڈائری میں درج کرتے ہوئے اُن مولوی صاحب سے اظہارِ معذرت کرتا ہوں۔ وہ آج ہمارے ملک کے بہترین علماء میں شمار ہوتے ہیں۔ اور ہمارے بہترین دوستوں میں سے ہیں ——— مَیں نے جن وقتوں کی داستان بیان کی ہے وہ گزر گئے۔ ان کی یادیں بھی قصۂ پارینہ ہو گئیں۔ ہو سکتا ہے کہ اُن دنوں بھی انہیں کوئی عذر لاحق تھا اور ہم انہیں یونہی ملامت کرتے رہے۔ دلوں کے چھپے ہوئے راز خدا ہی بہتر جانتا ہے۔

## راقم کی شادی اور تبدیلی

شاید اللہ تبارک وتعالیٰ کا ذات بابرکات نے یہ ارادہ فرمایا کہ وہ ان فتنوں اور آزمائشوں کی ضربوں میں تخفیف کر دے جو دعوتی زندگی کے آغاز ہی میں میرے لیے بلاشبہ ناگہانی افتاد بن کر وارد ہوتی رہیں۔ یہ فتنے اور آزمائشیں میرے لیے حیرت انگیز سبق ہوتے تھے جنہیں میں حیرت و استعجاب کے عالم میں ڈوب کر مسلسل حاصل کرتا رہا۔ اگرچہ اللہ تبارک وتعالیٰ

Marfat.com

کا فضل و کرم ان فتنوں کے مُضر اثرات کو زائل کر دیتا تھا اور ہمارے لیے اُن کے اندر سے ایسا خیر اُجاگر فرما دیتا تھا جس پر ہم پکار اُٹھتے تھے کہ:

عدو شرّے برانگیزد کہ خیرِ ما دراں باشد

میں یہ بات خوب سمجھتا تھا کہ دعوت جو کبھی لڑائی سے دوچار ہوا کرتی ہے۔ اس کے نادان دشمن بھی اس کی مخالفت کرتے ہیں، جو لوگ اس سے کوئی تعلق نہ رکھتے ہوں وہ بھی اس سے جنگ آزما ہو جاتے ہیں۔ جو اسے سمجھتے ہیں وہ بھی اس کے خلاف برسرِ پیکار ہو جاتے ہیں، اور کچھ ایسے مخالف بھی ہوتے ہیں جو اس کی صفوں میں کارکن کی حیثیت سے شریک ہوتے ہیں مگر وہ اپنے مفادات کی تکمیل کے لیے شامل ہوتے ہیں۔ اس ہمہ جہت جنگ کے لیے میں پورا اسلحہ فراہم کرتا رہتا تھا۔ میرا اسلحہ تھا صبر، ضبطِ نفس اور اچھا کردار۔ رہی یہ بات کہ عَلَمِ مخالفت وہ مخلص ترین لوگ بھی بلند کر دیں جن پر ہم پورا پورا اعتماد کرتے ہوں اور ان کو شہ دینے والے وہ بعض افراد ہوں جو خود تحریک کے زیرِ سایہ تحریک کے اداروں میں پل رہے ہوں اور پھر اس مخالفت کا مقصد و منشا بھی کوئی نہ ہو اور یہ سب بے نتیجہ تگ و دو ہو تو یہ صورت فی الواقع محیّر العقول بات ہے وللہ فی خلقہ شؤون (مگر اللہ کی مخلوق بڑی رنگا رنگ ہے) —— تو گویا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات بابرکات نے یہ ارادہ فرمایا کہ وہ ان فتنوں اور آزمائشوں کی ضربوں میں تخفیف فرما دے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے میرے لیے شادی کا موقع فراہم کر دیا۔ اور میری شادی بڑے آسان، ہلکے پھلکے طریقے اور انتہائی سادگی کے ساتھ انجام پا گئی: تقریباً یکم رمضان کو نسبت ٹھہری، رمضان المبارک کی ستائیسویں شب کو مسجد کے اندر نکاح ہو گیا۔ اور دس ذوالقعدہ کو رخصتی ہو گئی۔ اور یوں اللہ تعالیٰ کی مشیّت پوری ہو گئی۔ والحمد للہ رب العالمین۔ شادی کے بعد میں نے محسوس کیا کہ اسماعیلیہ کے اندر اب میرا مشن مکمل ہو گیا ہے۔ تحریک

Marfat.com

برپا ہو چکی ہے۔ مختلف تحریکی ادارے قائم کر دیئے گئے ہیں۔ اسماعیلیہ کے تمام تر باشندے اخوان (بھائی بھائی) بن چکے ہیں۔ میرا نصف دین بھی مکمل ہو گیا ہے (شادی کو نصف دین کہا گیا ہے)۔ لہٰذا اب یہاں میرا بیٹھ رہنا کیوں ضروری ہے؟ —— میرے اوپر یہ عجیب و غریب احساس طاری ہو گیا کہ میں اب یہاں سے تبدیل کر دیا جاؤں گا۔ چنانچہ ۱۹۳۲ء کی گرمیوں کی تعطیلات آگئیں۔ میں نے اپنے استاذ گرامی شیخ عبدالوہاب نجار رحمہ اللہ سے ملاقات کی۔ اور ہم دونوں دیر تک محوِ گفتگو رہے۔ اور بات اسماعیلیہ اور اسماعیلیہ میں دعوت کی رفتار تک جا پہنچی۔ اور میں نے یہ بھی بتا دیا کہ اب میرا دل یہ کہہ رہا ہے کہ اسماعیلیہ سے عنقریب جدا ہو جاؤں گا۔ میں نے شیخ عبدالوہاب نجار سے گزارش کی کہ آپ استاذ بطرادی مفتشِ لسان عربی سے بات کریں کہ میں قاہرہ تبدیل ہو جانے کی خواہش رکھتا ہوں۔ چنانچہ استاذ نجار، بطرادی صاحب سے بات چیت کرنے کے بعد میرے پاس آئے اور مجھ سے کہا کہ میں تبدیلی کے لیے ایک درخواست تحریر کروں۔ چنانچہ میں نے وہیں ایک درخواست لکھ دی۔ اللہ تعالیٰ نے خواہش کو پورا کر دیا۔ اکتوبر ۱۹۳۲ء میں میں قاہرہ تبدیل کر دیا گیا —— الحمد للہ الذی بنعمتہ تتم الصالحات۔

مترجم:

یہاں حسن البنّا مرحوم کی ڈائری کا پہلا حصّہ ختم ہو جاتا ہے قاہرہ کی زندگی کے بارے میں انہوں نے اپنے تأثرات کو قلمبند نہیں کیا ہے۔ اکتوبر ۱۹۳۲ء سے لے کر فروری ۱۹۴۹ء تک وہ قاہرہ میں رہے۔ اور تحریک کی قیادت کرتے۔ اور بالآخر اللہ کی راہ میں جام شہادت نوش

Marfat.com

فرما گئے ۔ ڈائری کا دُوسرا حصّہ ذاتی تاثرات کے بجائے جماعتی رپورٹوں، پروگراموں اور دیگر سرگرمیوں کی رُودادوں پر مشتمل ہے ۔ اِن شاء اللہ عنقریب دُوسرا حصّہ بھی قارئین کو پیش کر دیا جائے گا ۔

---

Marfat.com

# حسن البناؒ شہید کی ڈائری

اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ لاہور

Marfat.com